قاموس الکتب اردو

جلد اول

★

انجمن ترقی اردو پاکستان

اردو روڈ - کراچی - ۱

قاموس الکتب اردو

جلد اول

مذہبیات

مرتبہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

زیر نگرانی

ڈاکٹر مولوی عبدالحق

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

اردو روڈ کراچی

سلسلہ مطبوعات انجمن ترقی اردو نمبر ۲۹۸

اشاعت اول — جون ۱۹۶۱ء

تعداد — — — — — ۱۵۰۰

طابع — انجمن پریس کراچی

یہ کتاب وزارت تعلیم، حکومت پاکستان کی امداد سے شائع کی گئی ہے
انجمن ترقی اردو حکومت کی اس معارف پروری کے لئے از حد ممنون ہے۔

فہرست مضامین

نمبرشمار	عنوان	صفحہ	نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۱	مقدمہ	ح	۲۷	تاریخ مفسرین	۱۳۰
۲	تراجم قرآن	۱	[illegible]	احادیث	۱۳۱
۳	تجوید	[illegible]	۲۹	چہل حدیث	۱۶۱
۴	تفاسیر قرآن	۱۴	۳۰	کتب حدیث شیعہ	۱۷۱
۵	تفاسیر سور	۳۷	۳۱	اصول حدیث	۱۷۳
۶	تفاسیر الآیات	۴۸	۳۲	اسمائے رجال	۱۷۶
۷	مقدمہ تفاسیر	۶۶	۳۳	تاریخ تدوین حدیث	۱۷۹
۸	اصول تفسیر	۶۹	۳۴	متعلقات حدیث	۱۸۳
۹	تعلیمات قرآن	۷۱	۳۵	عقائد	۱۸۶
۱۰	احکام القرآن	۷۶	۳۶	عقائد امامیہ	۲۰۹
۱۱	قصص القرآن	۷۹	۳۷	فقہ	۲۱۲
۱۲	سرزمین قرآن	۹۰	۳۸	صلوٰۃ	۳۳۲
۱۳	علوم القرآن	۹۱	۳۹	صیام	۳۴۷
۱۴	اعجاز القرآن	۹۴	۴۰	زکوٰۃ	۳۵۲
۱۵	وحی اور الہام	۹۶	۴۱	حج	۳۵۵
۱۶	اسباب النزول	۹۷	۴۲	خطبات جمعہ و عیدین	۳۶۱
۱۷	ناسخ و منسوخ	۹۸	۴۳	فرائض مسائل میراث	۳۶۵
۱۸	خواص القرآن	۹۹	۴۴	نکاح و طلاق	۳۷۱
۱۹	فضائل قرآن	۱۰۱	۴۵	الربوٰ	۳۷۶
۲۰	ادعیہ قرآن	۱۰۲	۴۶	سماع	۳۷۹
۲۱	لغات القرآن	۱۰۴	۴۷	فتاویٰ	۳۸۲
۲۲	تخریج آیات القرآن	۱۰۸	۴۸	فتاویٰ جواز میلاد و فاتحہ	۳۹۱
۲۳	فہرست مضامین قرآن	۱۰۹	۴۹	فقہ شافعی	۳۹۳
۲۴	مباحث قرآن	۱۱۰	۵۰	فقہ امامیہ	۳۹۴
۲۵	معارف قرآن	۱۲۵	۵۱	اصول فقہ	۴۱۴
۲۶	تاریخ جمع و ترتیب قرآن	۱۲۷	۵۲	علم فقہ	۴۱۶

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۵۳	تاریخ فقہ و فقہا	۴۱۸
۵۴	الکلام	۴۱۹
۵۵	مسئلہ علم غیب	۴۶۳
۵۶	حشر و نشر	۴۶۵
۵۷	اسلامی اخلاق	۴۷۲
۵۸	اسلامی معاشرت	۴۸۱
۵۹	اسلامی تہذیب و تمدن	۴۸۴
۶۰	اسلامی معاشیات	۴۸۸
۶۱	نسائیات	۴۹۲
۶۲	تصوف	۵۰۲
۶۳	وعظ	۶۱۱
۶۴	اسلامی سیاسیات	۶۲۹
۶۵	اسلام اور اشتراکیت	۶۳۱
۶۶	جہاد	۶۴۳
۶۷	اسلامی قانون	۶۴۶
۶۸	تبلیغ اسلام	۶۵۲
۶۹	مواعظ	۶۶۶
۷۰	دینی مقالات	۶۷۶
۷۱	دینی مکاتیب	۶۸۱
۷۲	اسلامی تعلیم	۶۸۴
۷۳	دروس قرآن	۶۸۸
۷۴	سیرت النبی	۶۹۱
۷۵	میلادالنبی	۷۲۸
۷۶	نور نامہ	۷۴۷
۷۷	مبشرات	۷۵۰
۷۸	نسب نامہ آنحضرت صلعم	۷۵۳
۷۹	معراج نامے	۷۵۴
۸۰	شمائل	۷۵۹
۸۱	خصائص محمدیہ و فضائل	۷۶۲
۸۲	اخلاق النبی	۷۶۴
۸۳	معجزات	۷۶۶
۸۴	وفات‌نامہ	۷۷۱
۸۵	صلواۃ وسلام	۷۷۵
۸۶	سیر	۷۷۷
۸۷	مناظرہ نصاریٰ	۷۹۴
۸۸	رد مناظرہ نصاریٰ	۸۰۰
۸۹	مناظرہ آریہ	۸۲۹
۹۰	رد مناظرہ آریہ	۸۳۲
۹۱	شیعی مناظرہ	۸۳۹
۹۲	رد شیعی مناظرہ	۸۶۱
۹۳	مناظرہ غیرمقلد	۸۷۵
۹۴	مناظرہ مقلد	۸۸۳
۹۵	احمدیت	۸۹۶
۹۶	رد احمدیت	۹۰۹
۹۷	جدلیات	۹۲۳
۹۸	رد بدعات	۹۴۶
۹۹	امامیات	۹۴۹
۱۰۰	مصائب	۹۶۶
۱۰۱	اسلامی فرقے	۹۹۲
۱۰۲	باطنیہ اسماعیلیہ	۹۹۳
۱۰۳	مہدویہ فرقہ	۹۹۴
۱۰۴	بہائی مذہب	۹۹۶
۱۰۵	نیچریت	۹۹۸
۱۰۶	دواوین نعتیہ	۱۰۰۰

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۱۰۷	مناجات	۱۰۰۶
۱۰۸	مدحیہ ونعتیہ قصائد	۱۰۰۸
۱۰۹	نعتیہ کلام	۱۰۱۲
۱۱۰	نظمیات	۱۰۲۲
۱۱۱	مناقب	۱۰۲۵
۱۱۲	مذہبی مثنویات	۱۰۳۰
۱۱۳	منظوم دینی قصے	۱۰۳۸
۱۱۴	تعبیرات	۱۰۴۴
۱۱۵	فالنامے	۱۰۴۷
۱۱۶	علم جفر	۱۰۵۰
۱۱۷	تکسیر	۱۰۵۲
۱۱۸	عملیات	۱۰۵۶
۱۱۹	اوراد وظائف	۱۰۶۳

دیگر مذاہب

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۱۲۰	تراجم توریت مقدس	۱۰۷۶
۱۲۱	تفاسیر	۱۰۷۸
۱۲۲	یہودیت	۱۰۷۹
۱۲۳	تراجم اناجیل	۱۰۸۰
۱۲۴	خطوط مع تفسیر	۱۰۸۲
۱۲۵	عیسویت	۱۰۸۴
۱۲۶	جغرافیہ بائبل	۱۰۸۸
۱۲۷	عیسوی عبادت	۱۰۸۹
۱۲۸	مزامیر	۱۰۹۰
۱۲۹	مذہبی نظمیں	۱۰۹۱
۱۳۰	تعلیمات	۱۰۹۲
۱۳۱	تبلیغ و وعظ	۱۰۹۴
۱۳۲	مسیحی اخلاق	۱۰۹۶
۱۳۳	سوانح مسیح	۱۰۹۸
۱۳۴	حواریان مسیح	۱۱۰۰
۱۳۵	تراجم وید مقدس	۱۱۰۱
۱۳۶	تعلیمات وید	۱۱۰۳
۱۳۷	ویدانت فلاسفی	۱۱۰۵
۱۳۸	پران	۱۱۰۷
۱۳۹	بھگتی	۱۱۰۹
۱۴۰	شاستر	۱۱۱۱
۱۴۱	اپنشد	۱۱۱۲
۱۴۲	ہندو اخلاق	۱۱۱۴
۱۴۳	ساگر	۱۱۱۶
۱۴۴	پرکاش	۱۱۱۸
۱۴۵	ہندو تصوف	۱۱۱۹
۱۴۶	سمرتی	۱۱۲۰
۱۴۷	یوگ	۱۱۲۱
۱۴۸	گیا مہاتم	۱۱۲۳
۱۴۹	اپدیش	۱۱۲۴
۱۵۰	گیتا	۱۱۲۴
۱۵۱	ہندومت	۱۱۳۱
۱۵۲	دھرم	۱۱۳۲
۱۵۳	برہم چریہ	۱۱۳۳
	مہابھارت اور سوانح عمری	
۱۵۴	سری کرشن چندر	۱۱۳۵
	گیان	۱۱۳۷
۱۵۵	کتھا	۱۱۳۹

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۱۵۶	راماٸن و سوانح عمری رام چندرجی	۱۱۵۰
۱۵۷	آریہ مت	۱۱۵۴
۱۵۸	بدھ مت	۱۱۶۰
۱۵۹	جین مت	۱۱۶۲
۱۶۰	چرتر	۱۱۶۶
۱۶۱	کبیر پنتھ	۱۱۶۷
۱۶۲	سکھ مت	۱۱۶۸
۱۶۳	برہمو سماج	۱۱۷۲
۱۶۴	دیو سماج	۱۱۷۴
۱۶۵	رادھا سوامی مت	۱۱۷۵
۱۶۶	مجوسیت	۱۱۷۶
۱۶۷	اشاریہ	۱۱۷۷

مقدمہ

وہ بنی نوع انسان کا بہت بڑا محسن تھا۔ جس نے تحریر کا فن ایجاد کیا۔ جب تحریر وجود میں نہیں آئی تھی تب بھی انسان علم تہذیب سے (جیسی کچھ بھی تھی) محروم نہ تھا۔ اس زمانے میں انسان اپنی معلومات دوسروں کو منہ زبانی پہنچاتا تھا۔ حافظہ کی اس زمانے میں بڑی قدر اور اہمیت تھی۔ بعض لوگ فطرتاً اس کے لئے موزوں تھے اور بعض کو خاص طور پر اس غرض کے لئے تربیت دی جاتی تھی۔ جن لوگوں کا حافظہ قوی ہوتا تھا ان کی بڑی عزت کی جاتی تھی اور وہ بڑے عالم سمجھے جاتے تھے۔ آج کل ایسے لوگوں کو جن کا علم اور معلومات وسیع ہوتی ہیں استعارتاً ہم چلتی پھرتی ان سائی کلو پیڈیا کہتے ہیں۔ لیکن قدیم زمانے میں ایسے لوگ فی الحقیقت چلتی پھرتی ان سائی کلوپیڈیا ہوتے تھے۔ کیوں کہ ان کا سارا علم اُن کے دماغ میں محفوظ ہوتا تھا۔ حافظہ کی قدر اور اہمیت جیسی اُس پرانے زمانے میں تھی ہمارے زمانے میں نہیں۔ اُس وقت قوی حافظہ لوگوں کی ضروریات میں سے تھا۔ آج کل ہمارے زمانے میں حافظہ کی مدد کے لئے بیشمار چیزیں ایجاد ہوگئی ہیں۔ جن کی بدولت حافظہ پر سے بار بہت کم ہوگیا ہے۔

حافظہ بڑا دغاباز ہوتا ہے، اُس پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا اس میں بھول چوک اور سہو کی بہت گنجائش ہے اور پھر یہ کیسی قباحت ہے کہ انسان کی عمر بھر کی محنت سے جو کچھ حاصل کرتا ہے اس کے ساتھ وہ بھی فنا ہوجاتا ہے۔ بخلاف اس کے تحریر کا طریقہ بہت قابل وثوق ہے یعنی جو کچھ لکھ لیا جاتا ہے وہ قائم رہتا ہے اور انسان کے تجربے، اس کی معلومات اور علوم وفنون اور اس کی اختراعات و ایجادات محفوظ رہتی ہیں اور آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کرتی ہیں۔ یہ تحریر کا احسان ہے کہ اس کی بدولت ہماری تہذیب ترقی کرتے کرتے اس درجہ کو پہنچ گئی ہے۔

تحریر کی ایجاد سے کتابت کو فروغ ہوا اور کاتبوں کی مانگ ہونے لگی۔ جو کتاب تصنیف ہوتی اسکو دوسروں تک پہنچانے یا اشاعت کا یہی ذریعہ تھا۔ اہل ثروت یا امرأ اور بادشاہ جنھیں علم کا شوق ہوتا وہ کاتب ملازم رکھ کر کتابیں نقل کرواتے اور اپنے کتب خانوں کی زینت بناتے۔ جنھیں استطاعت نہ ہوتی وہ خود نقل کرتے۔ مدارس اور درس گاہوں میں بھی قلمی کتابیں کام دیتی تھیں طالب علم اور استاد اپنی درسی کتابیں خود نقل کرتے یا جنھیں استطاعت ہوتی وہ کاتبوں سے اجرت دے کر نقل کرواتے یا اُن سے خرید لیتے۔ ایسی قلمی کتابیں ہمارے ملک میں اب بھی پائی جاتی ہیں اور کتب خانوں اور گھروں میں بڑی حفاظت سے رکھی جاتی ہیں۔ اسی کتابت کے سلسلے میں خوش نویسی کا فن وجود میں آیا جو ہمارے فنون لطیفہ میں ممتاز درجہ رکھتا ہے۔ اس فن میں ایسے ایسے باکمال استاد گزرے ہیں جنھوں نے اس میں ایسی نئی نئی ایجادات اور گل کاریاں کی ہیں کہ جن کے نمونے دیکھ کر آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ ان کی وصلیاں اور قطعات بڑی قدر اور احترام سے دیکھے جاتے اور بیش قیمت نوادرات میں شمار کئے جاتے ہیں۔ ان باکمال اساتذہ کے نام آج بھی بڑی عزت سے لئے جاتے ہیں۔ ہماری تہذیب کو فروغ دینے میں ان کا بھی حصہ ہے۔ اسی ضمن میں جلد سازی کا فن بھی ہے۔ جلد سازوں نے اس میں بڑے بڑے ہنر دکھائےہیں۔ قدیم جلد سازی کے قدردان ڈھونڈ ڈھونڈ کر اور بڑی قیمتیں دے کر ایسی کتابیں حاصل کرتے ہیں۔

کتابوں کے دشمن کچھ کم نہیں۔ آتش زدگی، زلزلے، سیلاب، جنگ و جدل، بعض جاہل اور ظالم و جابر فاتح اور دیگر اتفاقی حادثات نے کتابوں اور کتب خانوں کو بہت کچھ تباہ کیا ہے۔ یہ حادثات تو کبھی کبھی ہوتے ہیں لیکن ایک دشمن جو اگرچہ حقیر ہے مگر بڑا ظالم ہے، اس کا وجود خود کتاب کی ذات میں ہے۔ وہیں پیدا ہوتا ہے اور وہیں پرورش پاتا ہے۔ بڑا نمک حرام ہے جس ہانڈی میں کھاتا ہے اسی میں چھید کرتا ہے۔ یہ کتاب کا کیڑا ہے۔ خدا اس سے پناہ میں رکھے۔ چپکے چپکے صفحے کے صفحے چاٹ جاتا ہے اور کتاب کا کام تمام کردیتا ہے۔ قلمی کتابیں اور خاص قسم کا کاغذ اس کا من بھاتا کھاجا ہے۔ غرض ان دشمنوں کے ہاتھوں ہماری بعض نہایت عزیز اور بیش بہا کتابیں جو ہمارے عالی دماغ اسلاف کی ذہنی اور روحانی کاوشوں کا نتیجہ تھیں تلف ہوگئیں۔ ان میں سے بعض کا نشان کسی

ایسی فہرست سے لگا جو بعد میں کسی نے مرتب کی (مثلاً کشف الظنون) یا دوسری ایسی کتابوں سے پتہ چلا جن میں ان کے حوالے اور اقتباسات تھے ۔ ورنہ یہ ہمیشہ کے لئے گم نام و بے نشان ہوجاتیں ۔ اس قسم کی فہرستوں سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ جو کتابیں ناپید ہوگئی ہیں ان کا سراغ لگ جاتا ہے اور معلوم ہوجاتا ہے کہ ہمارے ادب میں کون کون سی کتابیں کن کن موضوعات پر تھیں جو اب دسترس سے باہر ہیں ۔ دوسرے، جب کوئی شخص کسی موضوع پر کچھ لکھنا یا تحقیق کرنا چاہتا ہے تو اسے معلوم ہونا چاہئیے کہ اس سے پہلے اس موضوع پر کیا کام ہوچکا ہے اور اب اس کے لئے اس میں کیا گنجائش ہے ۔ تیسرے، ہمیں اپنی زبان و ادب کی وسعت اور کمی کا اندازہ ہوجاتا ہے اور علم کے جس شعبے میں کمی ہے اسے پورا کرنے کی ترغیب ہوتی ہے ۔ چوتھے، ادب کے مؤرخ کو اس سے بہت کچھ مدد ملتی ہے ۔

اردو زبان میں اس قسم کی کوئی مکمل فہرست موجود نہیں ۔ سب سے اول اس کا خیال سرسید علیہ الرحمتہ کے دماغ میں آیا چنانچہ "۱۸۶۸ء میں علی گڑھ سائنٹفک سوسائٹی کی طرف سے جو ایڈریس سر ولیم میور لفٹنٹ گورنر صوبہ شمال و مغرب (یو - پی) کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا اس میں یہ بھی ظاہر کیا گیا تھا کہ منجملہ ان کتابوں کے جو اردو زبان میں سوسائٹی تیار کر رہی ہے دو کتابیں سید احمد خان آنریری لائف سیکرٹری تیار کر رہے ہیں ۔ ایک اردو لٹریچر کی تاریخ یا فہرست جس میں تمام کتابوں کا جو ابتدا سے آج تک چھپی ہیں نام، اس کے مصنف کا حال، تصنیف کا زمانہ، طرز بیان اور مختلف مقامات سے اسکی عبارت کے چند نمونے اور بعض مضامین کا خلاصہ ہوگا،، (حیات جاوید) ۔ دوسری کتاب اردو ڈکشنری تھی ۔ جس کی تالیف شروع بھی کردی تھی اور اس کا نمونہ سائنٹیفک سوسائٹی کے اخبار (علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ) میں شائع بھی کیا ۔ لیکن پہلی کتاب یعنی فہرست کتب کے لکھنے کی نوبت نہ آئی ۔ وہ بہت کثیر الاشغال تھے اور حالات اس قدر جلد جلد بدل رہے تھے کہ ان سب منصوبوں کی تکمیل ممکن نہ تھی جو ان کے پیش نظر تھے ۔

ایک مدت کے بعد جب ۱۹۰۲ء میں انجمن ترقی اردو کی بنیاد پڑی تو اس کے ابتدائی پروگرام میں ایک ایسی فہرست کی ترتیب بھی تھی ۔ پروفیسر محمد سجاد مرزا

بیگ دهلوی نے اس کام کا بیڑا اٹھایا ۔ اور بیس سال کی محنت کے بعد ۱۹۲۳ء میں اسکی تکمیل کی ۔ سابق دولت آصفیہ نے جو علم و ہنر کی بڑی سرپرست تھی مرتب فہرست کو مالی امداد سے سرفراز کیا ۔ لیکن افسوس کہ یہ فہرست نہایت ناقص اور نامکمل ہے ۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قابل مرتب نے کتابوں کی معلومات کے لئے جو جو خانے بنائے ہیں ان کو پر کرنے میں بہت بے پروائی اور غفلت سے کام لیا ہے ۔ سب سے پہلا موضوع ''ترجمہ قران شریف،، ہے ۔ اس کے تحت بیس ترجمے درج ہیں ۔ حیرت کی بات ہے ان میں اعجازالقرآن، اعجازالبیان، مفتاح القرآن، لغات القرآن، کلید خزائین قرآن، جواہر قرآنی، معجزات القرآن جیسی کتابیں بھی شریک کرلی گئی ہیں ۔ اگر مرتب نے ان کتابوں کے دیکھنے کی تکلیف برداشت نہیں کی تو کم سے کم ان کے ناموں ہی پر غور کرلیتے تو معلوم ہوجاتا کہ یہ کتابیں قرآن پاک کا ترجمہ نہیں ہیں ۔ پھر جو ترجمے یا کتابیں اس شق کے تحت لکھی ہیں ان میں سے اکثر کے متعلق معلومات کے جو خانے بنائے گئے ہیں وہ خالی ہیں ۔ مولوی نذیر احمد اور مرزا حیرت دہلوی کے ترجموں کے متعلق نہ سن اشاعت درج ہے نہ تعداد صفحات نہ قیمت اور نہ مطبع کا نام اور نہ ملنے کا پتہ ۔ یہ دونوں ترجمے اور خاص کر مولوی نذیر احمد کا ترجمہ اس وقت مقبول عام تھا اور ہر جگہ مل سکتا تھا اگر وہ اسے اٹھا کر دیکھ لیتے تو یہ ساری معلومات ان کو مل جاتیں ۔ ان کے علاوہ اس موضوع کی دوسری کتابوں کے ساتھ بھی یہی سلوک روا رکھا ہے ۔

ایک عنوان ہے ''تواریخ کی متفرق کتابیں،، اس میں مختلف ملکوں کی تاریخیں، مشاہیر اور دیگر اشخاص کی سوانح عمریاں، سفر نامے سب گڈمڈ کردیئے ہیں ۔ یہانتک کہ جنگ ٹرانسوال، دبستان مذاہب، اختر شاہنشہی (ہندوستان کے اخباروں کی فہرست) دنیا کے عجائبات، محمڈن کالج کی ڈائرکٹری تک اسی عنوان کے تحت درج ہیں محمڈن کالج کے متعلق کچھ نہیں لکھا کہ یہ کونسا کالج ہے اور کہاں واقع ہے ۔ کلام الملوک ملوک الکلام ۔

''دیوان،، کے عنوان کے تحت دودھ دلیا و نان قلیہ، گلشن بیخار اور فغان دہلی جیسی کتابیں لکھ دی گئی ہیں ۔ الحقوق والفرائض، فصوص الحکم (شیخ اکبر) عوارف المعارف (شیخ شہاب الدین) انسان کامل وغیرہ کو علم الاخلاق کے تحت درج کیا گیا ہے ۔ کشف المحجوب اور فصوص الحکم کو تصوف ہنود کے تحت لکھا ہے ۔

کتابوں کا اندراج عجب عجب طرح سے کیا گیا ہے۔ مثلاً مسلمانوں کی گذشتہ تعلیم، الجزیہ، ایام عرب (شرر کا ناول) ترقی و تہذیب مسلمانان (مقالہ سید علی بلگرامی)، عربوں کا فن تعمیر وغیرہ ۔ ''تذکرۂ نسوان'' کے تحت، ماثرالکرام (آزاد بلگرامی)، تاریخ جنگ طرابلس، گلگشت فرنگ، کلیان دھرم (بدھ کے حالات) وغیرہ ''سفرنامہ'' کے تحت درج کی گئی ہیں مسمریزم کے عنوان کے تحت تیرہ کتابیں ہیں۔ ان میں تاثیر الاظہار کو تین بار لکھا ہے۔ پھر اسی کتاب کو عملیات کے باب کے تحت درج کردیا ہے۔ یوگ اور معجزات کی کتابیں اسی عنوان کے تحت ہیں ۔ بہار ہند اور نفائس اللغات کے مصنف کے نام نہیں دیئے حالاں کہ یہ مشہور مصنف ہیں۔

''الفہرست'' کی انہیں فروگزاشتوں، خامیوں اور غلطیوں کی وجہ سے اور اس لئے بھی کہ اس فہرست کو چھپے ہوئے مدت گزر گئی اور اس اثنا میں اردو مطبوعات میں قابل ذکر اور غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، انجمن نے یہ ارادہ کیا کہ اردو مخطوطات اور مطبوعات کی ایک مفصل مستند اور معیاری فہرست تیار کی جائے۔ لیکن انجمن کی مالی حالت نے اس کی اجازت نہ دی کہ یہ کام بڑے پیمانے پر کیا جاسکے چنانچہ جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کی خدمات جز وقتی طور پر صرف دو گھنٹہ روزانہ کے لئے حاصل کی گئیں اور اس طرح کام کا آغاز ہو گیا ۔ حسن اتفاق سے انہیں دنوں اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے وزارت تعلیم پاکستان سے دریافت کیا کہ آیا اردو میں اردو مخطوطات و مطبوعات کی کوئی فہرست موجود ہے اور اگر موجود نہیں تو کیا اس کی تدوین ہو سکتی ہے ۔ اس پر وزارت تعلیم نے انجمن سے دریافت کیا کہ کیا اردو میں ایسی کوئی فہرست موجود ہے اور اگر موجود نہیں تو کیا اس کی تالیف و تدوین کی صورت نکل سکتی ہے۔ میں نے انجمن کے صدر کی حیثیت سے وزارت تعلیم کو اطلاع دی کہ ہم نے بطور خود یہ کام شروع کر دیا ہے۔ وزارت تعلیم کی طرف سے قاضی حبیب الدین احمد صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر کتب خانہ جات ہمارے کام کے ملاحظے کے لئے انجمن میں تشریف لائے ۔ انہوں نے ہمارے کام کو دیکھ کر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور اپنے نجی تاثرات وزارت تعلیم کو بھیج دیے۔ وزارت تعلیم نے ان کی رپورٹ پر انجمن کو اس کام کے لئے ایک لاکھ روپیہ دینا منظور کیا اور پچیس ہزار روپے کی پہلی قسط انجمن کو دے دی ۔ اس امداد کے موصول ہونے پر جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کو اس کام کے لئے کل وقتی طور

پر مقرر کر دیا گیا اور انھوں نے میری نگرانی میں فہرست کی پہلی جلد جو اسلام اور دیگر مذاہب کے اردو مخطوطات و مطبوعات پر مشتمل ہے مکمل کی اور جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

فہرست کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہو گا کہ ہماری زبان و ادب کا دامن کتنا وسیع ہے اور یہ بھی کہ اس زبان میں خاص طور پر مذہب اسلام کے بارے میں اب تک جو ذخیرہ فراہم ہوا ہے شاید ہی دنیا کی کسی دوسری زبان میں ہو۔

اس فہرست کی تیاری میں بر عظیم پاک و ہند کے بیشتر کتب خانوں سے استفادہ کیا گیا ہے اور جن کتب خانوں تک رسائی نہ ہوسکی ان کی مطبوعہ یا غیر مطبوعہ فہرستوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

ہم نے انتہائی کوشش کی کہ انڈیا آفس کی اردو مطبوعات کی فہرست حاصل کی جا سکے لیکن افسوس کہ بھارت اور پاکستان میں کہیں بھی یہ نہ مل سکی ادھر سے مایوس ہو کر آخر میں نے جناب اے۔ ڈی۔ اظہر صاحب کو لکھا جو ان دنوں پاکستان کے ہائی کمشنر کے دفتر لندن میں مشیر مالیات کے منصب پر فائز تھے۔ انھوں نے لندن کے تمام کتب خانوں اور خاص کر ان کتب فروشوں سے جو مشرقی کتابوں کی تجارت کرتے تھے، یہ فہرست حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کسی سے اس کا نسخہ نہ مل سکا۔ انڈیا آفس لائبریری سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ ان کے پاس بھی صرف ایک نسخہ رہ گیا ہے۔ نیز اس مطبوعہ فہرست کے علاوہ ہزاروں کارڈ مرتب شدہ موجود ہیں۔ اب یہ رائے قرار پائی کہ اسی مطبوعہ فہرست اور کارڈوں کا فوٹو اسٹیٹ حاصل کیا جائے۔ اس پر کچھ زیادہ صرف نہیں آتا تھا۔ لیکن اس وقت انجمن ایسے لوگوں کے ہاتھ میں تھی جنھیں اس قسم کے کاموں سے کوئی دل چسپی نہ تھی۔

اس کتاب کے پروف خود میں نے پڑھے۔ لیکن آخر میں جب ضعف بصارت کی وجہ سے مجھے پروف پڑھنے میں دقت محسوس ہونے لگی تو یہ کام انجمن کے بعض کارکنوں نے انجام دیا۔ آخر میں وزارت تعلیم حکومت پاکستان کی معارف پروری کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جس کی امداد و اعانت سے اس جلد کی تکمیل عمل میں آئی۔

بتاریخ ۲۲ جون ۶۱ء کمرہ نمبر ۱۳۔ جناح اسپتال کراچی — عبدالحق

تراجم قرآن

۱ ابراهیم بیگ ، مولوی ۔ ف ۱۹۳۸ء
برادر خان بہادر مرزا قسیم بیگ
چغتائی اکبر آبادی ۔
ترجمہ قرآن مجید منظوم ۱۹۳۴ء
قلمی حوالہ : شاعر آگرہ نمبر ۹۳۶ ، ءص ۲۳ ۔
۲ ابوالکلام آزاد (مولانا محی الدین احمد)
ترجمان القرآن ۳ جلد صفحات ۴۵۴
۴۷۰ ۔ ۴۴۵ ۱۹۳۱ء بجنور مدینہ پریس
تبصرہ :— قرآن مجید کے مطالب اردو زبان میں
ضروری تشریحات و مباحث کے ساتھ مع متن ۔
نمونہ: الم ۔ میں اللہ کامل علم رکھنے والا ہوں
یہ کتاب اس میں کوئی شک نہیں متقیوں کے
لئے ہدایت ہے ۔ ،،
۳ ابو محمد ، مصلح حیدرآبادی مولانا ۔
ترجمہ کلام مجید ۱۳۳۰ھ مطبع
اہل سنت مراداباد ۔
۴ احسان اللہ عباسی ابوالفضل ۔ گورکھ
پوری ۔
ترجمہ قرآن مجید صفحہ ۵۰۶
۱۹۱۰ء مطبع حکیم برہم گورکھ پور ۔
(نوٹ) مطلب خیز ترجمہ بلامتن کے ہے ۔
۵ احمد رضا خان ، بریلوی مولانا ۔
ترجمہ قرآن مجید ۱۳۳۱ھ مطبع
اہل سنت والجماعت مرادآباد حوالہ : تذکرہ
علمائے ہند ۔ ص ۱۵ ۔
۶ احمد سعید ، دہلوی مولانا ، سحبان الہند ۔
ترجمہ کلام مجید ۱۹۵۲ء دینی
بک ڈپو دہلی ۔
۷ احمد علی ، مرزا مولوی
ترجمہ قرآن شریف حوالہ : فہرست
کتبخانہ حسنیہ لاہور مطبوعہ ۱۹۵۵ء
ص ۳ ۔
۸ اشرف علی ، تھانوی مولانا ۔
ترجمہ قرآن مجید ۔ ۱۳۳۳ھ
مطبع مجتبائی دہلی ۔
۹ آغا رفیق ، بلند شہری مولانا ف ۱۹۵۰ء
اعجاز نما قرآن مجید ص ۹۴۴
۱۳۵۷ھ مطبع قدسی پرنٹنگ پریس دہلی ۔
(نوٹ) مولانا اشرف علی کے ترجمہ کے ساتھ
یہ ترجمہ ہے حوالہ : فہرست کتبخانہ ادارہ
ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۰ ۔
۱۰ افضل محمد اسمٰعیل ، قادری
ترجمہ قران مجید (چراغ ہدایت)
۱۹۵۲ء شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ۔

تبصرہ — مولانا نذیر احمد دھلوی کے ترجمہ سے مرتب کیا ھے۔

۱۱ امانت اللہ، مولوی،

ترجمہ کلام مجید ۱۲۱۸ھ قلمی

کتب خانہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی کالج کلکتہ تبصرہ:— الم ابتدائی آیات کا ترجمہ نمونہ: الم۔ یہ وہ کتاب ھے کہ اس میں کچھ شک نہیں۔ راہ دکھانے والی ان پرھیزگاروں کی ھے جو بن دیکھے ایمان لاتے ھیں،،

(نوٹ) سرورق پر ترجمہ قرآن شریف بزبان ھندی تحریر ھے۔ جان گلگرسٹ نے مولوی امانت اللہ اور میر بہادر علی اور کاظم علی جوان کو ترجمہ کے لئے مقرر کیا ۱۸۰۴ء میں جان گلگرسٹ ولایت گیا تو کپتان موٹ ان کی جگہ مقرر ہوا۔ اس نے کام جاری رکھا۔ مولوی فضل اللہ بھی شریک ترجمہ ہوئے۔ پھر حافظ غوث علی نے بھی معاونت کی۔ کاظم علی ترجمہ کو بامحاورہ کرتے تھے۔ ۱۲۱۹ء میں ترجمہ بزبان ریختہ تمام ہوا (رسالہ اردو جنوری ۱۹۳۷ء ص ۲۶ مضمون ڈاکٹر مولوی عبد الحق صاحب)۔

۱۲ امریکہ پرسبٹیرین پادریان
(Presbetarian)

ترجمہ قرآن مجید ۱۸۴۴ء مطبع پیغام دھلی۔

تبصرہ:— ابتدا میں ایک مقدمہ جس میں مسلمانوں کی غلطیوں پر بحث کی گئی ھے اور عیسائی مذھب پر اعتراضات کا جواب دیا گیا ھے۔ متن قرآن کے محاذی آیات قرآنی کی تفسیر بھی درج ھے۔ حوالہ: ترجمہ خطبات گارساں دتاسی رسالہ اردو اپریل ۱۹۲۵ء ص ۲۶۲۔

۱۳ بشیر الدین محمود احمد، مرزا

قرآن مجید کا اردو بامحاورہ ترجمہ ص۔ ۱۳۵۴ ۱۹۵۶ء ربوہ۔

(نوٹ) ترجمہ کے ساتھ مختصر تفسیر جس کا نام تفسیر صغیر ھے۔

۱۴ ثناء اللہ، امرتسری مولانا ف ۱۹۴۷۔

ترجمہ کلام مجید ۱۳۴۵ھ دفتر اھل حدیث امرتسر۔

۱۵ حسن نظامی، دھلوی شمس العلما خواجہ۔ ف ۱۹۵۳ء۔

ترجمہ کلام مجید ۱۳۴۳ھ نظام المشائخ دھلی۔

تبصرہ:۔ پہلے شاہ رفیع الدین کا ترجمہ اس کے نیچے یہ ترجمہ ۳ جلدوں میں شائع کیا ھے۔ جو عام فہم تفسیر کے ساتھ ھے۔ حوالہ فہرست کتب خانہ اردو حلقہ مشائخ دھلی ص ۳۵ منسلکہ چمن منادی کا سال نامہ ۱۹۳۷۔

۱۶ حسین علی خاں،

ترجمہ قرآن مجید ۱۳۰۲ھ

حوالہ:— فہرست کتبخانہ سردار الحکما حیدرآباد دکن صفحہ ۹ نشان ۲۹۳۔

۱۷۔ رفیع الدین، دھلوی مولانا شاہ ف ۱۲۳۳۔

ترجمہ کلام مجید ص ۴۸۴ ۱۲۵۴ھ مطبع سلطانی پریس کلکتہ۔

تبصرہ: ترجمہ تحت اللفظ ہے - شاہ صاحب کے شاگرد سید بخت، کا جمع کیا ہوا ہے دوبارہ میرٹھ میں ۱۸۶۸ء میں محشی بلغات قرآن شائع ہوا - ڈاکٹر مولوی عبدالحق تحریر فرماتے ہیں ''شاہ رفیع الدین نے ترجمہ میں عربی جملہ کی ترکیب اور ساخت کی بہت زیادہ پابندی کی ہے ایک حرف ادھر سے ادھر نہیں ہونے پایا ہے عربی لفظ بلکہ ہر حرف کا ترجمہ خواہ اردو زبان کے محاورے میں کھپے یا نہ کھپے انہیں کرنا ضرور ہے (رسالہ اردو جنوری ۱۹۳۷ء ص ۱۹) نمونہ - بسم اللہ الرحیم ترجمہ: شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے''

۱۸ زیرک حسین، رضوی امروہوی
قران مجید مترجم - حوالہ:
فہرست مطبع حیدرآباد دکن ص ۱۹ مع خواص الایات -

۱۹ سید احمد خاں، دہلوی، سر
ترجمہ قران مجید ۱۳۱۳ء
مطبوعہ علی گڈھ -

تبصرہ: یہ ترجمہ تفسیرالقران کے ساتھ ہے - ۱۲۹۷ھ سے ۱۳۱۳ھ تک اس کی سات جلدیں شائع ہوئیں جو نصف قران سے زیادہ کی تفسیر ہے -

۲۰ سید علی، لکھنوی مجتہد
ترجمہ قرآن شریف ۱۹۱۰ء
مطبع اعجاز محمدی آگرہ - تفسیر تنویر البیان کے ساتھ یہ ترجمہ ہے -

۲۱ سیماب، اکبر ابادی (مولانا عاشق حسین) -

وحی منظوم - پارہ عم ص ۵۲
۱۳۶۵ھ مطبع پرچم پرنٹنگ پریس کراچی
۲۹ پارے قلمی موجود ہیں - نمونہ: -
ہیں سزاوار خدا نے (پاک) ساری خوبیاں
جو ہے سارے جہانوں کا رحیم و مہربان
ہے وہی انصاف کے دن کا مالک (بے گمان) -

۲۲ شاہ حقانی سید - نبرۂ شاہ برکت اللہ ماہر بروی -

ترجمہ مع مختصر تفسیر
۱۲۰۶ھ قلمی حوالہ: تاریخ نثر اردو احسن ماہر یروی - نمونہ: ترجمہ آیت آخر سورہ بقرپارہ ۳ - '' رنج میں نہ ڈالے گا خدائے تعالیٰ کسی کو مگر موافق طاقت اس کی کے - اس کو ہے جو عمل کیا اور اوپر اس کے جو گناہ کیا - اے پرور دگار میرے عذاب مت پکڑ تو مجھ پر - جو بھول جاؤں میں یا خطا کروں میں -''

۲۳ شریف خاں، دہلوی حکیم محمد
ف ۱۲۱۶ء -

ترجمہ کلام مجید قلمی -
ملک حکیم محمد احمد خاں دہلوی مرحوم (داستان تاریخ اردو ص ۱۰۳) -

تبصرہ: - ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب نے یہ ترجمہ دیکھا ہے وہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس کی زبان شاہ عبدالقادر مرحوم کے ترجمہ کے مقابلہ میں

زیادہ صاف ہے اور لفظی پابندی میں اتنی سختی
نہیں کی گئی ہے۔ اردو زبان کی ترکیب کا نسبتاً
زیادہ خیال رکھا گیا ہے نیز شاہ صاحب کی طرح
ہندی میں نہیں بلکہ ریختے میں ترجمہ کیا ہے۔ الم
ابتدائی ایات کا ترجمہ نمونہ: "میں ہوں اللہ
بہت جاننے والا وہ کتاب کہ اگلی کتابوں میں
وعدہ اتارنے کا تھا یہ کتاب کامل ہے یعنی قرآن
کہ کچھ شبہ نہیں ہے بیچ اس کے اللہ کی طرف
سے آنے میں راہ دکھانے والی ہے پرہیزگاروں کو
شرک سے اور گناہوں سے۔"

حوالہ: رسالہ اردو ۱۹۳۷ء و مجموعہ تحقیقات علمیہ
جامعہ عثمانیہ جلد سوم بابت ۱۹۳۰ (پرانی اردو میں
قرآن شریف کے ترجمے اور تفسیریں از ڈاکٹر مولوی
عبدالحق)۔

۲۴ صبغت اللہ، قاضی بدر الدولہ
ترجمہ قرآن مجید حوالہ: فہرست کتبخانہ
عام اہل اسلام مدراس ص ۳۔
(نوٹ) تفسیر فیض الکرام کے ساتھ یہ ترجمہ ہے۔

۲۵ ظہیر الدین، بلگرامی سید۔
قرآن مجید مترجم مع حاشیہ
۱۸۷۳ء حوالہ: کٹلاگ برٹش میوزیم
لائبریری لندن ص ۲۰۷ (۱۴۵۰۰۷۵۱۱)۔

۲۶ عاشق الہی، میرٹھی مولانا
ترجمہ کلام مجید ۱۳۱۸ میرٹھ
حوالہ:- الفہرست ص ۲۔

۲۷ عبدالحق، حقانی دہلوی مولانا
ترجمہ کلام مجید، ۶۶ ۱۳۳۸ھ
دہلی مطبع حامی اسلام۔ حوالہ: فہرست
کتبخانہ مجلس دستور ساز پاکستان ۱۹۵۳-۵۲ء
ص ۷ و کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۰۲۷

۲۸ عبدالحکیم، لاہوری ڈاکٹر۔
ترجمہ کلام مجید ۱۳۴۴ھ دہلی
(نوٹ) تفسیر القرآن بالقرآن کے ساتھ ترجمہ ہے۔

۲۹ عبدالدائم، جلالی مولانا
ترجمہ قرآن مجید ۱۹۵۰ء
مطبوعہ رسالہ مولوی دہلی۔

۳۰ عبدالسلام، مولانا
ترجمہ کلام مجید منظوم ۴ جلد
۱۲۸۵ھ لکھنؤ تفسیر زاد آخرت کا اس ترجمہ
پر حاشیہ ہے:-

نمونہ: جملہ خوبی خدا کو ہے شایان
کہ ہے پروردگار عالمیان

۳۱ عبدالقادر، دہلوی مولانا شاہ
ترجمہ کلام مجید (حاشیہ پر موضح القرآن)
ص ۶۴۴ ۱۲۰۵ھ مطبع احمدی دہلی۔

تبصرہ— ڈاکٹر مولوی عبدالحق اس ترجمہ کے متعلق
یہ ارقام فرماتے ہیں کہ یہ ترجمہ ٹھیٹ اردو
میں ہے اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ عربی
الفاظ کے لیے ہندی یا اردو کے ایسے برجستہ اور
برمحل الفاظ ڈھونڈھ کے نکالے ہیں کہ ان سے بہتر
ملنا ممکن نہیں (اردو جنوری ۱۹۳۷ء ص ۱۷)
نمونہ— بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

ترجمہ:- شروع اللہ کے نام سے جو
بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

۳۲ عبداللہ - ہوگلی

ترجمہ کلام مجید ۱۸۲۹ء حوالہ :
بنگال میں آردو ص ۲۸۷ -

۳۳ عبد المقتدر بدایونی ف ۱۹۱۰ء

ترجمہ کلام مجید آگرہ

۳۴ فتح محمد ، تائب ، لکھنوی ، مولانا

ترجمہ قرآن مجید ۱۳۰۹ھ مطبع
انوار محمدی لکھنو -
(نوٹ) مولوی صاحب کا ترجمہ بالکل تحت
الفاظ ہے اور بامحاورہ ہے - خلاصہ التفاسیر کے ساتھ
چار جلدوں میں ہے -

۳۵ فتح محمد ، جالندھری ، مولانا

فتح الحمید ترجمہ قرآن شریف
ص ۹۸۳ - ۱۹۰۰ء امرتسر و نور محمد
اصح المطابع کراچی - فتح الحمید کے حاشیہ
پر تفسیر موضح القران چڑھی ہوئی ہے -

۳۶ فرمان علی اثنا عشری

ترجمہ قرآن مجید ص ۳۶۰ -
نظامی پریس لکھنو مع فہرست مضامین اور
مقدمہ حوالہ : فہرست مطبع حیدری حیدرآباد
دکن ص ۱۹ -

۳۷ فیروز الدین سیالکوٹی

ترجمہ قران مجید ۱۸۹۰ء حوالہ :
رسالہ جامعہ دھلی ۲ مارچ ۱۹۳۰ء ص ۱۱۰

۳۸ فیروزالدین ، روحی ، مولانا

قرآن کریم اُردو ترجمہ مع تفسیر -
۱۹۵۰ع ، سول اینڈ ملٹری پریس کراچی -
(نوٹ) پورا ترجمہ کلام مجید کا مع تفسیر
جسکے جدا جدا ۳۰ پارے طبع ہوچکے ہیں -

۳۹ فیروز الدین ، لاھوری ، مولانا

ترجمہ قران شریف - فیروز اینڈ سنز
کراچی -
تبصرہ :- تفسیر تسہیل القرآن کے ساتھ یہ
ترجمہ ہے -

۴۰ کلام اللہ مقبول ترجمہ حوالہ :
فہرست مطبع حیدری ص ۱۹ و خطبات گرسان
دتاسی ص ۶۳۲ -

۴۱ محمد انشااللہ مولوی

ترجمہ قرآن مجید - ۱۹۱۰ء
حمیدیہ اسٹیم پریس لاھور -
(نمونہ) الم ذالک الکتاب لاریب فیہ
ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب -
(ترجمہ) " وہ کتاب ہے جس میں شک کی
گنجایش نہیں - اس میں ہدایت و رہنمائی
ہے متقیوں کے لیے جو غیب پر ایمان رکھتے
ھیں - " (نوٹ) ترجمہ تفسیرالقران کے ضمن
میں ہے -

۴۲ محمد حسین ، قلی خان ، نواب ،

ترجمہ قران شریف مطبع حسینی اثنا
عشری کلکتہ و دھلی -

حوالہ : الفہرست ص ۲ و فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۶۲۹ : ۱۴ -

۴۳ محمود الحسن (شیخ الہند)، مولانا

ترجمہ قران شریف ص ۷۹۴ -

۱۳۳۸ھ مدینہ پریس بجنور و کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۱۰۴۰ -

تبصرہ : — حضرت شاہ عبدالقادر کے ترجمے کو موجودہ دور کی آردو اور ہندوستانی بولی کے محاورہ کے مطابق تبدیل کیا ہے -

۴۴ محمد علی شیخ

ترجمہ قرآن شریف ص ۹۶۸ -

۱۳۳۰ھ مطبع اثناعشری دہلی و کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۱۲۱۳ -

۴۵ محمد علی لاہوری ایم-اے

بیان القران (آردو ترجمہ "القرآن)

۳ حصے ص ۷۲۷ ، ۷۲۸ ، ۱۳۴۰ھ ۱۳۴۱ ۱۳۴۳ھ مطبع کریمی (نوٹ) تفسیر بیان القرآن کے ساتھ ترجمہ ہے -

۴۶ ممتاز علی ، محمد

ترجمہ قرآن شریف حوالہ : فہرست مطبع حیدری حیدرآباد ص ۱۸ -

۴۷ مرزا حیرت ، دہلوی

ترجمہ قرآن شریف ۱۳۳۰ھ کرزن پریس دہلی - نوٹ : اس ترجمہ میں مولوی عبدالرحیم دہلوی شریک تھے -

۴۸ نجم الدین ، سیوہاروی

ترجمہ قران ص ۴۸۷ - ۱۹۰۷ء

فیض بخش حسینی فیروز پور -

۴۹ نذیر احمد ، دہلوی ، شمس العلما

ترجمہ قران مجید ۱۳۱۲ھ دہلی

تبصرہ :— ڈپٹی نذیر احمد نے اپنی بے تکلف زبان و محاورہ میں قرآن پاک کا ترجمہ کیا ہے زبان کو با محاورہ ہی نہیں بلکہ خطوط ہلالی میں تشریحی الفاظ لکھکر عبارت کو مسلسل و مربوط کردیا ہے حاشیہ پر فائدے موضح القران سے مدد لیکر لکھے - لغات عربی کی تشریح الگ لکھی اور شروع میں فہرست مضامین قرآن کی دی ہے جو حوالہ آیات کے ساتھ مرتب کی ہے -

(نوٹ) اس ترجمہ سے بعد کے مترجمین نے فائدہ اٹھایا ہے ترجمہ کا یہ انداز ہے -

(نمونہ) : ثم استوای علی العرش - (ترجمہ) پھر عرش پر جا براجا -

۵۰ نصیر الدین ، قاری

ترجمہ (پارہ الم سیقول و پارہ عم)

مطبع اعجاز محمدی آگرہ حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۳۰۷

تبصرہ : — بقیہ پاروں کا ترجمہ طبع نہیں ہوا - شعیب محمد یہ لائبریری آگرہ میں موجود ہے -

۵۱ نظام الدین، حسن، نوتنوی مولانا

ترجمہ قرآن مجید ۱۹۰۷ء

نولکشور پریس لکھنو۔

۵۲ نورالدین، حکیم قادیانی

ترجمہ قرآن مجید ۱۹۱۰ء خیر خواہ اسلام پریس آگرہ

۵۳ وحید الزماں، وقار نواز جنگ، مولانا ترجمۃ القرآن (موسومہ موضحۃ الفرقان) ۱۳۲۳ھ مطبع القرآن والسنتہ امرتسر۔

(نوٹ) مع تفسیر وحیدی۔ حوالہ: حیات وحید الزماں ص ۱۳۶۔

۵۴ یاسین شاہ، حکیم، مولانا سید۔

سکنہ دھرم سالہ ضلع کانگڑہ۔

ترجمۃ القرآن ص ۵۲۴۔ ۱۹۳۵ء

دین محمدی پریس لاہور۔

(نمونہ): الم ہ اس کتاب میں کچھ شک نہیں ہے پرہیز گاروں کیواسطے ہدایت ہے ہ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

پارے

۵۵ ابراہیم خاں، وکیل، مولوی

ترجمۃ القرآن مع القران پارہ اول و دوم۔ فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۱۸۔

۵۶ اثر زبیری لکھنوی۔

سحرالبیاں ترجمہ قران منظوم پارہ عم ص ۵۲۔ ۱۹۵۶ء بقیہ پاروں کا ترجمہ طبع نہ ہوسکا۔ ملیر کینٹ کراچی۔

۵۷ اغا شاعر قزلباش

ترجمہ قران مجید منظوم (افصح الکلام) الم۔ ص ۵۳ راجپوت ٹریڈ ورکس لاہور۔

۵۸ اغا شاعر قزلباش

ترجمہ قران مجید منظوم، سیقول۔ ص ۵۶ رزاقی پریس حیدرآباد۔

۵۹ تہور علیشاہ

ترجمہ پارہ عم بزبان اردو قلمی ۱۳۴۰۔ حوالہ: فہرست کتب خانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۳۴۔

نمونۂ ترجمۂ سورہ فاتحہ: ہر طرح کی ستایش اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پرورش کرنے والا ہے نہایت رحم والا بڑا مہربان، روز جزا کا مالک ہے، ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے راستہ پر چلا، ان کے راستے پر کہ جن پر فضل کیا۔ نہ ان کے راستے پر کہ جن پر تیرا غضب نازل ہوا نہ گمرا ہوں کے رستہ پر آمین۔

تجوید

٦٠ ابراهیم ، قاری ، حافظ ، محمد

بعون اللہ الباری ولی القاری

ص ۱۰۱ - ۱۳۱۰ھ دھلی - حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۳ ص ۱۰٦ و فہرست کتبخانہ عام اہل اسلام مدراس ص ٦

٦١ ابراهیم ، قاری ، حافظ ، محمد

مختصر المفید فی ذکر التجوید

منظوم ص ۲۷ - ۱۳۰٦ھ حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱ ص ۳۱۲

٦٢ ابوالحسن قربی

رسالہ تجوید القرآن ۱۲۳۷ھ قلمی

حوالہ : کتبخانہ نواب سالارجنگ کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۲۵ -

نمونہ - اغاز : -

بول حق کا حمد اور نعت نبی
کہ مناقب آل و یاران کے سبھی

٦٣ ابوالحسن مولوی

رسالہ قرات منظوم ۱۲۷۸ھ رحمانی پریس مدراس حوالہ : فہرست کتب خانہ محمدیہ مدراس ص ۳٦۰ -

٦٤ ابومحمد محی الاسلام، پانی پتی، قاری

شرح سبعہ قرأت ص ۳۰ - ۱۹۳۰ع پانی پت -

تبصرہ — قرآن پاک کی قرات اور اس کے فنی اصول پر مستند اور بسیط کتاب ہے اس میں قرآن پاک کے ائمہ قرأت کے تعلیمی مرکزوں اور مستند شیوخ کے تاریخی حالات ہیں - مقدمہ میں قرأت کے امور متعلقہ پر بحث ہے قرات کے آئمہ اور رواۃ صاحب تصانیف کے مختصر حالات اور بارھویں صدی ھجری تک کی اس فن کی تصانیف پر تبصرہ ہے - ۲۰ باب کتاب کے ہیں - بسم اللہ سے لیکر (الف تا ی) تمام مسایل تجوید پر بحث ہے -

٦٥ ارشادالقاری ۱۱۳۰ھ قلمی - حوالہ :

فہرست ڈاکٹر عبدالحق نمبر ۵۹٦ : ۱۳ -

٦٦ اشرف عالم ، مولوی محمد

آداب قرآن ۱۸۹۰ع حوالہ : الفہرست ص ۱۸

تبصرہ : — تلاوت قران میں وقف ومد وغیرہ اور ضروری مخارج حروف کا بیان ہے - حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۱۰٦ -

٦۷ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا

جمال القرآن ص ۴۸ ۱۳۳۳ھ ھلالی پریس ساڈھورہ -

تبصرہ : — مولانا نے اس میں ضروریات تجوید بیان کی ہیں - حوالہ : فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۸ -

۶۸ اشرف علی، تھانوی، مولانا
تجوید القران - حوالہ :- فہرست صدیق
بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۷ -
تبصرہ :- فن قرأت کی مکمل معلومات کا مجموعہ

۶۹ اشرف علی، مولانا
وجوہ المثانی (عربی و اردو) ۱۳۶۶ھ
مطبع قاسمی دیوبند - حوالہ : الفہرست ص ۱۸

۷۰ اشرف علی، مولانا
رفع الخلاف فی حکم الاوقاف
۱۳۶۲ھ حوالہ :- افادات اشرفیہ ص ۹۹-
تبصرہ : - اوقاف قران کے بارے میں ہے اور رسالہ البینات وقف لازم بھی اس میں شامل ہے -

۷۱ اشرف علی، مولانا
تنشیط الطبع فی اجراء السبع
۱۳۶۵ھ حوالہ : افادات اشرفیہ ص ۹۹ -
تبصرہ :- سبعہ قرأت کا بیان و آداب معلم و متعلم و آداب تلاوت قران کا بیان ہے -

۷۲ انتظام اللہ، شہابی جامع قاموس
کلید قران - ص ۶۴ ۱۹۳۸ء رسالہ
پیشوا دہلی -
تبصرہ :- قران مجید با معنی پڑھنے کا طریقہ ، ایک باب تجوید سے متعلق ہے -

۷۳ پیر محمد لکھنوی
سراج القرأت ص ۱۱۸ ۱۳۰۶ھ
نامی پریس لکھنو - حوالہ : الفہرست ص ۱۶
و فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱
ص ۳۱۰ -

۷۴ پیر محمد ، لکھنوی
نافع القراء ۱۹۳۹ء حوالہ :- فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۶۱ -
تبصرہ :- قرأت اور تجوید کے متعلق ضروری معلومات اس میں جمع کردی گئی ہیں -

۷۵ تجمل حسین ، حکیم ، سید
تجوید مشہدی و الفواد مبتدی
ص ۹۶-۱۹۲۶ء حکمت منزل بھروچ بمبئی -
تبصرہ: - علم تجوید کے مسایل سوال و جواب کی صورت میں بیان کیے گئے ہیں -

۷۶ تعلیم التجوید - ص ۴۸ مکتبہ
سورتی بمبئی -

۷۷ جزالقرائت مع ترجمہ جزری (دربیان
قرأت) مطبع انصاری دہلی - حوالہ : قلمی فہرست
ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۶۸۴ : ۱۴ -

۷۸ جعفر علی
رسالہ تجوید (نظم) ص ۶۸- ۱۲۶۴ھ
مطبوعہ دہلی -

۷۹ حسن علی ، ہاتفی ، شاہجہان پوری ، محمد
رموز القران ص ۱۶ ۱۲۸۸ھ
نولکشور لکھنؤ - حوالہ : فہرست کتبخانہ
آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۴ ص ۶۹۴ والفہرست

ص ۱۶ و کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۱۷۸ -

تبصرہ : - اوصاف آیات تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں کہ وقف لازم وقف مطلق وغیرہ کیا ہیں۔ اس کے ساتھ سجدہ تلاوت کے مواقع بھی درج کئے ہیں اور مختصر تجوید کا بھی بیان ہے -

۸۰ حکیم اللہ حسینی ، قادری ، سید

سہل قواعد تجوید ص ۶۰

۱۹۵۶ء مکتبہ نشاۃ ثانیہ حیدرآباد دکن

۸۱ خلیل احمد ، قاری ، لکھنوی

کلید قرائت ص ۵۴ ۱۹۳۳ء بشری بک ڈپو ، ماؤنٹ روڈ - مدراس -

تبصرہ :— یہ فن تجوید میں ہے - اس میں اولاً قرآن مجید کو ترتیل سے پڑھنے اور فن تجوید کے حاصل کرنے کی ضرورت دکھائی ہے پھراس کے عمومی قواعد بیان کئے ہیں -

۸۲ رموز اوقاف قرآن نور پریس آگرہ

(نوٹ) اوقاف قرآن کا بیان - حوالہ : فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۳۶۰ -

۸۳ ریاست علی خاں، شاہ جہاں پوری ، مولوی

تعلیم القاری ۱۳۰۷ھ مطبع لطیفی کانپور -

۸۴ زیرک حسین ، رضی ، سید ، ڈاکٹر

سعین القراء ص ۳۰ ۱۳۴۴ھ مطبع ریاض رضی آگرہ -

تبصرہ:— اس میں تین فصلیں ہیں۔ اول حرفوں کے عام بیان میں ، فصل دوم "مخارج حروف میں ، فصل سوم صفات حروف میں -

۸۵ سعید احمد

سراج القاری ص ۴۴ مطبع حنفی

حوالہ : الفہرست ص ۱۶ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱ ص ۳۱۰ -

۸۶ سلامت اللہ مولوی ابو الذکا سراج الدین

خلاصہ اعظم التجوید فی وجوب علم التجوید ص ۳۰ ۱۳۲۸ھ مطبع اختر دکن حیدراباد - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۳ ص ۴۴۸ -

تبصرہ:— اس میں علم تجوید کو فرض کفایہ اور اس پر عمل فرض عین قرار دیا ہے قرآن مجید اور تفاسیر اور احادیث وفقہ سے توثیق وتصدیق کی ہے-

۸۷ سید سردار علیشاہ

رہنمائے قرائت - ص ۳۱ - ۱۹۲۹ء سکھر سندھ

۸۸ شرح زینت القاری (قواعد تجوید در قرائت) ص ۳۲ - ۱۲۰۰ھ قلمی کتبخانہ نواب سالارجنگ مرحوم کی آردو کی قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۳۲ -

تبصرہ : — زینت القاری کی یہ مفصل شرح ہے آغاز:- سب تعریف اللہ کو جو صاحب سارے جہان کا اور

آخر بھلا ھے پرھیزگاروں کا اور درود و سلام اللہ اتارے اپنے رسول پر جنکا نام مبارک محمد صہ ھے اور ان کے سارے آل اور اصحاب پر ۔ اور بعد اس کے یہ رسالہ ھے کہ علاقہ رکھتا ھے تجوید کے قاعدوں سے "۔

۸۹ شیخ احمد ، قاری

قواعدالتجوید فی ذکرالتمجید۔ ص ۴۷

۱۳۰۰ھ مطبع شگوفہ گلزار لکھنو حوالہ : الفہرست ص ۱۶-۱۷ -

۹۰ شیخ احمد ، قاری

مجموعہ زینت القاری - حوالہ : الفہرست ص ۱۷ -

۹۱ ضوابط القران ترجمہ نہایت البیان حوالہ : الفہرست ص ۱۷ -

۹۲ ضوابطالفرقان -حوالہ :فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ۔ ص ۶۶ مطبوعہ ۱۹۱۶ء و فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۱۰۶ -

۹۳ ضیاءالدین ، قاری

ضیاءالقرائت مع سراج القرائت۔ کتبخانہ عزیزیہ دیوبند۔ حوالہ : فہرست صدیق بک ڈپو ص ۱۶۶ -

۹۴ ظہورالحسن ، ناظم ، قاضی

قرات المصطفے ص ۱۶ - ۱۳۴۶ھ

حوالہ : فہرست کتبخانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۲ -

۹۵ عبدالحق، بدایونی

قرائت تعلیم طفلان ۔ ص ۱۷ -

۱۲۹۴ھ شاھجہانی پریس بھوپال ۔

تبصرہ :— ابتدائی اصول فن تجوید کے اس میں بیان کئے گئے ھیں ۔

۹۶ عبدالرحمن ، مکی

فوائد مکیہ ۱۹۵۴ء حوالہ :فہرست صدیق ڈپو لکھنو ص ۱۸۳ -

۹۷ عبدالحمید محمد، رام پوری

مفتاح القران منظوم ۔ ص ۲۲۸

۱۳۲۱ھ نظامی پریس کانپور۔

تبصرہ :— برائے تعلیم قرآن خوان و تسہیل ودرس و صحت کلام مجید و تفہیم رموز آیات و تعداد حروف و کشادگی اذھان متعلمان ۔

(نمونہ) آغاز:— لڑکو تم یہ پڑھو کتاب
کھل جائیں قرآن کے باب

۹۸ عبدالعزیز خاں

رسالہ تجوید - عزیزی پریس آگرہ

تبصرہ :— قرات اور مخارج حروف وغیرہ کی تعلیم کا بیان ھے۔

۹۹ عبداللہ، کانپوری

قاری بنانے والی کتاب ۔ ص ۲۴۱

حوالہ : فہرست صدیق بک ڈپو ص ۶۴۱ -

۱۰۰ عبدالوحید، قاری

ھدیۃ الوحید علم تجوید - ۱۳۳۲ھ مطبع قاسمی دیو بند - حوالہ : الفہرست ص ۱۸ -

۱۰۱ عبدالہادی، ابوالشمس

ھدایت القرائت ۱۳۱۰ھ حوالہ : فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۲ ص ۱۳۰ -

۱۰۲ عنایت اللہ ، قاری ، محمد

مقصود القاری - ص ۶۲ - ۱۸۸۴ء نولکشور لکھنؤ و مجمع العلوم -

تبصرہ :— فن قرائت پر سیر حاصل بحث اور مخارج حروف کا تفصیل سے بیان ہے -

۱۰۳ عنایت علی

اعجاز القران فی تجوید القران ص ۱۶ - حوالہ : کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۱۰۴ غلام قادر

نجوم القران

دفتر اشاعت مسجد طہ موسیٰ کراچی -

۱۰۵ فتح محمد، قاضی

مجموعۃ القرائت ۱۲۹۲ھ مطبع حیدری بمبئی حوالہ : فہرست کتب خانہ سر سالار جنگ حیدرآباد دکن -

۱۰۶ قادر بخش، پانی پتی

مختصر التجوید ص ۲۲ - ۱۲۴۲ھ مطبع مصطفائی دھلی - حوالہ : الفہرست ص ۱۷ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱ ص ۳۱۲ -

۱۰۷ قادر خان

مفید القاری ص - ۱۰ - ۱۲۵۰ھ ۱۲۷۱ھ قلمی کتب خانہ سر سالار جنگ مرحوم کی اردو کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۳۷ -

نمونہ : اما بعد یہ عاجز گناھگار قادرخان فرزند احمد خان سرخ رھنے والا شہر محمد پور عرف ارکاٹ شاگرد قاری شیخ یوسف مکی کا اس رسالہ تجوید قرآن شریف کے تئیں اور قرات حفص (ح) کے رسالوں سے عربی اور فارسی کے جمع کرکے واسطے طالبان اس علم کے جوباتاں کہ ضرور ھیں سو سب ھندی زبان میں واسطے سمجھنے خاص و عام کے لکھ کر مفید القاری نام رکھا" -

۱۰۸ قواعد تجوید - مکتبہ سورتی بمبئی -

۱۰۹ کرامت علی، اصلی نام خاکسار علی جونپوری ، مولانا -

زینت القاری (شرح جزری) ص ۷۰ - ۱۲۸۵ھ - مظہر آرٹ پریس مدراس حوالہ : کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۱۰۹ -

تبصرہ:— عربی کی مشہور کتاب مصنفہ امام محمد بن الجزری کا ترجمہ ہے اور قاری سید ابراہیم ابن محمد مدنی سے بھی اس کی ترتیب اور بیان میں مدد لی ہے۔

۱۱۰ کریم الله خاں ، دھلوی ، قاری

وسیلۃ القاری علی کلام عبدالباری

مع الحواشی ص ۲۷-۱۲۷۶ھ حوالہ :- الفہرست صفحہ ۱۷ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدراباد دکن ج ۱ ص ۳۱۲ -

۱۱۱ کریم حسن

ھدایۃالمرید لفن التجوید ص ۲۸ -

۱۳۳۲ھ نظام دکن پریس حیدرآباد دکن -

۱۱۲ مجیدالدین

زینت القاری ص ۲۴ - ۱۲۶۴ھ

مطبع اکبری آگرہ -حوالہ : فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱ ص ۳۱۰ -

۱۱۳ محمد ابراھیم ، نہری

ابتدائی قواعدقرات ص۱۵-۱۹۰۷ء

حوالہ :- صدق جدید لکھنؤ ۱۲ جولائی ۵۷ء ص ۵ -

۱۱۴ محمد احسن ،

تحفتہ القارئین ص ۳۲- ۱۲۹۱ھ

مطبع فاروقی دھلی- تبصرہ :- قراٗ کے لیے فن تجوید کے ضروری احکام -

۱۱۵ محمد احمد ، حافظ

خلاصہ تجوید احمدیہ ص ۲۴

۱۳۲۰ھ مطبع ابولعلائی حیدرآباد دکن

حوالہ : الفہرست ص ۱۶ -

۱۱۶ محمد اسمعیل ، قاری

الکتاب التوحید ص ۱۱۲ -

۱۹۳۸ء خانقاہ معصومی ، رام پور -

تبصرہ : — شیخ عبداللہ بن ابراھیم احمد مکی کی کتاب مفتاح التجوید کا مع اصل عربی کے ترجمہ اس میں تجوید کے جملہ قواعد واصول مذکور ہیں -

۱۱۷ محمد الیاس، برنی، الحاج ، پروفیسر

تسہیل الترتیل ص ۲۲۸-

۱۳۶۲ھ مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد - حوالہ : فہرست کتبخانہ ادارہ ادبیات آردو ص ۳۴ -

تبصرہ : — تلاوت قرآن کے متعلق ترتیل کی عام فہم تشریح - علم تجوید کے جملہ مسایل اس میں جمع کردیے ھیں اور قراٗت کا کوئی جز نہیں چھوٹا ہے - مطالعہ سے فن قراٗت کے مبتدی اور منتھی استفادہ کرسکتے ھیں - سجدہ تلاوت کے مواقع بیان کیے ھیں - قرانی دعائیں بھی ھیں - آخر میں اشاریہ دیا ہے -

۱۱۸ محمد جعفر ، قاری

خلاصہ قراٗت ص ۱۲۶۴ھ حوالہ : کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈی الہ آباد -

۱۱۹ محمد حسین ، بن حسن ، نقشبندی -

قواعد فتحیہ ص ۶۴-۱۲۹۹ء حوالہ :
تذکرہ اردو مخطوطات ج ۲ ص ۹۶ -

۱۲۰ محمد خلیل عبدالوالی، رام پوری
ولی القاری ص ۶۴ - ۱۳۰۳ھ
مطبوعہ رام پور -

۱۲۱ محمد سلیم ، مولوی
تیسر القران ، دلپذیر پریس لکھنو
حوالہ : الفہرست صفحہ ۱۶ -

۱۲۲ محمد سلیمان بن محمد ،
تحفتہ الطلاب ص ۱۱۴ - ۱۳۱۷ھ
مفید عام پریس آگرہ - حوالہ : الفہرست
ص ۱۶

۱۲۳ محمد علیخاں ، جلال آبادی
حرز الاصول والفروع - حوالہ :
الفہرست ص ۱۶ -

۱۲۴ محمد علی خاں ، جلال آبادی
رسالہ اثبات وقف لازم ۱۳۱۵ھ
حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدر آباد
دکن ج ۴ ص ۱۴۰ -

۱۲۵ محمد عنایت احمد ،
مجموعہ زینت القاری ص ۶۲ -
۱۸۹۰ء نولکشور پریس لکھنو -

۱۲۶ محمد عنایت احمد ،
مجموعہ مقصود القاری (البیان
الجزیل للتنزیل) حوالہ : فہرست کتب قدیم
اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۱۵۶ -

۱۲۷ محمد عنایت احمد ، کاکوروی ،
مفتی -
مجموعہ بست رسائل قرات ص ۱۰۸
۱۳۰۳ھ مصطفائی پریس لاہور -

تبصرہ : — البیان الجزیل - مقصود القاری -
وقوف القران - تعداد آیات و الفاظ قران - دعائے
متبرک قصیدۃ القران - زینت القاری - ہدیۃ البیان
تعداد سورہ قران - سراج القاری - مرغوب القاری -
اعداد سیپارہ و سورت - مخارج الحروف - منافع
قاریان - مفید قاریان - دعائے ختم قران - نماز
برائے حفظ قران - خطبہ سورت ہائے قران - فضائل
قران - آداب تلاوت قران -

(نوٹ) جزیرہ انڈمن کے قیام سزا میں حکیم کریم
بخش ڈاکٹر جزیرہ کی فرمایش سے یہ مجموعہ حافظہ
سے مفتی صاحب نے مرتب کیا -

۱۲۸ محمد محبوب ، حافظ ، انجینئر ،
کنز المتشبہات ص ۴۰۳ - ۱۳۴۲ھ
شمس الاسلام پریس حیدرآباد و حوالہ : کتبخانہ
امین منزل حیدرآباد دکن - ص ۲۸

۱۲۹ محمد منیر علی ، عثمانی
خلاصتہ التجوید ص ۹۰-۱۳۴۸ھ
مطبع ابراھیمیہ حیدرآباد -

تبصرہ : — فن تجوید کے اصول و قواعد تفصیلی
طور سے بیان کیے گئے ہیں -

۱۳۰ محمود حسن، قاری

حسن القرآن فی تجوید القرآن

ص ۳۳ - ۱۹۳۲ء مدرسہ احمدیہ دھلی -

تبصرہ: — اس میں فن تجوید کے قواعد سہل طریقہ سے بیان کئے گئے ھیں -

۱۳۱ محمود حسین، قاری، حیدرآبادی

قرات کا پہلا رسالا ص ۱۵

۱۳۱۵ھ شمس الاسلام پریس حیدرآباد دکن -

تبصرہ: — مخارج و صفات حروف کے بیان میں -

۱۳۲ محمود حسین، بن بہادر حسین، حیدرآبادی -

ایضا الفرقان فی تسہیل قرأت القران

ص ۴۲ - ۱۳۱۴ھ عزیز دکن حیدرآباد دکن

حوالہ: فہرست کتب خانہ ادراہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۳ -

تبصرہ: — قواعد تجوید کتب معتبرہ تجو ید سے اخذ کئے ھیں جو روایتہ سید نا حفص کے طریقہ پر ھیں - یہ کتاب پانچ باب پرمنقسم ھے -

۱۳۳ محمد حسین، قاری، تلمیذ سید محمد مکی قاری -

قرأت کا دوسرا اور تیسرا رسالہ

ص ۲۴ - ۲۴ شمس الاسلام پریس حیدرآباد دکن -

تبصرہ: — سوال و جواب میں قرأت کے قاعدے بیان کئے ھیں -

آخر میں یہ رباعی ھے :—

تجوید سے قرآن کا پڑھنا ثواب ھے
تجوید چھوڑنے میں گناہ و عتاب ھے
تجوید ٹھیری لازم و ملزوم اے اخی
پڑھنے پڑھانے میں اجر بیحساب ھے

۱۳۴ محمود حسین، بن بہادر حسین، حیدرآبادی -

انوار عاصمی ۱۳۱۸ھ شمس الاسلام پریس، حیدرآباد دکن -

تبصرہ— اصول قرات عاصم کو فی مع اختلاف الحروف وغیرہ کو اس میں بیان کیا گیا ھے

۱۳۵ محی الدین، قاری

نظم مخارج ص ۱۷ - ۱۲۵۰ھ قلمی

حوالہ: کتب خانہ سرسالار جنگ حیدرآباد کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۳۲

(نمونہ) تمامی حمد اوس بے نشان کو
جنے پیدا کیا ھے جسم وجان کو

۱۳۶ مسکین، محمد دین، قاری، غلام قادر سروری -

ھدایت القاری ص ۹۶ ۱۲۶۹ھ

الٰہی بخش تاجر کتب گجرات حوالہ: الفہرست ص ۱۷ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد ج ۱ ص ۳۱۲ -

۱۳۷ مظفر بیگ،

خلاصتہ التجوید (مفتاح التجوید)
ص ۹۰ - ۱۳۴۸ھ ابراھیمیہ پریس حیدرآباد
دکن ۱۹۵۴ء حوالہ: فہرست کتبخانہ انجمن
ترق آردو ہند جامع مسجد دھلی ص ۱۹ -

۱۳۸ مہدی حسن،

مفید القاری والسامع - ترجمہ
مقدمہ" القول الجامع ص ۴۴-۱۳۴۲ھ قاسمی
پریس دیوبند - تبصرہ :- محمد عطیعی الحنفی
ابن نجیب بن حسین العصری کی کتاب کا یہ
ترجمہ ہے اس میں فن قرات کی بحث کی
گئی ہے -

۱۳۹ ناصر الدین، محمد اسد الرحمان

رسالہ تجوید (کاشف القرآن) کتابیات
برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد از
انتظام اللہ شہابی -

۱۴۰ نزھۃ" القاری، ۱۳۲۲ھ مطبع قاسمی
دیوبند حوالہ : الفہرست ۱۸ -

۱۴۱ ناظم حسین، عمری، حافظ، قاری
مولوی گوپاموی -

رسالہ تجوید ص ۳۲ - ۱۹۳۰ء
قلمی کتب خانہ مفتیان گوپامو اکبر آباد

۱۴۲ نذر محمد، قاری

تحفہ جہاں ص ۱۶ حوالہ :- فہرست
صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۳۰۳

۱۴۳ نورالدین، محمد

مقصود القاری ۱۸۷۳ھ لکھنؤ

۱۴۴ نورالحق دھلوی (قلندر حسن مترجم)

تیسر القاری ۱۸۷۷ء بنگلور

۱۴۵ یاور حسین، عمری، گوپاموی،
مولانا - مترجم -

ترجمہ" القول المفید فی علم التجوید
قلمی کتبخانہ یاوریہ گوپامو متعلق مدرسہ
اسلامیہ گوپامو -

تبصرہ — محمد مکی عمر کی تصنیف ہے اپنے موضوع
پر مبسوط اور قابل قدر تصنیف ہے -

تفاسیر قرآن

۱۴۶ ابوالاعلا ، مودودی ، مولانا

تفسیر تفہیم القرآن جلد اول

ص ۶۷۵ - ۱۹۵۳ء جماعت اسلامی لاہور -

تبصرہ :- اس میں سورہ فاتحہ سے سورہ انعام تک تفسیر و مطالب بیان کیے گئے ہیں اور قرآن حکیم کے فطری طرز استدلال اور اس کی جامعیت پر حکیمانہ تبصرہ بھی کیا ہے -

۱۴۷ ابوالاعلا ، مودودی ، مولانا

تفہیم القرآن جلد دوم ۱۹۵۵ء

جماعت اسلامی لاہور -

تبصرہ :- اس میں تفسیر و مطالب سورہ الاعراف تا بنی اسرائیل ، بیان کیے گئے ہیں جگہ جگہ تاریخی و جغرافیائی تحقیقی حاشیہ بھی ہے -

۱۴۸ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا

ترجمان القرآن جلد اول ص ۵۳۶

مدینہ پریس بجنور -

تبصرہ :- آغاز میں ۷۶ صفحات میں مقدمہ و فہرست مضامین ۔ ترجمان القرآن میں کلام الٰہی کی تشریح و تفسیر سورہ فاتحہ ، سے سورہ الانعام تک ہے - سورہ فاتحہ کی تفسیر میں مقصد قرآن اور فہم قرآنی کی ساری مشکلات حتی الوسع دور کردی گئی ہیں - جس سے معرفت قرآن کی بے شمار راہیں کھل گئی ہیں -

۱۴۹ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا

ترجمان القرآن جلد دوم ص ۵۸۰

۱۹۳۱ء مدینہ پریس بجنور -

تبصرہ :- سورہ الاعراف سے سورہ المؤمنون تک تفسیر مع حواشی ہے - اس میں اہم مسائل بیان کیے گئے ہیں - سورہ اعراف ، انفال ، توبہ ، کہف ، مریم ، انبیا ، وغیرہ کی تفسیر اس حصہ میں آگئی ہے -

۱۵۰ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا

ترجمان القرآن جلد سوم ص ۴۴۰

۱۹۵۱ء مدینہ بک ایجنسی بجنور -

تبصرہ :- یہ سورہ النور سے لیکر بعد کی سورتوں تک کے ترجمے اور تشریحات و تفسیر پر مشتمل ہے -

۱۵۱ احتشام الدین ، مرادآبادی ، مولانا ، محمد -

تفسیر اکسیر الاعظم ۹ جلد

ص ۶۱۰ - ۱۳۱۳ھ مطبع نولکشور لکھنو -

تبصرہ :- مشہور تفاسیر سے اس تفسیر میں مولانا نے مدد لی ہے حتیٰ کہ سواطع الالہام علامہ فیضی سے بھی استفادہ کیا ہے۔

۱۵۲ احمد الدین ، خواجہ

تفسیر بیان للناس ۱۹۱۵ء امت مسلمہ ، امرتسر۔ حوالہ :- انوار تفکر ص ۳۶۔

۱۵۳ احمد حسن ، سہاوری دہلوی، مولانا سید۔ ف ۱۹۲۰ء۔

احسن التفاسیر

۷ منزلیں ۱۹۱۵ء کرزن گزٹ دہلی۔ حوالہ :- الفہرست ص ۸ و تراجم علمائے اہل حدیث ہند ج ۱ ص ۱۷۰ -

تبصرہ : — مستند عربی تفاسیر اور کتب احادیث سے یہ مرتب کی گئی ہے۔ قصہ طلب آیتوں کی نہایت وضاحت کے ساتھ صحیح قصے، ہر آیت کا شان نزول، محکم ومتشابہ ، ناسخ و منسوخ ۔ آیتوں کی پوری توضیح ، احکام ، معاملات و اخلاق کی آیتوں کی احادیث صحیحیہ سے تفسیر کی گئی ہے۔ ربط آیات کا لحاظ رکھا گیا ہے ۔ شروع میں فہرست مضامین بھی ہے۔

۱۵۴ احمد حسن ، دہلوی ، مولانا

احسن الفوائد ۱۳۴۶ھ دہلی۔ حوالہ : - تراجم علماے اہل حدیث ہند ج ۱ ص ۱۷۰ -

تبصرہ :- حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی اور شاہ رفیع الدین و شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہم کے ترجمے جمع کیئے ہیں اور اس نسخہ پر اپنا بے مثل حاشیہ احسن الفوائد لکھا ہے جو احادیث نبوی سے مستفاد ہے۔

۱۵۵ احمد شجاع ، ایوبی، انصاری، حکیم

افصح البیان فی مطالب القرآن

پانچ پارے ۱۹۰۵ء لاہور۔

تبصرہ :- جس میں عربی متن کے نیچے ترجمہ شاہ رفیع الدین دہلوی ہے۔ ترجمہ کی تشریح بھی لکھی ہے اور کہیں کہیں بہت ہی مختصر تفسیری نکات تحریر ہیں۔

۱۵۶ احمد علی ، مولانا

ترجمہ قرآن شاہ عبدالقادر مع حواشی ۱۹۳۰ء انجمن خدام القرآن لاہور۔

تبصرہ :- مولانا نے شاہ صاحب کے ترجمہ کے حاشیہ پر تفسیری نکات لکھے ہیں -

۱۵۷ احمد یار خاں، مفتی،

اشرف التفاسیر جلد اول ص ۵۰۰ ۱۹۰۶ء مطبوعہ - (نوٹ) ۳۰ جلدوں میں یہ تفسیر ہے۔

۱۵۸ اشرف -

تفسیر منظوم حوالہ : — خطبات گارساں دتاسی ص ۱۷۰ -

۱۵۹ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا

بیان القرآن مکمل ۱۹۲۰ء دہلی

تبصرہ :۔مختصر تفسیر کے ساتھ ربط آیات پر بحث ہے اور ہر ایک اہم فقہی و کلامیہ مسئلہ جسکا بتانا کسی آیت کے لیے مقصود ہے جداگانہ عنوان کے تحت میں بیان کیا ہے۔ لغت اور محاورہ کی بھی تشریحات ہیں اور بلاغت و فصاحت کے نکات بھی بیان کیے گئے ہیں ۔ اسمیں باوجود اختصار کے تفسیری معلومات کافی ہے ۔

۱۶۰ امیر حسن خان ، سہا ، حکیم ، سید

ترجمہ تفسیر احمدی

حوالہ :۔ رسالۂ احیاءُ المیت ص ۱ ۔

تبصرہ :۔شیخ احمد عرف ملاجیون امیٹھوی متوفیٰ ۱۱۳۰ھ نے احکام قرانی کی تفسیر لکھی ہے ۔

۱۶۱ امیر حسن ، خان ، سہا

ترجمہ تفسیر ابن عربی

حوالہ :۔ رسالہ احیاء المیت ص ۱ ۔

تبصرہ :۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کی مترجم تفسیر کا ذکر رسالہ احیاء المیت کے صفحہ ۱ پر آیا ہے۔ یہ تفسیر مضامین تصوف کی جامع ہے مگر علامہ عبدہ مصری سورہ فاتحہ کی تفسیر (رسالہ المنار مصر) میں لکھتے ہیں کہ یہ تفسیر باطنی کا شانی کی ہے۔

۱۶۲ امیر علی ، ملیح آبادی ، مولانا سید

تفسیر مواهب الرحمان مسمی بہ

جامع البیان ۳۰ ضخیم جلدین ۱۹۰۲ء مطبع نولکشور لکھنو ۔

تبصرہ :۔اردو میں یہ جامع تفسیر ہے۔عربی فارسی کی مستند تفاسیر کو سامنے رکھکر مولانا نے قرآن شریف کے مطالب اور نکات کی یہ جامع و مستند تشریح

کی ہے۔ مگر اس میں اسرائیلیات کا سرمایہ زیادہ ہے جو محل نظر ہے۔

۱۶۳ بابا قادری ، سید بن سید شاہ محمد یوسف حیدرآبادی

تفسیر تنزیل موسومہ فوائدالبدیہہ

۳ جلد ص ۱۴۴۲ - ۱۱۴۰ھ قلمی۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی نمبر الف ۷۰ ۵/۱ وقا ۸/۲

(نوٹ) آخری جز قرآن سورہ الکہف سے سورہ الناس تک کا نسخہ ۱۱۴۰ھ کا لکھا ہوا موجود ہے۔ اتمام ۱۱۴۷ (فہرست کتخانہ سالار جنگ ص ۴۰)

نمونہ :۔ قد افلاح المومنون ۔ تحقیق کے چھٹکارہ پائے مسلمان اور اپنے مقصود کو پہنچے ۔ الذین ہم۔ایسے مومن کہ وہ فی صلواتہم۔نگہ بیچ نماز اپنے ۔ خاشعون ۔ ڈرتے ہاتے اور نگہ اپنے سجدے کی جائے پر رکھتے ہیں اور دل سے خدائے تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہوتے ہیں ۔

۱۶۴ بابا قادری، سید۔

تفسیر القرآن ہفت پارہ اول ص ۴۴۴ ۱۱۸۴ھ قلمی۔ حوالہ : فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی نمبر الف ۷۸ ۵/۱ وقا ۴/۲ ۔

تبصرہ :۔ترجمہ ۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔شروع کرتا ہوں اس کتاب کون خدا کی ناموں سہتی کہ بہوت بخشنے والا ہے اور مہربان ہے اوپر خلق کی وجود نہیں اور حیات نہیں بقا نہیں اوز محافظت آفات میں ۔ (نوٹ) کاتب سید عبدالغنی ابن منیر محمود حیدرآبادی ۔

۱۶۵ بشیرالدین، محمود، احمد، مرزا قادیانی۔

تفسیر کبیر (سورہ یونس تا کہف)
ص ۱۰۰۷-۱۹۴۰ء ضیاء الاسلام پریس قادیان۔

تبصرہ :- اس تفسیر میں حضرت عیسیٰ کی وفات پر بحث اور مطالب و تفسیر تفصیلی طور سے بیان کئے گئے ھیں- جگہ جگہ پادریوں کے ھفوات کا رد بھی ھے اور مرزا غلام احمد کے تفسیری نکات بھی بیان کئے ھیں۔

(نوٹ) جلد اول جز اول سورہ فاتحہ تا سورہ بقرہ ص ۵۴۸ ختم جلد ششم جز چہارم حصہ چہارم سورہ کافروں تا سورہ الناس ص ۲۱۱ - ۱۹۵۶ء تک یہ تفسیر کبیر اشاعت پزیر ہوئی۔

۱۶۶ پادری، علی بخش، لاھور۔

تفسیر قرآن حصہ اول ۱۹۳۰ء
گول منڈی لاھور۔

تبصرہ :- اس میں صرف مکی سورتوں کو یکجا کیا ھے اور یہ سعی لا حاصل کی ھے کہ انجیل و توریت کا خا کہ ثابت ھوجائے۔ شان نزول کے اعتبار سے سور جمع کی ھیں اور کتب مقدسہ کے بیانات سے انکو مطابق کیا گیا ھے۔

۱۶۷ تفسیر بزبان دکنی قدیم از پارہ

۱۶ تا ختم قرآن ص ۶۹۱ قلمی
حوالہ : فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی
الف ۷۷ $\frac{1}{5}$ ق $\frac{1}{4}$ -

تبصرہ : نمونہ :- سورہ کہف - قال الم اقل لک کہے خضر علیہ السلام، آیا نہیں کہا توا میں تمہارے تین اے موسیٰ انک لن تستطیع، تحقیق تم ھرگز نہ طاقت رکھو گے معی صبراً - سات مرے صبر کتیں یعنی میرے افعال پر تم صبر نہیں کرنیکی۔

۱۶۸ تفسیر قرآن ج ۳ ص ۶۰۴ قلمی

تبصرہ سورہ یاسین سے الناس تک قرآن کی تفسیر ھے۔ حوالہ : فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۷۶ $\frac{1}{5}$ -

۱۶۹ تفسیر احسن الکلام تاریخی کتب

خانہ لاھور۔ حوالہ : الفہرست ص ۸ -

۱۷۰ تفسیر سراج البیان پانچ جلد

ملک سراج الدین لاھور۔

۱۷۱ تفسیر مع ترجمہ قرآن مطبوعہ

دھلی-حوالہ :- خطبات گارسان دتاسی ص ۱۷۰ -

تبصرہ :- گارسان دتاسی لکھتا ھے کہ ایک ترجمہ (قرآن) جو دھلی میں چھپا ھے اس سے بڑی رواداری کا اظہار ھوتا ھے کیونکہ اس میں اھل سنت اور اھل تشیع دونوں کے عقائد کے مطابق تفسیر دی گئی ھے۔ (پانچواں خطبہ ۴ دسمبر ۱۹۵۴ء)۔

۱۷۲ تفسیر آیات الاحکام ترجمہ

تفسیر احمدی - حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد ص ۲۰ تبصرہ :- ملا احمد جیون امیٹھوی کی تفسیر کا ترجمہ، ایک صفحہ پر متن کلام پاک دوسرے صفحہ پر ترجمہ و تفسیر آیات الاحکام۔

۱۷۳ **تفسیر القرآن** اردو (ناقص)

ص ۱۷۸ قلمی۔ حوالہ: فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۴۴۵: ۱۴ و فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۱۶ ۱/۵ -

۱۷۴ **ثناءاللہ**، پانی پتی، مولانا (قاری محی الاسلام پانی پتی ناشر)

سعادت اظہر ترجمہ تفسیر مظہری

ایک حصہ۔ ۱۳۵۰ھ مطبع شمس الانوار میرٹھ حوالہ:۔تاریخ التفاسیر ص ۲۳-

تبصرہ:۔ مولانا ثناءاللہ پانی پتی نے عربی میں یہ تفسیر لکھکر اپنے پیر کے نام منسوب کی ہے جس میں قدماء مفسرین کے اقوال نقل کرنے کے علاوہ نہایت لطیف تحقیقات لکھی ہے اور اہل تصوف کے مذاق کو ملحوظ رکھا ہے۔ اس کی ۷ جلدیں ہیں جسکا ایک حصہ سورہ المائدہ تک ہے جسکا یہ اردو ترجمہ ہے۔

۱۷۵ **ثناءاللہ**، امرتسری، مولانا

تفسیر ثنائی (تفسیر الرحمن بکلام الرحمن) ۷ جلدین ص ۵۵۷-۱۳۱۴ھ تا ۱۳۴۷ھ چشمہ نور امرتسر۔ حوالہ:۔فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۴۵۵۶-

تبصرہ:۔تفسیر میں تفسیر قرآن بالقران کے ساتھ جگہ جگہ آریوں کے اعتراضات کا رد بھی ہے۔

۱۷۶ **جمال الدین خاں**،

کوکب دری، ص ۳۳۲-۱۲۰۳ھ مطبوعہ دہلی۔ حوالہ:۔ الفہرست ص ۷-

۱۷۷ **جواہر التفسیر** ترجمہ اردو ۳ حصہ **قلمی**، حوالہ:۔فہرست کتبخانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۳۲-

تبصرہ:۔ مولوی محب اللہ فرنگی محلی کا عطیہ (ہرسہ حصص در دو جلد) یہ تفسیر علامہ مجد الدین خاصہ شیرازی نے فارسی میں لکھی تھی جس کا ترجمہ یہ ہے۔ پہلے دس سپارے کا فارسی نسخہ مکتبہ مشرقیہ دارالعلوم پیشاور میں موجود ہے حوالہ: فہرست مکتبہ مشرقیہ پیشاور ج ۱ ص ۳۲-

۱۷۸ **حسن سبحانی**، آزاد، مولانا

تفسیر القرآن پہلا۔ پارہ ربانی یونیورسٹی۔ حوالہ :۔ انوار تفکر ص ۴۷ نوٹ:۔ بقیہ پارے زیر طباعت ہیں۔

۱۷۹ **حسن نظامی**، شمس العلما، خواجہ

عام فہم تفسیر قرآن ص ۴۲۰- ۱۹۳۸ء- حوالہ:۔ مصنفین اردو و فہرست کتبخانہ امین منزل حیدرآباد ص ۳۱ و منادی کا سالنامہ ۱۹۳۷ء ص ۱۹۷-

۱۸۰ **راحت حسین**، کاتب، اکبرآبادی ناشر۔

تنویر البیان اردو خلاصہ، المنہج، (موئلفہ ملا فتح اللہ کاشانی) ۱۹۱۰ء مطبع اعجاز محمدی آگرہ۔ حوالہ: کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد۔

تبصرہ:۔ مولوی سید محمد حسین عرف سید علی مجتہد لکھنوی کی نگرانی میں تفسیر کا ترجمہ ہوا ہے اور متن قران کا ترجمہ مولوی سید علی کا کیا ہوا ہے۔

۱۸۱ رؤف احمد ، نقشبندی ، بھوپالی ، مولانا ۔

تفسیر رؤفی کامل ۳ جلد ص ۱۰۶۴ - ۱۳۰۵ھ نولکشور لکھنو و مطبع ناسی بمبئی ۔ حوالہ : الفہرست ص ۹ ۔

۱۸۲ زین العابدین ،

کاشف الغم (تفسیر) ص ۴۳۴ ۱۳۰۴ھ ۔ حوالہ : کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ‌آباد از انتظام اللہ شہابی قلمی مسودہ ۔

۱۸۳ سعادت اللہ ، خان ، محمد مترجم

تفسیر لوامع البیان ص ۳۸۰ ۱۳۴۵ھ مطبع کریمی حیدرآباد دکن ۔ حوالہ : مطبوعات کتبخانہ ادارہ ادبیات آردو حیدرآباد دکن ص ۴۲ ۔

۱۸۴ سید احمد ، خاں، سر

تفسیر القرآن جلد اول ص ۳۱۴ ۱۸۸۰ء مفید عام آگرہ و علی گڈہ انسٹیٹیوٹ پریس ۔ حوالہ :۔ مطبوعات کتبخانہ ادارہ ادبیات آردو ص ۴۳ ۔

تبصرہ : ۔ اس جلد میں سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی تفسیر ہے اس میں ذیل کے مضامین پر بحث ہے دعا اور اس کے مقبول ہونے کی حقیقت، حروف مقطعات کی تحقیق ، جبر و اختیار ، وحی ، الہام کی حقیقت، نبوت کی حقیقت ، اعجاز قرآن ، ناسخ و منسوخ کی بحث ، سمت قبلہ کی حقیقت ، مذہبی احکام کی قسمیں ، قصاص پر بحث ، مسئلہ و صیت اور روزوں کی و جہاد کی حقیقت ، حج کی حقیقت ، مسئلہ طلاق پر بحث ۔ مسئلہ ربا کی تحقیق وغیرہ ۔

۱۸۵ سید احمد ، خاں، سر

تفسیر القرآن جلد دوم ۱۹۰۶ء مفید عام آگرہ ۔

تبصرہ :۔ اس جلد میں سورہ آل عمران ، سورہ نساء ، سورہ مائدہ کی تفسیر ہے اور اس میں ذیل کے مضامین پر بحث کی گئی ہے ۔ آیات محکمات و متشابہات پر بحث ، کفار کی دوستی کا مسئلہ ، حضرت مریم کی نسبت بعض بحثیں ، حضرت عیسیٰ کے بن باپ پیدا ہونے اور صلیب دئے جانے اور زندہ ہوکر آسمان پر جانے کی تحقیق ۔ بدر کی لڑائی میں فرشتوں کے اترنے کی حقیقت بدر اور احد کی لڑائی میں نیند کے نازل ہونے کی تحقیق ۔ سوختنی قربانی پر بحث ، چور کے ہاتھ کاٹنے کی تحقیق ، غیر مسلم کا کس شریعت سے فیصلہ کیا جائے ، حضرت عیسیٰ کے معجزات پر تفصیلی بحث وغیرہ ۔

۱۸۶ سید احمد ، خان ، سر

تفسیر القرآن جلد سوم ۱۹۰۶ء مفید عام آگرہ ۔

تبصرہ : ۔ اس میں سورہ انعام اور سورہ اعراف کی تفسیر ہے ۔ آنحضرت کے معجزات کی بحث ، معجزہ کی حقیقت، انبیا پر ایمان لانے یا نہ لانے کے اصلی اسباب، ملائکہ و کراماً کاتبین کی تحقیق ، الفاظ کن فیکون کی تحقیق، نفخ صور کی حقیقت، حضرت ابراھیم نے ستاروں کو کیونکر رب کہا ۔ نبوت امر فطری ھے، جنات کے وجود اور ان میں انبیا کے پیدا ہونے پر بحث ، میزان اور وزن اعمال کی تحقیق ، روح اور

معاد یعنی قیامت پر مفصل اور محققانہ بحث ، چھ دن میں دنیا کے پیدا ہونے کی تحقیق ، استویٰ علی العرش کے مضمون کی تحقیق، قوم عاد کے حالات کی تحقیق، آفات ارضی و سماوی کو انسان کی نگاہوں سے منسوب کرنے کا سبب ، قوم ثمود کے حالات کی تحقیق ، حضرت شعیب ، حضرت موسیٰ ، سحر اور معجزہ پر تفصیلی اور محققانہ بحث ، توریت اور انجیل میں آنحضرت صلعم کی نسبت بشارت کے ہونے پر بحث وغیرہ ۔

۱۸۷ سید احمد ، خان ، سر

تفسیر القرآن جلد چہارم ۱۹۰۶ء مفید عام آگرہ ۔

تبصرہ :- اس جلد میں سورہ انفال، سورہ توبہ ، سورہ یونس کی تفسیر ہے ۔ اسمیں آنحضرت صلعم کے ایک ایک غزوہ اور سریہ پر مفصل بحث اور یہ بات نہایت مدلل طریقہ سے ثابت کی گئی ہے کہ یہ غزوہ اور سریہ خونریزی اور قتل و غارت کے لیے نہیں تھے جیسا کہ مخالفین اسلام کہتے ہیں بلکہ بطور مدافعت کے تھے ۔

۱۸۸ سید احمد ، خان ، سر

تفسیر القرآن جلد پنجم ۱۹۰۶ء مفید عام آگرہ ۔

تبصرہ : ۔ اس جلد میں سورہ ہود، سورہ یوسف ، سورہ رعد، سورہ ابراھیم ، سورہ حجر ، سورہ نحل کی تفسیر ہے ۔ طوفان نوح ، قصہ حضرت ابراھیم، قصہ حضرت لوط ، خواب کی حقیقت اور حضرت یوسف اور بادشاہ مصر اور دو قیدیوں کے خوابوں کی تحقیق ، حضرت یوسف اور زلیخا کے درمیان جو واقعات گذرے انکی تحقیق ، حضرت یعقوب کے نابینا اور بینا ہونے پر بحث ، آسمانی برجوں کی حقیقت ، آسمان کو شیاطین سے محفوظ رکھنے پر بحث ، شیاطین سے کیا مراد ہے ، رجم شیاطین اور شہاب ثاقب کی تفسیر ، جنون کی آگ سے پیدا ہونے پر بحث ، پہاڑوں سے زمین کے تھامنے پر بحث ۔ یہ تمام مباحث نہایت تحقیق سے لکھے گئے ہیں ۔

۱۸۹ سید احمد ، خان ، سر

تفسیر القرآن جلد ششم ۱۹۰۶ء مفید عام آگرہ ۔

تبصرہ :- اس جلد میں سورہ بنی اسرائیل کی تفسیر ہے اس میں معراج کے واقع پر نہایت تفصیل سے بحث کی گئی ہے ۔

۱۹۰ سید احمد ، خان ، سر

تفسیر القرآن جلد ہفتم قلمی ، لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڈھ ۔

تبصرہ :- سورہ بنی اسرائیل کے بعد کی سورت سے سورہ انبیا تک کی تفسیر ہے ۔ کل تفسیر ۷ جلدوں اور ۱۸۰۸ صفحات پر مشتمل ہے ۔ (نوٹ) اس پوری تفسیر کے متعلق مولانا حالی لکھتے ہیں کہ اس تفسیر میں ان مضامین سے بہت کم تعرض کیا ہے جن کو قدیم مفسرین نہایت بسط اور تفصیل کے ساتھ اپنی اپنی تفسیروں میں بیان کرچکے تھے بلکہ انہوں نے زیادہ تر اپنی باتوں کے بیان کرنے پر اکتفا کیا ہے جنکو وہ اس زمانہ میں اسلام کی حمایت کے لئے نہایت ضروری سمجھتے تھے اور جنسے اگلی تفسیریں بالکل خالی نظر آتی ہیں (حیات جاوید ص ۱۷۲) ۔

۱۹۱ شبیر احمد ، عثمانی ، علامہ ، مفسر

حاشیہ و تفسیر ترجمہ قرآن (محمود الحسن شیخ الہند) ص ۸۲۵ - ۱۹۲۵ء مدینہ بکڈپو بجنور ۔

تبصرہ :—مولانا محمود الحسن کے ترجمہ ،کلام پاک پر تفسیر و حاشیہ مولانا شبیر احمد عثمانی نے محققانہ و دلنشیں عام فہم چڑھایا ہے، فوائد جامعیت کے ساتھ لکھے ہیں۔

۱۹۲ شریف حسین ، مولوی،سید،مترجم

آثارحیدری (تفسیرامام حسن عسکری)

ص ۶۰۴ - ۱۹۴۵ء - حوالہ :—فہرست کتبخانہ اثناعشری ، لاھور۔

۱۹۳ صبغتہ اللہ ، مولانا ، بن محمد غوث ابن ناصرالدین - مدراسی

فیض الکریم تفسیر قرآن عظیم

پہلی جلد ص ۹۷۶ - ۱۳۱۳ھ مطبع عزیزی مدراس - حوالہ : فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی ، نمبر الف ۳۹ ۱/۵ -

تبصرہ :سورہ فاتحہ سے سورہ نساء تک - (نمونہ) آغاز الحمد للہ رب العالمین - سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب ساری جہاں کا عالمین (جمع ہے عالم کی) اس سے مراد تمام مخلوقات ہیں۔

اس حصہ میں قریب ربع لایحب اللہ تک کا ترجمہ و تفسیر ہے۔ شان نزول و نکات علمی سے افادیت تفسیر کی بڑھ گئی ہے (اس تفسیر کی دو جلدیں ہیں جو کتب خانہ امین منزل حیدرآباد میں موجود ہیں) -

۱۹۴ صبغتہ اللہ ، مولانا

فیض الکریم تفسیر قرآن عظیم

جلد دوم ص ۳۲۰ مطبع فیض عام ، حیدراباد -

تبصرہ :—تفسیر سورہ مائدہ تا سورہ توبہ -

۱۹۵ صدیق حسن ، خان ، نواب ، مولانا ف ۱۳۰۷ھ

تفسیر ترجمان القرآن بلطائف البیان

۱۶ جلدیں ص ۴۸۷۵ - ۱۹۱۸ء مطبع رزاقی کانپور -

حوالہ : مطبوعات کتبخانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۲۳ -

تبصرہ : نواب صاحب نے فتح البیان میں تفسیر فتح القدیر علامہ شوکانی کا خلاصہ کیا ہے جو تفسیر ابن کثیر، بیضاوی، جلالین، کشاف و تفسیر ابو سعود سے ماخوذ ہے جسکو تفصیل سے اپنی تفسیر ترجمان القرآن میں بیان کیا ہے یہ ضرور ہے کہ اقوال سلف کو ملحوظ رکھا ہے - تحقیق و تنقید جگہ جگہ تفسیر میں نظر آتی ہے -

۱۹۶ ظہیرالدین ، بلگرامی

قرآن مجید مترجم مع تفسیر ص ۶۴۴ ۱۸۷۳ء لکھنو - حوالہ : - کیٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری ، لندن مطبوعہ ۱۸۸۹ء ص ۲۵۷ -

۱۹۷ عبدالباری ، فرنگی محلی ، مولانا

الطاف الرحمان بتفسیر القرآن جلد اول ص ۲۶۸ - ۱۲۴۳ھ نامی پریس لکھنؤ۔

تبصرہ :—عام فہم تفسیر ہے، تفصیلی نوٹ بھی دیے گئے ہیں۔ ابتدا میں جمع قرآن کی معلومات ہے سورہ البقرۃ کی پہلی آیت کا ترجمہ - " اس کتاب میں کچھ شک نہیں راہ بتاتی ہے پرہیز گاروں کو" - (نوٹ) : مولوی الطاف الرحمن نے اس کی ترتیب میں مدد دی ہے۔

۱۹۸ عبدالباری ، فرنگی محلی ، مولانا
الطاف الرحمن بتفسیر القرآن جلددوم
۱۳۴۳ھ نامی پریس لکھنئو۔

۱۹۹ عبدالباری ، فرنگی محلی
الطاف الرحمن بتفسیر القرآن حصه
سوم ص ۳۲۴-۱۲۳۳ھ نامی پریس لکھنئو۔

تبصرہ :- عام فہم تفسیر ہے مگر اسرائیلیات کی بھی اس میں کمی نہیں ہے۔

۲۰۰ عبدالحق ، حقانی ، دہلوی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلد ثانی ص۲۴۸
۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیر حقانی ، لاہور۔

تبصرہ :- سورہ فاتحہ و پارہ الم کی تفسیر ہے۔ تفسیر فتح المنان کی آٹھ جلدیں ہیں۔ موجودہ زمانے کے لحاظ سے تفسیر لکھی گئی ہے۔ اس کے ساتھ مخالفین اسلام کے اکثر اعتراضات کا جواب بھی دیا ہے۔ جابجا سر سید مرحوم کے عقاید کی بھی تردید کی ہے۔

۲۰۱ عبدالحق ، حقانی ، دہلوی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلد ثالث و
جلد چہارم ص ۲۵۶-۱۳۶۴ھ دارالاشاعت
تفسیر حقانی ، دہلی۔

۲۰۲ عبدالحق ، حقانی ، دہلوی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلدپنجم ص ۳۰۱
۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیر حقانی ، دہلی۔

۲۰۳ عبدالحق ، حقانی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلد ششم ص ۳۲۸
۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیر حقانی ، دہلی۔

۲۰۴ عبدالحق ، حقانی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلد ہفتم ص ۳۱۲
۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیر حقانی ، دہلی۔

۲۰۵ عبدالحق ، حقانی ، مولانا
تفسیر فتح المنان جلد ہشتم
ص ۳۱۲-۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیرحقانی ،
دہلی۔

۲۰۶ عبدالحق ، فاروق ، دہلوی ناشر
تفسیر قرآن ۱۹۴۸ء فاروق پریس
دہلی۔

تبصرہ :- پندرہ پارے کی تفسیر انتظام اللہ شہابی نے لکھی ، پندرہ پارہ دوسرے علما سے لکھوائے گئے۔ مستند تفاسیر سے اتخاذ ہے۔

۲۰۷ عبدالحکیم ، ڈاکٹر
جواہر التفاسیر ص ۶۸۲-۱۳۰۸ھ
مطبع احمدی لاہور۔ حوالہ :- الفہرست ص ۱۷۔

تبصرہ :- تفسیر میں توریت اور انجیل سے زیادہ استفادہ کیا ہے تفسیر قرآن بالقرآن کا جگہ جگہ التزام ہے۔

۲۰۸ عبدالحی ، فاروقی ، مولانا، خواجہ
محمد ، پروفیسر جامعہ ملیہ دہلی۔
الخلافۃ الکبریٰ جامعہ ملیہ
علی گڑھ۔

تبصرہ :- تفسیر سورہ البقرہ جسمیں سیاسی پہلو زیادہ دکھائے گئے ھیں ۔ (تاریخ التفسیر)

۲۰۹ عبدالحئی ، فاروق، مولانا

البصائر ص ۶۰-۱۹۳۶ء جامعہ ملیہ علی گڑہ ۔

تبصرہ :- الفرقان فی معارف القرآن کے بیان قصص القرآن میں فلسفہ تاریخ کی رو سے فراعنہ مصر کے انجام پر بحث اور بنی اسرا ئیل کے ان واقعات و حوادثات کو جن کا قرآن مجید میں ذکر ھے، دل کش انداز میں پیش کیا ھے ۔

۲۱۰ عبدالحئی، فاروق، خواجہ ، محمد

بیان ص ۲۱۸ - ۱۹۲۰ء جامعہ ملیہ علی گڑھ ۔

تبصرہ :- تفسیرالفرقان فی معارف القرآن کا وہ حصہ ھے جس میں سورہ آل عمران کی تفسیر کی گئی ھے ۔ اس میں الوھیت مسیح، معجزات ابن مریم، و وفات و حیات عیسیٰ علیہ السلام پر حکیمانہ بحث ھے ۔

۲۱۱ عبدالحئی،فاروق،مولانا،خواجہ،محمد

سبیل الرشاد ص ۷۲ - ۱۹۰۹ء فیض عام علی گڑھ ۔

تبصرہ : - ابتدا میں ایک مبسوط مقدمہ ھے جس میں مجلس شورا کی ترکیب، ارکان کے انتخاب اور صدر جمہوریہ اسلام کے شرائط و لوازمات پر بحث کی ھے خلفائے راشدین کا نظام حکومت کیا تھا، ان کی مجالس شوریٰ کا انعقاد کن اغراض و مقاصد کے ماتحت ھوتا تھا۔ اورکس طریقے سے یہ تمام امور طے ھوتے تھے اور سورہ الحجرات کی معنی خیز تفسیر بھی ھے ۔

۲۱۲ عبدالحئی ، فاروق ، مولانا ، خواجہ ، محمد ۔

برھان ص ۸۴ - ۱۹۲۵ء محبوب المطابع برق پریس دھلی ۔

تبصرہ :- تفسیرالفرقان فی معارف القرآن کا وہ حصہ جس میں سورہ النور کی مبسوط تفسیر ھے ۔

۲۱۳ عبدالحئی ، فاروق ، مولانا

عبرت ص ۹۵ - ۱۹۲۵ء جامعہ ملیہ دھلی ۔

تبصرہ : - اس میں سورہ یوسف کی معنی خیز تفسیر ھے جس میں نصیحت آمیز اور عبرت انگیز نتائج کو بہت ھی موثر انداز میں پیش کیا ھے ۔

۲۱۴ عبدالحئی، فاروق، خواجہ، محمد

صراط المستقیم

ص ۱۸۹ فیض عام پریس علی گڑھ ۔

تبصرہ :- تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا وہ حصہ جس میں سورہ الانفال و توبہ کی مفصل و مبسوط تفسیر بیان کی ھے اور حقائق و معارف پیش کئے ھیں اور موجودہ ضروریات و احتیاط کو بطور خاص ملحوظ رکھا ھے ۔

۲۱۵ عبدالحئی ، فاروق ، خواجہ، محمد

سبل السلام ص ۸۶ جامعہ ملیہ دھلی ۔

تبصرہ :- اس میں تفسیرالفرقان فی معارف القرآن کی سورہ المجادلہ سے التحریم تک کی تفسیر ھے ۔

۲۱۶ عبدالحئی ، فاروق، خواجہ، محمد

ذکریٰ ص ۲۷۲ - ۱۹۲۹ء جامعہ

ملیه دهلی -

تبصرہ : — اس حصہ میں قرآن مجید کے آخری سیپارہ عم کی تفسیر لکھی ھے انداز تفسیر یہ ھے کہ ھر سورہ کی تفسیر سے پیشتر اجمال و اختصار کے ساتھ اس کا حاصل مطلب یا موضوع یا خلاصہ لکھا ھے پھر مختلف عنوانات کے تحت سورتوں کے مختلف ٹکڑوں کی تفسیر کی ھے -

۲۱۷ عبدالدائم، جلالی، رام پوری، مولانا

تفسیر بیان السبحان ۱۳۷۱ھ

دفتر رسالہ مولوی ، دھلی -

تبصرہ : — تمام مستند تفاسیر سے استفادہ کر کے یہ تفسیر مرتب کیجا رھی ھے -

۲۱۸ عبدالرحمان ، رحمانی، عمر آبادی ، مولانا

ترجمہ جواھر تفسیر ص ۶۵۸

جلد اول ۱۹۳۸ء جامع دارالاسلام عمرآباد

تبصرہ : — علامہ شیخ طنطاوی جوھری کی یہ تفسیر جو تفسیر کبیر کے طرز پر ھے ، شیخ نے فلسفہ جدید سے تطبیق دینے کی سعی کی ھے ، اس سے ظاھر ھوتا ھے کہ قرآن پاک فطرت کے اسرار اور سائنس کے عجائبات اور استدلال سے پر ھے اور یہ رسول امی صلعم کی رسالت اور قرآن کے اعجاز معنوی پر ناقابل تردید شہادت ھے -

۲۱۹ عبدالرحمان ، بخاری

تفسیر سعیدی ۲ جلد حوالہ :—

فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۱۷ -

(نوٹ) : تفسیر حسینی کا یہ با محاورہ ترجمہ ھے -

۲۲۰ عبدالرحیم ، مولانا

جواھرالعلوم ص ۲۱۹-۱۹۴۲ء

کتابستان بمبئی -

تبصرہ : — مصری عالم طنطاوی جوھری نے اکتشافات علمیہ کی روشنی میں کلام مجید کی تفسیر لکھی ھے انہیں میں سے کائنات کے ذکر میں جو آیات ھیں انکی تفسیر جواھرالعلوم، کے نام سے ھے اسکا یہ ترجمہ ھے -

۲۲۱ عبدالستار ، مولانا

تفسیر ستاری مع احسن التفاسیر

۱۹۵۶ء مکتبہ سعودیہ کراچی -

۲۲۲ عبدالسلام ، محدث بدایونی، مولانا

زادالآخرت منظوم ص ۵۰۰-۱۸۶۸ء

نولکشور لکھنؤ- حوالہ : فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاھور مطبوعہ ۱۹۳۶ء ص ۱۵۸ -

تبصرہ : — یہ منظوم تفسیر چار جلدوں میں ھے -

نمونہ : نظم میں قرآن کی تفسیر کی
جس کی بڑی شہرت ھوئی

نام رکھا اسکا زادالآخرت
یعنی یہ تحفہ برائے عاقبت

حوالہ : العلم کراچی اکتوبر ۵۴ء ص ۲۱ -

۲۲۳ عبدالصمد ، عمری ابن عبدالوھاب

نصرت جنگ برادرزادہ، نواب والا جاہ والی مدراس

تفسیر وھابی ۴ جلد ص ۲۶۳۲

۱۲۸۷ھ قلمی۔ کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن نمبر ۵۲۸

تبصرہ: ۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب نے اس تفسیر کےلئے یہ لکھا ہے کہ ویسی ہی زبان ہے جیسی آجکل جنوبی ہند میں مروج ہے۔
(پرانی اردو میں قرآن شریف کے ترجمہ) رسالہ اردو جنوری ۳۷ء ص ۳۶۔

۲۲۴ عبدالعزیز ،

عزیز التفاسیر حوالہ: تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد ۱ ص ۲۶۵۔

۲۲۵ عبدالقادر، دہلوی ، حضرت، شاہ

موضح القرآن ص ۲۱۴ - ۱۸۴۷ء مطبع مجتبائی دہلی۔

تبصرہ: ۔ شاہ صاحب نے ترجمہ کےساتھ تشریحی نوٹ مختصر طریق پر لکھے ہیں جو بے حد مفید ہین۔

۲۲۶ عبدالقادر ، دہلوی،شاہ ف ۱۲۴۳ھ

تفسیر قرآن نصف اول قلمی۔حوالہ: فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد جلد ۴ ص ۲۲۱۔

تبصرہ: ۔ شاہ صاحب کی نظر سے گذرا ہوا مسودہ ہے جسمیں تفسیری معلومات کا ذخیرہ ہے۔

۲۲۷ عبدالقدیر ، صدیقی، حیدرآبادی، مولانا، سابق صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔

تفسیر صدیقی طارق برقی پریس حیدرآباد۔

تبصرہ: ۔ پارہ الم وعم کی تفسیر محققانہ ہے۔
(نوٹ) بقیہ پارے زیر طباعت ہیں۔

۲۲۸ عبداللطیف خاں ، بھوپالی

حاشیہ ترجمہ شاہ عبدالقادر گلشن ابراہیم لکھنؤ۔

۲۲۹ عبدالماجد ، دریابادی ، مولانا

تفسیر ماجدی جلد اول ص ۲۳۴ ۱۹۵۲ء تاج کمپنی لاہور۔

تبصرہ: ۔ترجمہ و تفسیر میں مولانانے سلف صالحین کے مسلک سے عدول نہیں کیا ہے۔ اردو کے الفاظ قرآن مجید کے الفاظ کےمطابق ہیں اس کےساتھ تفسیر نہایت مفید پر از معلومات اور بصیرت افروز ہے۔ اور الفاظ کی لغوی تحقیق اور ہرآیت کا مطلب یا اس سے مستخرج حکم، مشہور تفاسیر سے منقول ہے جس کو دلائل سے بیان کیا ہے۔ تفسیری نکات فرق باطلہ پر نظر رکھی ہے اور ان کی تردید بھی موقع سے کردی گئی ہے۔ علمی تاریخی اکتشافات سے بھی استفادہ کیا ہے۔

۲۳۰ عبدالماجد ، دریابادی ، مولانا

تفسیر ماجدی جلد دوم ۱۹۵۵ء تاج کمپنی کراچی۔

تبصرہ: ۔ سورہ مائدہ، سے سورہ توبہ، تک کی تفسیر ہے بیان صاف اور تحقیق پر مبنی ہے۔

۲۳۱ عبدالماجد ، مولانا

تفسیر ماجدی جلد سوم صدق جدید بک ایجنسی لکھنؤ۔

۲۳۲ عبدالماجد، مولانا

تفسیر ماجدی جلد چہارم ۱۹۵۷ء

صدق جدید بک ایجنسی لکھنؤ۔

۲۳۳ عبدالمجید ، باجوڑی ، مولانا ،

پروفیسرمشن کالج پیشاور

تفسیرالقرآن ص ۸۰۰-۱۹۳۵ء

قلمی، حوالہ :- معلومات قرآن (حالات مفسرین) ص ۲۶۲

تبصرہ : — مولانا سعادت اللہ اسرائیلی سنبھلی اور مولوی انعام اللہ خاں اکبرآبادی کے مشورہ سے موجودہ ضروریات کے لحاظ سے کلام مجید کی تفسیر مرتب کی ہے۔ امام رازی کا طرز اختیار کیا ہے اسکا کچھ حصہ قسط وار دربار اخبار آگرہ ۱۹۳۶ء میں شائع ہوچکا ہے۔

۲۳۴ عبدالمقتدر ، بدایونی ، مولانا

تفسیر قرآن ۱۹۰۴ء مطبع اعجاز محمدی آگرہ۔

تبصرہ : — ترجمہ قرآن کے حاشیہ پر تفسیر سیدنا عبداللہ ابن عباس اور کچھ اپنی طرف سے تفسیری نکات اضافہ کیے گئے ہیں۔

۲۳۵ عبداللہ ، بن عمر ، البیضاوی ،

ترجمہ تفسیر بیضاوی (انوار التنزیل) قاسمی پریس دیوبند۔ الفہرست ص ۱۰ نمبر ۴۰

تبصرہ :- ادارے کی طرف سے ترجمہ کرایا گیا ہے۔ قاضی ناصرالدین ابوالخیر عبداللہ بن عمر البیضاوی (بیضا قریہ شیراز) متوفیٰ ۶۸۵ھ مصنف علام نے علم معانی اور بیان کے دقائق تفسیر کشاف سے اخذ کیے ہیں۔ فلسفہ اور کلام کے حقائق کا ماخذ امام فخرالدین رازی کی تفسیرکبیر ہے۔ علم الاشتقاق کی باریکیاں امام راغب اصفہانی سے نقل کی ہیں تمام معرکتہ الارا مسائل کے متعلق محققانہ بحث ہے، البتہ فضائل سوز کے متعلق اکثر حدیثیں محل نظر ہیں۔

۲۳۶ عطاءالرحمان ، صدیقی

تفسیر زبدت البیان ص ۲۶۸

۱۹۳۴ء مطبع صدیقی لاہور۔

۲۳۷ عمار علی ، مولوی ، سید

مصنفہ ۱۳۴۰ھ

عمدۃالبیان ص ۸۱۸-۱۲۸۸ء مطبع

یوسفی دھلی حوالہ : الفہرست ص ۶ -

تبصرہ : — سورہ البقر سے سورہ بنی اسرائیل تک کی تفسیر ہے۔ اغاز میں دیباچہ ۴ صفحہ کا ہے۔

آغاز۔ شکر واجب ہے خدائے پاک کا

جس نے بخشیں نعمتیں بے انتہا
پہلے وہ لایا عدم سے ہمکو یاں
خاک کے پتلے میں داخل کرکے جاں

(نوٹ) اس تفسیر کی توثیق مجتہدالعصر مولوی محمد تقی لکھنوی نے کی ہے۔ (فہرست کتب خانہ آصفیہ جلد ۱ ص ۵۷۸)۔

۲۳۸ غلام محمد ، غوث ، مولانا

عمدت البیان ص ۲۸۴ نولکشور

لکھنؤ۔ حوالہ :- الفہرست ۱۲

۲۳۹ فتح الدین ، اذبر

تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات

القرآن ۔ مجلس اشاعت الاسلام حیدرآباد دکن ۔

حوالہ :۔ رسالہ عطایا حیدرآباد ص ۶۶ ۔

تبصرہ :۔ اس تفسیر میں متن کے ساتھ دو ترجمے شاہ ولی اللہ اور شاہ رفیع الدین کے ہیں ۔ ہر ایک کے الفاظ کی الگ الگ تشریح ، ماخذ ، اشتقاق ، اصطلاحی تفسیر اور شرعی وعرفی استعمال کو بتایا ہے ۔ اور ہر ایک آیت کی نحوی ترکیب کو اسہل پیرایہ میں مفصلاً بیان کیا ہے ۔ آخر میں مضامین ، قصص و مسائل و فوائد اور شان نزول آیات کو لکھا ہے ۔

۲۴۰ فتح محمد ، تائب ، لکھنوی مولانا ۔

خلاصۃ التفاسیر ص ۶۵۶

۱۳۰۹ھ مطبع انوار محمدی لکھنو ۔

حوالہ : الفہرست ص ۶ و فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۸ ۔

تبصرہ :۔ پارہ ۱ سے ۷ تک کی تفسیر ۔ مولانا نے مستند تفاسیر سے استفادہ کرکے مرتب کی ہے ۔ جگہ جگہ آیات کا شان نزول بھی ہے ۔ قصص میں بھی تحقیق سے کچھ کام لیا ہے ۔

آغاز :۔ اللہ کا ذکر کر تو دن رات
سب باتیں ہیں اور یہ کام کی بات

۲۴۱ فتح محمد ، تائب ، مولانا

خلاصۃ التفاسیر ص ۵۸۴ ۔ ۱۳۱۰ھ

انوار محمدی لکھنو ۔ حوالہ : الفہرست ص ۶ ۔

(نوٹ) پارہ ۸ سے ۱۴ تک کی تفسیر اس کے دوسرے حصہ میں ۱۵ پارے سے ۲۱ پارے سورہ فاطر ، تک کی تفسیر ہے ۔

۲۴۲ فتح محمد ، تائب ، لکھنوی

خلاصۃ التفاسیر ص ۶۲۴ انوار محمدی لکھنو حوالہ :۔ الفہرست ۶ ۔

(نوٹ) سورہ یاسین سے آخر قرآن مجید سورہ الناس تک کی تفسیر ہے ۔

۲۴۳ فخرالدین ، قاری ، مولانا ۔ مترجم

تفسیر قادری ترجمہ تفسیر حسینی

جلد ۱ - ۲ ص ۶۳۹ - ۲۵۸ - ۱۸۷۹ء نول کشور لکھنو حوالہ : الفہرست ص ۶ ۔

تبصرہ :۔ ملا کمال الدین حسین واعظ کاشفی (کاشف دیہ متصل سبزوار) معاصر سلطان حسین مرزا والی خراسان متوفی ۹۱۰ھ ۔ ملا نے پہلے جواہر التفسیر لکھی تھی پھر اس کا خلاصہ مواہب عالیہ تفسیر حسینی کے نام سے کیا ۔ یہ فارسی میں ہے اس کے اکثر قصص اور روایات ضعیف اسناد سے خالی نہیں مگر تفسیری معلومات بھی اس میں موجود ہے ۔

۲۴۴ فیروز الدین ، مولوی ، محمد

تفسیر فیروزی حوالہ :۔ الفہرست ص ۹ نمبر ۳۱ ۔

۲۴۵ فیروزالدین ، لاہوری مولوی

تسہیل القرآن ص ۱۰۰۲ ۔ ۱۹۵۰ء

فیروز سنز کراچی ۔

تبصرہ :- مولوی صاحب نے بامحاورہ قرآن مجید کا ترجمہ کیا اور اس کی تفسیر تحقیق اور کاوش سے مرتب کی ہے۔

۲۴۶ فیروز الدین ، روحی ، اکبر آبادی ، مولانا ۔

تفسیر القرآن ۳۰ پارے جدا جدا

ص ۱۷۲۸ - ۱۹۵۰ء تا ۱۹۵۵ء دفتر تبلیغ القرآن ، گولی مار ، کراچی۔

مولوی صاحب نے ترجمہ سلیس کیا ہے اور تفسیر بھی مستند تفاسیر سے مرتب کی ہے۔

۲۴۷ فیض حسن ، مولوی ، سید۔

تفسیر خلیقی ۲ حصہ مطبوعہ

حیدر آباد دکن - حوالہ :- فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۳۰ ۔

۲۴۸ قطب الدین خاں ، دھلوی نواب - ف ۱۲۹۵ھ -

جامع التفاسیر جلد اول ص ۷۲۶

۱۲۹۳ھ مطبع نظامی کانپور۔

تبصرہ :- مختلف تفسیروں کا خلاصہ مع حوالہ، ماخذ لکھا ہے۔ روایات کی صحت میں تمیز نہیں کی گئی ہے (نوٹ) اس کا نسخہ کتبخانہ مجلس دستور ساز پاکستان میں موجود ہے۔ نمبر ۳۸۷۶ ۔

۲۴۹ قطب الدین ، دھلوی، نواب

جامع التفاسیر ص ۶۶۳ - ۱۲۹۳ء

مطبع مرتضوی دھلی - حوالہ : - الفہرست ص ۷ و کٹلاگ برٹش میوزیم لابریری لندن ص ۱۷۴ -

(نوٹ) سورہ ملک سے سورہ الناس تک کی تفسیر ہے آخری سورتوں کی تفسیر محمد عبدالقادر نے کی ہے۔

۲۵۰ محمد ابو زر سنبھلی ۔

ترجمہ تفسیر جلالین ۱۹۰۵ء

اعجاز محمدی آگرہ ۔

(نوٹ) سید محمد علی مالک مطبع نے اپنے مطبع اعجاز محمدی آگرہ سے شائع کی ہے۔

۲۵۱ محمد اسحاق ، مولوی - مترجم ۔

ترجمہ تفسیر کبیر (ایک منزل)

ص ۳۶۵ - ۱۹۱۰ء کتبخانہ اسلامیہ امرتسر۔
حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اھل اسلام مدراس ص ۴ ۔

تبصرہ :- مصنفہ امام فخرالدین رازی متوفی ۶۰۶ھ - اس تفسیر کا اصل نام مفاتیح الغیب ہے۔ مصنف علام نے تحقیق و تدقیق سے کام لیا ہے ہر ایک آیت کے ماله و ماعلیہ پر نہایت شرح وبسط کے ساتھ بحث کی ہے ۔ اس میں حروف مقطعات کی تشریح ، ضرورت قرآن، نبوت کا ثبوت، حقیقت شیطان، جن ، حشرو نشر ، جنت و دوزخ، ناسخ و منسوخ سحر و معجزہ وغیرہ کی ماھیت پر سیر حاصل مباحث ھیں ۔ اکثر جگہ آیات کی شان نزول بھی بیان کی ہے۔

امام رازی سورہ انبیا تک یہ تفسیر لکھنے پائے تھے کہ وفات پائی ۔ شیخ نجم الدین احمد بن محمد القمولی متوفی ۷۷۷ھ نے اس کی کچھ تکمیل کی مگر اس کا تکملہ قاضی القضا شہاب الدین بن خلیل الخولی دمشقی متوفی ۹۳۲ھ نے کیا ۔ پوری تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے (ابن خلکان) ۔

۲۵۲ محمد اسمعیل ، شہید ، دھلوی ، مولانا (ف ۱۲۴۷ھ) ۔

اعظم التفاسیر جلد اول و جلد ثانی ۱۳۱۲ھ مطبوعہ حوالہ: فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۲۱۸ -

۲۵۳ محمد انشااللہ، لاہوری، مولوی
تفسیر القرآن اردو جلد اول ص ۹۸۶ ۱۹۰۷ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:- یہ سورہ الحمد و سورہ البقرہ کی تفسیر ہے۔ آغاز میں ۱۴۵ صفحات کا مقدمہ ہے۔ (نوٹ) کتبخانہ خاص مولوی ڈاکٹر عبدالحق کراچی میں یہ تفسیر موجود ہے۔

۲۵۴ محمد انشااللہ مولوی -
تفسیر القرآن اردو جلد دوم ص ۴۳۶ ۱۹۱۰ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:- سورہ آل عمران کی مفصل تفسیر ہے۔

۲۵۵ محمد انشااللہ، مولوی -
تفسیر القرآن اردو جلد سوم ص ۲۸۳- ۱۹۱۰ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور -

تبصرہ: - یہ سورہ النساءؑ کی مفصل و مدلل تفسیر ہے۔

۲۵۶ محمد انشااللہ، مولوی
تفسیر القرآن جلد چہارم ص ۶۰۸ ۱۹۱۱ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:- یہ سورہ، المائدۃ، الانعام، الاعراف، الانفال، التوبہ، یونس، چھ سورتوں کی مفصل تفسیر ہے۔

۲۵۷ محمد انشااللہ، مولوی -
تفسیر القرآن اردو جلد پنجم ص ۶۰۸ ۱۹۱۲ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:- یہ سورہ ہود، یوسف، الرعد، ابراہیم، النحل، بنی اسرائیل، الکہف، مریم، طہٰ، الانبیاء، الحج، کی مفصل تفسیر ہے۔

۲۵۸ محمد انشااللہ، مولوی
تفسیر القرآن جلد ششم ص ۳۶۰ ۱۹۱۳ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ: — سورہ المؤمنون، النور، الفرقان، الشعراء، النمل، القصص، العنکبوت، الروم، لقمان، السجدہ، الاحزاب، سبا، فاطر، یاسین، کی مفصل تفسیر ہے، اسپر کلام اللہ کی پانچویں منزل ختم ہے۔

۲۵۹ محمد انشااللہ، مولوی
تفسیر القرآن اردو جلد ہفتم ص ۱۹۶- ۱۹۱۵ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ: - یہ سورہ الصافات، ص، الزمر، المؤمن حم السجدۃ، الشوریٰ، الزخرف، الدخان، الجاثیہ، الاحقاف، محمد، الفتح، الحجرات کی مفصل تفسیر ہے۔

۲۶۰ محمد انشااللہ، مولوی
تفسیر القرآن اردو جلد ہشتم ص ۱۷۸ ۱۹۱۹ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:- یہ سورہ ق سے لیکر الناس تک پینسٹھ سورتوں کی مفصل تفسیر ہے۔ مستند تفاسیر سے استفادہ کرتے ہوئے یہ تفسیر لکھی گئی ہے مگر تحقیق اور کاوش اور اقتضائے وقت کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔

۲۶۱ محمد باقر، یزدی، مترجم

تفسیر القرآن (امام حسن عسکری)

ص ۵۰۷ مطبع احمدی بمبئی۔

۲۶۲ محمد بن ابراہیم، جونا گڈھی مولانا، مترجم

تفسیر ابن کثیر آردو موسومہ تفسیر محمدی ۳۰ پارے ۱۹۳۵ء اصح المطابع کراچی۔ حوالہ: تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد ۱ ص ۱۸۹۔

تبصرہ: — امام ابوالفدا اسمعیل بن عمر مشہور ابن کثیر دمشقی متوفی ۷۷۴ھ نے اس میں کلام پاک کے معنی و مطالب کو بطریق سلف صالحین سمجھایا ہے۔ امام نے کلام پاک کی تفسیر دوسری آیات سے کی ہے اور وضاحت کے لیے احادیث اور آثار کے حوالہ دئے ہیں۔ مستند تفسیر ہے۔

(نوٹ): صاحب مطبع نے بار دیگر ۱۹۵۴ء میں شائع کیا ہے۔

۲۶۳ محمد بن بارک اللہ خاں، مولانا

تفسیر محمدی ۱۲۹۱ھ مطبوعہ لاہور ص ۹۶۵-۱۲۷۸ھ حوالہ:- فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور مطبوعہ ۱۹۳۶ء ص ۱۵۸۔

۲۶۴ محمد حسن،

تفسیر حضرت شاہی جلد اول ص ۳۵۵-۱۲۹۳ھ مطبع مرتضوی دھلی

حوالہ:- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۸۸۸۔

۲۶۵ محمد حسن خاں،

دبستان التفاسیر ۲ جلد ص ۹۱۰ ۱۲۷۸ھ حوالہ:- الفہرست ص ۹۔

۲۶۶ محمد حسن، نقوی، امروہوی، حکیم، سید۔ ف ۱۸۹۹ء۔

تفسیر غایۃ البیان فی تاویل القرآن ص ۱۴۳۳-۱۳۶۶ھ دفتر وکیل امرتسر حوالہ:- الفہرست ص ۱۲ نمبر ۵۸ و فرنگیوں کا جال ص ۲۸۵۔

تبصرہ: — اس تفسیر میں مصنف نے قرآن مجید کی آیات کی تطبیق بائبل سے دینے کی سعی کی ہے حالانکہ مصنف نے خود بائبل کا محرف ہونا ثابت کیا ہے اس کے ساتھ مفید معلومات بھی اس میں ہے اور بھی ان کی کئی تفسیریں ہیں (تاریخ التفسیر ص ٦٥)۔

(نوٹ): ایک تفسیر غایۃ البرہان بھی ہے فہرست مکتبہ مشرقیہ پیشاور ج ۱ ص ۳۱۔

۲۶۷ محمد رمضان، اکبرآبادی، مفتی شاگرد مولانا عبدالحی فرنگی محلی (بوستان اخیار)۔

ترجمہ تفسیر ابن عباس ص ۲۰۱ ۱۹۲۶ء مطبع امیرالدین گلشن ہند آگرہ۔

تبصر: — ترجمہ تنویر المقباس فی تفسیر ابن عباس مرتبہ صاحب قاموس علامہ مجد الدین شیرازی نے

حضرت ابن عباس کی طرف نسبت کردہ تمام اقوال و مقولات اور روایات کو اس میں ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ یہی تفسیر ابن عباس کے نام سے مشہور ہے۔ یہ شاہ رفیع الدین کے ترجمہ کے حاشیہ پر ہے۔

۲۶۸ محمد سعید، محدث، مولانا، مفتی
جج ہائی کورٹ نظام دکن -

تفسیر القرآن مسمی بہ فیض الکریم ۱۳۱۳ھ -

تبصرہ: — بست و سوم پارے تک کی تفسیر بہ شرکت مولوی محمد عبدالجلیل نعمانی مرتب کی گئی ہے - (تذکرہ محبوب الزمن) -

۲۶۹ محمد سعید، مولوی - مالک سعید
اینڈسنز کراچی، ناشر -

نور افزا دو ترجمہ والا قرآن شریف
مع کامل تفسیر ص ۹۱۲ - ۱۹۵۳ء محمد سعید اینڈسنز تاجر کتب قرآن محل کراچی -

تبصرہ: — مولانا محمود الحسن دیوبندی و مولانا اشرف علی تھانوی کے تراجم قرآن - حاشیہ پر مولانا شبیر احمد عثمانی دیوبندی کے تفسیری نکات اور بیان القرآن، تفسیر حقانی، تفسیر کبیر، ابن جریر، در منثور خازن و جملہ کتب حدیث وغیرہ کے خلاصے و مطالب سے یہ جامع تفسیر مرتب کی گئی ہے۔ مولوی نور محمد کی مساعی کو دخل ہے۔ مقدمہ کا ایک حصہ انتظام اللہ شہابی کا مرتبہ ہے جو ۳۶ صفحات پر مشتمل ہے۔

۲۷۰ محمد سعید، مولوی - ناشر

نور افزا متوسط قرآن شریف مع حواشی ص ۸۶۸ - ۱۹۵۳ء محمد سعید اینڈسنز قرآن محل کراچی - مولانا اشرف علی تھانوی کا ترجمہ و تفسیر - اس میں ضروری اضافہ کیا گیا ہے - مقدمہ تفسیر ۶۴ صفحات پر مشتمل ہے -

۲۷۱ محمد عسکری، سید -

تفسیر نور مبین، حوالہ :- تحقیق الحق ص ۱ -

۲۷۲ محمد علی، احمدی ایم - اے، مولوی

بیان القرآن یعنی ترجمۃ القرآن ۳ جلد ۱۳۴۲ھ مطبع کریمی لاہور -

تبصرہ: —موجودہ نظریات کے مطابق یہ تفسیر کی گئی ہے ساتھ ہی غرائب القرآن اور ضروری محاورات اور تفسیری نکات کو بیان کیا ہے - اس میں مفردات امام راغب سے کافی استفادہ کیا گیا ہے -

۲۷۳ محمد علی، تحصیلدار، ساکن بچھراوں مولانا -

البرہان چند مجلدات ص ۱۵۰۰ ۱۸۸۵ء مطبع گلزار احمدی مراداباد - حوالہ :- داستان تاریخ اردو ص ۳۶۲ -

تبصرہ: —البرہان علی تجہیل من قال بغیر علم فی القرآن، پورا نام اس کا ہے (نوٹ) سرسید کی تفسیر کے رد میں یہ تفسیر ہے -

۲۷۴ محمد عمر القادری،

تفسیر قادری موسومہ کشف القلوب ص ۱۹۵۱ - ۱۳۱۹ھ فیاض دکن حیدرآباد

حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۱ ۵/۱ و کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۰ ۰ -

(نوٹ) :- سورہ بنی اسرائیل سے سورہ احقاف تک کی تفسیر یہ ہے -

۲۷۵ محمود شیرانی ،

قرآن پاک کی ایک قدیم تفسیر

ص ۹۶-۱۹۳۲ء دیوان پریس دہلی -

تبصرہ :- یہ فارسی تفسیر ہے صرف اس کا دیباچہ اردو میں ہے جسمیں تفسیری نکات تحریر ہیں -

۲۷۶ معجز نما متوسط قرآن مجید و ترجمہ مع کامل تفسیر ص ۹۶۸ - ۱۹۵۳ء اصح المطابع کراچی -

تبصرہ :- ترجمہ شاہ رفیع الدین و مولانا اشرف علی - حاشیہ پر ابن جریر، در منثور، خازن، ابن کثیر مدارک، موضح القرآن، بیان القرآن اور بخاری و مسلم و ترمزی کے خلاصے چڑھائے گئے ہیں - ۸۰ صفحات کا مقدمہ جس میں اعمال قرآنی، فضائل قرآن، مضامین قرآن کی فہرست اور قواعد قرأت کا بیان ہے -

۲۷۷ معجزنما حمائل مترجم مع کامل تفسیر ص ۱۰۴۰-۱۹۲۵ء اصح المطابع کراچی -

(نوٹ) ترجمہ مولانا اشرف علی، حاشیہ پر تفسیری نکات ہیں - آغاز میں ۴۰ صفحات کا مقدمہ شامل ہے -

۲۷۸ معجز نما قرآن مجید

مترجم و محشی ۱۹۴۹ء مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی -

تبصرہ :- مولانا اشرف علی تھانوی کا ترجمہ ہے حاشیہ پر تمام معتبر تفسیروں کے خلاصے چڑھائے گئے ہیں - شروع میں محققانہ مقدمہ مرتبہ انتظام اللہ شہابی اکبرآبادی کا ہے -

(نوٹ) : پورا نام اس کا شاندار معجز نما قرآن مجید مترجم و محشی ہے -

۲۷۹ مقبول احمد دہلوی ف ۱۹۲۱ء

تفسیر قرآن - حوالہ :- اردو مصنفین ص ۵۷ -

(نوٹ) ترجمہ کے ساتھ حاشیہ پر تفسیر ہے -

۲۸۰ مرزا حیرت ، دہلوی -

قرآن مجید مترجم مع تفسیر

ص ۶۶۰ - ۱۳۲۵ھ کرزن پریس دہلی -

۲۸۱ میاں شاہ ، مخدوم حسینی -

تفسیر قرآن قلمی حوالہ :- رسالہ اردو جنوری ۳۷ء ص ۲۸ -

تبصرہ :- ڈاکٹر مولوی عبدالحق لکھتے ہیں کہ زبان سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ بھی تیرھویں صدی کی ہے - ترجمہ کے ساتھ ساتھ کہیں کہیں تشریح کے لئے کچھ کچھ عبارت اضافہ کردی گئی ہے -

۲۸۲ نذیر احمد، دہلوی، شمس العلما، مولانا

ترجمہ قرآن مع غرائب القرآن

۱۹۲۵ء دہلی -

تبصرہ :- ایک صفحہ پر متن قرآن اور مقابل صفحہ پر ترجمہ اور تفسیر۔ ہر صفحہ کے حاشیہ پر قرآن کے ہر مشکل الفاظ کی صرفی اور نحوی معنوی ادبی تحقیق کی گئی ہے، غرائب القرآن مع ترجمہ کے ہے۔ ابتدا میں فہرست مضامین اور دیباچہ۔ پیغمبر صلعم کی سوانح عمری بھی شامل ہے۔

۲۸۳ نظامی تفسیر حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۵۷۹ -

۲۸۴ نعیم الدین ، مرادابادی ، مولانا

تفسیر کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

ص ۶۱۶ - ۱۳۳۰ھ حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۴۴۶۳ -

(نوٹ) مولانا احمد رضا خان بریلوی کے ترجمہ قرآن پر یہ تفسیر چڑھی ہوئی ہے۔

۲۸۵ واصف غلام مہدی ، مترجم

ترجمہ جلالین ، ص ۶۹۶ - ۱۲۷۸ھ

مظہر العجائب مدراس حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۱۶ ۱/۵ -

تبصرہ :- علامہ جلال الدین بن محمد بن احمد محلی متوفی ۸۶۴ھ اور علامہ شیخ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ نے یہ تفسیر لکھی ہے کہ کلام الہی کے معنی صاف صاف معلوم ہو جاویں۔ اس تفسیر میں مفسرین کے معتبر اقوال فقط لکھے گئے ہیں اور کہیں ضروری اعراب بھی مذکور ہیں قرات کی طرف بھی اشارہ کیا ہے غیر ضروری باتیں ترک کر دی گئی ہیں۔

۲۸۶ وحیدالزمان ، نواب، مولانا

شاہجہان پوری۔

تفسیر وحیدی مع ترجمہ قرآن

ص ۱۰۳۷ - ۱۳۲۳ھ مطبع مخدومی بمبئی

حوالہ :- الفہرست ص ۸ -

تبصرہ :- تفسیر مستند ہے فضائل قرآن ، آخر میں لغات القرآن ، رموز اوقاف کا نقشہ ، کیفیت نزول وحی اور جائے نزول وحی کا بیان اور آنحضرت صلعم کی مختصر سوانح عمری۔ نقشہ مخارج حروف کا بھی شامل ہے۔

۲۸۷ وزیر سعید ،

تفسیر احمدی مرتضائی پریس آگرہ

حوالہ :- فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۴۱ -

۲۸۸ ہاشم علی ، محمد ، مترجم

قرآن مترجم بترجمتین مع تفسیر جلالین ص ۶۳۶ - ۱۸۶۸ء -

تبصرہ :- شاہ عبدالقادر اور شاہ رفیع الدین کے تراجم مع متن۔ حاشیہ پر ترجمہ تفسیر جلالین وغرائب القرآن ، اسکے ساتھ آیات کا شان نزول بھی بیان کیا ہے۔

تفاسیر سور

۲۸۹ ابراھیم، ابو محمد، ابن عبدالعلی آروی۔

تفسیر خلیلی (پارہ الم، تبارک الذی و عم) ۱۳۱۷ھ پنچ پریس بانکی پور۔ حوالہ :۔ کتابیات برائے ھندوستانی اکڈیمی الہ آباد از انتظام اللہ شہابی (مسودہ)۔

(نوٹ) تین پاروں کی تفسیر ھے۔

۲۹۰ ابراھیم، ابو محمد،

تفسیر خلیلی (پارہ سیقول) ۱۳۱۷ھ پنچ پریس بانکی پور۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۳۰۷۔

۲۹۱ ابن تیمیہ، حرانی، علامہ۔

تفسیر سورہ النور اردو۔ حوالہ :۔ فہرست الہلال بک ایجنسی لاھور ص ۲۷

(نوٹ) علامہ کی مؤلفہ تفسیر ھے جس کا اردو ترجمہ الہلال بک ایجنسی نے کرایا ھے۔

۲۹۲ ابوالفضل، مرزا۔

تفسیر سورہ فاتحہ ص ۸۳۔ ۱۸۲۰ء کتابستان الہ آباد۔

تبصرہ :۔ عبادت اور اس کی غایت کو سورہ فاتحہ کی تفسیر میں بیان کیا ھے۔

۲۹۳ ابوالکلام، آزاد، مولانا و مظہرالدین شیرکوٹی، مولانا۔

تفسیر سورہ التین ص ۸۱۔ ۱۹۲۲ء محمد شریف تاجر کتب لاھور۔

تبصرہ :۔ سورہ التین کی تفسیر میں مسئلے خیر و شر اور جزائے اعمال جس موثر اور مدلل طریقہ سے ادا کئے گئے ھیں وہ غور و فکر کے لائق ھے۔ ھر دو بزرگوں نے اپنے اپنے نظریہ سے اس سورہ کی تفسیر کی ھے اس کے ساتھ شاہ عبدالعزیز دھلوی کی اسی سورہ کی اردو تفسیر بھی شامل کی ھے۔

۲۹۴ ابو محمد، مصلح۔

ترجمان القرآن ص ۱۳۷۔ ۱۳۵۱ھ مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن۔

(نوٹ) پارہ عم کی تفسیر ھے۔

۲۹۵ احسان اللہ، عباسی، گورکھپوری،

پارۂ عم مترجمہ اردو مع فوائد و توضیح ۱۸۵۶ء آنند پریس مرزا پور۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۳۸۵۔

۲۹۶ احمدالدین، خواجہ -

تفسیر بیان للناس ص ۱۶ ، ثنائی برقی پریس امرتسر -

(نوٹ) یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے -

۲۹۷ احمد سعید خاں ، مولانا -

تفسیر فاتحہ "الکتاب" ص ۲۱۶ ۱۳۵۰ھ مطبوعہ دھلی -

تبصرہ : — اس میں سورہ فاتحہ کے الفاظ کہاں کہاں قرآن پاک میں آئے ھیں وہ مع آیات جمع کئے گئے ھیں اور معنی ان الفاظ کے اس جگہ کیا لئے ھیں - ان کے علاوہ اس سورہ کے فوائد بھی تحریر کئے ھیں -

(نوٹ) اس کا ام الکتاب بھی نام ہے -

۲۹۸ احمد سعید، دھلوی ، مولانا -

تفسیر سورہ یوسف اور تفسیر سورہ یونس ۱۹۵۳ء دینی بک ڈپو دھلی حوالہ :- فہرست کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دھلی ص ۲۲ -

تبصرہ : — مولانا نے انداز خطیبانہ اور واعظانہ میں یہ تفسیر لکھی ہے -

۲۹۹ احمد سعید، دھلوی ، مولانا -

تفسیر سورہ کہف اور تفسیر سورہ مریم ۱۹۵۴ء دینی بک ڈپو دھلی -

۳۰۰ احمد سعید، مولانا -

تفسیر سورہ اخلاص محبوب المطابع دھلی -

۳۰۱ اشرف علی کاندھلوی ، محمد -

تفسیر سورہ یوسف منظوم ص ۱۳۲ ۱۲۸۰ھ مطبع نظامی کانپور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو کراچی الف $\frac{1}{5}$۳۰ و فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۷ -

تبصرہ : — امام محمد غزالی نے سورہ یوسف کی تفسیر لکھی ہے اس کا منظوم ترجمہ مع اضافہ کیے ہے حاشیہ پر اصل کتاب درج ہے -

نمونہ آغاز : — لکھوں پہلے توحید جان آفریں
قلم کی طرح خاک پر رکھ جبیں

خاتمہ : — سردست میں نے لکھی سب کتاب
نہ کچھ فکر اور غور کا تھا حساب

۳۰۲ اشرف، شمسی ، سید ، مولانا -

الازھار النافعہ فی تفسیر سورۃ الفاتحہ ص ۳۸ - ۱۳۴۵ھ مطبع کریمی حیدرآباد دکن - حوالہ : - کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{5}$۲۵ -

تبصرہ : — اس میں تفسیر سورہ فاتحہ کو فلسفیانہ انداز میں بیان کیا ہے اور لغات قرآن کی بھی بحث کی گئی ہے -

۳۰۳ اشرف علی، تھانوی ، مولانا -

القرآن الحکیم مع تفسیر البیان جلد اول ص ۱۰۴ - ۱۹۵۳ء تاج کمپنی لاھور - حوالہ : - فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{5}$۶۸ -

(نوٹ) تفسیر سورہ فاتحہ و البقرہ -

۳۰۴ اشفاق علی ، ڈاکٹر ۔

تفسیر سورہ آل عمران ص ۲۱۸
محمدی پریس علیگڑھ ۔

تبصرہ :۔آل عمران کی تفسیر میں علمی نکات بیان کئے گئے ھیں۔

۳۰۵ اظہار الحسنین ، مولوی ، سید ۔

انوار القرآن ص ۶۷۲ مطبوعہ لکھنئو ۔

(نوٹ) اس میں شیعی نظریہ سے سورہ البقرہ کی تفسیر کی گئی ھے ۔

۳۰۶ اکرام الدین ، مفتی ، محمد ۔

تحفۃ الاسلام تفسیر سورہ فاتحہ ص ۲۳ - ۱۸۸۷ء نولکشور کانپور ۔ حوالہ :۔ فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاھور مطبوعہ ۱۹۳۶ء - ص ۱۵۸ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد جلد ۴ ص ۲۱۸ ۔

۳۰۷ اکرام الدین ، مفتی ، محمد ۔

تفسیر سورہ یسٓ و مزمل ص ۲۰۸ ۱۲۶۲ھ قلمی ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲ ۲/۵ ۔

۳۰۸ اساسی محمد امام ، بنگلوری، حکیم ۔

چراغ ابدی تفسیر پارہ عم ص ۳۸۴ ۱۳۷۲ھ آفتاب اردو پریس بنگلور ۔

(نوٹ) یہ تفسیر ھمرنگ شاہ عزیز اللہ کی دکنی زبان میں تھی جس کی عبارت مروجہ اردو میں کی گئی ھے۔

۳۰۹ امیرالدین ، پٹیالوی ، مولوی ۔

تفسیر ابر رحمت معروف سورہ یوسف ۱۳۰۳ھ چشمہ رحمت دھلی ۔

۳۱۰ امین احسن ، اصلاحی،مولانا،مترجم

ترجمہ مجموعہ تفاسیر ۱۹۵۰ء
مکتبہ جماعت اسلامی لاھور۔

تبصرہ :۔مولانا حمید الدین فراھی نے چند تفاسیر سور و اصول تفسیر پر عربی میں کتابی صورت میں لکھا ھے اس کا یہ ترجمہ ھے۔ اس میں مولانا فراھی کا مقدمہ تفسیر، تفسیر بسم اللہ ، تفسیر سورہ فاتحہ ، الزاریات ، القیامہ ، التحریم ، عبس ، الشمس ، التین ، العصر ، الفیل ، الکوثر ، الکافرون ، اللھب ، الاخلاص ، کی تفسیر میں علمی مباحث کا ذخیرہ کافی و وافی جمع کر دیا گیا ھے۔

۳۱۱ امین احسن ، اصلاحی ، مترجم ۔

تفسیر سورہ عبس ص ۷۵-۱۹۳۰ء
(مولانا حمیدالدین فراھی) مکتبہ حمیدیہ سرائے میر اعظم گڑھ ۔

۳۱۲ امین احسن ، اصلاحی - مترجم

تفسیر سورہ ذاریات ص ۱۰۱-۱۹۰۷ء
مکتبہ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر ۔

تبصرہ: — مولانا حمیدالدین نے اپنے مقررہ اصول کی بنا پر نظم و ربط آیات، الفاظ کی تحقیق، کلام عرب سے استدلال، قرآنی احکام و متعلقہ واقعات کی تائید کتب قدیمہ سے کی ہے۔

۳۱۳ امین احسن، مولانا، مترجم۔

تفسیر سورہ العصر (مولانا حمید الدین فراہی) ص ۶۶-۱۹۳۷ء مکتبہ حمیدیہ مدرسہ اصلاح سرائے میر اعظم گڑھ۔

تبصرہ: — و العصر کی تحقیق اور اس کی روشنی میں زمانہ کی قسم کھانے کے اسرار ظاہر کئے ہیں اور غافل انسانوں کا خسران دکھایا ہے پھر لفظ توصو سے خلافت الٰہی کا ثبوت دیا ہے اس سورہ میں مسلمانوں کے لئے دنیاوی و آخروی اور اجتماعی کامرانیوں کا دستور بیان کیا ہے۔

۳۱۴ امین احسن، اصلاحی، مولانا مترجم۔

تفسیر سورہ الکوثر ص ۱۲۳ ۱۹۳۷ء مکتبہ حمیدیہ، مدرسہ اصلاح سرائے میر اعظم گڑھ۔

تبصرہ: — مولانا حمیدالدین فراہی کی یہ تفسیر ہے مفسرین نے عموماً کوثر سے مراد جنت کی نہر یا خیر کثیر، شانئک سے مراد معین شخص اور ابتر سے مراد مقطوع النسل لیا ہے۔ مولانا کے نزدیک یہ سورہ فتح مکہ کی بشارت عظمیٰ اور خانہ کعبہ کے جلال و عظمت کی تصویر ہے۔ کوثر سے مراد خانہ کعبہ شانئک سے مراد قریش اور ابتر سے مراد مخذول و مقہور ہے تائید میں کلام عرب، حدیث و اثار و ربط سور سے بحث کی ہے۔

۳۱۵ انوار الحق، علوی، مولانا۔

النامُوس المفصّل فی تفسیر سورہ مزمل ص ۲۹ - ۱۹۳۰ء اورنٹل کالج لاہور

(نوٹ) سورہ مزمل کی تفسیر عالمانہ انداز میں لکھی گئی ہے۔

۳۱۶ انوار الحق، علوی، مولانا۔

نور الحق فی تفسیر الفلق ص ۱۶ ۱۹۳۰ء اورنٹل کالج لاہور۔

۳۱۷ بدر الدین، فاروق، مولانا۔ مترجم

العصر، (تفسیر) مؤلفہ علامہ محمد عبد، مصری حوالہ: - فہرست کتب خانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۲۴۔

۳۱۸ بدر الدین، فاروق۔

تفسیر جزعم-حوالہ: - فہرست کتب خانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۳۴

۳۱۹ بشیر الدین، محمود، احمد مرزا۔

تفسیر سورہ کہف مکتبہ امین آباد گوجرانوالہ۔

تبصرہ: — یہ تفسیر سورہ کہف تعبیر نامہ خواب کے انداز میں ہے مؤلف کی توجہ حقائق سے بڑھ کر کشف ورویا کی جانب زیادہ ہے اس میں تفسیری معلومات بھی کچھ ہے۔

۳۲۰ بوعلی سینا، شیخ الرئیس

تفسیر سورہ اخلاص ترجمہ اردو ص ۸۰ - ۱۹۰۵ء مطبع مجتبائی دھلی-حوالہ: - کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد۔

تبصرہ :- فلسفیانہ [illegible] سے سورہ اخلاص کی تفسیر بیان کی گئی ہے۔ مولوی عبدالاحد نے ترجمہ کرایا ہے۔

(نوٹ) [illegible] کا قلمی نسخہ اسلام اللہ صوفی اکبرآبادی [illegible] کتبخانہ میں ہے۔

۳۲۱ تفسیر کبیر الکل تفسیر الفاتحہ و اربع قل ص [illegible] - ۱۳۰۴ھ بھوپال - حوالہ :- فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۵۶۴ -

۳۲۲ تفسیر القرآن (غیر مکمل) ص ۴۴۴ ۱۱۸۴ھ قلمی - حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی نمبر الف ۱/۵ -

۳۲۳ تفسیر سورہ فاتحہ و اخلاص منظوم - حوالہ : - فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۰ -

۳۲۴ تفسیر پارہ عم ص ۳۵۱ - ۱۲۱۰ھ قلمی - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۵۷۶ نمبر ۱۹۵ -

نمونہ :- آغاز : سورہ فاتحہ - بسم اللہ سے شروع کرتا ہوں اس کتاب کتیئں سات نام اللہ کے کہ سزاوار پرستش کا ہے۔ الرحمن الرحیم : بخشنے ہارا مہربان -

الحمدللہ رب العلمین - تمام تعریفاں ثابت ہیں واسطے اللہ کے، پرورش کرنے ہارا تمام عالم کا -

۳۲۵ تفسیر پارہ عم ص ۹۶ - ۱۹۴۱ء ادارہ دارالاسلام جمال پور پنجاب -

۳۲۶ تفسیر قرآن تفسیر سورہ فاتحہ و پارہ عم ص ۳۲۶ - حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۱/۵ -

نمونہ : - الحمدللہ - تمام حمد یعنی ثنا کرنا اوپر خصلتیں نیک کی زبان سے اور شکر کرنا اوپر نعمتیں بے عوض کی تن سے جس حامد سے ہوے طرف محمود کے یہ سب ثابت ہے خاص اللہ تعالیٰ کتیئں"۔

۳۲۷ تفسیر پارہ عم، ص ۱۳۷ - ۱۲۲۵ھ حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن فن تفسیر نمبر ۳۱۰ - رسالہ اردو جنوری ۱۹۵۴ء ص ۲۱ و کتبخانہ نواب سالارجنگ مرحوم کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۳۷ -

(نوٹ) ہمرشتہ تبارک الذی کی تفسیر بھی ہے۔

نمونہ : جب پیغمبر صلعم مکہ میں آشکارا لوگوں کودین اسلام کی طرف بلانے لگے اور قیامت کے دن کا خوف بتانے، بعض کافر پیغمبری میں حضرت کی اور قرآن میں اختلاف کیے اور اس میں پوچھنے لگے کہ یہ نیادین اور قرآن کیا ہے۔ "کسی نے کہا شعر ہے، کسی نے کہا سحر ہے"

۳۲۸ تفسیر پارہ عم، مع پنج سورہ ۱۲۵۴ھ قلمی - کتبخانہ شعیب محمدیہ آگرہ، ملکِ مولوی محمد سعید احمد ماھرھروی - حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۳۲۹ تفسیر پارہ عم،

قلمی حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۵۰۶ ۔

(نوٹ) : سورۃ البنا سے سورہ العصر تک کی یہ تفسیر ہے ۔

۳۳۰ تفسیر سورہ فاتحہ موسومہ سورہ شفا

۱۹۰۵ء مجتبائی پریس دہلی ۔ حوالہ : فہرست کتب خانہ تجارت دہلی ۱۹۰۵ء ۔ ص ۵ ۔

۳۳۱ گلشن رحمت (تفسیر سورہ فاتحہ)

۱۹۰۵ء مجتبائی دہلی ۔ حوالہ : فہرست کتبخانہ تجارت دہلی ص ۵ ۔

۳۳۲ تفسیر مظہر العجائب اردو

۱۲۱۳ھ مطبع صدیقی ۔ حوالہ :۔ فہرست مکتبہ مشرقیہ پیشاور ج ۱ ص ۱۳۶ ۔

تبصرہ : سورہ فاتحہ کی تفسیر منظوم ۔

نمونہ : بسم اللہ الرحمن الرحیم
سر آغاز ثنائے کریم
حمد کے لائق ہے وہ عالیجناب
جسنے عطا کی ہمیں آم الکتاب

(نوٹ) : تفسیر کے ضمن میں اہل تشیع کے اقوال کا رد بھی ہے ۔

۳۳۳ تفسیر قل ہو اللہ

۱۹۲۳ء مطبع نولکشور لکھنؤ ۔

۳۳۴ تفسیر سورہ اذا جاء (النصر)

ص ۳۸-۱۱۵۰ھ قلمی۔حوالہ :۔ تذکرہ اردو مخطوطات از ڈاکٹر زور جلد ۱ ص ۲۷۴ (فہرست کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن) ۔

نمونہ :آغاز :—پیغمبر صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بھیجنے میں خدا تعالیٰ کی یہ حکمت تھی کہ مکارم اخلاق کو تمام کرنا اور بنا کلمہ توحید کی مضبوط کرنا ۔ اور دین اسلام کو ظاہر کرنا اور خلایق کو ہدایت کرنا ۔ جس وقت کہ یہ امور بوجہ احسن تمام ہوے تو خدا نے تعالیٰ نے اپنے رسول صلعم پر یہ آیت نازل کیا ،، ۔

(نوٹ) کاتب امین الدین ۱۲۰۶ھ ۔

۳۳۵ تفسیر سورہ العصر اردو نظم

۱۹۱۴ء ۔ حوالہ : ۔ فہرست کارخانہ تجارت نور محمد دہلی صفحہ ۷ ۔

۳۳۶ تفسیر سورہ الکوثر اردو ۱۹۰۵ء

مجتبائی دہلی ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ مجتبائی ۱۹۰۵ء ص ۵ ۔

۳۳۷ تفسیر سورہ الفجر منظوم ۱۹۰۵ء

مجتبائی دہلی ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ تجارت مطبع مجتبائی دہلی ۱۹۰۵ء ص ۵ ۔

۳۳۸ تفسیر سورہ الفیل منظوم ۱۹۰۵ء

مجتبائی دہلی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ تجارت مطبع مجتبائی ۱۹۰۵ء ص ۵ ۔

۳۳۹ تفسیر سورہ النزعت منظوم

۱۹۰۵ء مجتبائی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ تجارت مطبع مجتبائی دھلی ۱۹۰۵ء ص ۵ -

۳۴۰ تفسیر سورہ الانشراح ۱۸۹۹ء

حوالہ :- فہرست کتبخانہ روزانہ اخبار دھلی -

(نوٹ) : سورہ الانشراح کی تفسیر کے ساتھ آنحضرت صلعم کی معراج اور معجزات کا بیان بھی ہے۔

۳۴۱ تفسیر سورہ یوسف ص ۲۴۸

قلمی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۷۳ $\frac{1}{5}$ -

نمونہ — لقد کان فی یوسف و اخوتہ ، تا للسائلین - مقصود علما یوں فرماتے ھیں کہ یوسف انے یوسف کی بھائیوں نے بہوت قصے ھوئیں ھیں بہت عجو بے ھوئے ھیں بوجھن پاروں کو پنجھن یوسف کی بھایوں نی کہیا جیون خدائی قرآن منے فرماں یا ھی -

۳۴۲ تفسیر سورہ یوسف ص ۳۷۲

۱۰۰۰ھ قلمی - حوالہ :- رسالہ آردو جنوری ۱۹۳۷ء ص ۶ -

تبصرہ : ڈاکٹر مولوی عبدالحق لکھتے ھیں کہ زبان کے ڈھنگ سے ایسا معلوم ھوتا ہے کہ یہ دسویں صدی کے اواخر یا گیارھویں صدی کی اوائل کی تالیف ہے۔ یہ گجراتی آردو ہے۔

نمونہ — یوسف نے کہیا کہ اے بار خدا ھوں بھا کسی کوں دوس دھرتا ھوں اس کام تھیں کہ جے کام منجھے اے فرماتی ہے انے "۔

۳۴۳ تفسیر سورہ یوسف ص ۱۲۳

۱۸۷۳ء کانپور - حوالہ :- فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاھور ۱۹۳۶ء ص ۱۵۸ -

۳۴۴ تفسیر سورہ یوسف منظوم

ص ۱۸۴ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ عباسی کراچی ص ۳ -

۳۴۵ تفسیر سورہ یوسف منظوم

ص ۱۳۲ - ۱۹۲۴ء نولکشور لکھنؤ حوالہ :- فہرست کتب خانہ سروری نمبر ۵۰۱ -

۳۴۶ تفسیر سورہ یوسف نظم کشوری

ص ۳۸ - ۱۹۰۸ء - حوالہ :- فہرست کار خانہ تجارت دھلی ص ۷ -

۳۴۷ تفسیر سورہ یوسف منظوم ص ۱۰۰

۱۲۶۴ھ مطبع جعفریہ مدراس -

۳۴۸ تفسیر سورہ یوسف معروف حسن یوسف (نثر) ۱۹۰۵ھ مطبع مجتبائی دھلی - حوالہ : فہرست کتبخانہ تجارت مطبع مجتبائی دھلی ۱۹۰۵ء ص ۵ -

۳۴۹ تفسیر سورہ ھود ص ۲۱۷ - تخمینی ۱۰۰۰ھ قلمی - حوالہ :- فہرست

کتبخانه آصفیه حیدرآباد دکن نمبر ۷۳۸ و رساله آردو جنوری ۱۹۰۴ء ص ۱۷ -

تبصره : — اس میں سوره هود سے لیکر سوره الحجر کے کچھ حصه کی تفسیر شامل هے زیاده تر لفظی ترجمه هے کہیں کہیں کسی لفظ کی صراحت بھی کی هے۔

نمونه — " وما ابرئ نفسی : اور نئین پاک کرتا هوں میں نفس کتیں مرے یعنی نیئی کہتا هوں میں که نفس میرا میل اور آرزوں سے پاک هے۔ ان النفس لامارهٔ : تحقیق نفس میرا البته فرمان بردار هے۔

۳۵۰ تفسیر سوره هود ۱۹۰۵ء مطبع مجتبائی دهلی -

تبصره : — اس سوره میں انبیا علیه السلام کے قصص بیان کئے گئے هیں اور شرک و بدعت، جہالت، ترک صوم و صلواة کے متعلق بھی بیان هے۔

۳۵۱ تفسیر سوره کہف حواله :- آردو رساله جنوری ۳۷ء ص ۴۶ -

تبصره : — ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب لکھتے هیں سوره کہف ، سے سوره عنکبوت، تک کی تفسیر هے۔ یه بھی دراصل ترجمه هے البته کہیں کہیں تصریح کے لئے چند جملے اضافه کر دئے گئے هیں ، زبان دکھنی هے لیکن قدیم نہیں ،،

نمونه :— سوره قصص - آیات الکتاب المبین : آیتاں هیں کتاب ظاهر کی که ظاهر کرنے هارا هے راه راست کے تیئں ،، -

۳۵۲ تفسیر سوره مریم وغیره ص ۲۵۰

۱۱۰۰ھ قلمی - حواله :- فہرست کتب خانه آصفیه حیدرآباد دکن نمبر ۸۶۰ و رساله آردو جنوری ۱۹۰۴ء ص ۱۷ -

تبصره : — اس میں سوره مریم، سوره طه، سوره یٰسٓ سوره صافات سوره ص اور پاره عم کی سورتوں کی تفسیر هے اور چالیس احادیث مع ترجمه کے شامل هیں -

آغاز : — کہیعص - یه حرفان مقطعه هیں اور اس میں اشارے هیں اور یه الله تعالیٰ کی وحی هے اور یه فرمان الله تعالیٰ کے ناماں هیں اور حضرت علی کرم الله وجہه کا قول یه هے که دعا هے اور بعض کہتے هیں سورة کا نام هے اور بعض کہتے هیں که حضرت محمد صلی الله علیه وسلم کے نام هیں ،، -

(نوٹ) : کتبخانه آصفیه میں آردو قرآن شریف کے ترجمه اور تفسیرین، ازمولوی نصیرالدین هاشمی -

۳۵۳ تفسیر سور البینه (دکھنی آردو)

حوالـه :- رساله آردو جنوری ۱۹۳۷ء ص ۸ -

نمونه : لم یکن الذین کفرو من اهل الکتاب الخ جو کفر کہتے کتاب کے لوکاں نے هور شرک کر نہاریاں تے ،، -

۳۵۴ تفسیر سوره ق ، قبل ۱۹۰۰ء

قلمی دهلی - حواله :- کٹلاگ آف دی هندستانی مینوسکرپٹس ان دی لائبریری آف انڈیا آفس مرتبه جیمس فولر بلوم هارٹ ایم - اے مطبوعه ۱۹۲۶ء اوکسفورڈ یونیورسٹی پریس ص ۵ -

تبصرہ :- قرآن کی پچاسویں سورہ پارہ حم کی ہے جو سورہ ق سے موسوم ہے۔ اس کے ساتھ سورہ الذٰریٰت کی بھی تفسیر ہے۔

نمونہ :- ق ، والقرآن المجید۔ حرف قاف کے معنی کئی ہیں اور قاف ایک پہاڑ ہے زمرد کا جو ساری زمین کے گرد ہے سو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ قسم ہے قاف کی اور قرآن بہت بزرگ کی۔

۳۵۵ تفسیر سورہ الرحمٰن قلمی۔

حوالہ :- کٹلاگ آف دی ہندوستان مینو سکرپٹس ان دی لائبریری آف دی انڈیا آفس مطبوعہ ۱۹۲۶ء اوکسفورڈ یونیورسٹی پریس ص ۶ -

تبصرہ :- قرآن مجید کی پچپن ویں سورہ الرحمن ہے۔

نمونہ :- سبب اوترنے اس سورہ کا یوں کہتے ہیں کہ جب پیغامبر صلعم آگے کافروں کے نام رحمان کا لیتے تو کافر کہتے ہم رحمان کو نہیں جانتے کہ رحمان کون ہے اس واسطے یہ سورہ اترا۔

آغاز :- الرحمن۔ صاحب بہت بخشش کرنے والا جو رحمت اس کی سب چیز کو پہنچی ہے۔ اوس رحمان نے علم القرآن، سکھایا ہے قرآن دوست اپنے کو''

۳۵۶ تفسیر سورہ المعارج اردو۔

حوالہ :- مجموعہ رسائل تسعہ ص ۴۱ -

(نوٹ) قرآن مجید کی یہ سترویں سورہ ہے جو پارہ تبارک الذی کی ہے۔

۳۵۷ تفسیر سورہ الجمعہ منظوم

۱۹۰۵ء مجتبائی پریس دہلی۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ تجارت مطبع مجتبائی ۱۹۰۵ء ص ۰ -

(نوٹ) الجمعہ قرآن مجید کی باسٹھ ویں سورہ ہے۔

۳۵۸ تفسیر سورہ الملک ص ۱۶۵

قلمی۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی۔ الف ۲۷ 1/5 -

نمونہ :- تبٰرک الذی بیدہ الملک و ھوا علیٰ کل شی قدیر۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں بزرگ ہوں اور میرے ہاتھ میں تمام ملک ہے اور تمام چیز پر قدرت رکھتا ہوں۔

۳۵۹ تفسیر سورہ یوسف تا سورہ حج

ص ۳۴۱ قلمی۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۷ 1/5 -

نمونہ :- وما اوبریٰ نفسی ان النفس لامارتہ بالسوء اور دعویٰ نہیں کرتا ہوں اپنے نفس کی پاکی کا تحقیق کر کہ نفس البتہ بہت حکم کرنیوالا ہے بدکاموں کا یعنی معصیت یعنی نہیں کہتا ہوں میں کہ نفس میرا آرزو سوں مبرا اور معرا ہی۔

۳۶۰ تفسیر پارہ قد سمع اللہ ص ۲۴۵

قلمی۔ حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۶ 1/5 - (ناقص الطرفین)۔

۳۶۱ تفسیر سورہ بنی اسرائیل و

سورہ الکہف ص ۲۶۸ - ۱۲۲۵ھ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن نمبر ۳۵۸ حوالہ :- رسالہ اردو جنوری ۱۹۵۴ء ص ۲۱ -

نمونہ : سبحٰن الذی : پاکی و بے عیبی ہے اوس کتیں کہ واسطے کرامت کے۔ اسریٰ بعبدہ : لے گیا بندہ

کیتس اپنے جو محمد ہے صلی اللہ علیہ وسلم ۔ لیلاً : ایک رات ، یعنی بیچ بعض شب کے ۔ من المسجد الحرام : مسجد حرام سے کہ محیط سات حرم کعبہ کے ہے یا گھر سے ام ھانی کے جو دختر ابی طالب کی تھیں ،،

۳٦۲ تفسیر سورہ یٰس

۱۹۳۱ء نظام المشائخ دہلی ۔ حوالہ :۔ رسالہ نظام المشائخ نومبر ۱۹۳۱ء ص ۹۸ ۔

۳٦۳ سورہ یٰس مترجم ، منظوم اردو

حوالہ : ۔ فہرست اللہ والے کی قومی دکان لاہور ، ص ۱۰ ۔

۳٦۴ تفسیر پنجسورہ قلمی ۔ حوالہ : ۔ فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۳۸۰ : ۱۴ ۔

۳٦۵ تہور علی ، شاہ ، صوفی

افصح الکلام ترجمہ پارہ الم مع توضیح مطبع معین دکن حیدرآباد ۔ حوالہ : ۔ فہرست مطبع حیدری ص ۹ ، ۔ فہرست کتبخانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۲ ۔

۳٦٦ تہور علی ، شاہ ، صوفی

افصح الکلام ترجمہ و تفسیر پارہ عم ص ۴۰ ۔ ۱۳۴۰ھ مطبوعہ حیدرآباد حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ امین منزل حیدرآباد ص ۳۴ ۔

۳٦۷ جمال الدین حیدر ،

تفسیر القرآن ص ۱۴۳ مفید عام آگرہ ۔

(نوٹ) ابتدائی سورتوں کی تفسیر ۔

۳٦۸ حافظ ابن عبداللہ ،

تفسیر پارہ عم منظوم ص ۱۹۴ قلمی ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ٦۹ 1/5 ۔

تبصرہ :۔ نمونہ ۔ والسابحات سبحاً فالسابقات سبقاً فالمدبرات امراً : ۔

ذکر وی کہ تاروں کوں لیکر پھریں
جوں مچھلی سمندر کے بہیتر ترین
ولی وی کی تاروں کوں رکی کریں
کہیں بنس کاھی پاچھن چھو ھیں
ودلی وی کی تدبیر کار جہاں
کریں رات دن در زمین آسمان
کبھی وقت خود برسات لائیں
ہر برس بیچ چار فصلاں دکھائیں
اس اس بھانت سوگند حق یاد کر
کہی بات کچھ بھی سنوں کان دھر

۳٦۹ حسام الدین ، فاضل ، علامہ

تفسیر فاضل سورہ فاتحہ ص ۳۲

۱۳٦۱ھ جلالیہ پریس حیدآباد دکن ۔

تبصرہ :۔ قرآن پاک کی نہایت جامع و مفصل تفسیر جسمیں شان نزول و احکام کے اسرار معنی لغات و نکات ، فضائل و خواص کا تفصیلی بیان ہے ۔ مخالفین اسلام اور بد عقیدوں کے اعتراضات کا مدلل جواب دیا ہے ۔ صرف سورہ فاتحہ کی تفسیر اس تفسیر میں سے شایع ہوئی ہے جو ہمارے پیش نظر ہے ۔

۳۷۰ حسام الدین ، فاضل

تفسیر فاضل ۔ تفسیر تعوذ و تسمیہ

جز دوم ص ۳۲ - ۱۳۶۱ھ جلالیہ پریس حیدرآباد دکن ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۳۷ ۵/۱ -

۳۷۱ حسن خاں ، مصطفیٰ آبادی، محمد

مترجم

تفسیر فتح العزیز ۱۲۶۱ھ مطبع محمدی بمبئی ، قیومی پریس کانپور ۔ حوالہ : فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۳۸ ۵/۱ و فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۱۶۹۸ -

تبصرہ :۔ مؤلفہ شاہ عبدالعزیز دہلوی متوفی ۱۲۳۹ھ سورہ فاتحہ سے و ان تصوموا خیرلکم ان کنتم تعلمون پارہ سیقول کے ربع اول تک کی تفسیر ہے۔

۳۷۲ حسن خاں ، مصطفیٰ آبادی ، محمد

مترجم

تفسیر فتح العزیز موسومہ بہ نشان التفاسیر ص ۲۳۰ - ۱۳۶۳ھ مطبع محمدی حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ محمدیہ بمبئی ص ۳۵۷ ۔

۳۷۳ حسن ، نظامی ، دہلی ، خواجہ

عام فہم تفسیر پارہ الم ص ۸۰ - ۱۹۲۶ء حلقہ نظام المشائخ بکڈپو دہلی ۔

تبصرہ :۔ اس میں ہر آیت علیحدہ علیحدہ جلی حروف میں لکھی گئی ہے تحت اللفظ ترجمہ ہے ۔ ترجمہ کے مطالب عام فہم زبان میں بیان کئے گئے ہیں ۔ آخر میں خاندانی عملیات بھی درج کئے ہیں ۔

۳۷۴ حسن ، نظامی ، خواجہ

عام فہم تفسیر پارہ سیقول و عم ص ۱۴۸-۸۶-۱۹۲۶ء حلقہ نظام المشائخ بکڈپو دہلی ۔

تبصرہ :۔ عام فہم تفسیر کے ساتھ جا بجا تعلیقات بھی ہیں بعض جگہ مسئلہ بیان کرنے میں احتیاط نہیں کی گئی ہے ۔

۳۷۵ حضرت شاہ ،

معالمات الاسرار و مکاشفات الاخبار معروف بہ تفسیر حضرت شاہ ۔ حوالہ : فہرست مطبع حیدری ص ۲۰

۳۷۶ حمیداللہ ، صدیقی

تفسیر سورہ اخلاص ۔ حوالہ :۔ فہرست صدیق بکڈپو ص ۴ ۔

تبصرہ :۔ سورہ اخلاص کی تفسیر عام فہم زبان میں کی گئی ہے ۔

۳۷۷ حمیدالدین ، فراہی ، علامہ

تفسیر سورہ اخلاص اردو ۱۹۴۱ء دارالمصنفین اعظم گڈھ ۔ مصنفین اردو حالی کتاب گھر دہلی ص ۵۷ و فہرست صدیق بکڈپو ص ۶۳ -

۳۷۸ حمیدالدین ، فراہی ، علامہ

تفسیر سورہ اللہب اردو ۴۷ -
۱۹۳۸ء مکتبہ حمیدیہ مدرسہ اصلاح - سرائے میر ، اعظم گڈھ -

تبصرہ: اسمیں یہ تحقیق پیش کی گئی ہے کہ فتح مکہ کی بشارت اور سرخیل دشمنان اسلام ابولہب کی بربادی کی خبر اور پیشین گوئی کی گئی ہے اسپر تفصیلی بحث ہے -

۳۷۹ حمیدالدین، فراھی، مولانا

تفسیر سورہ الکافرون اردو ۴۸ -
۱۹۳۸ء - مکتبہ حمیدیہ - سرائے میر اعظم گڈہ -

تبصرہ: — سورہ کافرون میں کفار سے برات و جنگ کا اعلان ہے - جسکی اسمیں تفصیل ہے -

۳۸۰ حمیدالدین ،فراھی بی - اے - علامہ

تفسیر سورہ القیامہ - حوالہ :- مصنفین اردو حالی کتاب گھر دھلی ص ۵۶

۳۸۱ حمیدالدین ، فراھی بی - اے علامہ

تفسیر سورہ التین عربی اردو
حوالہ :— مصنفین اردو حالی کتاب گھر دھلی ص ۵۷ -

۳۸۲ حیدری ،

سورہ فاتحہ مترجم نظم - حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۸۱ -

(نوٹ) مع فوائد -

۳۸۳ خواجہ بخش ،

تفسیر سورہ فاتحہ و سورہ اخلاص
ص ۱۲۷ مفتن پریس حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی - الف ۲۸ $\frac{1}{5}$

۳۸۴ داؤد ، مولانا، محمد، مترجم -

فاتحۃ العلوم تفسیر سورہ فاتحہ (جز اول جلد اول تفسیر کبیر) حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

(نوٹ) مولوی انشاء اللہ لاھوری نے بھی اس کا ترجمہ کیا ہے جسکا ذکر آچکا ہے -

۳۸۵ دیدارعلی ، الوری، مفتی، سید، مفتی شہر آگرہ -

۳۸۶ میزان الادیان تفسیر القرآن جلد اول
منظور عالم پریس لاھور -

(نوٹ) تفسیر سورہ فاتحہ -

دیدار علی ، الوری ، مفتی، سید -

میزان الادیان تفسیر القرآن جلد دوم
۱۳۴۶ھ کریمی پریس لاھور -

۳۸۷ ذوالفقار حیدر ،

تفسیر القرآن (سورہ البقرہ کی تفسیر)
حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنٔو ص ۱۰۴ -

۳۸۸ رانی گل بیگم -

تفسیر سورہ یوسف کتبخانہ پروفیسر شیرانی - حوالہ : - اورینٹیل کالج میگزین لاہور مئی ۱۹۳۳ء ص ۹۵ -

۳۸۹ رحیم الدین ،

پارہ عم کی قرآنی کرنیں ص ۳۱۰ ۱۳۶۹ھ حیدرآباد دکن -

۳۹۰ ریاض دلکشا ص ۲۹۲ - ۱۲۸۱ھ قلمی - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن - تفسیر نمبر ۴۸۷ و رسالہ اردو جنوری ۱۹۵۴ء ص ۳۰ -

تبصرہ : — تفسیر سورہ یوسف منظوم -

آغاز: لکھوں حمد و ثنائے رب اکبر
قلم کا کلک قدرت ہو جو یاور
ادائے حمد ہوئے .... یجا
گرہ دل کی نہ ہو عقد ثریا
ہے ارفع کنگرہ ایوان درگاہ
کمند فکر کا ہے ہاتھ کوتاہ

خاتمہ : ہوا بے جہد سال ختم تحریر
جو لکھی سورۂ یوسف کی تفسیر

۳۹۱ زاھدالقادری ، مولوی ،

معارف القرآن ص ۸۰ - ۱۹۲۵ء ہلال پریس دھلی -

تبصرہ :- یہ سورہ العصر کی تفسیر ہے دیباچے میں کتاب اللہ سے مسلمانوں کی غفلت کا ذکر کرتے ہوئے توجہ دلائی ہے اور اگلے مفسرین کی افراط و تفریط کا تذکرہ بھی کیا ہے پھر سورہ العصر کی اجمالی تفسیر کی ہے -

۳۹۲ زاھدالقادری ، مولانا -

تفسیر قرآن پارہ ۱ تا ۵ - اشاعت دفتر رسالہ آستانہ دھلی -

۳۹۳ زور آورالدین ، نواب و نواب وقارالدین -

رفیق المسلمین تفسیر سورہ یٰسٓ ص ۸۸ جید برقی پریس دھلی -

۳۹۴ ساحل عبدالعلیم ، مولوی ،

تفسیر پارہ عم ص ۱۲۰ - ۱۹۶۵ء سلطان حسین اینڈ سنز بندر روڈ کراچی -

۳۹۵ سپہ دار خاں ، دھلوی -

مظہرالعلوم معروف تفسیر سورہ ھود ۱۳۱۰ھ مطبع مجتبائی دھلی -

۳۹۶ سفر المبارک ۱۹۲۳ء مطبع نولکشور لکھنؤ -

(نوٹ) — سورہ یٰسٓ اور سورہ الملک کی جامع تفسیر

۳۹۷ سید احمد ، مولوی -

تفسیر سورہ یٰسٓ ص ۱۰۷ مطبوعہ حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{۱}{۵}$۳۰ -

۳۹۸ سید احمد ، مولوی - و مولانا
عبدالحی -

تفسیر سورہ فاتحہ ص ۴۵-۱۲۳۶ھ
مطبع بدر علی کلکتہ - حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۷ ۱/۵ -

تبصرہ :— یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے اس میں صراحت کے ساتھ اس سورہ کے فوائد وغیرہ بھی لکھے گئے ہیں -

(نوٹ) اس کا مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن کے کتبخانہ میں بھی موجود ہے - حوالہ : - تذکرہ اردو مخطوطات ڈاکٹر زور ج ۳ ص ۲۴۸ -

۳۹۹ سید احمد خان ، سر -

تفسیر سورہ البروج مطبع مصطفائی لاہور -

۴۰۰ شائق احمد ، عثمانی ، مولوی -

تفسیر قرآن ۱۹۲۶ء عصر جدید کلکتہ -

(نوٹ) انیسویں اور بیسویں پارے کی تفسیر ہے -

۴۰۱ شائق احمد ، عثمانی ، مولوی -

تفسیر قرآن ص ۱۵۶ - ۱۹۳۰ء عصرجدید کلکتہ -

تبصرہ :— اس تفسیر میں پانچ سورتوں الملک ، الدھر ، النبا ، البلد ، اور العٰدیٰت کی تفسیر ہے -

۴۰۲ شبیر احمد ، عثمانی ، دیوبندی ، مولانا

تفسیر سورہ الحجرٰت مکتبہ دارالتبلیغ دیوبند -

۴۰۳ شجاع الدین ، حیدرآبادی ، برہان پوری -

تفسیر پارہ عم ص ۱۲۰ - ۱۲۴۸ھ
قلمی - حوالہ :— فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۲۱۸ -

۴۰۴ شرح سورہ یٰسٓ ص ۵۸ - ۱۲۵۰ھ
قلمی - حوالہ : کتبخانہ نواب سالار جنگ مرحوم حیدرآباد کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۴

نمونہ :— سورہ یٰسٓ ہے مکہ جان -
متفق ہیں اس پر جملہ راویان -
آیتیں ہیں اس میں تر اسی عیاں
اور بیاسی ہیں یہ نزد کوفیان

(نوٹ) اس رسالہ میں اولا عنوان کے طور پر ایک آیت لکھی گئی ہے اسکے نیچے نظم میں اسکی تفسیر کی گئی ہے -

۴۰۵ شفق ، عماد پوری ، مولانا

کنزالمعانی (تفسیر) حوالہ : - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۱۵۰ -

(نوٹ) الفاتحہ کی تفسیر -

۴۰۶ شمس اللہ ، قادری ، حیدرآبادی

حکیم، سید

تفسیر الجوهر الفرید فی سورۃ التوحید

(سورہ اخلاص) ص ۳۴ - ۱۳۲۸ھ افضل المطابع مرادآباد - حوالہ : فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{52}$ -

تبصرہ :- سورہ اخلاص کی متکلمانہ تفسیر جسمیں وجود توحید باری تعالیٰ کو ثابت کیا ہے اور مسایل تثلیث و آیت نسخ و قدامت ارواح و اجسام وغیرہ کا بطلان کیا گیا ہے۔

۴۰۷ شمس الدین، محمد

نظم البیان فی مطالب القرآن

شمس الہند پریس لاہور - (نوٹ) پارہ الم، کا ترجمہ مع تفسیر -

۴۰۸ شیخ حسین،

محب الاتقیا تفسیر سور رحمٰن قلی - حوالہ : فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۱۳۰۷۹ -

۴۰۹ شیخ عثمان، جالندھر

تفسیر سورہ رحمٰن اردو - حوالہ :- فہرست اللہ والے کی قومی دکان لاہور ص ۸ -

۴۱۰ صبغتہ اللہ، بن محمد غوث بن ناصر الدین،

فیض الکریم تفسیر قرآن العظیم پارہ الم ص ۵۶ - ۱۲۸۷ھ مخزن الاخبار پریس مدراس - حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{57}$ -

نمونہ - آغاز- حمد ہے اس ذات پاک کو کہ جسنے اپنے بندہ پر ایسی کتاب مجید نازل کیا جو سب کو سلامتی راہ بتائی اور نادانوں کو جہل تاریکی سے نکال کے روشنائی کی معرفت دکھلائی ،،

۴۱۱ ظاہر قاسمی،

تفسیر سورہ یوسف، مکتبہ ادب جدید کراچی -

۴۱۲ ظہور الدین، لاہوری، قاضی -

ترجمہ سورہ یٰس منظوم مع حاشیہ ۱۳۱۴ھ شمس الہند پریس لاہور - حوالہ :- فہرست مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۳۵۹ -

نمونہ :- آغاز ساتھ نام خدا کے بیان ہے بخشش جو کرنے والا ہے اور مہربان ہے۔

۴۱۳ ظہور احمد، وحشی -

سراج المبین تفسیر سورہ یٰس ۱۹۳۹ء - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنئو - ص ۱۷۰ و فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن، ص ۸۶

۴۱۴ عابد، انصاری -

آسان تفسیر ص ۳۶ - ۱۹۵۶ء مکتبہ نشاط ثانیہ حیدرآباد -

تبصرہ :- پارہ عم کی آخری دس سورتوں کی تفسیر جس میں ہرآیت کے مفردات کے معنی کے ساتھ نیچے تفسیر بیان کی گئی ہے۔

۴۱۵ عبدالاحد ،

ذخیرہ عقبیٰ تفسیر سورہ الانشراح ۱۳۲۵ھ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ج ۱ ص ۵۰۸ -

(نوٹ) مؤلف کا نام عبدالواجد بھی لکھا ہے۔

۴۱۶ عبدالبصیر ، سیوہاروی، مولانا -

اسرار التنزیل فی تفسیر سورہ الفیل ۱۳۵۰ھ - حوالہ :- تاریخ التفسیر ص ۶۶ -

۴۱۷ عبد الجلیل ، نعمانی ، مصطفیٰ آبادی -

الفوز العظیم ص ۲۵۶ - ۱۳۲۶ھ اقبال دکن پریس حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۰ -

(نوٹ) تفسیر سورہ یٰس والصّٰفٰت ، و ص -

۴۱۸ عبدالحکیم ، دہلوی ، حکیم -

فاتحۃ الحکیم ، تفسیر سورہ فاتحہ ص ۱۲۸ مطبع محمدی بمبئی - حوالہ :- مجموعہ رسائل تسعہ ، ص ۴۱ و فہرست مطبع حیدری حیدرآباد ص ۴۱ -

۴۱۹ عبدالحکیم ، حکیم -

تفسیر سورہ یوسف نثر - حوالہ :- صدیق بک ڈپو ص ۲۱۲ -

۴۲۰ عبدالحی ، قادری، حنفی، مولوی، شاہ

جواھر التفسیر فی السیر والتذکیر مطبع نبوی طلسم کرتا ن بنگلور - حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف $56\frac{1}{5}$ -

تبصرہ :- پارہ عم کی بعض سورتوں اور سورہ مزمل کی منظوم تفسیر ہے۔ آغاز میں آنحضرت صلعم کے مناقب و فضائل بیان کئے گئے ہیں۔

نمونہ - آغاز :-

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قلزم قرآن کا ہے در یتیم
جتنے جواہر کے ہیں قرآن کے
جتنے ہیں روشن گہراس کان کے
سب میں ہے یکتا یہ در بینظیر
جیسے ستاروں میں ہے بدرمنیر

۴۲۱ عبدالرحیم ، پیشاوری ، مولوی - مترجم -

تفسیر المعوذتین ص ۱۳۰ - ۱۹۳۱ء الہلال بک ایجنسی لاہور -

تبصرہ :- علامہ ابن تیمیہ حرانی نے سورہ الفلق و سورہ الناس ، کی ایک جامع تفسیر لکھی - اس کی توضیح میں علامہ حافظ ابن قیم الجوزی نے ایک مستقل رسالہ تحریر کیا - جس کا ترجمہ یہ ہے۔

۴۲۲ عبد الرزاق، ملیح آبادی، مولانا
مترجم -
تفسیر سورہ کوثر ص ۳۲ - ۱۹۲۷ء
ہلال بک ایجنسی لاہور -

تبصرہ: — علامہ ابن تیمیہ حرانی کی تفسیر سورہ الکوثر کا یہ آردو ترجمہ ہے - فاضل مترجم نے طویل مقدمہ بھی لکھا ہے - علامہ نے چند صفحوں میں ایک دفتر معانی سمیٹ کر رکھ دیا ہے - کوثر، اور ابتر، کی بحث کوزہ میں دریا نظر آتی ہے -

۴۲۳ عبدالرزاق، بن سید نجف علی،
معروف بہ فوجدار خان، جامع، ناشر -
تفسیر رفیعی تفسیر خواجہ یعقوب چرخی فارسی پر حاشیہ ص ۲۲۴ - ۱۲۷۲ھ
نقشبندی پریس - حوالہ: - فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۴ $\frac{1}{5}$ -

تبصرہ: — حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی نے سورہ البقرہ کی تفسیر لکھی تھی نجف علی خان نے اسکا ترجمہ کرانے کے بعد یہ تفسیر شایع کرائی -

۴۲۴ عبدالستار، مولوی
اکرام محمدی -
مطبوعہ لاہور - حوالہ: - کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

(نوٹ) تفسیر سورہ الضحیٰ (پنجابی) اردو منظوم -

۴۲۵ عبدالستار، محدث، دہلوی
تفسیر سورہ فاتحہ - حوالہ: -
فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور ۱۹۳۶ء ص ۱۶۰ -

۴۲۶ عبدالصمد، صارم، مولوی
الدر المکنون فی تفسیر الماعون
۱۳۵۴ھ - حوالہ: - تاریخ التفسیر ص ۶۶

تبصرہ: — اس سورہ کی تفسیر کے سلسلہ میں مصنف نے علم تفسیر پر بھی بحث کی ہے -

۴۲۷ عبدالعزیز، دہلوی، مولانا، شاہ،
فوائد تفسیر عزیزیہ ۱۲۶۱ھ
حوالہ: — فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۵۸۰ -

۴۲۸ عبدالغفار،
حفاظت خود اختیاری تفسیر تعوذ ص ۴۴ اعظم پریس حیدرآباد -
حوالہ: - فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۷۹ $\frac{1}{5}$ -

۴۲۹ عبدالغفور، بخاری
مشکواۃ التوحید ص ۴۳۲ - ۱۳۰۵ء
حوالہ: - کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد (مسودہ) -

(نوٹ) تفسیر سورہ فاتحہ -

۴۳۰ عبد القادر، جانشین نواب قطب الدین، دہلوی -

ذخیرۂ عقبیٰ معروف تفسیر سورہ الانشرح ۔ اکمل المطابع دھلی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۸ و فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۹۳ ۔

۴۳۱ عبد القادر ،

تفسیر پارۂ عم و الم ۱۸۹۹ء

حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ تجارت روزانہ اخبار دھلی ۔

۴۳۲ عبدالقدیر ، صدیقی ، مولانا

سابق صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ۔

تفسیر سورہ فاتحہ ص ۳۱ مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن ۔

(نوٹ) سورہ فاتحہ کی تفسیر عالمانہ انداز میں کی گئی ہے ۔

۴۳۳ عبد الطیف ، افغانی ، اکبرآبادی

دستور الارتقاص ۲۸۸ - ۱۹۳۰ء

آگرہ اخبار پریس آگرہ ۔

(نوٹ) پارہ سبحان الذی ، کی تفسیر ہے ۔

۴۳۴ عبدالطیف ، اکبر آبادی ، مولوی

تفسیر کلام ربانی آگرہ اخبار پریس آگرہ ۔ حوالہ :۔ فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۴۱ ۔

تبصرہ :۔ قرآن کریم کی چند سورتوں کی تفسیر اردو اور فارسی میں ساتھ ساتھ نظم کی ہے ۔

۴۳۵ عبداللہ ، حاجی ، مولوی ولد سید بہادر علی ۔

تفسیر مقبول ص ۱۲۶ - ۱۲۵۹ھ

احمدی پریس بمبئی ۔ حوالہ :۔ کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۹۴ $\frac{1}{5}$ ۔

تبصرہ :۔ اس میں سورہ یٰس ۔ رحمٰن ، الواقعہ ، نوح الجن ، المزمل کی تفسیر ہے ۔

۴۳۶ عبداللہ ، چکڑالوی ، مولوی

تفسیر القرآن بآیات القرآن ص ۳۰ . ۱۸۹۹ء مطبع پنجاب سیالکوٹ ۔

تبصرہ :۔ یہ تفسیر ابتدائی پاروں کی ہے جس کی تفسیر قرآن بالقرآن سے کی گئی ہے ۔

۴۳۷ عبداللہ ، محمد ، مولوی

اُم القرآن عظیم ۔ نظامی پریس بدایوں

۴۳۸ عبداللہ ، شاہ ، مولانا ابو الحسنات ، سید ، نقشبندی ، حیدرآبادی ۔

یوسف نامہ تفسیر سورہ یوسف ص ۴۲۸ - ۱۳۴۸ھ تاج پریس حیدرآباد دکن ۔

۴۳۹ عبیداللہ ، سندھی ، مولانا

قرآنی دستور انقلاب ص ۲۲۳ - ۱۹۴۶ء بیت الحکمت لاھور ۔

تبصرہ :- مولانا نے سورہ المزمل اور سورہ المدثر کی تفسیر اس حکیمانہ نظریہ سے کی ہے کہ قرآنی انقلاب کا دستور ایسے انقلاب کا جو قرآن کریم کے بتائے ہوئے قیود احکام کے عین مطابق ہو وہ ہے۔ ہمارے موجودہ ماحول کے لئے ایسے دستور کی ضرورت بھی ہے۔

(نوٹ) شیخ بشیر احمد لدھیانوی نے اس کو مرتب کیا ہے۔

۴۴۰ عبیداللہ، سندھی، مولانا -

جنگ انقلاب ۱۹۵۵ء - شیخ غلام علی تاجر کتب لاہور -

تبصرہ :- سورہ انفال کی تفسیر لکھتے ہوئے مولانا نے قرآنی انقلاب اور جنگ و قید کے طریقے، جنگ کا انجام منافقوں کی حالت اور مومنوں سے خطاب کے عنوانات قایم کر کے ہر عنوان کی تفصیلات پوری وضاحت سے سپرد قلم کی ہیں۔

۴۴۱ عبدالهادی، مولوی

تفسیر سورہ القدر - حوالہ :- فہرست کتب خانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۱۰۲ -

۴۴۲ عبدالهادی، مولوی

هادی التراجم، الہامی ترجمہ

حوالہ :- فہرست مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۹۲۳ء ص ۸ -

تبصرہ :- پارہ عم کے ترجمہ کے ساتھ فوائد بھی اضافہ کئے ہیں۔

۴۴۳ عظیم الدین، شاہ -

پارہ عم معہ حل لغات اردو

حوالہ :- فہرست کتبخانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۳۹ -

۴۴۴ غضنفر علی،

تفسیر پارہ الم مطبوعہ دھلی -

۴۴۵ غلام جیلانی، رھتکی، شاہ

ترجمہ پارہ عم مع تفسیر ۱۲۲۰ھ

حوالہ :- اورینٹیل کالج میگزین لاہور فروری ۱۹۲۲ء ص ۲۱ -

۴۴۶ غلام دستگیر، رشید، ایم اے مولوی -

تعلیم قرآن ص ۸۸ - ۱۹۴۶ء -

ادارہ اشاعت اسلامیات حیدرآباد دکن -

تبصرہ :- سورہ فاتحہ اور سورہ الناس سے سورہ الضحیٰ تک اکیس سورتوں کے لفظی اور با محاورہ ترجمہ کے بعد سیر حاصل تفسیری بحث کی ہے۔

۴۴۷ غلام ربانی، بی-اے، مترجم -

تفسیر سورہ اخلاص اردو (علامہ ابن تیمیہ حرانی) ص ۳۰۸ - ۱۹۴۶ء اسلامیہ اسٹیم پریس لاہور -

تبصرہ :- علامہ نے اپنے مخصوص انداز میں نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ سورہ اخلاص کی تفسیر لکھی ہے جو نہایت مفید دینی معلومات پر مشتمل ہے۔

۴۴۸ غلام محمد غوث، حنفی، ترچناپلی مدراس -

تفسیر سورہ یٰسٓ حیدرآباد دکن

تبصرہ :۔ اس سورہ کے ساتھ پارہ تبارک الذی کی بھی تفسیر ہے۔

۴۴۹ غلام محمد غوث، حنفی، ترچناپلی

مطلع البدر فی تفسیر سورہ العصر

منور پریس دہلی۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۸ ۔

۴۵۰ غلام محمد غوث، حنفی۔

سلسلۃ المرجان جلد اول ص ۳۰۰

مطبع نولکشور لکھنؤ۔ حوالہ : ۔ فہرست صدیق بک ڈپو ص ۲۲۳ ۔

تبصرہ : — تفسیر ام الکتاب اور سورہ نساء — سورہ فاتحہ کی تفسیر کے ساتھ قرآن شریف کے رسم الخط کی بھی بحث کی گئی ہے۔

۴۵۱ غلام محمد غوث، حنفی۔

نثر المرجان جلد دوم اشاعت العلوم حیدرآباد دکن ۔

تبصرہ : — سورہ مائدہ سے سورہ برأت (التوبہ) تک کی تفسیر جس میں رسم الخط قرآن کی بھی بحث کی گئی ہے۔

۴۵۲ غلام محمد غوث، حنفی۔

منتہی المواعظ المعروف تفسیر سورہ الزلزال ص ۲۲۶ - ۱۹۲۳ء نولکشور لکھنؤ۔ حوالہ : ۔ فہرست صدیق بک ڈپو ص ۳۲۳ ۔

۴۵۳ غلام محمد مرتضیٰ رہتکی

قلب القرآن ۱۹۰۱ء لاہور۔

حوالہ : ۔ فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور ص ۱۶۰ ۔

(نوٹ) سورہ یٰس کی منظوم تفسیر۔

۴۵۴ غلام مرتضیٰ، جنون، اثنا عشری

تفسیر مرتضوی پارہ عم منظوم ص ۲۷۶ - ۱۲۵۹ھ طبی پریس و مطبع حیدری بمبئی۔ حوالہ :۔ کتبخانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۱ و فہرست ہندوستانی مخطوطات انڈیا آفس لائبریری لنڈن مطبوعہ اکسفورڈ یونیورسٹی ص ۲۲۶ء و کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۴۷ - ۵۴ ۱/۵ ۔

نمونہ : سورہ عم کتیں مکیہ جان
اسمیں ہیں چالیس آیتہ بیگمان
ہیں صدوہفتاد وسہ کلمہ شرف
دو رکوع اور سات سے ستر ہیں حرف
ہے سزائے حمد وہ عالی جناب
جس نے یہ بھیجی ہے محمد پر کتاب
یعنی قرآن کو بایں نظم کلام
کہ پر از آیات قدرت ھی تمام
ہے کلام حق پر از اعجاز سب
کوئی اس سورت سے لکھ سکتا ہے کب
اور غلام مرتضیٰ میرا ہے نام
میں غلامی میں رہوں حاضر مدام

اس تفسیر میں سورتوں کی شان نزول اور فوائد بھی شامل ہیں۔ یہ تفسیر ۱۳۴۰ میں لکھی گئی ہے۔

(نوٹ) کتبخانہ سالار جنگ اور لابریری انڈیا آفس میں قلمی نسخے موجود ہیں۔

۴۵۵ غوثی ، حیدرآبادی

تفسیر غوثی ص ۳۴ - ۱۲۵۰ھ

حوالہ :۔ کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ، نمبر تفسیر ۱۰۴۱ - رسالہ اردو جنوری ۳۰ء ص ۲۹

نمونہ : آغاز — عم یتساءلون - اس آیت کا شان نزول یہ ہے :—

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو قرآن کے حکم ظاہر کرنے لگے اور حشر کے روز سے ڈرانے لگے تب کافران مسلمانوں سے پوچھتے کہ یہ بات تحقیق ہے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی - اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محمد ص یہ کافران کیا سوال کرتے ہیں،، - اختتام پر ایک رباعی لکھی ہے۔

بعزت حضرت سبع مثانی
کہ قرآن عظمہ ہے حسن بیانی
تو کر مقبول غوثی کو الہی
عتیق اللہ کر ہر دو جہانی

(نوٹ) اس کا ایک نسخہ جامع مسجد بمبئی میں بھی ہے، رسالہ نوائے ادب جنوری ۵۳ء ص ۱۰ -

۴۵۶ فتح محمد ، گودھراوی -

یوسف ثانی تفسیر سورہ یوسف منظوم، زبان گوجری، ۱۱۰۹ھ حوالہ :۔ رسالہ نوائے ادب بمبئی جولائی ۱۹۵۵ء ص ۱۳ -

۴۵۷ فرمان علی ،

ہفت سورہ مع ترجمہ و تفسیر مطبع حیدری حیدرآباد دکن ۔

۴۵۸ فیض ،

تفسیر سورہ مزمل منظوم ص ۲۸ ہندوستانی پریس لاہور۔ حوالہ :۔فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۹ $\frac{1}{5}$ -

۴۵۹ فیض الرحمٰن ،

تفسیر سورہ الرحمن - حوالہ :۔ فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۰ -

۴۶۰ کرامت علی ، جونپوری، مولانا۔ف ۱۲۹۰ھ -

کوکب دری - شہجہانی پریس بھوپال -

۴۶۱ کرم الہی ، مولوی

تفسیر پارہ عم - صوفی پنڈی بہاؤ الدین گجرات ۔

۴۶۲ لکچر ، تفسیر سورہ فاتحہ و اخلاص - حوالہ : - فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۱۳۸ -

۴۶۳ محب حسین ، مولوی

ترجمہ تفسیر فرقان پارہ سیقول ص ۱۰۴ - ۱۹۳۰ء نظام گزٹ حیدرآباد دکن -

۴۶۴ محب حسین،

ترجمہ تفسیر پارہ عم ۱۹۲۸ء
معلم العلوم، حیدراباد دکن۔

۴۶۵ محمد ادریس، مولانا

معارف القرآن تفسیر سورہ فاتحہ
مکتبہ دانش لاہور،

۴۶۶ محمد اسمعیل، شافعی، کوکنی، رتناگیری۔

تفسیر اسماعیلی پارہ عم ۱۲۹۶ھ
مطبع محمدی رتناگیر۔ حوالہ:۔ کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۶۔

۴۶۷ محمد انشاءاللہ، مولوی و محمد داؤد لاہوری۔

فاتحۃ العلوم ترجمہ اردو، ص ۳۷۲
۱۹۰۲ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ:۔ تفسیر سورہ فاتحہ جز اول تفسیر کبیر امام فخرالدین رازی متوفی ۶۰۶ھ جو دلائل اور علوم کا خزانہ ہے۔

۴۶۸ محمد بشیر، و مرزا یوسف حسن،

سیپارہ اول مع تفسیر، جنرل بک ایجنسی لاہور۔

۴۶۹ محمد صاحب، جوناگڈھی، مولانا۔

تفسیر سورہ فاتحہ مکتبہ شعیب
جوناگڈھ۔

۴۷۰ محمد صاحب، جوناگڈھی، مولانا

تفسیر سورہ یوسف مکتبہ شعیب
جوناگڈھی۔

۴۷۱ محمد، رکانہ

جواھر القرآن ص ۱۳۶ - ۱۸۸۰ء
نولکشور لکھنؤ۔

۴۷۲ محمدسلیمان، منصور پوری، قاضی

الجمال و الکمال - حوالہ:۔ یاد رفتگاں از مولانا سید سلیمان ندوی ص ۱۲۱۔

(نوٹ) تفسیر سورہ یوسف۔

۴۷۳ محمد شاہ، قادری، سید، مرتبہ

تفسیرالقرآن سورہ فاتحہ ص ۸۸
محمودیہ مشن پریس حیدرآباد دکن۔ حوالہ:۔ کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق۔ کراچی الف ۱۵ ۱/۵۔

تبصرہ:۔ سورہ فاتحہ کی تفسیر جسمیں معارف و اسرار قرآنیہ و تعلیمات فرقانیہ کو نئے انداز سے پیش کیا ہے۔

۴۷۴ محمد طاھر، قادری

تفسیر سورہ یوسف ۱۹۰۰ء مکتبہ جدید لاہور۔

۴۷۵ محمد عبدہ، مصری، علامہ

تفسیر سورہ فاتحہ اردو ترجمہ
ص ۴۰ ۱۹۱۵ء دفتر رسالہ اسوۂ حسنہ میرٹھ۔

(نوٹ) احکام اسلامی پر علمی و عقلی تبصرہ۔

۴۷۶ محمد عبدہ، مصری، علامہ

روح المعانی ۱۹۳۱ء نظام المشائخ دھلی۔

(نوٹ) ادارہ نے اس تفسیر میں علامہ عبدہ کے خیالات انکی تفسیر سے استفادہ کرکے مرتب کئے ھیں جسکو اس نام سے شائع کیا ھے۔

۴۷۷ محمد عتیق، فرنگی محلی، ابوالقاسم

قرآن عظیم پارہ اول ص ۲۴ ۱۹۰۰ء مکتبہ نظامیہ لکھنؤ۔

تبصرہ:- ترجمہ کا نام رکن ایمان ھے حاشیہ پر عنوان کے تحت تشریح کی گئی ھے۔

۴۷۸ محمد علی،

بست سورہ ترجمہ شاہ عبدالقادر مطبوعہ آگرہ۔ حوالہ:- فہرست کتبخانہ مطبع مجتبائی ۱۹۰۵ء ص ۲۵۔

(نوٹ) حاشیہ پر تفسیر جلالین آردو دوسرے حاشیہ پر فوائد مع ترکیب عملیات۔

۴۷۹ محمد علی، چاند پوری لاھور مترجم۔

تفسیر عزیزی موسومہ بستان التفاسیر آردو پہلا حصہ ص ۲۰۶ - ۱۹۲۹ء مہتاب پریس دھلی۔

(نوٹ) سورہ فاتحہ سے پارہ سیقول کے ربعہ اول تک کی تفسیر ھے۔

۴۸۰ محمد علی، و محمد حسین ناشر۔

ترجمہ بستان التفاسیر تفسیر پارہ تبارک الذی و عم (مؤلفہ شاہ عبدالعزیز دھلوی) ص ۴۹۷ - ۱۲۶۳ھ مطبع محمدی بمبئی۔

۴۸۱ محمد علی، ایم - اے۔ مولوی

نکات القرآن احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاھور۔

تبصرہ:- قرآن کریم کے ابتدائی پانچ پاروں کی تفسیر جس میں رموز و حقائق قرآنی مفصل بیان کئے گئے ھیں۔

۴۸۲ محمد غوث،

فیض الکریم ص ۵۶ - ۱۲۸۷ھ مخزن الاخبار پریس مدراس۔ حوالہ:- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{5}$۵۷ - و اخبار صدق جدید لکھنؤ یکم دسمبر ۱۹۵۵ء ص ۸۔

۴۸۳ محمد میاں،

افصح الکلام حوالہ:- فہرست فیروز اینڈ سنز کراچی ص ۴۶۔

(نوٹ) تفسیر پارہ عم مع لغات القرآن۔

۴۸۴ محمد یعقوب حافظ،

آسان درس قرآن ص ۹۴ - ۱۹۵۶ء مطبوعہ کامٹی۔

(نوٹ) سورہ الناس سے التین تک ترجمہ و تشریح

۸۵ھ محی الدین ، احمد ، قصوری ، مولوی -

تفسیر سورہ فاتحہ ۱۳۴۰ء مطبع کریمی لاہور -

۸۶ھ محی الدین خاں ، سید، محمد، مترجم

عین الیقین تفسیر سورہ فاتحہ مطبع صدیقی لاہور -

(نوٹ) حضرت امام حسین علیہ السلام کی مشہور تفسیر کا یہ ترجمہ ہے -

۸۷ھ مراداللہ ، انصاری ، سنبھلی

خدا کی رحمت معروف تفسیر مرادیہ

ص ۳۸۵ - ۱۲۹۶ء مہانند پریس کلکتہ - حوالہ : - الفہرست ص ٥ و فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور ۱۹۳۶ء ص ۱۵۹ -

تبصرہ : - پارہ عم کی تفسیر ہے -

نمونہ : آغاز - شروع کرتا ھوں میں اللہ کے نام سے جو بہت مہربان ، نہایت رحم والا ہے - اس سورہ فاتحہ کے نازل ہونے کا سبب مولانا یعقوب چرخی نے حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہ اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے یوں بیان کیا ہے - ،،

۸۸ھ مشتاق احمد ، انبیہٹوی ، مولوی

الکلام الاعلیٰ فی تفسیر سورہ الاعلیٰ ۱۳۳۱ھ - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ جلد ۱ ص ۲۰٦ -

۸۹ھ معزالدین ، مولانا

تفسیر سورہ الضحےٰ (ہندی)

۱۲۰٦ھ قلمی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ مشرقیہ پشاور صفحہ ۲٦ -

(نوٹ) بزبان ہندی منظوم تفسیر ہے اسکا ماخذ پشتو زبان کی ایک تفسیر ہے جسکو غلام محمد خان افغانی نے مرتب کیا تھا -

۹۰ھ معین الدین ،

تفسیر سورہ یوسف ص ۱٦ قبل ۱۲۵۲ھ - حوالہ : - تذکرہ آردو مخطوطات ڈاکٹر زور جلد ۳ ص ۲٦۵ -

۹۱ھ منصور علی ، کاتب

تفسیر سورہ یوسف ۱۲٦۲ھ - حوالہ : - کیٹ لاگ آف دی ہندوستانی میونسکرپٹس ان دی لائبریری آف انڈیا آفس مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی ۱۹۲٦ء ص ٥ - حوالہ : - تذکرہ اردو مطبوعات ڈاکٹر زور جلد ۳ ص ۲٦۵ -

نمونہ : آغاز - سبب اترنے سورہ یوسف کا یوں بیان ہے - کہ قریش کے رہنے والے ہر برس شام کے ملک میں واسطے سوداگری کے جا یا کرتے تھے اور شام یہودیوں کا وطن تھا -

۹۲ھ ناصر علی ،

ناصر التفاسیر ص ۴۶ - ابنائے غلام رسول سورتی تاجر کتب بمبئی -

(نوٹ) یہ چند سورتوں کی تفسیر ہے۔

۴۹۳ نورالدین، قادیانی، حکیم۔

تفسیر سورہ جمعہ ص ٦٦

۱۹۲۵ء وزیر ہند پریس امرتسر۔

۴۹۴ نوراسلام تفسیر منظوم۔

حوالہ :- تذکرہ مخطوطات جلد دوم

ڈاکٹر زور ص ٨٦ نمبر سلسلہ ۳۳۴

تبصرہ :- شاہ عبدالعزیز دہلوی کی تفسیر عزیزی کو نظم کیا ہے۔

نمونہ :-

جناب مولوی معنوی نے
شاہ عبدالعزیز دہلوی نے
عزیز یہ جو ہے تفسیر مشہور
کیا ہے اس میں یوں ہی اس نے مذکور
سوا اس کے صرف ہندی کی ہے مینے
بھلائی دوجہاں کی لی ہے مینے

(نوٹ) اس مثنوی میں یونس علیہ السلام کا قصہ نظم کیا گیا ہے جس میں ٦٦٦ ابیات ہیں۔

۴۹۵ وارث علی، علی اکبر آبادی، مولوی۔

تفسیر پارہ الم قلمی۔ حوالہ :- شاعر آگرہ نمبر ۱۹۳۷ء۔

(نوٹ) یہ تفسیر کتب خانہ محمدیہ آگرہ میں موجود ہے۔

۴۹۶ وارث علی،

پنج سورہ ۱۹۰۳ء مطبع عثمانی آگرہ

حوالہ :- بوستان اخیار ص ۲۴۱۔

۴۹۷ وارث علی،

ہفت سورہ ۱۳۱۸ھ مطبع عثمانی آگرہ

حوالہ :- بوستان اخیار ص ۲۴۱۔

۴۹۸ وحدہ خانم،

اساس القرآن ص ٦٦ - ۱۹۳٦ء

مسلم ویلفیئر بنگلور سٹی۔

تبصرہ :- اس تفسیر میں سورہ فاتحہ کی آیات کے معنی و مطالب بیان کئے گئے ہیں۔

۴۹۹ ولی اللہ، دہلوی، حضرت شاہ

ترجمہ تفسیر سورہ المزمل و سورہ المدثر ص ۲۰۰ - ۱۹۴۵ء بیت الحکمت لاہور۔

تبصرہ :- اس تفسیر میں یہ بیان کیا ہے کہ قرآن حکیم کی تعلیم انقلابی ہے اور اس کے اثرات ہر زمانے میں ہوسکتے ہیں۔ یہی اثر تھا کہ عربوں کے ہاتھوں نے قیصرو کسریٰ کے ظالمانہ نظاموں کو ختم کیا۔

(نوٹ) ادارہ نے ترجمہ کرایا ہے۔

۵۰۰ ہمرنگ، عزیز اللہ شاہ، ابن میر عالم، قادری، اورنگ آبادی۔

چراغ ابدی ص ۳۲٦ - ۱۲۲۱ھ

قلمی۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۸۱ ۱/۵ و رسالہ

آردو جنوری ۱۹۵۴ء ص ۲۰ و فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۴ و کتبخانہ نواب سالارجنگ مرحوم کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۳۹ -

تبصرہ: — سورہ فاتحہ اور سورہ عم کی تفسیر ہے۔ مؤلف نے معالم التنزیل، بیضاوی، مدارک، تفسیر یعقوب چرخی وغیرہ تفاسیر اور کتب حدیث سے اس تفسیر میں استفادہ کیا ہے۔

۵۰۱ یاور حسین ، عمری ، گوپاموی ، مولانا ، ابن نواب صادق حسین ، والا جاهی۔

تفسیر یاوری ص ۳۰۴ قلمی -

حوالہ : - فہرست کتبخانہ نواب ناظر حسین گوپامو ، آثار علما ص ۱۵ -

(نوٹ) یہ چند پاروں کی تفسیر ہے۔

۵۰۲ یعقوب الرحمٰن ، عثمانی ، مولانا

تفسیر فیض الرحمٰن ۱۳۴ - ۱۳۷۱ھ مکتبہ فیض القرآن دیوبند -

تبصرہ :— تعوذ و تسمیہ و سورہ فاتحہ اور معوذتین کی تفسیر ہے ، لفظی تحقیق اور ہر سورت کا مقصد اسکے احکام اسکے متعلق دوسرے مباحث بھی بیان کئے ھیں - تفسیر کا انداز حکیمانہ اور متکلمانہ ہے۔ اور صوفیانہ خیالات کا بھی پرتو جگہ جگہ سے ظاھر ھوتا ہے۔

تفاسیر الآیات

۵۰۳ ابن تیمیہ ، حرانی ، علامہ ۔

تفسیر آیہ کریمہ ص ۴۰ ۔ ۱۹۲۵ء
الہلال بک ایجنسی کلکتہ ۔

تبصرہ :۔ علامہ نے اس میں حضرت یونس کی مشہور دعا کی مفصل تفسیر فرما کر بتایا ہے کہ اس دعا میں خاصیت اور قبولیت رکھی گئی ہے جو مصیبت زدہ دعا مانگے اس کی مصیبت کو اللہ دور کرتا ہے اس کے ساتھ ۔ توحید الوہیت اور توحید ربوبیت کے فرق کو بیان کیا ہے ، تمام ادیان کے نچوڑ ، توحید اسلام ، ایمان اور احسان کی حقیقت ، عصمت انبیا ، توبہ اور مغفرت پر فاضلانہ بحث کی ہے۔

۵۰۴ احمد یار خاں ، اوجھانوی ۔

شان حبیب الرحمان آیات القرآن
ص ۲۷۲ ۔ ۱۹۶۲ء فیروز ٹریننگ ورکس لاہور ۔

۵۰۵ ایمان ، تجمل حسین خاں ، گوپاموی ۔

البراھان المبین فی شمول آیہ تطہیر امہات المومنین ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ امین منزل ص ۳۶ ۔

۵۰۶ حبیب الرحمان ، مفتی ۔

آیات خلافت ص ۶۵ ۔ ۱۹۳۲ء
دارلتصنیف بدایون ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کی ان آیتوں کی تفسیر لکھی ہے جن میں خلافت کا ذکر ہے۔ مقدمہ میں خلافت اسلامیہ کی مختصر تاریخ اور شرائط خلافت و بیعت وغیرہ کا بیان ہے۔

۵۰۷ روح القدس ۔ حوالہ :۔ فہرست

کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ۔
ص ۱۷۹۰ ۔ ۳۲۰ ۔

(نوٹ) تفسیر آیہ قل الروح من امر ربی ۔

۵۰۸ سید احمد خاں ، سر ۔

تفسیر السماوات ص ۱۱۶ ۔ ۱۹۰۹ء
نولکشور اسٹیم پریس لاہور ۔

تبصرہ :۔ وجود آسمانی کی فلسفیانہ وعالمانہ بحث ہے ، نظام بطلیموسی سے مطابقت کرنے کی سعی ہے اور بتایا ہے کہ قرآن میں جہاں لفظ سما وارد ہوا ہے اس سے کیا مراد ہے اور اہل عرب کس مفہوم کے لئے اس کو استعمال کرتے تھے ۔

۵۰۹ سید احمد خاں ، سر

خلق الانسان علی مافی القرآن

۱۳۸۹ھ مطبع مصطفائی لاہور۔

تبصرہ:— قرآن نے انسانی تخلیق کے پارے میں کیا خیال ظاہر کیا ھے اور آج کل کے نئے فلسفہ دانوں کے اعتراضات کا مدلل جواب بھی دیا ھے۔

۵۱۰ سید احمد خان، سر۔

ازالۃ الغین عن ذکر ذی القرنین

ص ۶۵ - ۱۳۰۷ھ مفید عام آگرہ۔

تبصرہ:— سرسید نے امام رازی کی رائے کہ ذی القرنین سکندر مقدونی تھا اس کی تردید کی ھے اور چی وانگ ٹی جو ۲۴۷ ق م تخت چین پر بیٹھا اور اس نے دو پہاڑوں کے درمیان دیوار آٹھسو کوس لمبی بنوائی جو سرحد ختا و تاتار پر واقع ھے اسکو ذوالقرنین قرار دینے کی سعی کی ھے مسئلہ طے نہیں ھوا۔

۵۱۱ سید احمد خان، سر۔

ترقیم فی قصہ اصحٰب کہف والرقیم ص ۹۰ - ۱۸۹۰ء مفید عام آگرہ۔

تبصرہ:— اصحٰب کہف کا قصہ جو قرآن مجید میں ھے سرسید نے اسپر بحث کی ھے اس میں اصحٰب کہف کی تعداد، کہف والرقیم کے معنی اور اس کی مراد کس بادشاہ کا عہد ان کا مذھب اور ضروری معلومات جمع کی ھے، تفاسیر اور کتب سیر سے سندات پیش کی ھیں۔ اس کا مسودہ لٹن لائبرری علی گڈہ میں اصلی موجود ھے۔

۵۱۲ سید احمد خان، سر۔

الجن و الجان علی مافی القرآن

ص ۴۸ - ۱۳۰۹ھ مفید عام آگرہ۔

(نوٹ) جن اور انس کے الفاظ قرآن مجید میں آئے ھیں اس کی بحث ھے۔

۵۱۳ سلطان احمد، مرزا۔

الاعتصام فہرست صدیق بک ڈپو لکھنئو ص ۱۳۰ ۔

تبصرہ:— واعتصمو بحبل اللہ جمیعاً کی مکمل تشریح اور مسلمانوں کو ایک مرکز پر جمع ہونے کی دعوت۔

۵۱۴ ظفر علی خاں، مولانا

الم۔ غلبت الروم، ص ۲۴۲

۱۹۳۲ھ حمایت الاسلام لاھور۔

تبصرہ:— اسمیں سورہ الروم کی ان ابتدائی آیات کی جسمیں غلبہ روم کی پیش گوئی کی گئی ھے اسکی تاریخ ادبی تشریح اور تفسیر بیان کی گئی ھے اور ایران و روما کے تاریخی حوالوں اور اس عہد کے روم اور ایران کے سیاسی تاریخ کو درج کرنے کے بعد قرآن مجید کی پیشن گوئی کی صداقت کو آشکار کیا ھے۔

۵۱۵ عبدالحق، حقانی، مولوی۔

ازالۃ الرین عن قصہ ذی القرنین

ص ۳۲ - ۱۹۰۵ مجتبائی دھلی۔

تبصرہ:— آیہ ویسالونک عن ذی القرنین کی تفسیر اور سکندر ذوالقرنین کی پوری تاریخ جسو معتبر تفاسیر اور تاریخوں سے تحقیقات کے ساتھ بیان کی گئی ھے۔

۵۱۶ عبدالشکور، لکھنوی، مولانا۔

تفسیر آیہ تطہیر ص ۳۲
۱۹۲۵ء دفتر النجم لکھنؤ۔

تبصرہ :۔ آیہ تطہیر کے متعلق صحیح تفسیر ہے اور شیعون کے نظریہ کی تردید ضمن میں کی ہے۔

۵۱۷ عبدالشکور ، لکھنوی ، مولانا۔
تفسیر آیت طالوت ص ۳۲ ۔ عمدۃ المطابع لکھنؤ۔

۵۱۸ عبدالشکور ، لکھنوی ، مولانا۔
تفسیر آیت اولی الامر ص ۳۲
عمدۃ المطابع لکھنئو۔

۵۱۹ عبدالشکور ، لکھنوی ، مولانا۔
تفسیر آیت مباہلہ ص ۱۰ عمدۃ المطابع لکھنؤ۔

۵۲۰ محمد ابراھیم ، بہاری ، حکیم
تحفہ احباب ۱۹۲۹ء مطبوعہ بھاگل پور۔

(نوٹ) قرآن مجید کی چند آیات کی تفسیر۔

۵۲۱ ناصرالدین ، سید۔
تنقیح البیان ، ص ۱۳۳ ، نصرت المطابع دھلی۔

(نوٹ) جواب تفسیرالسماوات سر سید احمد خان۔

۵۲۲ نجم الدین ، سید۔
تفسیر آیت جمعہ ص ۱۴ ۔
۱۳۱۵ھ نور دکن پریس حیدرآباد۔

مقدمہ تفسیر

۵۲۳ اگاہ ، محمد باقر ، شافعی، قادری ،
ایلوری - ف ۱۲۲۰ھ (قاموس الاعلام
ص ۹۳)

فرائد در فوائد ص ۱۱۲ - ۱۲۱۷ھ
قلمی - کاتب، محمد یوسف مدراسی - حوالہ :-
اردو مخطوطات عبدالقادر سروری ایم - اے
ص ۱۷ و کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم
کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست
ص ۳۲ -

تبصرہ :- یہ منظوم رسالہ معلومات قرآن پر مبنی
ہے - قرآن مجید کی سورتوں کی شان نزول - سورتوں
کے فضائل اور جمع قرآن کی تاریخ وغیرہ بیان کی ہے
دیباچہ نثر میں ہے- اس کی قدیم اردو زبان ہے-

آغاز :- پس از حمد خدا و نعت مختار
میں کہتا ہوں فوائد سن اے یار

۵۲۴ امیر علی ، لکھنوی ، مولانا -
مقدمہ تفسیر مواہب الرحمٰن ،
۱۹۲۳ء مطبع نولکشور لکھنؤ -

۵۲۵ امین احسن اصلاحی ، مولوی -
مقدمہ تفسیر نظم القرآن ص ۹۰
۱۹۵۷ء حمیدیہ مکتبہ مدرسہ اصلاح سرائے
میر ، اعظم گڈھ -

تبصرہ :- مؤلفہ مولانا حمیدالدین فراہی- اس مقدمہ
میں مولانا نے وہ اصول بیان کئے ہیں جن کا لحاظ
اپنی تفسیر میں رکھا ہے اس سلسلے میں سولہ مقدمات
قائم کئے ہیں جن میں تفسیر سے متعلق اہم مباحث
مثلاً شان نزول ، تفسیر کے خبری ماخذ، لسانیاتی
ماخذ ، آیات کی باہمی مناسبت اور ترکیب ،
سورتوں کی مقدار ، قرآنی احکام اور کتب قدیمہ کا
تعلق، قرآنی تعلیم کے اصولی مسائل، نظم کی دلالت،
کیفیت نزول وحی وغیرہ پر علمی بحثیں ہیں -

۵۲۶ انتظام اللہ، شہابی ،
مقدمہ شاندار معجز نما قرآن
مجید مترجم و محشی ص ۱۶ - ۱۹۳۸ء
ندوۃ المصنفین دہلی -

تبصرہ :- تعلیمات قرآن کے اثرات ، طریقہ تعلیم ،
قرآن کا سمجھنا ، فضائل ، وحی کی حقیقت، تاریخ
قراء، رسم الخط ، تاریخ مصحف ، جغرافیہ قرآن محکم
و متشابہ احکام قرآن وغیرہ پر مفصل بحث کی
گئی ہے -

۵۲۷ انشاء اللہ، محمد، مولوی ،
مقدمہ تفسیر القرآن ص ۶۴ -

۱۹۱۰ء حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور۔

۵۲۸ بشیرالدین ، محمود احمد ، مرزا
امام جماعت احمدیہ ۔

دیباچہ تفسیر القرآن ص ۳۲۶ ۔
۱۹۵۶ء استقلال پریس لاہور۔

۵۲۹ حسن سبحانی ، آزاد ، مولانا ۔

مقدمہ تفسیر ربانی ، دائرہ ربانیہ گورکھ پور۔ حوالہ : فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف $\frac{1}{5}$ ۲۲ ۔

تبصرہ :۔ مشکل القرآن ، مورد القرآن ، نثرالقرآن، صحت القرآن وغیرہ عنوان پر مباحث ہیں ۔

۵۳۰ ذوقی شاہ ، سید ۔

کتب سماوی پر ایک نظر ص ۱۷۸
۱۹۴۶ء اقبال اکیڈمی لاہور۔

تبصرہ : ۔ اس میں توریت و انجیل کی تحریف کو ثابت کیا ہے جس کی سند میں توریت و انجیل کی عبارتیں نقل کی ہیں اور اختلاف تراجم کی تفصیل بیان کی ہے اور اسلامی تعلیمات سے توریت و انجیل کی تعلیمات کا بھی موازنہ کیا ہے۔

۵۳۱ سید علی ، نقوی ۔

مقدمہ تفسیر القرآن ص ۲۷۲ ۔
۱۳۵۹ھ ادارہ علمیہ لکھنؤ۔

۵۳۲ عبدالحق ، حقانی ، دہلوی ، مولانا ۔
مقدمہ تفسیر فتح المنان جلد اول ۔

البیان فی علوم القرآن ص ۱۰۰
۱۳۶۴ھ دارالاشاعت تفسیر حقانی دہلی ۔

تبصرہ :۔ مقدمہ تفسیر حقانی میں ابتدائی علم کلام کے بعض ضروری مسائل بیان کئے ہیں ۔ اور سرسید احمد خاں و مولوی چراغ علی کے نظریات کی تردید کی ہے ، توریت و انجیل و ویدکی تاریخی حقیقت پر تبصرہ کیا ہے۔ تاریخ جمع قرآن بھی ارقام کی ہے۔ اسلامی عقائد خدا کی ذات و صفات، وجود ملائکہ، حشر و نشر، ثواب و عذاب ، نبوت و الہام ، ناسخ و منسوخ ، قرآنی اصطلاحات وغیرہ پر مفصل بحث کی گئی ہے۔

۵۳۳ عبداللہ ، مدنی ۔

قرآن کریم کا مقدمہ ، ص ۸۵
۱۳۶۸ھ ۔ حوالہ : ۔ فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۰۹۹ ۔

۵۳۴ فتح محمد ، تائب ، لکھنؤی ، مولانا ۔

مقدمہ تفسیر القرآن ص ۲۰۱
۱۹۱۵ء نولکشور لکھنؤ ۔

تبصرہ : ۔ خلاصۃ التفاسیر کا یہ مقدمہ ہے۔ قرآن پاک اور تفسیر کے متعلق قابل قدر معلومات اس میں جمع کی گئی ہیں ۔

۵۳۵ فخرالدین ، مولانا ، مترجم ۔

مقدمہ تفسیر ملاحسین واعظ کاشفی
ص ۶۴ ۔ ۱۹۰۱ء مطبوعہ دہلی ۔

تبصرہ : ۔ اس میں نزول قرآن و جمع قرآن کی تفصیلات اور تفسیر کے اصول وضاحت سے بیان کیے ہیں۔

۵۳۶ محمودالحسن ؛ دیوبندی ، مولانا ۔

مقدمہ ترجمہ" القرآن ص ۶۴ ۔

۱۹۳۰ء مدینہ پریس بجنور ۔

تبصرہ : ۔ جس میں جدید ترجمہ کی ضرورت اور دوسرے تفسیری نکات بھی بیان کیے ھیں ۔

۵۳۷ محمود علی ،

عقدالقرآن ۱۹۳۹ء صدیق بک

ڈپو لکھنؤ ص ۲۸۴ ۔

تبصرہ : ۔ دلائل التفاسیر کا ترجمہ جس میں علم تفسیر اور مفردات قرآن کے متعلق اجمالی معلومات ھے ۔

۵۳۸ مرزا حیرت ، دھلوی ۔

مقدمہ تفسیر القرآن ص ۱۰۷ ۔

۱۳۲۲ھ کرزن گزٹ دھلی ۔

تبصرہ : ۔ اسمیں ضروری تفسیری معلومات جمع کردی ھیں ۔

۵۳۹ مرزا عزیز ، فیضان دار ، الوری ۔

فن تفسیر ص ۲۰۰ - ۱۹۳۹ء اشہر

بلڈنگ لاھور ۔

تبصرہ : ۔ فن تفسیر کے اصول وشرائط اس میں بیان کیے ھیں ۔

اصول تفسیر

۵۴۰ خالد ، مولانا، مترجم -

اصول تفسیر (علامہ ابن تیمیہ)

مطبوعہ بھوپال -

تبصرہ :- علامہ احمد بن عبدالحکیم بن تیمیہ حرانی متوفی ۷۲۸ھ نے تفسیر کے اصول پر یہ رسالہ لکھا ہے۔ علامہ محدث و فلسفی اور قرآن مجید میں وسیع النظر تھے - انھوں نے تفسیر کے اصول پر تفصیل سے بحث کی ہے۔

۵۴۱ رشید احمد ، انصاری ، مولوی ، مترجم -

الفوزالکبیر فی اصول التفسیر

اردو ص ۹۳ - ۱۹۱۴ء مکتبہ برہان دہلی -

تبصرہ :- الفوز الکبیر فی اصول التفسیر میں حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی نے قرآن مجید کی تفسیر کے تمام بنیادی اصول پر مفصل اور بصیرت افروز بحث کی ہے اور غرائب قرآن بھی پیش نظر ہیں۔ علوم خمسہ، تاویل ، حروف مقطعات ، رموز قصص انبیا ، اصول ناسخ و منسوخ پر بھی بحث کی ہے۔

۵۴۲ سید احمد خان ، سر -

تحریر فی اصول التفسیر ص ۹۲

۱۸۹۴ء مفید عام آگرہ -

تبصرہ :- اس میں وہ تمام اصول بیان کیے ہیں جو تفسیر القرآن میں ملحوظ رکھے گئے ہیں -

۵۴۳ عبدالغفور ، فاروقی ، مولانا -

حدائق البیان فی معارف القرآن

ص ۳۸۲ - ۱۹۰۹ء مطبع حکیم برہم گورکھپور -

تبصرہ :- اتقان فی علوم القرآن، کا خلاصہ اس کے ساتھ کچھ تفسیری معلومات کا اضافہ بھی ہے۔ مکی مدنی سور کی فہرست تنزیلی فہرست ، تذکرہ مصاحف ، قراء کے حالات ، بیان وحی ، رسم خط ، حروف مقطعات ، بیان فضایل ، قرائت قرآن ، قرآنی دعائیں اور آداب تلاوت ، اس حدائق البیان میں قرآنی علوم کی کافی معلومات جمع کر دی گئی ہے۔

۵۴۴ عبدالرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا ، مترجم -

اصول تفسیر ابن تیمیہ اردو

ص ۱۱۲ دین محمدی پریس مکتبہ سلفیہ لاہور -

تبصرہ :- علامہ ابن تیمیہ حرانی کی کتاب اصول تفسیر کا یہ دوسرا ترجمہ ہے اس کی فصلیں ۲ ہیں۔ فضائل قرآن، آنحضرت صلعم نے تفسیر کیسے سکھائی، صحابہ میں اختلاف کیا تھا، تابعین کے تفسیری اقوال جس پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

۵۴۵ محمد حلیم، انصاری، مترجم۔

اتقان فی علوم القرآن ترجمہ اردو مصنفہ علامہ جلال الدین سیوطی ص ۵۰۶ - ۱۹۰۸ء فیض بخش اسٹیم پریس مرزا پور۔

تبصرہ :- تفسیر در منثور کا مقدمہ اور تمہید ہے۔ جس میں اصول تفسیر کے مختلف پہلوؤں پر نہایت مشرح بحث کی گئی ہے قرآن مجید کے جملہ علوم اور ہر علم کے انواع و اقسام از قبیل عام و خاص مجمل و مبین، محکم و متشابہ ظاہر ونص، نزول، طریق استنباط اور منازل و غیرہ اور ہر ایک باب کے شروع میں ان تمام تصنیفات کا حوالہ دیا گیا ہے جو مستقل طور سے اس موضوع پر لکھی گئی ہیں۔

۵۴۶ محمد عثمان، جامع۔

مکاتبات الخلان فی علوم التفسیر و علوم القرآن ص ۲۳۶ - ۱۹۱۵ء احمدی پریس علی گڈھ۔

تبصرہ :- نواب محسن الملک اور سر سید احمد خان کی خط و کتابت اصول تفسیر ورسالہ الدعاء ولاستجابتہ کے متعلق تھی ان ۱۰ خطوط کا یہ مجموعہ ہے اس میں علوم القرآن کی بعض بحثیں علمی ہیں اور مفید ہیں۔ اس کا بڑا حصہ تحریر فی اصول التفسیر میں بھی ہے۔

تعلیمات قرآن

۵۴۷ احسن یار جنگ بہادر ، نواب ۔
التبویب القرآن والجامع المسند الصحیح ۔ جلد اول عربی اردو ص ۴۰۰
حوالہ : ۔ فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۵ ۔

۵۴۸ اکبر علی ، گلبرگہ ، سید ۔
علم القرآن المشہور مطالب القرآن ص ۲۲۹ - ۱۳۳۹ ف رزاقی پریس حیدرآباد ۔

تبصرہ : ۔ کلام مجید کے احکام اور اسکے مطالب کو ردیف واری صورت میں مدون کیا ہے ۔

۵۴۹ انیس احمد ۔
تعلیم قرآن و کلید قرآن ص ۳۰۵ ۱۹۱۴ء الخلیل پریس بجنور ۔

تبصرہ : ۔ قرآنی تعلیمات کو عنوانات کے تحت جمع کردیا ہے ۔

۵۵۰ ثناءاللہ ، امرتسری ۔
تعلیم القرآن ، ۱۹۲۵ء دفتر اہل حدیث امرتسر ۔

۵۵۱ حسن نظامی ، دہلوی ، شمس العلماء ، خواجہ ۔
قرآن کے سبق ۱۹۲۴ء نظام المشایخ دہلی ۔

تبصرہ : ۔ کلام مجید سے وہ آیتیں منتخب کی گئی ہیں جنکے مطالعہ سے قرآنی تعلیم سے واقفیت ہوسکتی ہے ۔

۵۵۲ حسن نظامی ، خواجہ ۔
تعلیم القرآن ص ۹۴ - ۱۹۳۰ء نظام المشایخ دہلی ۔

تبصرہ : ۔ طلبا کے لیے تعلیم قرآن کی غرض سے چند ابواب کے تحت قرآن مجید کی آیتیں ترجمہ کے ساتھ درج کی گئی ہیں ۔ جو عقائد ۔ عبادات اور اخلاق پر مشتمل ہیں ۔ ۳۳ مضامین کا یہ مجموعہ ہے ۔

۵۵۳ حلیم ، انصاری ، رودولوی ، مولانا ۔
جواہر القرآن ۱۲۷۸ھ ۔ حوالہ : ۔ کتبخانہ امین منزل حیدرآباد و فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۶۶ ۔

۵۵۴ حیدر زماں ، صدیقی ، مولانا ۔
تبویب القرآن ۔ حوالہ :۔ فہرست فیروز سنز کراچی ص ۳۸ ۔

۵۵۵ ذکا اللہ خاں ، ایم ۔ اے ۔
رشحات القرآن ۱۹۳۹ء لطیفی پریس دہلی ۔

تبصرہ :۔ اس میں کلام اللہ سے دلائل توحید، اثبات رسالت و اتباع رسول ، اعجاز قرآن ، سترہ مضامین کی آیات منتخب کی گئی ہیں بعض کے فوائد بھی لکھے ہیں ۔

۵۵۶ سعید الدین ، انصاری ۔
اچھی باتیں ، مطبوعہ دہلی ۔

تبصرہ :۔ ان آیات قرآنی کی عام فہم تفسیر جو پند و نصائح پر مبنی ہیں ۔

۵۵۷ صبغۃ اللہ ، بختیاری، مولوی ، سید ۔
مقاصد قرآن ص ۸۶ ۔ ۱۹۴۷ء مکتبہ نشاط ثانیہ حیدرآباد ۔

تبصرہ :۔ اس میں عقائد، عبادات، معاملات، اخلاق کے متعلق کلام مجید کی بنیادی تعلیمات ، ایمان باللہ، حشر و نشر، جزا و سزا ، عمل صالح ، نماز، روزہ، حج ، زکواۃ، کی آیات جمع کر کے تشریح اور اسکی حکمتیں اور مصالح بیان کئے گئے ہیں ۔

۵۵۸ شوکت علی ، فہمی ، مفتی ، دہلوی ۔
ڈکشنری مضامین القرآن ص ۳۲۰ ۱۹۴۰ء دفتر دین و دنیا دہلی ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کے تیسوں پاروں کے مضامین اردو میں حروف تہجی کے طریقہ پر درج ہیں ۔ جس سے ہر مسئلہ اور موضوع آسانی سے معلوم کیا جاسکتا ہے یہ بلا متن قرآن کے ہے ۔

۵۵۹ عبدالحمید ، مرزا ۔
تعلیمات قرآن ۱۹۴۹ء قومی کتبخانہ لاہور ۔

۵۶۰ علی حسین ، بہاری ، ڈپٹی کلکٹر ۔
تفسیر مطالب القرآن ۳ جلد غلام رسول سورتی بمبئی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۲۲۰ ۔

تبصرہ :۔ تفسیر نہایت جامع ہے تمام مسئلوں کی جدا جدا سرخیاں قایم کر کے تمام کلام مجید سے اخذ کر کے اس کو مسلسل لکھا ہے موجودہ عہد کے مذاق کو بھی ملحوظ رکھا ہے ۔ رسالہ اردو جنوری ۱۹۲۳ء ص ۸۴ ۔

۵۶۱ عبداللہ ۔
ارشادات آسمانی ص ۶۴ ۔ ۱۹۲۰ء فظامی بک ایجنسی بدایوں ۔

۵۶۲ عبداللہ ، خاں بہادر ۔
القرآن ، مطبوعہ لاہور ۔

۵۶۳ عبیداللہ ، مولوی ، محمد ۔
اقتباس الانوار من کلام الغفار ص ۶۰۸ صدیقی لاہور ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی ۔

تبصرہ :- فہرست المضامین من کلام رب العالمین، توحید، خالقیت، رد شرک، صفت کلام ربانی، شان رسول کریم، معجزات، نماز، روزہ، زکواۃ، حج، ایمان، اعمال صالحہ، اخلاق، معاملات وغیرہ کے ۱۲۸ عنوان کے تحت آیات جمع کر دی گئی ہیں۔

۵۶۴ عبدالملک، مولوی۔

تعلیمات قرآن (عبادات) ص ۱۶ ۱۹۴۳ء مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی۔

۵۶۵ عبدالملک، مولوی۔

تعلیمات قرآن (معاملات) ص ۱۶۔ ۱۹۴۳ء مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی۔

۵۶۶ عبدالملک، مولوی۔

تعلیمات قرآن (اخلاق) ص ۱۶۔ مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی۔

۵۶۷ عبدالملک، مولوی۔

تعلیمات قرآن (عقائد) ص ۱۶ ۱۹۴۳ء مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی۔

۵۶۸ فتح محمد، جالندھری، مولانا۔

ارشادات القرآن ۱۹۰۳ء مطبوعہ لاھور۔

۵۶۹ فتح محمد، تائب، لکھنوی، مولانا۔

احسان فی تعلیم القرآن - ص ۳۹۶ ۱۹۱۰ء مطبع نولکشور لکھنؤ۔

۵۷۰ کرم الٰہی، مولوی۔

تعلیم القرآن ص ۲۷ مطبع فیض عام علی گڈھ۔

۵۷۱ محمد احسن،

جواھر القرآن مع ترجمہ اردو ۱۹۰۵ء مطبع مجتبائی دھلی۔

۵۷۲ محمد ادریس، اکبرآبادی، تحصیلدار۔

اصلاح المسلمیں، اردو ص ۸۰ ۱۹۳۱ء مؤلف تاج گنج آگرہ۔

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کی وہ تعلیمات پیش کی ھیں جو مسلمانوں کو ترقی کی راہ میں ھیں۔

۵۷۳ محمد اسلم، جیراج پوری، مولانا۔

تعلیمات قرآن ص ۲۲۸-۱۹۳۴ء تجلی برقی پریس دھلی۔

تبصرہ :- قرآنی تعلیمات، ابواب و فصول کے تحت مرتب کی ہے۔

۵۷۴ محمد حسین، ابوالبشر پالوی۔

تسہیل الفرقان مضامین قرآن۔ جلد اول ص ۲۱۷ - ۱۹۴۹ء پلوا برادر جیکب لائن کراچی۔

تبصرہ :- مضامین القرآن مسمی بہ تسہیل الفرقان میں کثیرالتعداد عنوانات کے تحت اس سلسلے کی تمام آیات جمع کردی گئی ھیں۔ ترجمہ مع حوالہ آیات و سور کے ہے۔

۵۷۵ محمد حسین ، ابوالبشر ، پالوی -

تسہیل الفرقان جلد ۲ ص ۵۲۰ -

۱۹۵۰ء پلوا برادر جیکب لائن کراچی -

تبصرہ :- کلام مجید کے مضامین دربارہ ایمان باللہ چند ابواب میں جمع کردیئے ہیں -

۵۷۶ محمد سلیم ،

البینات ص ۳۲۹ - ۱۹۳۵ء البینات

امراوتی برار -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کی آیتیں مع ترجمہ اس ترتیب سے جمع کی ہیں کہ ایک موضوع پر قرآن مجید کی تعلیمات کا علم اجمالاً سامنے آجائے - کتاب کے چند ابواب مذہبیات، معاشیات، اخلاقیات، وغیرہ میں بعض جگہ تشریح و تفسیر بھی کی ہے اس کے شروع میں الاصبح کے عنوان سے مقدمہ ہے -

۵۷۷ محمد ظفر ، ایم - اے ، مولوی -

روح القرآن ص ۲۸۰ - ۱۹۲۹ء

گوڑ گاؤں پنجاب -

تبصرہ :- قرآن مجید کی ایک مرتب و مدون فہرست ہے جو مختلف ابواب میں مضامین قرآن کے عنوانات قایم کرکے آیتوں کے حوالے درج کئے ہیں - آخر میں خواص و مطالب و شان نزول بھی ہے -

۵۷۸ محمد غوث ، سعید، حیدرآبادی -

آیات القرآن ۱۳۰۶ھ کتبخانہ آصفیہ

جلد ۲ ص ۱۳۶۰ -

۵۷۹ محمد مرتضیٰ ، حیدرآبادی ،

مولوی -

آیات القرآن مطالب و مضامین قرآن

۱۳۴۵ھ قلمی -

(نوٹ) مولوی محمد غوث ایم - اے کے پاس یہ مسودہ ہے - (سب رس دسمبر ۱۹۵۱ء) -

۵۸۰ محمد یوسف ، اکبرآبادی ، خان بہادر ، ڈپٹی کلیکٹر -

نسخہ کیمیا ص ۲۶۰ - ۱۹۴۵ء

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور -

تبصرہ :- اس میں دس ابواب کے تحت ان احکام خداوندی کو جو اخلاق اور انسانی ہمدردی وغیرہ سے تعلق رکھتے ہیں مختلف عنوانات میں جمع کردیا ہے اور مسدس حالی سے حسب موقعہ اشعار درج کئے ہین - انسانی زندگی کی تمام انفرادی اجتماعی قومی اور بین الاقوامی ضروریات کے متعلق قرآنی آیات جمع کردی ہیں ، متن قرآن کے ساتھ ترجمہ بھی ہے -

۵۸۱ ممتاز علی ، لاہوری ، مولانا ، مولوی ، سید -

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن

۶ جلد ۱۳۵۱ھ دفتر تعلیم القرآن لاہور -

تبصرہ :- قرآن مجید کے مضامین و تعلیمات کو مختلف ابواب مثلاً باب العقائد ، باب الاحکام ، باب الاخلاق وغیرہ میں تقسیم کرکے ہر ایک باب کو متعدد فصول اور عنوانات میں پیش کیا ہے - ہر ایک عنوان کے ذیل میں وہ تمام آیات جو اس عنوان سے تعلق رکھتی ہیں جمع کردی گئی ہیں - آیات کا ترجمہ بھی ہے - تشریح و توضیح نہیں کی ہے -

۵۸۲ نذیر احمد، دہلوی، مولانا، حافظ

مطالب القرآن - ص ۱۴۰ شمس پریس دہلی -

تبصرہ :- قرآن مجید کی تمام تعلیمات، عبادات، معاملات، احکام و مسائل وغیرہ کو عنوانات کے تحت جمع کیا ہے - پہلا حصہ یہ ہے جسمیں عقائد کا بیان ہے -

۵۸۳ واصف، غلام محمد، مہدی -

مطالب القرآن - ص ۳۸۱ حیدرآباد دکن -

۵۸۴ وحید الزمان، مولانا -

تبویب القرآن لضبط مضامین الفرقان مع حواشی تفسیر احمدی ص ۲۰۳ ۱۹۱۴ء مطبع احمدی لاہور -

تبصرہ :- اس میں کلام مجید کے مضامین و تعلیمات کے اعتبار سے ہم مضمون آیات عنوان کے ساتھ اشارہ پارہ، سورہ، رکوع مع ترجمہ یکجا کردیا ہے - ذیل میں تفسیری حواشی بھی ہیں -

۵۸۵ یعقوب حسن، مدراسی، سیٹھ،

کتاب الھدا ص ۲۵۶ - ۱۹۲۶ء سیٹھ یعقوب حسن، میلا پور مدراس -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کے متعدد مضا میں کی آیات کو حوالوں کے ساتھ ساتھ یکجا کرنے کا جو کام شروع کیا ہے اس کا پہلا حصہ ہے - خدا کی ذات و صفات اور تمام اجزائے کائنات کی آفرینش کے متعلق قرآن پاک کی تمام آیتوں کو اس حصہ میں جمع کیا ہے اور ان کا ترجمہ اور نیچے تفسیری نکات بھی درج ہیں -

احکام القرآن

۵۸۶ ابراهیم علی خاں -
منتخب احکام القرآن - ص ۳۲۷ -
۱۲۹۷ھ ڈپوٹی بک ڈپو علی گڑھ - حوالہ :-
الفہرست ص ۹ و کٹلاگ ہندوستانی پرینٹیڈ بکس برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۱۲۵ -

۵۸۷ احکام قرآن - حوالہ : - کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی نمبر ۱۶۲۵ -

(نوٹ) اردو انگریزی عربی میں مرتب کئے گئے ہیں -

۵۸۸ اشرف علی، مولانا -
تفصیل البیان فی مقاصد القرآن
۱۹۱۰ء دارالتبلیغ دیوبند -

۵۸۹ انتظام اللہ، شہابی -
احکام قرآن ص ۶۴ - ۱۹۴۷ء مکتبہ ادب، دھلی -

تبصرہ :- تعلیمات قرآن کا مجموعہ عبادات، اخلاق، معاملات، وغیرہ کی ۲۵ ابواب کے تحت آیات جمع کی گئی ہیں -

۵۹۰ انتظام اللہ، شہابی اکبرآبادی
اسباق قرآن ص ۳۲ - ۱۳۶۰ھ
مکتبہ جامعہ دینیہ آگرہ - حوالہ : - مطبوعات کتب خانہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۲ -

۵۹۱ انور علی، سید -
تفسیر احکام القرآن (تفسیر آیات الاحکام) ص ۲۱۸ - ۱۲۹۴ھ مطبع حسینی بمبئی - حوالہ : فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۲۱۸ و فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۳۱ -

۵۹۲ ترجمہ آیات قرآنی - ص ۴۴ مابعد
۱۲۰۰ھ قلمی - حوالہ : - کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۴ -

(نوٹ) اس رسالے میں کلام پاک کی مختلف آیتوں کا ترجمہ ہے جو احکام سے متعلق ہیں -

۵۹۳ حبیب حسین، صدیقی۔

احکام القرآن ص ۱۲۴ - ۱۹۳۸ء

عزیزی پریس آگرہ۔

تبصرہ:۔ قرآن پاک کے جملہ احکامات جدا جدا عنوان کے تحت مختلف سورتوں سے اخذ کر کے اردو میں جمع کر دئے گئے ہیں۔ حاشیہ پر اشارات اور ہندسے درج ہیں جس کی مدد سے وہ آیات قرآن کریم سے نکالی جاسکتی ہیں۔

۵۹۴ روح اللہ، کرمانی، محمد۔ وکیل اناو۔

احکام القرآن ص ۳۲ - ۱۹۲۵ء

فخر المطابع لکھنؤ۔

(نوٹ) اس میں ۵۲ عنوان ہیں جن کے تحت اخلاقیات کے ساتھ احکام ضروری مع ترجمہ کے یکجا کردئے گئے ہیں۔

۵۹۵ زاہد الحسنی، قاضی، محمد۔

احکام القرآن ص ۲۸۳ ملک سراج الدین لاہور۔

تبصرہ:۔ فقہی ابواب کے لحاظ سے آیات احکام جمع کی گئی ہیں۔

۵۹۶ شمس الدین۔

اوامر ونواہی در احکام الٰہی ۲ جلد ۱۹۴۵ء مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ۔

۵۹۷ عبادالحق، مولوی۔

الکلام المہذم فی نقص القول المحقق المحکم، مطبوعہ لکھنؤ۔

۵۹۸ عبدالرحمان خاں، ایم۔

احکام قرآنی ص ۳۷۲ - ۱۹۴۷ء

ایم ثناءاللہ خاں بکسیلر لاہور۔

تبصرہ:۔ اس میں قرآن پاک کی آیات مع ترجمہ مختلف عنوان کے تحت مختلف ابواب میں درج کی گئی ہیں، عبادات، اخلاق و معاشرت وغیرہ غرضکہ قرآن مجید کے جملہ احکام کا خلاصہ ہے۔

۵۹۹ عبدالرحمان خاں، ایم۔

تعارف قرآنی ص ۲۰۰ - ۱۹۴۵ء

ایم ثناءاللہ خاں بکسیلر لاہور۔

۶۰۰ عبدالرحمان صدیقی۔

احکام قرآنی۔ حوالہ:۔ فہرست فیروز اینڈ سنز لاہور ص ۴۱۔

۶۰۱ عبدالصمد، مولوی۔

جواہر الصمدیہ فی احکام القرآنیہ ص ۹۰۸ - ۱۳۰۷ھ صدیقی پریس لاہور۔

۶۰۲ عبدالعلی، نگرامی، حافظ۔

تفسیر آیات احکام ص ۴۹۳ - ۱۲۶۶ھ مطبع علوی۔ حوالہ:۔ فہرست کتبخانہ دستور ساز پاکستان ۱۹۵۱ء ص ۳۷۔

۶۰۳ عبدالعلی، نگرامی، شاگرد مولانا انور علی۔

ترجمہ تفسیر احمدی ص ۱۵۸

۱۲۶۰ھ قلمی ۔ حوالہ :۔ کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۳ ۔

(نوٹ) تفسیر احمدی کا غیر مکمل ترجمہ معہ اضافہ کے ہے جس میں احکام قرآن کو فقہی اعتبار سے مرتب کیا ہے۔

۶۰۴ عزیز حسن، بقائی ، حافظ ۔ناشر۔

احکام قرآنی ص ۱۲۵ - ۱۳۷۱ھ

منیجر رسالہ پیشوا دھلی ۔

تبصرہ : ۔ ۱۱۵ احکام قرآنی کا مجموعہ ہر آیت کی تشریح بھی کی گئی ہے۔

۶۰۵ محب الحق، شمس العلما ۔

شرعۃ الحق عزیزی پریس آگرہ

حوالہ :۔ فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۲۵۲ ۔

تبصرہ : ۔ جس میں اسلام کے تفصیلی احکام کا قرآن مجید سے استخراج کیا گیا ۔

۶۰۶ محمد جعفر، ندوی ، شاہ ۔

قرآنی سبق ص ۸۸ - ۱۹۵۷ء

دارالاشاعت پنجاب ۔

۶۰۷ نثار اللہ، بی ۔ اے۔

احکام قرآن ص ۲۴۰ - ۱۹۵۰ء

مکتبہ تعلیمات اسلام لکھنؤ۔

تبصرہ :۔ اس کتاب میں عقائد، عبادت ، اخلاق اور معاشرت و معاملات کے عنوان کے تحت قرآن پاک کی آیات درج کی ہیں ۔ اس کی تشریح فقہی احکام اور اس کے اسرار و غوامض بیان کئے ہیں۔

۶۰۸ نجیب احمد، مومن حسن ۔

تفسیر آیات الاحکام ۔ حوالہ : ۔

فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ۔ ص ۳۱ ۔

قصص القرآن

۶۰۹ ابوالحسن ، ندوی ، مولانا ، سید -

قصص النبیئین ص ۱۵۱ - ۱۹۴۶ء

مکتبہ اسلام لکھنؤ -

تبصرہ :- اس میں کلام مجید سے انبیا علیہ السلام کے حالات مرتب کیے گئے ہیں -

۶۱۰ ابوالحسن ، فریدآبادی ، مولانا -

تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا جلد ۲

ص ۳۶۰ - ۱۹۳۱ء نولکشور لکھنؤ -

حوالہ :- فہرست کتبخانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن نشان ۱۷۶۷ و فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۰ -

۶۱۱ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا -

حضرت یوسف ص ۱۴۳ - ۱۹۵۳ء

عباسی کتبخانہ کراچی -

۶۱۲ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا -

اصحاب کہف و ذوالقرنین

ادبستان لاہور -

۶۱۳ ابو سلیم ، محمد ، عبدالحی -

حضرت عیسیٰ - مدینہ بک ایجنسی بجنور -

(نوٹ) حضرت عیسیٰ کے حالات زندگی -

۶۱۴ ابو سلیم ، محمد ، عبدالحی -

حضرت موسیٰ ص ۱۶۸ - ۱۹۰۹ء

مکتبہ الحسنات رام پور -

تبصرہ :- یہ کتاب حضرت موسیٰ اور بنی اسرائیل کے حالت پر مشتمل ہے -

۶۱۵ ابو النصر ، مولانا - مترجم -

طلائع المقدور من مطالع الدهور

ص ۲۰۴ - ۱۳۰۱ء مطبوعہ بھوپال -

۶۱۶ احسن اللہ خان ، حکیم ، محمد -

عجائب القصص ، دو حصہ

ص ۱۲۸ و ۱۳۴ - ۱۹۲۲ء نولکشور لکھنؤ

حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۵۲۲ -

۶۱۷ احمد حسین، ترمذی، بی - اے -
قرآنی افسانہ، کتبخانہ اثنا عشری
لاہور -

۶۱۸ احمد حسین، الہ آبادی، حکیم -
ترجمہ تاریخ علامہ ابن خلدون
کتاب ثانی جلد اول ص ۳۰۲ - ۱۸۹۸ء
مطبوعہ الہ آباد -

تبصرہ :- حضرت نوح علیہ اسلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کے تفصیلی حالات انساب عالم، طبقات عرب، تعمیر خانہ کعبہ، فراعنہ مصر، ملوک تبابع، ملوک حبش، یمن، اصحاب فیل، ملوک بابل، موصل، ملوک بنی اسرائیل، تعمیر بیت المقدس، کتابت و تدوین انجیل - آغاز میں علامہ ابن خلدون کی سوانح عمری بھی شامل ہے -

۶۱۹ احمد مکرم، مولانا -
حیات الخضر ص ۱۰۰ - ۱۳۳۵ھ
اختر پریس حیدرآباد دکن -

۶۲۰ احوال الانبیا دو جلد ص ۱۵۰
۱۹۰۴ء راجہ رام کمار بک ڈپو لکھنؤ -

تبصرہ :- پہلی جلد میں حضرت آدم سے حضرت عیسیٰ تک کے حالات - دوسری جلد میں آنحضرت صلعم و صحابہؓ کرام کا ذکر ہے -

۶۲۱ احمد الدین، مولوی -
حالات انبیا ص ۷۲ - ۱۹۳۰ء
نظامی پریس بدایون (نوٹ) انبیا علیہم کے مختصر حالات سلیس اردو میں مسلمان بچوں کے لئے -

۶۲۲ اسوۂ ابراہیم علیہ السلام
مکتبہ دانش لاہور -

۶۲۳ اشرف علی، تھانوی، مولانا -
الترتیب الاطیف فی قصة الکلیم
والحنیف ۱۳۶۷ھ اشرف العلوم دیوبند -

۶۲۴ اصغر حسین، دیوبندی، مولانا، سید -
حیات خضر ص ۵۶ - ۱۳۲۴ھ
مطبع فخر المطابع لکھنؤ -

تبصرہ :- اس میں قرآن وحدیث اور کتب تفسیر و تاریخ سے حضرت خضر علیہ السلام کے حالات جمع کئے گئے ہیں -

۶۲۵ اعظم خان -
سیرت الانبیا - حوالہ :- عہد عثمانی
میں اردو کی ترقی ص ۱۲۸ -

۶۲۶ آقائے مرتضیٰ احمد خان، محمد -
درانی -
الہامی افسانے - پہلا حصہ ص ۱۴۹
۱۹۲۷ء دفتر انقلاب لاہور - حوالہ : رسالہ
اردو جنوری ۲۸ ص ۱۳۴ -

تبصرہ :- قرآن پاک کے قصص کو الہامی افسانے میں بے حد موثر پیرایہ میں بیان کیا ہے، دس قصے ہیں جن میں، ہابیل و قابیل، حضرت ابراہیم، حضرت

اسحاق ، حضرت یوسف ، ہاروت و ماروت حضرت موسیٰ اور ملکہ سبا وغیرہ کے قصے لکھے ہیں - ادبی شان کا لحاظ رکھا ہے - اسکے ساتھ ہی گمراہ قوموں پر جو عذاب نازل ہوا تھا اس کا بیان عبرت اور بصیرت کے لئے پیش کیا ہے -

۶۲۷ انتظام اللہ ، شہابی -

تاریخ انبیا ص ۲۱۶ - ۱۳۷۵ھ

محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی - علامہ ابن خلدون کی تاریخ کی کتاب ثانی جلد اول کا ترجمہ مع ضروری اضافہ کے ہے - حضرت آدم سے لیکر آنحضرت صلعم تک کے حالات اسمیں مفصل بیان کئے گئے ہیں -

۶۲۸ انوار الحق ، ایم - اے -

تاریخ ابوالبشر ص ۲۰۲ - ۱۹۱۰ء

دار الاقبال لاہور -

۶۲۹ بی بی مریم - مثنوی ، ص ۳ - ۷ - ۱۱۹۰ھ قلمی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۶۹ ۲/۱ -

۶۳۰ تاج ور ، نجیب آبادی ، مولانا -

حضرت مسیح - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۶۲ -

تبصرہ :- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سبق آموز حالات اور آپکی تعلیم -

۶۳۱ جمال الدین -

قصہ سکندر ذوالقرنین ص ۱۳۱ - ۱۲۸ - ۱۸۸۱ء - حوالہ :- کیٹلاگ برٹش میوزم لائبریری لندن ص ۱۰۹ -

۶۳۲ جیو -

حضرت عیسیٰ ص ۲۸ قلمی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی پاکستان الف ۲۲ ۲/۱ -

۶۳۳ چراغ علی ، مولوی ، اعظم یار جنگ -

حضرت عیسیٰ ص ۲۰ - ۱۹۲۵ء

وکیل بکڈپو امرتسر -

۶۳۴ چراغ علی ، مولوی ، وکیل بک ڈپو امرتسر -

ہاجرہ - ص ۳۲ - ۱۹۱۸ء -

۶۳۵ چراغ علی ، مولوی ، اعظم یار جنگ

حضرت سلیمان علیہ السلام

ص ۳۲ - ۱۹۲۰ء نولکشور اسٹیم پریس لاہور -

تبصرہ :- حضرت سلیمان کے واقعات کی آیات قرآنی و تورات سے سائنٹفک تشریح - علم منطق الطیر ، جن ، پر مفصل بحث کی گئی ہے -

۶۳۶ حسن نظامی ، خواجہ ، شمس العلما

تاریخ مسیح ص ۲۱۶ - ۱۹۲۷ء

کارکن حلقہ نظام المشائخ بک ڈپو دہلی -

تبصرہ :- تاریخ مسیح میں حضرت عیسیٰ کے تمام سوانح حیات اور پیام دعوت، عیسائیوں کی معتبر کتابوں سے یکجا کردیا ہے۔

۶۳۷ حسن نظامی ، خواجہ -

قرآن کی کہانیاں، نظام المشایخ دھلی -

تبصرہ :- کلام اللہ کے قصے جمع کر دئے ھیں -

۶۳۸ حسن نظامی ، خواجہ -

پیغمبروں کی کہانیاں، نظام المشایخ دھلی -

تبصرہ :- پیغمبران کرام کے سچے حالات جمع کیئے ھیں جس میں اخلاقی اور مذھبی اصلاح کے تمام پہلو موجود ھیں -

۶۳۹ حفظ الرحمان، سیوھاروی ، مولانا -

قصص القرآن جلد اول ص ۵۳۵

۱۹۵۰ء فاروقی پریس دھلی -

تبصرہ :- اس میں قصص قرآن اور انبیا علیہم السلام کے سوانح حیات اور ان کی دعوت حق مستند تاریخی ماخذ سے پیش کئے ھیں جو حضرت آدم سے لیکر حضرت موسیٰ و ھارون تک کے تفصیلی محققانہ حالات ھیں -

۶۴۰ حفظ الرحمان ، مولانا -

قصص القرآن حصہ دوم ص ۲۷۹

۱۹۴۷ء ندوت المصنفین دھلی -

تبصرہ :- قصص القرآن اور انبیا علیہم السلام کی مستند تاریخ و تفسیر جس میں حضرت یوشع علیہ السلام کے واقعات سے لیکر حضرت یحیٰ کے حالات مبصرانہ اور محققانہ بیان کئے گئے ھیں -

۶۴۱ حفظ الرحمان ، مولانا -

قصص القرآن حصہ سوم ص ۴۴۸

۱۹۴۷ء - ندوت المصنفین دھلی -

تبصرہ :- جس میں انبیا علیہم السلام کے سوانح کے علاوہ باقی قصص قرآنی، اصحاب الحجر، اصحاب القریہ ، حضرت لقمان ، اصحاب السبت ، اصحاب الرس ، بیت المقدس ، اور یہود ، ذوالقرنین ، سدسکندری، اصحاب کہف والرقیم ، سبا، سیل عرم، اصحاب الاخدود اور اصحاب الفیل ، کی مکمل اور محققانہ تفسیر و تشریح کی گئی ہے -

۶۴۲ حفظ الرحمان ، مولانا -

قصص القرآن حصہ چہارم ص ۵۷۵

۱۳۶۹ھ ندوت المصنفین دھلی -

تبصرہ :- حضرت عیسیٰ اور خاتم الانبیا صلعم کے واقعات اور حالات کا مبصرانہ اور محققانہ بیان ہے -

۶۴۳ حفیظ اللہ -

حیاۃ الانبیا - حوالہ : مجلہ طیلسانئین عثمانیہ حیدرآباد دکن اکتوبر ۴۳ء ص ۵۷ -

۶۴۴ خان بہادر خاں ، نواب ، بریلی -

مقاصد الصالحین ص ۱۲۰ -

۱۲۷۰ء کانپور مطبع نظامی - حوالہ : - العلم اپریل ۱۹۵۶ء ص ۷۰ -

۶۴۵ راشد الخیری، علامہ -

قرآنی قصے - عصمت بک ڈپو دھلی -

۶۴۶ ذکی، مولانا۔
صبر ایوب ص ۳۲ - ۱۹۴۵ء
سلطان حسین اینڈ سنز تاجر کتب کراچی۔

۶۴۷ رحیم بخش۔
ابن مریم، ص ۱۶۸ - ۱۹۳۸ء
فرید کوٹ روڈ لاہور۔

تبصرہ :۔ اس میں حضرت عیسیٰ کی ولادت وغیرہ کی محققانہ بحث ہے۔

۶۴۸ رشدی، عبد الماجد۔
رونق الکلام فی احوال الخضر علیہ السلامؑ۔ مطبع علائیہ حیدرآباد دکن۔

۶۴۹ سرفراز خاں۔
تواریخ انبیا ۱۲۸۱ھ۔ مطبع رضوی دہلی۔

۶۵۰ سید جلیل، قریشی۔
حضرت یوسف ص ۳۶ - ۱۹۰۶ء
حالی پریس پانی پت و تجارتی پریس کانپور
حوالہ :۔ کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۳۲ ۲/۱

۶۵۱ سید حسین۔
قصص القرآن تاریخی حیثیت سے۔
قلمی۔ حوالہ :۔ مجلہ طیلسانئین عثمانیہ حیدرآباد دکن اکتوبر ۱۹۳۴ء ص ۸۰۔

۶۵۲ سعادت علی، اکبرآبادی، قاضی، سید، تخلص سعید، نکاح خواں۔
تاریخ انبیا منظوم۔ حوالہ شاعر آگرہ نمبر ۱۹۳۶ء ص ۲۰۔

۶۵۳ سیماب، اکبرآبادی، مولانا۔
صبر ایوب۔ حوالہ :۔ شاعر آگرہ نمبر ۱۹۳۶ء ص ۲۵۔

۶۵۴ سیماب، نذیر احمد
تذکرہ انبیا، مطبوعہ لاہور۔

۶۵۵ شاہ غوث، جامی، ارکاٹی، ف ۱۲۲۵
ریاض مسعود، مثنوی (قصص الانبیا)
ص ۴۹۲ - ۱۱۹۱ھ قلمی۔ حوالہ :۔ اردو مخطوطات کتبخانہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ص ۹۴ و کتبخانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۵۱۵۔

تبصرہ :۔ ۴۰۰۰ ابیات کی مثنوی ہے۔ ابتدائے آفرینش سے یوسف علیہ اسلام تک کے حالات کا دکنی اردو ترجمہ ہے۔

آغاز۔ کروں حمد خدا اول بیاں میں
ثنا ہور صفت کو اس کی عیاں میں
کیا ارض و فلک کوں جسنے پیدا
جو کچھ ماین ہے اسکے ہویدا
تو غوثی انبیا کا ذکر اکثر
زباں سے اپنی کر تاتھا نکوتر

۶۵۶ شاہ محمد عبداللہ
قصص الانبیا ص ۳۸۸ قیومی پریس

کانپور۔ حوالہ :۔ فہرست عباسی کتبخانہ کراچی ص ۲۸ ۔

۶۵۷ شبیر احمد عثمانی ، علامہ ،

مدفن مسیح ، دارلتبلیغ دیو بند

۶۵۸ شمس الدین ۔

آیات صریح فی ولادت مسیح
۱۹۲۰ء مطبوعہ لاهور۔

۶۵۹ شوق ، امرتسری ۔

پیغمبروں کے حالات ص ۸۰ حوالہ :۔
عباسی فہرست کتبخانہ کراچی ص ۲۹ ۔

تبصرہ :۔ اس میں بچے اور بچیوں کے لیے پیغمبران کرام کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔

۶۶۰ عبد الجلیل ۔

تاریخ المرسلین ۔ حوالہ :۔ فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۲۹ ۔

۶۶۱ عبد الحق ،

قصص انبیا کلاں مطبوعہ کانپور
حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ مجلس دستور ساز پاکستان ۱۹۵۴ء ص ۲۴ ۔

۶۶۲ عبد الحمید ۔

حضرت یونس ص ۳۱ - ۱۸۸۱ء
مطبوعہ آگرہ ۔ حوالہ : ۔ کیٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۴ ۔

۶۶۳ عبدالحی ، فاروق ، مولوی، خواجہ ۔

نبیوں کے قصے ص ۸۰ - ۱۹۳۱ء
مکتبہ جامعہ ملیہ دهلی۔

تبصرہ :۔ انبیائے کرام کے حالات قرآن مجید سے اخذ کر کے بیان کئے گئے ہیں۔

۶۶۴ عبدالسلام ، عرشی ۔

احوال انبیا ص ۵۲ مطبع رحمانی
حیدرآباد دکن ۔

۶۶۵ عبد الشکور ، لکھنوی ، مولانا ۔

ترجمہ تاریخ طبری پہلی جلد
۱۹۲۶ء عمدۃ المطابع لکھنؤ ۔

تبصرہ :۔ ابتدائے آفرینش سے حضرت موسیٰ تک کے عہد کے حالات ۔

۶۶۶ عبدالصمد ، ابن عبدالوهاب خاں ،
نصرت جنگ ، مترجم ۔

قصص انبیا ص ۳۷۶-۱۲۱۸ھ قلمی
حوالہ :۔ کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۵۲۲ ۔

تبصرہ :۔ نصرت جنگ ، محمد علی خاں والا جاہ والی ارکاٹ کے بھائی تھے ۔ اس میں انبیا علیہم السلام کے قصے بیان کئے گئے ہیں ۔ جو قصص انبیا فارسی کا ترجمہ ہے۔

آغاز :۔اللہ تعالیٰ ایک ہے اور سب سے بڑا ہے کوئی اس کا شریک نہیں ہے اور سب کوں پیدا کرنے ہارا الخ ۔

۶۶۷ عبد المجید ، بھٹی -

طورسینا سے کوہ فاران تک ۱۹۵۷ء

احسن برادرز لاہور -

تبصرہ :- حضرت موسیٰ سے آنحضرت صلعم تک کے انبیائے کرام کے حالات -

۶۶۸ عبید الحق -

نوح ص ۳۲ - ۱۹۵۶ء المکتبہ علمیہ لاہور -

۶۶۹ عبید الحق -

آدم ص ۳۸ - ۱۹۵۶ء المکتبہ علمیہ لاہور -

۶۷۰ عبدالقیوم ، ندوی، مولانا -

انبیائے کرام اور مشاہیر اسلام

۱۹۵۴ء کتب خانہ محمد زبیر -

تبصرہ :- اس میں حضرت آدم سے تا ایندم بشمول انبیائے کرام و خلفائے راشدین اور مشاہیر اسلام کے تاریخی شخصیتوں کے حالات جمع کر دئے گئے ھیں - کتاب کے شروع میں علامہ سید سلیمان ندوی کا دیباچہ ہے -

۶۷۱ عبد اللطیف -

تذکرہ یونس ص ۴۴ - ۱۳۳۴ھ

رحمانیہ پریس مونگیر - حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی - الف ۲۲ $\frac{10}{4}$ -

۶۷۲ عبد اللطیف ، مفتی -

تاریخ خلافت حصہ اول حوالہ :- صدیق بک ڈپو ص ۲۴۲ -

تبصرہ :- حضرت آدم سے سرور کائنات تک کی حکومت کا بیان -

۶۷۳ عبدالماجد ، دریابادی ، مولانا -

مسایل و قصص ص ۱۳۲

ادارہ اشاعت اردو حیدرآباد دکن -

تبصرہ :- بعض مسائل جدید روشنی میں پیش کئے ھیں اور قصص الانبیا کے متعلق سیر حاصل بیان ہے -

۶۷۴ عبد الماجد ، بدایونی ، مولانا -

تاریخ خلافت - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو ص ۱۹۷ -

۶۷۵ عبد الملک -

قصص قرآن مجید حصہ اول ص ۱۶ مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی -

۶۷۶ عبدالملک -

قصص قرآن مجید حصہ دوم ص ۱۶ مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی -

۶۷۷ عبد اللہ ، فرضی -

قصص الانبیا - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۴۰ -

۶۷۸ عبداللہ العمادی ، مولانا -

تاریخ عرب قدیم - وکیل امرتسر -

تبصرہ :- عرب کی قدیم تاریخ کے ساتھ قوم عاد ، ثمود ، سبا و ذوالقرنین کا تفصیلی ذکر ہے۔

۶۷۹ علی بخش، مدراسی -

قصہ بی بی مریم ص ۸۱-۱۲۹۰ھ مطبع نظامی مدراس - حوالہ :- کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۲/۲۱۷ -

(نوٹ) کتبخانہ میں قلمی نسخہ موجود ہے۔

۶۸۰ علی میاں، قاضی -

بی بی مریم ص ۴۸ - ۱۹۴۵ء سلطان حسین اینڈ سنز بندر روڈ کراچی -

۶۸۱ علیم الدین، نقشبندی ، مولوی -

قصص القرآن ص ۱۳۰ - ۱۹۲۵ء مرغوب بک ایجنسی لاھور -

تبصرہ :- قرآن مجید میں انبیا علیہم السلام کے حالات و واقعات مذکور ھیں ان کو تاریخی ترتیب سے الگ الگ بیان کیا ہے ، اسرائیلات سے بھی مدد لی ہے۔ یاجوج و ماجوج، ھاروت و ماروت ، اصحاب فیل ، اصحاب قریہ ، کے واقعات کی بھی تفصیل ہے۔ چند سبق آموز حکایات بھی ھیں - آخر میں آنحضرت صلعم کے معجزات کا بیان ہے - حضرت ادریس اور حضرت ہود کا ذکر رہ گیا ہے۔

۶۸۲ عنایت رسول، چڑیا کوٹی، مولانا -

حضرت ابراھیم اور حضرت ھاجرہ ص ۳۶۵ - ۱۹۲۵ء مرکنٹائل بکڈپو امرتسر -

۶۸۳ غلام نبی، ابن عنایت اللہ مترجم -

خلاصۃ الانبیا ترجمہ قصص الانبیا ص ۵۴۰ - ۱۲۶۳ھ مطبوعہ بمبئی - حوالہ :- فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ - ص ۲۲۴ و کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۹۷ -

تبصرہ :- انبیا علیہم السلام کے مفصل حالات اس میں بیان کئے گئے ھیں - روضۃ الصفا ، معارج النبوت تاریخ گزیدہ ، تاریخ اعثم کوفی، تاریخ حبیب السیر وغیرہ سے اس کتاب میں استفادہ کیا ہے۔

۶۸۴ فتح محمد خاں، جالندھری -

نفائس القصص و حکایات ص ۱۱۸ - ۱۹۰۷ء رفاہ عام لاھور -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کے قصوں کو اردو میں جمع کیا ہے۔

۶۸۵ فخر الدین، مترجم -

عجائب القصص ترجمہ اردو ص ۸۹۲ - ۱۲۶۵ھ مطبع مجتبائی دھلی -

۶۸۶ فرزند علی، سید -

باغ آدم - حوالہ :- خطبات گارساں دتاسی ص ۳۳۱ -

۶۸۷ قدرتی، دکھنی، ف ۱۱۸۶ھ -

قصص الانبیا اردو قدیم ص ۱۰۹۵ ۱۲۰۰ھ قلمی - حوالہ :- رسالہ العلم کراچی اکتوبر دسمبر ۱۹۵۳ء - ص ۱۰۰ و دکن

میں اردو ص ۲۳۴ -

نمونہ :- کہیا قدرتی خوب تازہ کلام
که بر صدق یوسف علیہ اسلام

تبصرہ :- حمد، آفرینش عالم، حضرت آدم سے سید المرسلین تک کے قصص مثنوی میں بیان کئے گئے ہیں -

۶۸۸ قصہ حضرت مریم و عیسیٰ

حوالہ :- فہرست کتبخانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن نشان ۶۷۵ ء -

۶۸۹ کریم الدین، پانی پتی، مولوی -
ریاض الاخبار ص ۲۶۰ - ۱۸۸۱ء مطبوعہ بمبئی -

تبصرہ :- اسمیں حضرت آدم سے آنحضرت صلعم تک کے حالات لکھے گئے ہیں -

۶۹۰ گوہر علی خاں، رام پوری -
صبر ایوب - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۴۸ -

تبصرہ :- حضرت ایوب کے صبر اور آزمائش کا تاریخی حال بیان کیا ہے۔

۶۹۱ محمد ادریس، مولوی -
حیات عیسیٰ، مکتبہ دانش لاہور -

تبصرہ :- اس میں حضرت عیسیٰ کی سوانح زندگی کے ساتھ رفع الی السما اور نزول قرب قیامت کو دلیل وبرھان سے ثابت کیا گیا ہے۔

۶۹۲ محمد ذکریا، مائل، مولانا، مترجم
قصص القرآن (مؤلفہ محمد احمد جار اللہ مصری) ص ۵۰۰ - ۱۹۵۵ء قلمی -

(نوٹ) مسودہ مترجم کے پاس موجود ہے۔

۶۹۳ محمد اسحاق، مولوی، شاہ۔
داستان یوسف، ص ۳۶۸ حوالہ :- فہرست عباس کتبخانہ کراچی ص ۲۵ -

۶۹۴ محمد اکبر، دانا پوری، مولوی، شاہ -

اشرف التواریخ، (پہلا حصہ اسرار نبوت) ص ۶۵۶ - ۱۹۱۰ء آگرہ اخبار پریس آگرہ -

۶۹۵ محمد صالح، سیالکوٹی
حیات الانبیاء والاولیا ص ۶۴ ۱۳۴۳ھ کریمی پریس لاہور -

۶۹۶ محمد طاہر -
روضۃ الاصفیا فی ذکر الانبیا معروف قصص الانبیا ص ۲۱۶ - ۱۲۴۹ھ نولکشور لکھنؤ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۴ -

تبصرہ :- نور محمدی کے ذکر سے لیکر حضرت آدم تا سرور عالم کا تذکرہ۔ آخر میں خلفائے راشدین

اور شہدائے کربلا کے حالات اسمیں بیان کیے گئے ہیں۔

۶۹۷ محمد علی ، شاہ ، نقوی ۔

تذکرہ انبیا حصہ اول ص ۲۰۰ ۔

۱۹۴۲ء حجاز پریس لاہور۔

(نوٹ) حضرت آدم سے یوحنا تک تمام انبیا رسولوں کا تذکرہ ۔

۶۹۸ محمد مہدی ، بھوپالی ، مولوی ۔

بصائرالقرآن ص ۱۲۰ - ۱۹۲۲ء

انسٹیٹیوٹ پریس علی گڈھ ۔

تبصرہ :- قصص انبیا علیہم السلام و دیگر قرآنی قصے جنکو مؤلف نے صرف قصہ کا مضمون قرآنی اپنے الفاظ میں بیان کیا ہے۔ رابطہ قائم رکھا ہے جس سے قصے مسلسل ہو گئے ہیں ۔ اس کے علاوہ اس میں روحانی عنصر بھی نظر آتا ہے۔ ترجمہ تحقیقی ہے اور ہر قصے کے آخر میں نتائج بھی درج کئے گئے ہیں ۔ دیباچہ کے بعد مقدمہ ہے جسمیں قرآنی قصوں کی اہمیت ان کا اثر توریت و قرآن کا مقابلہ اور طرز ادا اور ان کی تاریخی حیثیت کی بحث کی گئی ہے۔

۶۹۹ مرزا رحیم بیگ ۔

عشرت کدہ ابراہیم ص ۱۰۰ ۔

مطبوعہ میرٹھ ۔

(نوٹ) حالات ابراہیم علیہ السلام ۔

۷۰۰ میراں ۔

حضرت مریم (مثنوی) ص ۱۴

حوالہ :- فہرست کتبخانہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۲۰۴ $\frac{۲}{۲}$ ۔

۷۰۱ ناصر علی خاں ، اکبرآبادی ، ابن مولوی احمد خاں صوفی مالک مفید عام پریس آگرہ ۔

تذکرہ انبیا ص ۲۴۰ - ۱۹۲۰ء

مفید عام آگرہ ۔

۷۰۲ نبیوں کے قصے ۔ مکتب دانش لاہور ۔

۷۰۳ نجم الدین ۔

بہار خلیل ص ۱۸۱ - ۱۲۳۷ھ قلمی

حوالہ :- نوائے ادب بمبئی اکتوبر ۱۹۵۴ء ص ۱۰۳ ۔

تبصرہ :- حضرت ابراهیم خلیل اللہ کے حالات معارج النبوت سے اخذ کر کے اس دکھنی مثنوی میں بیان کیے ہیں۔

آغاز :- الٰہی تجھے حمد شایان
دوجگ پر ترا فضل و احسان

۷۰۴ نواب علی ، لکھنوی ، پروفیسر ۔

قصص الحق ص ۱۵۸ - ۱۹۴۴ء

نظامی پریس لکھنؤ ۔

تبصرہ :- جس میں قصص قرآنی تاریخی نثری کہانیوں اور راسخون فی العلم کی اقوال کی روشنی میں دکھائے گئے ہیں۔ اسرائیلیات کو حذف اور مغربی علوم کے حجاب کو اٹھا کر مابہ الامتیاز خصوصیات قصص قرآنی کی نمایاں کی گئی ہیں۔

۷۰۵ نور الدین ، محمد -

احسن القصص ۲ حصے ص ۴۰ -
۱۹۲۲ء عباسی کتبخانہ کراچی -

۷۰۶ ولی اللہ، دھلوی، حضرت ، شاہ -

تاویل الاحادیث ترجمہ ۱۸۹۹ء
مطبع روز نامہ دھلی -

تبصرہ : — اس میں حضرت آدم سے لے کر آنحضرت صلعم تک کے انبیا علیھم السلام جن کا قرآن مجید میں ذکر آیا ھے اور ان پرجو حادثے پیش آئے ان کے وجوھات بیان کئے گئے ھیں -

۷۰۷ ولی محمد، حافظ ، شیخ ، میراں -

قصص الانبیا (ترجمہ بزبان دکنی)
۱۲۲۶ھ قلمی - حوالہ : - فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۱۵۱۰ و الف ک/۲۱ -

سر زمین قرآن

۷۰۸ انتظام اللہ، شہابی، اکبرآبادی۔
جغرافیہ قرآن و آثار القرآن ص ۴۸
۱۹۳۰ء افغان بکڈپو لاہور۔

تبصرہ:- قرآن مجید کے قصص میں جن اماکن اور مقامات کا ذکر آیا ہے اس کا جدید و قدیم تحقیقات کی روشنی میں یہ جغرافیہ مرتب کیا گیا ہے اور کتبات حجر، کتبات مدین و کتبات سینا کے عکس بھی اس میں شامل کئے گئے ہیں۔

۷۰۹ انتظام اللہ، شہابی، اکبرآبادی۔
جغرافیہ قرآن ص ۹۶ - ۱۹۵۶ء
انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی۔

تبصرہ:- قرآن مجید میں جن اقوام و انبیا، اماکن دیار و امصار کا ذکر آیا ہے ان کی اس میں جغرافیائی و اثری تحقیق جمع کردی گئی ہے۔

۷۱۰ انتظام اللہ، شہابی، اکبرآبادی۔
بفرمائیش ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب مدظلہ۔
سرزمین قرآن کا نقشہ ص ۱ - ۱۹۵۵ء
آگرہ اخبار پریس آگرہ۔

تبصرہ:- قرآن مجید میں جن انبیا، اقوام، افراد، و ممالک مذکور ہیں ان سب کا بالاختصار جدید محققانہ تاریخی و جغرافیائی حال نقشہ عرب کے حاشیہ پر درج ہے اور نقشہ میں قرآنی دیار و امصار دکھائے گئے ہیں۔

۷۱۱ سید سلیمان، ندوی، علامہ۔
ارض القرآن جلد اول ص ۳۲۴
۱۹۴۰ء دارالمصنفین اعظم گڑھ۔

تبصرہ:- عرب کا قدیم جغرافیہ، قوم عاد، ثمود، اہل سبا، اصحاب الایکہ، اصحاب الحجر، اور اصحاب الفیل، کی تاریخ اس طرح لکھی ہے کہ جس سے قرآن مجید کے بیان کردہ واقعات کی یونانی، رومی، و اسرائیلیات اور موجودہ آثار قدیمہ کی تحقیقات سے تائید و تصدیق ہوتی ہے۔

۷۱۲ سید سلیمان، ندوی، علامہ۔
ارض القرآن جلد دوم ص ۳۲۴-
۱۹۴۰ء دارالمصنفین اعظم گڑھ۔

تبصرہ:- قرآن مجید کے اندر جن قوموں و قبائل کا ذکر ہے ان میں سے بنو مدین، قوم ایوب، بنو اسماعیل، اصحاب الرس، بنو قیدار، انصار اور قریش کی تاریخ اور عرب کی تجارت، زبان اور مذہب، پر تفصیلی تاریخی محققانہ بحث کی گئی ہے۔

۷۱۳ عبدالماجد، دریابادی، مولانا۔
جغرافیہ ارض القرآن۔
صدق جدید بکڈپو لکھنؤ۔

علوم القرآن

۷/۱۴ ابو محمد، مصلح، حیدرآبادی۔

قرآنی علوم۔ قرآنی کتب خانہ حیدرآباد دکن۔

۷/۱۵ احمد حسین۔

معارج الفرقان فی علوم القرآن

۱۳۳۰ھ مطبع ریاض امروھہ۔

۷/۱۶ تبسم، صوفی غلام مصطفےٰ، مترجم۔

حکمت قرآن (مصنفہ جرنیل محمود مختار پاشا) ص ۷۴۔ ۱۹۵۷ء مجلس ترقی ادب لاھور۔

تبصرہ:۔ حکمت قرآن کے مقدمہ کا اردو ترجمہ۔ جرنیل صاحب نے اپنی کتاب میں قرآن مجید کی ایسی آیات کا انتخاب کیا ھے جس میں بالخصوص اسلام کے اخلاقی، دینی اور معاشی مسائل پر بحث کی گئی ھے اور اس مقدمہ میں اسلامی تعلیمات اور اسلام کے اخلاقی نظام پر سیر حاصل بحث کی ھے اور ابتدائے ظہور اسلام سے لیکر موجودہ دور تک کے مختلف ادوار پر بھی روشنی ڈالی ھے۔

۷/۱۷ ثناءاللہ، امرتسری، مولانا۔

تقابل ثلاثہ ص ۱۲۸۔ ۱۳۱۷ھ

دفتر اھل حدیث امرتسر۔

تبصرہ:۔ اس میں توریت، انجیل، قرآن مجید کی تعلیمات کا تقابل کیا ھے۔ عنوان یہ ھیں: دعوئے الہام، دعوئے توحید، دلائل توحید، احکام جنگ، صلح و احکام اسیران جنگ، قیامت و طریق نجات، آیات قرآن کا متن اور اس کا ترجمہ بھی ھے۔ توریت اور انجیل کی آیات کا صرف اردو ترجمہ ھے۔

۷/۱۸ داؤد اکبر، اصلاحی، مولانا۔

مشکلات القرآن ص ۱۹۰۔ ۱۹۳۹ء

مکتبہ برھان دھلی۔

تبصرہ:۔ قرآن مجید کی اھم اور مشکل آیات سے متعلق مضامین کا مجموعہ۔ طلبائے قرآن پاک کے لئے یہ بے حد مفید ھے۔

۷/۱۹ رفیع الدین، ایم۔ اے۔ ڈاکٹر۔

قرآن اور علم جدید ص ۵۵۲۔ ۱۹۵۲ء ادارہ ثقافت اسلامیہ لاھور۔ حوالہ:۔ فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۱۰۷۶۔

۷۲۰ سلطان احمد ، مرزا -

علوم القرآن ص ۳۱۷ - ۱۹۴۰ء

الناظر بک ایجنسی لکھنؤ -

تبصرہ :- قرآن مجید میں کن کن علوم کا ذکر ہے - اسکی تفصیلات اس کتاب کا موضوع ہے -

۷۲۱ سید احمد خاں ، سر -

تبئین الکلام فی تفسیر التورات والانجیل علی ملۃ الاسلام حصہ اول ص ۱۴۴ ۱۲۷۸ھ مطبوعہ غازی پور - حوالہ : - خطبات گارساں دتاسی ص ۲۳ ۷ و تصانیف احمدیہ انسٹیٹیوٹ گزٹ علیگڈھ ص ۱۵۶ -

تبصرہ : - اس کتاب کے دس ابواب ہیں پہلے میں انبیا کے مشن اور انسانیت کے لئے ان کی ضرورت کو ثابت کیا ہے - دوسرے میں وحی اور کلام الہی کی اصلیت بتائی ہے - تیسرے میں توریت ، صحف الانبیا ، زبور اور انجیل کے متعلق اظہار خیال کیا ہے -

آسمانی کتابوں کی نسبت مسلمانوں کا عقیدہ اور ان آسمانی کتابوں سے بھی بحث کی ہے جو بائبل میں شامل ہیں -

۷۲۲ سید احمد خاں ، سر -

تبئین الکلام فی تفسیر التورات و الانجیل علی ملۃ الاسلام حصہ دوم ص ۲۴۰ ۱۲۷۸ھ مطبوعہ غازی پور - حوالہ : - تصانیف احمدیہ ص ۳۰۲ -

تبصرہ :- اس حصہ میں مصنف نے عہد نامہ عتیق پر عام تمہیدی تبصرہ کیا ہے - تورات پر اعتراضات جو کئے گئے ہیں اس کا رد بھی ہے - اصل متن عبرانی ہے - اس کے تحت ترجمہ اردو کا ہے (کتاب پیدائش از باب اول تا باب پانزدھم) -

۷۲۳ ضوابط القرآن ترجمہ نہایات البیان ۱۲۸۰ھ - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۳۱۰ -

۷۲۴ عبد اللہ العمادی ، مولانا -

مقالات قرآنی ۱۹۵۰ء شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجر کتب لاہور -

تبصرہ :- مسائل و وقائع قرآنی پر ذیل کے مضامین اسمیں لکھے ہیں - قرآن کی دولت ، تعلیم ، کلام اللہ الکریم ، حقیقت من و سلویٰ ، صدرۃ المنتہیٰ ، بازار سامری ، گوسالہ سامری ، تبدیل جادو ، کرشمہ قدرت ، سعد و نحس ، غرانیق العلا ، اذکار نزول قرآن کشف ساق سے قرآن کا مدعا کیا ہے - مسئلہ بداء ، ناسخ و منسوخ ، نماز اخلاص وغیرہ -

۷۲۵ عبد الماجد ، دریابادی ، مولانا -

حیوانیات قرآنی ص ۱۶۸ - ۱۹۵۴ء مکتبہ ندوت المعارف بنارس -

تبصرہ :- قرآن مجید میں جن حیوانات کا ذکر آیا ہے انکے اسما و صفات افعال و متعلقات سے ایک جامع لغت مرتب کی گئی ہے - فہرست حروف تہجی کے اعتبار سے ہے - دیباچہ مولانا ہی کا ہے - ناشر مولوی عبدالسلام نعمانی ہیں -

۷۲۶ علوم قرآن -

حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۶۹ -

۷۲۷ عینی -

قرآن کلام اللہ ہے ص ۱۶ اعظم اسٹیم پریس -

۷۲۸ فخرالدین ، رازی ، امام -

تحقیق جلیل ترجمہ اسرا رالتنزیل ص۱۸۶ - ۱۹۲۵ء اسلامیہ اسٹیم پریس لاہور۔

تبصرہ : ــ امام صاحب نے اسمیں تین مقالے لکھے ہیں۔ پہلا علم کی فضیلت میں، دوسرا خداوند تعالیٰ کی ھستی کے دلائل میں ، تیسرا اس بارے میں کہ وجود انسان وجود خالق پر دلیل ہے ۔ ہر مقالے کے باب اور فصل ہیں۔ اس معنی سے قرآنی معلومات کا یہ ذخیرہ ہے۔

۷۲۹ محمد ابراھیم ، بنارسی ، مولانا ، مفتی -

جواھر القرآن ص ۲۰۸ - ۱۹۵۴ء ندوة المصنفین دھلی -

تبصرہ : ــ اس میں کلام پاک کے تمام علوم و احکام کا ذخیرہ جمع ہے۔ اور وحی الٰہی ، دین الٰہی ، وغیرہ پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

۷۳۰ محمد ھارون، سید -

علوم القرآن ص ۲۱۶ - ۱۳۳۱ھ مطبع یوسف دھلی -

اعجاز القرآن

۷۳۱ ابوالحسن ، صدیقی ، بدایونی ۔

اعجاز قرآن ص ۱۶۷ - ۱۹۵۷ء

مطبع مقنن حیدرآباد دکن ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۱۳۶۴ و فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۳۴۴ ۔

۷۳۲ ابو محمد ، مصلح ۔

اعجاز قرآن ص ۳۲ مطبوعہ حیدرآباد دکن ۔

۷۳۳ احمد الدین ،

معجزہ قرآن ص ۸۸ روز بازار پریس امرتسر ۔

۷۳۴ ادریس احمد ، مولوی ۔

معجزہ قرآن ص ۱۲۴ - ۱۹۳۴ء

نظامی پریس بدایوں و ناشر اسلامیہ اسکول بریلی ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کے اعجاز پر مختلف مضامین کا مجموعہ جس میں الفاظ قرآن اور آیات کلام الہی کے تاثرات اور قرآن کے معجزہ ہونے کا ناقابل تردید واقعات و دلائل سے کامل ثبوت پیش کیا گیا ہے ۔

۷۳۵ الفت حسین ،

معجزہ فرقان ص ۵۶ - ۱۸۷۰ء

مطبوعہ دہلی ۔ حوالہ :۔ پیغام محمدی ص ۳۰۴

۷۳۶ تمنا ، عمادپوری ، مولانا ۔

اعجاز قرآن ص ۱۰۸ - ۱۹۵۵ء

ادارہ طلوع اسلام کراچی ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کی فصاحت اور اعجاز قرآنی پر بحث ، قرآن پاک کے جمع و تدوین کی تاریخ ، رسم الخط ، نسخ آیات ، قرآن پاک کے قدیم مخطوطات کہاں کہاں ہیں ۔ مصحف علی کی حقیقت کیا ہے ۔

۷۳۷ شبیر احمد ، عثمانی ، دیوبندی علامہ ۔

اعجاز القرآن ص ۵۵ - ۱۹۲۵ء

دارالکتب عثمانیہ دارالعلوم دیوبند ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کلام الہی ہے اور وحی کی ضرورت ، اعجاز وغیرہ پر مفصل بحث کی گئی ہے ۔

۷۳۸ عبدالبصیر، عتیقی، آزاد، مولوی
قرآن ایک معجز نما کتاب ہے
ص ۸۰ - ۱۹۳۴ء دفتر پیشوا دہلی۔

تبصرہ :- قرآن مجید کے اعجاز کو دلائل سے ثابت کیا ہے۔

۷۳۹ عبدالرحیم، سلیم۔
قرآن مجید کے معجزات۔ ۱۹۲۰ء
کارکن نظام المشائخ دہلی۔

۷۴۰ عبدالعلیم، ڈاکٹر۔
اعجازالقرآن ۱۹۳۲ء مکتبہ جامعہ ملیہ دہلی۔ حوالہ :- فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۱۹۰۔

۷۴۱ ماسٹر رام چند، دہلوی۔
اعجاز القرآن مطبوعہ لاہور۔

(نوٹ) اعجاز قرآن پر مناظرہ کے انداز سے بحث کی گئی ہے۔

۷۴۲ محمد ادریس، کاندھلوی، مولانا۔
اعجازالقرآن ص ۱۴۰ - ۱۳۵۰ھ

۷۴۳ محمد حسن علی،
رموز القرآن ص ۱۶ - ۱۸۷۲ء
مطبوعہ کانپور۔

۷۴۴ محمد حسین، جیلانی، مولوی۔
معجزات القرآن ص ۱۲۲ پیسہ اخبار لاہور۔

۷۴۵ محمد حسین، وزیر پٹیالہ، خلیفہ۔

اعجاز التنزیل ص ۵۰۸ - ۱۹۰۴ء
مفید عام آگرہ۔

تبصرہ :- اس میں قرآن کے لفظاً اور معناً معجزہ ہونے کا ثبوت، مخالفین کی نکتہ چینیوں کا جواب، عیسائی علما کے اقوال، مذہب اسلام اور قرآن مجید کی حمایت اور تائید میں پیش کئے گئے ہیں۔

۷۴۶ محمد یاسین، نجم۔
اعجاز القرآن ص ۹۷ - ۱۹۳۴ء
داؤد سرائے سہارنپور۔

تبصرہ :- پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی نے حقائق القرآن کے نام سے رسالہ شائع کیا جس میں حضور صلعم اور قرآن پر معاندانہ اعتراضات کئے تھے۔ اس رسالے میں مدلل جوابات دئے گئے ہیں اور اعجاز قرآن کی مفصل بحث کی گئی ہے۔

۷۴۷ معجزات القرآن - حوالہ :-
فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۰۔

۷۴۸ مرزا مہدی،
اعجاز قرآن پاک ص ۱۱۸
مطبوعہ دہلی۔

۷۴۹ نوری، مولانا۔
اعجاز القرآن ص ۱۴۰ مطبوعہ بمبئی۔

وحی اور الہام

۷۵۰ ابو محمد، مصلح -

وحی قرآن و الہام ص ۱۰۴

مطبوعہ حیدرآباد -

۷۵۱ اشرف خان ، متھراوی ، ڈاکٹر -

حقیقۃ الوحی - حوالہ : - تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد ۱ (ذکر اشرف خاں) -

۷۵۲ خلیل احمد، مولوی ، مشہور بابا خلیل داس ، بنارسی -

وحی الہی کے حقیقی معیار ص ۱۶ ۱۹۲۶ء مطبوعہ سوان -

۷۵۳ ذوقی شاہ ، سید -

القا ، الہام اور وحی ص ۸۰ - ۱۹۴۰ء اقبال اکڈیمی لاہور -

تبصرہ : - القا کیا ہے ، الہام کسے کہتے ہیں وحی ، سے کیا مراد ہے - اسپر سیر حاصل بحث کی گئی ہے -

۷۵۴ سعید احمد ، ایم - اے ، اکبرآبادی ، مولانا -

وحی الہی ص ۱۹۴ - ۱۹۴۱ء ندوۃ المصنفین دھلی -

تبصرہ :- مسئلہ وحی کے سلسلہ میں لغوی، شرعی اقسام، وحی کی حقیقت ، فلاسفۂ مغرب کے نظریے ، خدا کی صفت کلام ، ملکۂ نبوت اور استعداد وحی، نزول وحی کی نوعیت اور قرآن مجید کے وحی الہی ہونے کے دلائل واعجاز قرآن وغیرہ پر بصیرت افروز تبصرہ -

۷۵۵ عبد الرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا، مترجم -

وحی محمدی ص ۵۰۲ - ۱۳۵۳ھ انند پریس کلکتہ -

تبصرہ :- علامہ محمد رشید رضامصری کی تالیف ہے - عالمانہ طورسے وحی الہی پر بحث کی گئی ہے -

۷۵۶ عبد العزیز محدث ، دھلوی ، شاہ -

پیغام محمدی دربیان حقیقت وحی مترجم ۱۲۹۵ھ - حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۲ -

۷۵۷ غلام احمد ، قادیانی ، مرزا ۔

حقیقت الوحی ۱۹۰۶ء قادیان ۔

تبصرہ :- اس میں الہام اور وحی کی حقیقت اور مدارج بیان کئے گئے ہیں ۔

۷۵۸ محمد حسین ، عرشی و محمد اقبال ، سلیانی ۔

براھین وحی ص ۱۸۲ ۔ مکتبہ امت مسلمہ امرتسر ۔

۷۵۹ محمود الحسن ، مولانا ۔

عظمت وحی ۱۹۱۲ء دارالتبلیغ دیوبند ۔

۷۶۰ مرزا حیرت ، دھلی ۔

الہام اور وحی ص ۳۹ - ۱۳۲۳ھ کرزن گزٹ دھلی ۔

تبصرہ :- قرآن مجید اور صحیح احادیث سے الہام اور وحی کی حقیقت بیان کی گئی ہے ۔

اسباب النزول

۷۶۱ اجمل خاں ، ایم اے ، محمد ۔

ترتیب نزول قرآن ص ۹۹ - ۱۹۴۴ء کتب خانہ عزیزیہ دھلی و کتاب گھر الہ آباد ۔

(نوٹ) اس میں ترتیب نزول قرآن کو جس نظریہ سے پیش کیا گیا ہے وہ قابل استناد نہیں محل نظر ہے ۔

۷۶۲ احمد رضا ، خاں ، مولوی ۔

رسالہ اسباب النزول ص ۳۲ - ۱۹۷۰ء مطبوعہ لکھنؤ ۔

۷۶۳ عبدالحی ، مولانا ۔

اسباب النزول ص ۳۲ - ۱۸۹۲ء مطبوعہ دھلی ۔

(نوٹ) اسمیں ضروری آیات کی شان نزول جمع کردی گئی ہے ۔

—o—

ناسخ و منسوخ

۷۶۴ امین الدین بن فیروز الدین -
محاکمه بحث شریف فی اثبات النسخ والتحریف - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ جلد ۲ ص ۱۳۹۸ -

۷۶۵ سخاوت علی -
رسالہ ناسخ و منسوخ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۳۱ - (عقائد و کلام) -

۷۶۶ صدیق حسن خان ، نواب -
افادۃ الشیوخ ، بمقدار الناسخ والمنسوخ ص ۱۳۲ - ۱۹۲۷ء مطبع نظامی لکھنؤ -

۷۶۷ فیض ، میر شمس الدین ، محمد -
فیض القرآن آیات ناسخ و منسوخ ص ۶۵ - ۱۲۷۲ھ قلمی - کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی -

تبصرہ : — ناسخ و منسوخ کی بحث اس کا موضوع ہے -

۷۶۸ یعقوب حسن ، سیٹھ ، مدراسی
رسالہ ناسخ و منسوخ ص ۳۲ - ۱۹۴۵ء دفتر کتاب الہدا مدراس -

تبصرہ :- کشاف الہدا میں یہ بحث سیٹھ صاحب نے کی ہے کچھ اضافہ کر کے رسالہ کی صورت میں شایع کرایا ہے -

—:0:—

خواص القرآن

۷۶۹ اشرف علی، تھانوی، مولانا،
مترجم -
خواص قرآنی، ص ۵۷ - ۱۹۴۳ء
قلمی - حوالہ :- کتبخانہ نواب سر سالار جنگ مرحوم کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۱۶۸ -

تبصرہ :- کتاب الفوائد فی الصلوٰۃ الفوائد مصنفہ شیخ شہاب الدین احمد شرجی یمنی جو قرآنی آیات کی تاثیرات اور عملیات پر مشتمل ہے اسکا ترجمہ یہ ہے۔

۷۷۰ امان علی، احمد آبادی، مولوی -
رسالہ خواص قرآنی نظم آردو
حوالہ :- تذکرہ علمائے ہند ص ۲۸ - و فرنگیوں کا جال ص ۲۸۸ -

۷۷۱ برکات الفرقان ص ۳۲ - ۱۳۴۳ھ
حوالہ :- کتبخانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۵۴ -

تبصرہ :- اس رسالہ میں قرآن مجید کی آیات کی برکات وعملیات کا بیان ہے۔

۷۷۲ برکت اللہ، ضیا -
نافع الخلائق، ۱۲۸۵ھ مطبوعہ بمبئی -

(نوٹ) قرآنی تعویذات - نقش اور ادعیہ وغیرہ کا مجموعہ -

۷۷۳ خواص سورہ فاتحہ -
قلمی - حوالہ : - کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۵۱۰ و فہرست کتبخانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن نشان ۱۸۵۴ -

۷۷۴ زردار خاں، حاجی محمد، راج کرونی
نافع الخلائق، ص ۵ - ۱۳۳۰ھ
حوالہ : - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ - ص ۱۲۴ و کتبخانہ نواب سالارجنگ مرحوم کی آردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۱۶۸ -

تبصرہ :- خواص آیات قرآن، وظائف و ادعیہ امام احمدبونی اور الحکیم التیمی کی کتب خواص القرآن کا یہ لب لباب ہے اسکا قلمی نسخہ سالار

جنگ کے کتبخانہ میں موجود ہے۔

۷۷۵ سورہ فاتحہ کے مجرب اعمال - حوالہ :-
فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن
ص ۲۱۵ -

۷۷۶ ضیاء القرآن معہ خواص الآیات
حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد
دکن ص ۲۱۲ -

۷۷۷ عبد اللہ فرضی -
جواھرالقرآن - حوالہ :- فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۹۶ -

(نوٹ) قرآن پاک کی مخصوص آیات کا انتخاب
وظیفہ و اعمال کے لئے -

۷۷۸ غلام شبیر -
خواص القرآن - مطبع نظامی
بدایوں -

فضائل قرآن

۷۷۹ ابو محمد ، مصلح ، حیدرآبادی ،
فضائل قرآن مطبوعہ حیدرآباد دکن -

۷۸۰ ابو محمد، مصلح -
قرآن کی فضیلت مطبوعہ حیدرآباد دکن -

۷۸۱ صدیق حسن -
فضائل قرآن ۱۳۰۰ھ مطبع محمدی لاہور-

۷۸۲ ظہیر الدین، بلگرامی-
ترغیب الفرقان فی فضائل القرآن ص ۹۶ - ۱۸۹۱ء مطبع نولکشور لکھنو - حوالہ :- فہرست مطبع اودھ اخبار ۱۸۹۲ء ص ۵۳ -

۷۸۳ عبدالحئی بخاری ، ڈاکٹر-
ہدایۃ الترتیل فضائل قرآن شریف ، اشاعۃ العلوم حیدرآباد -

۷۸۴ عبدالرب ، دہلوی ، مولوی -
روضۃ القرآن اردو- حوالہ :-فہرست مطبع مجتبائی دہلی ص ۵۲ -

(نوٹ) :- دربیان فضائل تلاوت قرآن -

۷۸۵ عبدالغفار ، محمد -
فضائل القرآن ص ۲۶ - ۱۸۷۲ء مطبع نولکشور لکھنو - حوالہ : - کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۱۷۸ -

۷۸۶ محمد ذکریا ، مولانا -
فضائل قرآن مجید ۱۹۵۴ء کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کے فضائل میں چالیس احادیث مع ترجمہ ، شرح، قرآن پاک کی تلاوت کے آداب و احکام ، حفظ کرنے کرانے اور پڑھنے پڑھانے کی اخروی درجات کی تفصیل درج کی گئی ہے-

۷۸۷ واصف، غلام محمد، مہدی -
فضائل القرآن ص ۳۰ - ۱۲۷۲ھ
مطبوعہ حیدرآباد دکن -

۷۸۸ وغانی ، محمد صادق بن عبدالباق
بن عزیزالدین الفرغانی -
ریاض الابرار فضائل القرآن ص ۲۳۰
قلمی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ
حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۵۸۰ -

-:0:-

ادعیہ قرآن

۷۸۹ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا -
اعمال قرآنی ص ۸۰ - ۱۹۲۵ء
مطبع الرحمان کانپور -

۷۹۰ اشرف علی ، مولانا -
آیات فرقانی اعمال مجربہ اورادالقرآن
ص ۱۶ - عباسی کتب خانہ کراچی
حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدرآباد
دکن ص ۶۸ -

۷۹۱ بشارت علی خاں ، مترجم -
ترجمہ مجربات احمد دیربی ص ۳۷۱
۱۸۷۵ء مطبوعہ دھلی -

(نوٹ) ادعیہ قرآن کا مجموعہ

۷۹۲ تراب علی، مولوی ، پروفیسر
گوالیار کالج -
دعوت القرآن و وظائف تراب
ص ۳۲ - ۱۹۲۰ء گوالیار پریس گوالیار -
حوالہ :- فہرست کتب خانہ عام اھل اسلام
مدراس ص - ۶۸۹

۷۹۳ حسن نظامی ، دھلوی ، خواجہ -
اُردو دعائیں ص ۸۰ - ۱۹۲۶ء
حلقہ نظام المشایخ دھلی -

(نوٹ) ہر مراد اور مقصد کے لئے موثرا ورقت انگیز دعائیں

۷۹۴ حبیب الاوراد مطبوعہ حیدرآباد
دکن -

۷۹۵ حبیب ادعیۃ القرآن فہرست
مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۷۰ -

۷۹۶ راشد الخیری ، علامہ -
دعائیں ۱۹۲۵ء عصمت بکڈپو
دھلی -

(نوٹ) ادعیہ قرآن مع فوائد

۷۹۷ سید حسن -

قرآنی دعائیں - حوالہ :- فہرست دارالاشاعت کراچی ص ۱۳ -

۷۹۸ عبدالحی ، شاہ -

جواھر القرآن منظوم ص ۲۵۸ مطبوعہ بنگلور-

۷۹۹ عنایت احمد ، کاکوروی ، مفتی ، محمد -

وظیفہ کریمہ ۱۲۹۲ھ مطبوعہ لکھنؤ

تبصرہ :- قرآن و حدیث سے ہر قسم کی دعائیں اس میں جمع کی گئی ہیں -

۸۰۰ فقیراللہ ، مولوی -

ادعیہ قرآن مترجم-حوالہ :- فہرست کتب خانہ عام اھل اسلام مدراس نمبر ۳۴۱۲

۸۰۱ فقیرمحمد، صادق -

جواھر القرآن ص ۱۶۵ غلام علی اینڈ سنز لاھور

(نوٹ) عربی آردو ادعیہ قرآن-

۸۰۲ قدرت حلیم ، مولوی -

وظیفہ قرآنی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اھل اسلام مدراس ص ۲۳

۸۰۳ محمد ظفر -

روح القرآن مطبوعہ دھلی -

۸۰۴ محمد فاروق ، بی اے، مولوی -

قرانی دعائیں ص ۶۴ - ۱۹۴۲ء کتب خانہ سعیدیہ حیدرآباد دکن - حوالہ :- مجلہ طیلسانئین عثمانیہ حیدرآباد دکن اکتوبر ۱۹۴۳ء ص ۸۷

۸۰۵ نذیر احمد ، دھلوی ، مولوی ، شمس العلماء -

ادعیۃ القرآن ص ۹۶ افضل المطابع دھلی -

تبصرہ :- اول میں دیباچہ - چار تمہیدی ابواب جس میں دعا کے انسانی فطرۃ میں داخل ہونے کی حقیقت ، حکم دعا ، اور وعدہ قبول دعا، خدا کے سوا دوسرے سے دعا نہیں کی جاتی -دعا کی قبولیت کے اسباب و شرائط کے ثبوت میں محققانہ بحث- حضرت آدم سے لیکر آنحضرت صلعم تک کے تمام انبیا کی دعائیں ترتیب وار درج ھیں - عربی مع ترجمہ کے ہے اور ھر دعا کا خلاصہ پیشانی پر ہے-

لغات القرآن

۸۰۶ ابوالفضل ، مرزا -

غریب القرآن فی لغات الفرقان

ص ۴۳۴ - ۱۹۴۷ء مطبوعہ حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۶ ۶/۳ -

تبصرہ :- اس میں مفردات قرآن جو مفردات امام راغب اصفہانی سے زیادہ تر ماخوذ ھیں الفاظ مع آیات کی توضیح و ترجمہ کے بیان کیے گئے ھیں -

۸۰۷ انتظام اللہ ، شہابی -

لغت قرآن ص ۲۷۰ - ۱۹۵۶ء سلطان حسین اینڈ سنز کراچی -

۸۰۸ تیسر القرآن فی لغات القرآن -

حوالہ :- فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۳۴ -

۸۰۹ ثواب عظیم ، درلغات قرآن

مطبوعہ حیدرآباد دکن فہرست مطبع حیدری حیدرآباد ص ۲۰ -

۸۱۰ روح اللہ ، ابن حاجی ممتاز علی میرٹھی -

اعجاز البیان فی لغات القرآن ص ۱۹۰ ۱۳۲۴ھ فیض عام پریس علی گڑھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۶۲۲ -

تبصرہ :- ایک جدول میں لغات قرآن مجید مع ترجمہ کے سامنے آیات قرآن شریف بطور سوال کے درج ھیں۔ پارہ عم کی سورتوں کے لغات اس میں جمع ھیں - یہ مبتدی طلبا کے لیے ھے۔

۸۱۱ زین العابدین ، سجاد ، میرٹھی - مولانا ، قاضی -

قاموس القرآن ص ۸۰۰ - ۱۹۵۹ء مکتبہ علمیہ قاضی منزل میرٹھ -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کے الفاظ کو اصل لغت قرار دے کر حروف تہجی کی ترتیب سے انھیں درج کرنے کے بعد پہلے معنی لکھے گئے ھیں جو قرآن میں مراد ھیں - اس کے بعد الفاظ کی صوتی نحوی تشریح مختصراً کی گئی ھے۔ جگہ جگہ مستند حوالوں سے قرآن کے بیان کردہ اسما و اعلام یا قصص و واقعات پر مفید نوٹ بھی دئے گئے ھیں -

۸۱۲ سید عنایت شاہ -

لغات القرآن ص ۳۲۰ - حوالہ :-
فہرست عباسی کتبخانہ کراچی ص ۴ -

۸۱۳ سعید الدین ، جعفری ، بنارسی ،
ف ۱۲۹۳ھ -

لغات القرآن ص ۳۴۷ - ۱۲۹۰ھ
مطبوعہ بنارس - حوالہ :- تراجم علمائے
اہل حدیث ہند ، جلد ۱ ص ۳۴۷ -

۸۱۴ شہید الدین احمد ، ہاشمی
بنارسی -

صحیح لغات القرآن ص ۳۷۰ -
۱۹۰۵ء نور محمد کارخانہ تجارت دہلی -
حوالہ :- تراجم علمائے اہل حدیث ہند
جلد ۱ ص ۳۵۰ -

۸۱۵ عبد الرشید ، نعمانی ، مولانا -
مکمل لغات القرآن جلد اول
ص ۳۳۴ - ۱۹۴۳ء ندوت المصنفین دہلی -

تبصرہ :- لغات قرآن کے ساتھ الفاظ قرآنی کی مکمل
فہرست بھی دی ہے - ماخذ اشتقاق ، صیغوں کا تعین
اور معانی و مطالب کی ضروری تشریح اور خواص
کے لیے لغت کے علمی مباحث اس میں بیان کئے
ہیں -

۸۱۶ عبد الرشید ، نعمانی ، مولانا -
مکمل لغات القرآن جلد دوم
ص ۳۳۶ - ۱۹۵۰ء ندوت المصنفین دہلی -

(نوٹ) ب سے خ تک کے لغات قرآن کا مجموعہ -

۸۱۷ عبد الرشید ، نعمانی ، مولانا -
مکمل لغات القرآن جلد سوم
ص ۳۳۶ - ۱۹۵۰ء ندوت المصنفین دہلی -

(نوٹ) د سے ش تک کے الفاظ قرآن کا مجموعہ -

۸۱۸ عبد الرشید ، نعمانی ، مولانا -
مکمل لغات القرآن جلد چہارم
ص ۳۸۶ - ۱۹۵۰ء ندوت المصنفین دہلی -

(نوٹ) ص سے ع تک کا لغات قرآن کا مجموعہ -

۸۱۹ عبد الرشید ، نعمانی ، مولانا -
مکمل لغات القرآن جلد پنجم
۱۹۵۷ء ندوت المصنفین دہلی -

(نوٹ) غ سے ی تک کی لغات قرآن کا مجموعہ -

۸۲۰ عبد الحی -
سراۃ القرآن فی لغات القرآن
ص ۴۱۵ - ۱۳۷۴ مکتبہ اسلامیہ گوجران
والہ -

۸۲۱ عبد القیوم ، ایم - اے - پروفیسر -
جواہر اللسان مع لغات القرآن
مطبوعہ دہلی -

(نوٹ) اس میں صرف الفاظ قرآنی کے معانی کو جمع
کردیا ہے - ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے ہے -

۸۲۲ عبد الکریم ، ناگپوری -

جدید آسان کفائت القرآن

ص ۱۳۲ - ۱۹۵۴ء ضمیر مرچنٹ اتواری ناگپور -

(نوٹ) اس میں قرآن حکیم کے الفاظ و لغات کی تشریح کی گئی ہے - مبتدیوں کے لئے ہے -

۸۲۳ عرفانی -

تلخیص مفردات امام راغب

ص ۱۷۰ - ۱۹۰۱ء قادیان - حوالہ : - فہرست مسلم لائبریری آگرہ جلد ۱ ص ۳۲ -

تبصرہ :- امام ابو القاسم الحسن الراغب الاصفہانی متوفی ۵۰۲ھ نے قرآن کریم کے الفاظ عربیہ کا ایک لغت لکھی ہے جو مفردات امام راغب کے نام سے مشہور ہے - اس کا یہ خلاصہ ہے -

۸۲۴ محمد اسحاق ، صدیقی -

عمدہ لغات قرآن ، ص ۱۶۸ - ۱۳۱۹ھ کتبخانہ رحیمیہ دیوبند -

۸۲۵ محمد بن عبد اللہ بن نورالدین حیدرآبادی -

عجائب البیان فی لغات القرآن

مع تفسیر المنان و نجوم الفرقان ص ۴۰۰ - ۱۲۶۹ھ مطبع نامی کانپور -

تبصرہ :- قرآن کریم کے ہر ایک لفظ کی لغوی شرعی تاریخی معاشرتی تعریف، احوال انبیا و اقوام قرآن، فرعون، ہامان، شداد وغیرہ کی شرح بسط سے لکھی ہے - ہر لغت پر علامت پارہ و رکوع کا حوالہ بھی دیا ہے -

۸۲۶ محمد خلیل ، فیروز پوری، مولوی -

لغات القرآن ص ۳۱۰ - ۱۸۹۵ء مطبع خادم التعلیم پنجاب لاہور -

تبصرہ :- اس میں قرآن کریم کے تمام الفاظ کے سہل اور سلیس معنے بغرض افادہ لکھے گئے ہیں -

۸۲۷ مختار احمد، مولانا -

مختار البیان فی لغات القرآن ، ایک حصہ ص ۸۰ شمس الاسلام پریس حیدرآباد حوالہ :- فہرست کتبخانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۸ $\frac{1}{2}$ -

۸۲۸ مفتاح القرآن و لغات قرآن مطبوعہ کانپور - حوالہ : - فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۰ -

۸۲۹ نجم الدین ، سیوہاروی ، مولوی -

لغات القرآن ص ۲۶۰ مابعد ۱۹۲۵ مطبوعہ دہلی -

تبصرہ :- قرآن کریم کے الفاظ کو فرہنگ کی صورت میں جمع کر کے ہر ایک لفظ کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ لکھدیا ہے -

۸۳۰ وزیر علی ابن منور علی، مشہور محمد ، سلیم مولوی -

تیسر القرآن لتخریج لغات الفرقان ص ۳۸۰ - ۱۲۶۰ھ اسلامی پریس کلکتہ -

حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۴۷۵ و کٹلاگ ہندوستانی پرنٹیڈ بکس لائبریری برٹش موزیم ص ۳۵۱ -

تبصرہ :- جمع الفاظ قرآن مجید اور لغات حمید کا انتخاب ، مکرر بحث کو حذف کرکے کیا ہے - اٹھائیس باب ھیں اور ھر باب پر رعایت حرف ثانی کی ہے ، اٹھائیس فصلیں ھیں جن میں ھر لفظ کے سامنے اس کے معنی ھیں -

(نوٹ) :- اس کا قلمی نسخہ ص ۲۲۷ کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق الف ۱۱ ۱/۲ میں موجود ہے -

۸۳۱ وحید الزمان ، شاھجہاں پوری ، مولانا -

انوار اللغۃ" الملقب وحید اللغات - ایک حصہ ، بست و یکم ص ۱۹۰ - ۱۳۳۴ھ مطبع فیض عام بنگلور و شوکت اسلام بنگلور

تبصرہ :- اس لغت میں قرآن مجید کے مستعملہ الفاظ کے معنی اُردو میں بتائے گئے ھیں اور جو اعلام آئے ھیں ان کے تاریخی واقعات اور تلمیحات کی بھی وضاحت کی گئی ہے - ھر لفظ کی اصل سے بھی بحث ہے - قرآن کے جملہ الفاظ کا یہ لغت ہے -

(نوٹ) :- اس کے تیس حصے ھیں -

۸۳۲ ولایت حسین ، بی - اے -

اعجاز البیان فی لغات القرآن مطبوعہ علی گڈھ - حوالہ : فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۱۴ -

-:0:-

تخریج آیات القرآن

۸۳۳ انشاءاللہ، مولوی۔

کلید خزائن قرآنی ص ۶۶۰ ایشیا بکڈپو لاہور۔

تبصرہ:- اس کی مدد سے کسی آیت کا کوئی لفظ یا کلمہ یاد ہو تو بلا تامل پوری آیت کا ترجمہ مع حوالہ و تعداد آیات مل جاتی ہے۔

۸۳۴ امام علی خاں،

جواہر القرآن مترجم ص ۱۳۶ ۱۸۷۳ء مطبوعہ لکھنئو۔

(نوٹ) شاہ رفیع الدین دہلوی کے ترجمہ سے آیات کا انتخاب۔

۸۳۵ اہل اللہ، مولانا۔

الفاظ قرآن مسمی بہ نجوم الفرقان ص ۴۲۷ - ۱۳۳۱ھ اسلام اسٹیم پریس لاہور۔

۸۳۶ عبداللہ، قطب شاہی، عباسی۔

نجوم الفرقان فی اطراف القرآن ص ۷۰۰ - فیض بخش اسٹیم پریس مرزا پور۔

تبصرہ:- قرآن مجید کے جملہ الفاظ کی ایک مکمل فہرست جس سے ہر ایک لفظ کا بآسانی پتہ چل سکتا ہے کہ وہ لفظ قرآن میں کہاں کہاں آیا ہے اور کس آیت میں ہے۔

۸۳۷ عبدالقادر، مولوی۔

آئینۂ قرآن ص ۱۵۱ - ۱۸۸۱ء مطبوعہ لودھیانہ۔

(نوٹ) فہرست مضامین ترجمہ شاہ عبدالقادر دہلوی مع تخریج آیات۔

۸۳۸ غلام قادر، مولوی۔

ترجمہ نجوم الفرقان مع تیسر القرآن مطبوعہ دہلی۔

۸۳۹ فخر الدین، ملتانی۔

مفتاح القرآن ص ۸۳۴ بیت القرآن لاہور۔

(نوٹ) نجوم القرآن کی طرح قرآن کریم کے ہزارہا حوالجات کو یکجا مرتب کیا ہے۔

۸۴۰ فقیر اللہ۔

نجوم الفرقان لتخریج آیات القران الجدید .

۱۳۱۲ھ مطبع محمدی لاہور۔

۸۴۱ ملا مصطفیٰ۔
تخریج الآیات ص ۱۹۸ مطبع
جعفری لکھنؤ۔

۸۴۲ مقبول حسین، دہلوی۔
انڈکس کلام اللہ مقبول ترجمہ۔
مطبوعہ دہلی۔ حوالہ :۔ فہرست مطبع
حیدری حیدرآباد دکن ص ۲۱۔

۸۴۳ نظام الدین، حسن، نوتنوی، مولوی
بی۔ اے۔
فہرست مسلسل مضامین قرآن مجید
ص ۲۱۴۔ ۱۹۰۷ء مطبع نولکشور لکھنؤ۔

تبصرہ :۔ مضامین قرآن کی مکمل فہرست، رکوعات کے مضمون کا خلاصہ مع آیت و سورہ درج کیا ہے۔

-:0:-

فہرست مضامین قرآن

۸۴۴ احسان اللہ، عباسی، گورکھ پوری۔
فہرست مضامین قرآن ص ۴۰
۱۹۳۰ء مطبع حکیم برہم، گورکھ پور۔

۸۴۵ اکبر علی۔
علم القرآن المشہور مطالب القرآن
ص ۲۲۹۔ ۱۳۳۹ھ رزاقی مشین پریس
حیدرآباد دکن۔

(نوٹ) مضامین قرآن کی فہرست، پارہ، سورت، رکوع، آیت کے نمبر دئے گئے ہیں۔

۸۴۶ فضل رسول، فتح پوری، آگرہ۔
کلید قرآن ص ۱۴۰۔ ۱۹۲۵ء
ابوالعلائی پریس آگرہ۔
(نوٹ) مضامین قرآن کی فہرست۔

۸۴۷ مصباح القرآن۔ غلام رسول سورتی
تاجر کتب بمبئی۔
(نوٹ) قرآن مجید کے مضامین کا انڈکس۔

۸۴۸ محمد یوسف۔
فہرست القرآن قلمی۔ حوالہ :۔
فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی
ص ۳۵۹۔

-:0:-

مباحث قرآن

۸۴۹ ابوالاعلا، مودودی، مولانا، سید۔
قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں
ص ۱۲۶ - ۱۹۴۰ء جماعت اسلامی لاہور۔

۸۵۰ ابوالاعلا، مودودی، مولانا، سید۔
حدیث اور قرآن ص ۱۵۲ - ۱۹۵۵ع
حوالہ :۔ فہرست مکتبۂ دانش لاہور ص ۳۶
و مکتبہ تجلی دیوبند۔

تبصرہ :۔ اطاعت رسول ازروئے قرآن، رسالت کی حقیت، قرآن، سنت رسول کے بارے میں کیا کہتا ہے۔ اھل قرآن کے اصلاح خیال کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۸۵۱ ابوالاعلا، مودودی، مولانا، سید۔

قرآن اور پیغمبر ص ۴۸ - ۱۹۵۸ء
مکتبہ جماعت اسلامی ھند، رام پور۔

تبصرہ :۔ اس میں بعض دوسرے مذاھب کی الہامی کتابوں سے مقابلہ و موازنہ کر کے یہ بتایا گیا ہے کہ قرآن مجید کی رو سے ایک پیغمبر کا صحیح تصور کیا ہے اور وہ کیوں کر ھمارے لئے اسوۂ حسنہ بن سکتا ہے۔ دوسرے مذھبوں میں پیغمبروں کو غیر انسانی مخلوق تصور کیا گیا ہے۔ ظاھر ہے کہ وہ نمونۂ عمل، نہیں بن سکتے۔

۸۵۲ ابو محمد، مصلح، حیدرآبادی۔
تلاوت قرآن ص ۶۴ - قرآنی کتب خانہ حیدرآباد دکن۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید نے اپنی تلاوت کے طریقے خود بتائے ھیں۔ اس کے متعلق معلومات اس میں جمع کی گئی ہے۔

۸۵۳ ابومحمد، مصلح، حیدرآبادی۔
قرآن اور فلسفہ اجتماع - قرآنی کتب خانہ حیدرآباد دکن۔

۸۵۴ ابو محمد، مصلح، حیدرآبادی۔
ارتقائے انسان اور قرآن ص ۱۲۰
عباسی کتب خانہ کراچی۔

۸۵۵ احمد الدین، خواجہ۔
ریحان القرآن - حوالہ :۔ کتابیات برائے ھندوستانی اکڈیمی الہ آباد (مسودہ)

۸۵۶ احمد جودت ، آفندی -

ترتیب القرآن ترجمہ اردو ۱۳۰۰ھ
مطبوعہ بمبئی -

۸۵۷ احمد دین ، سیالکوٹی ، مولوی -

القول المتین فی حقیقۃ الیمین
ص ۶۴ - ۱۹۳۰ء مطبوعہ سیالکوٹ -

تبصرہ :- یہ رسالہ اس بحث پرہے کہ قرآن مجید میں قسموں کا فلسفہ کیا ہے مگر اس سلسلہ میں مولانا حمید الدین کی کتاب الامعان فی اقسام القرآن بہترین ہے -

۸۵۸ احمد شاہ ، مولوی -

مفتاح القرآن ص ۲۶۶ - ۱۹۴۰ء
مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی - حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۱۰۰ -

۸۵۹ احمدعلی، مولوی -

ضرورت القرآن ص ۵۵ - ۱۹۲۵ء
انجمن خدام الدین لاہور -

تبصرہ :- اس میں تخلیق انسانی ، بعثت انبیاء ، اتباع شریعت کی ضرورت پر سیر حاصل بحث ہے - اور قرآن مجید کا تحریفات وغیرہ سے محفوظ رہنا بھی دلائل سے ثابت کیا ہے -

۸۶۰ ارشد ، عبد الحمید -

نصرت القرآن فی الذب عن آیات الرحمان ۱۳۷۲ھ مشہور آفسٹ پریس کراچی

حوالہ :- فہرست یونیورسٹی لائبریری نمبر ۱۹۷۸ -

۸۶۱ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا -

تقدیس القرآن المنیر ۱۳۶۷ھ
اشرف العلوم دیوبند -

۸۶۲ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا -

دلایل القرآن علی مسائل الضمان
اشرف العلوم دیوبند -

۸۶۳ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا -

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن
اشرف العلوم دیوبند -

۸۶۴ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا -

التقصیر فی التفسیر ۱۳۶۷ھ اشرف العلوم دیوبند - حوالہ :- افادات اشرفیہ ص ۹۹ -

(نوٹ) اصلاح ترجمہ قرآن مرزا حیرت دھلوی -

۸۶۵ اطہر ، مبارک پوری ، قاضی -

معارف القرآن ص ۱۲۸ - ۱۹۵۶ء
حجاز اسٹور کرناٹک روڈ بمبئی -

۸۶۶ آغا رفیق ، بلند شہری ، مولانا ،

مترجم -

جواہر القرآن ص ۲۶۳ - ۱۹۲۵ء
مطبوعہ دھلی -

تبصرہ :- کلام پاک میں جواھر و درر جہاں جہاں تھے ان کو ایک جگہ جامع کردیا ھے اور تمام آیات کے مقاصد اور احکام کا اجمالی طور سے ذکر ھے -

۸۶۷ الفت حسین -
معجزہ فرقان ۱۸۷۰ء - حوالہ : - کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۳۸۳ -

۸۶۸ الفت حسین، سید -
آیات محکمات ص ۲۷۰ جلد اول ۱۳۰۶ھ - حوالہ : - فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۳۶۰ -

۸۶۹ امام خاں، نوشھری -
قرآنی دستور حیات ص ۳۸ کتاب منزل لاھور -

۸۷۰ امام علی بن نجف علی اکبرآبادی ،
جواھر القرآن منظوم (عربی آردو) ۱۲۸۹ھ گلشن احمدی آگرہ - حوالہ : - کٹلاگ برٹش میوزیم لائبریری لندن ص ۱۳۰ -

نمونہ :- دل میں تھا یہی کہ سب سے اول مضموں
سرنامہ میں حمد کبریا ھو موزوں

۸۷۱ امداد صابری، دھلوی، مولوی -
علامہ سید سلمان ندوی کی قرآنی غلطیاں ص ۶۰ - ۱۹۴۱ء چوب برقی پریس دھلی -

۸۷۲ امیر حسن -
آیات محکمات جلد اول ۱۹۲۶ء
امن پریس لکھنو -

۸۷۳ امیر حسن -
آیات محکمات جلد دوم ۱۹۲۶ء
امن پریس لکھنو و کتب خانہ سالار جنگ حیدرآباد دکن -

۸۷۴ امیر علی ، سید ، مولوی -
تفسیر تاویل القرآن - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد دوم ص ۱۰۶۶ -

۸۷۵ امین احسن ، اصلاحی ، مولانا -
اقسام القرآن ترجمہ لمعان فی اقسام القرآن ۱۹۵۳ء مکتبہ حمیدیہ ، سرائے میر ، اعظم گڑھ -

تبصرہ :- مولانا حمیدالدین فراھی کی تالیف ہے - قرآن مجید میں جو قسمیں باری تعالیٰ نے ارشاد فرمائی ھیں ان میں اس کے اسرار بیان کئے ھیں -

۸۷۶ امین احسن ، اصلاحی ، مولانا -
تدبر قرآن ۱۹۳۶ء مکتبہ یثرب لاھور -

تبصرہ :- قرآن ہدایت نوع انسانی کے موضوع پر وسیع الاثر بنیادی مسائل حیات سے بحث کرتا ہے کہ اس کے خزائن معنی سے استفادہ کے لیے تفکر و تدبر لازمی ہے چنانچہ یہ کتاب اس کی کنجی ہے۔

۸۷۷ آمین -
ہدیہ ختم قرآن منظوم - حوالہ :-
فہرست مطبع مجتبائی دہلی ۱۹۰۵ء ص ۱۰ -

۸۷۸ انوارالحق، مولوی -
انوارالقرآن - فیروز سنز کراچی -

۸۷۹ انیس احمد ، بی - اے، مولوی -
انوارالقرآن ص ۱۰۲ الخلیل بجنور -

تبصرہ :- قرآن مجید کے انوار نے قلوب انسانی پر کیا اثر کیا - اس کو تاریخی طور پر محققانہ صورت میں بیان کیا ہے -

۸۸۰ ببر علی، خاں -
منازل القرآن ۱۲۹۲ھ مطبع اثناعشری لاہور -

۸۸۱ برکت حسین ، سید -
تفہیم القرآن ص ۸۴ - حوالہ :-
کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

۸۸۲ **تنویر الاذہان فی فضیلت القرآن** ۱۹۰۹ء مطبوعہ لاہور -

۸۸۳ **توریت، انجیل، قرآن** ۱۹۴۲ء

دفتر رسالہ مولوی دہلی -

۸۸۴ ثناءاللہ ، امرتسری ، مولانا -
الفوز العظیم ۱۹۲۰ء دفتر اہل حدیث امرتسر -

تبصرہ : - قرآن کریم کی قسموں کی حکمت کا بیان -

۸۸۵ ثناء اللہ ، مولانا -
القرآن العظیم کتب خانہ ثنائی امرتسر -

تبصرہ : - قرآن ایک الہامی کتاب ہے اس کے دلائل اس میں بیان کئے گئے ہیں -

۸۸۶ ثناءاللہ ، مولانا -
تائید القرآن کتب خانہ ثنائی امرتسر -

۸۸۷ چراغ علی ، نواب اعظم یار جنگ -
یورپ اور قرآن ص ۳۰ - ۱۹۱۰ء نولکشور اسٹیم پریس لاہور -

۸۸۸ حبیب احمد، کیرانوی ، مولانا -
حل القرآن ص ۱۲۸ - حوالہ : -
فہرست کلاں عباسی کتبخانہ کراچی ص ۲۵ -

۸۸۹ حبیب احمد ، کاظمی ، مولوی ، سید -
قرآن اور نئی روشنی ص ۱۲۰ - ۱۹۳۱ء ترقی بک ڈپو کراچی -

تبصرہ :- مصری عالم شیخ طنطاوی جوھری نے القرآن و العلوم المغربیہ کے نام سے ایک تالیف کی ہے اسکا یہ ترجمہ، مقصود مسلمانوں کو علوم جدید کی طرف مائل کرتا ہے۔ اس میں کلام پاک کی آیات سے مختلف علوم جدیدہ کی اصل کا سراغ ملتا ہے لہذا جدید علوم کی تحصیل کی ضرورت ثابت ہے۔

۸۹۰ حسن علی، ملک۔

عجائبات قرآن ص ۱۰۲ - حوالہ :- فہرست عباسی کتبخانہ کراچی ص ۳ -

۸۹۱ حسین علی، مجددی، مولانا۔

بلغۃ الحیران فی ربط آیات الفرقان ص ۴۴۸ غلام رسول سورتی بمبئی۔

۸۹۲ حفیظ اللہ خاں، حفیظ، مولوی، حافظ۔

مکارم الحفظ ص ۸۰ - ۱۳۴۱ء محمود پریس حیدرآباد۔

تبصرہ :- اس میں حفظ قرآن کے تاریخی واقعات شرعی احکام اور حفظ قرآن کے فضائل و ادب مع متعدد فوائد وھدایات و قصص و حکایات کتب تفسیر، حدیث، فقہ تجوید تاریخ وسیر وغیرہ سے جمع کئے گئے ھیں۔

۸۹۳ خلیل الرحمن، منشی محمد۔

ترتیب القرآن، ۱۹۲۳ء کواپریٹو پریس لاھور - حوالہ :- فہرست مطبوعات کتبخانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۴۲ -

۸۹۴ خلیل الرحمان، برھان پوری، مولوی، محمد۔

صفات متشابہات، ۱۳۰۰ھ۔

حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۵۶۴ -

۸۹۵ رشید احمد، گنگوھی، مولانا،

ردالطغیان فی اوقاف القرآن مکتبہ دارالتبلیغ دیوبند۔

۸۹۶ رحیم بخش -

حروف مقطعات ۱۹۴۰ء مطبوعہ لاھور -

تبصرہ :- کلام پاک میں حروف مقطعات جو آئے ھیں انکے متعلق مفصل بیان۔

۸۹۷ رفیق، عبدالحمید -

مفتاح القرآن منظوم ۱۳۹ھ نظامی بدایون - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۲۶۱ -

(نوٹ) قرآن مجید کی تعلیمات کو مصنف نے نظم میں بیان کیا ہے۔

۸۹۸ زاھد الحسن، قاضی -

ضرورت القرآن ص ۱۷۶ دارالاشاعت شمس آباد - حوالہ :- نگار ۲۷ء ص ۲ -

(نوٹ) قرآن کی ضرورت پر مفصل بحث۔

۸۹۹ زاھد علی -

معارف القرآن مطبوعہ بمبئی -

۹۰۰ سبط حسین ، سید -

صفاح العقبان فی تبیان تحریف القرآن ۱۹۰۰ء مطبع اثنا عشری لکھنؤ و کتب خانہ سالارجنگ حیدرآباد دکن -

۹۰۱ سعید احمد ، ایم - اے ، اکبرآبادی ، مولانا -

فہم قرآن ص ۲۰۰ - ۱۹۳۰ء ندوۃ المصنفین دھلی -

تبصرہ :- قرآن پاک کے آسان ہونے کے اور قرآن کا صحیح منشا معلوم کرنے کے لئے - حضور صلعم کے اقوال و افعال معلوم کرنا کیوں ضروری ہے - احادیث کی تدوین کس طرح اور کب ہوئی - اس کتاب میں فہم قرآن سے متعلق بے حد معلومات جمع کردی گئی ہے -

۹۰۲ سلطان جہاں بیگم ، نواب ، والیۂ بھوپال -

مدارج قرآن ۱۹۳۵ء مطبوعہ بھوپال -

۹۰۳ سلیم عبدالرحیم ، مولوی -

قرآن مجید کے بارہ موتی - ۱۹۲۹ء کارکن حلقہ نظام المشائخ دھلی -

۹۰۴ سید احمد، مولوی -

قرآن جناب رسول خدا پر کس طرح نازل ہوا - ص ۸۱ نوبہار بک ڈپو لاھور - حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۶۰۰ -

۹۰۵ سید احمد، مولوی -

قرآنی فیصلہ - نوبہار بک ڈپو لاھور - حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۲۶۰۳ -

۹۰۶ شمس الدین ، فیض ، میر -

فیض القرآن ص ۶۵ - ۱۲۷۲ھ قلمی - کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی الف ۱/۵ -

۹۰۷ شمس الدین ، پیرزادہ -

تعزیرات القرآن ۱۹۴۸ء مطبوعہ لاھور -

(نوٹ) دربارہ جرائم و عصیان -

۹۰۸ ظہیرالدین ، خاں -

ترتیب الفرقان ص ۱۰۰ - ۱۹۱۰ء مطبوعہ مدراس -

۹۰۹ عبدالجلیل ، نعمانی ، مولوی -

یاقوت رمانی ص ۸۰ - ۱۳۴۴ھ مطبع نظام دکن حیدرآباد دکن - حوالہ :- مطبوعات کتب خانہ ادارہ ادبیات حیدرآباد دکن ص ۴۳ -

۹۱۰ عبد الحمید خان باجوڑی -

نصرۃ القرآن ص ۳۳۶ - ۱۳۷۲ھ

مطبوعہ بمبئی -

۹۱۱ عبدالحی فاروقی، خواجہ، مولانا -

حالات قرآن مجید ص ۱۶ - ۱۹۲۳ء

مکتبۂ جامع ملیہ دہلی -

۹۱۲ عبد الحی، شاہ - متوفی ۱۹۰۲ء

جنان السیر - حوالہ :- میسور میں

اردو ص ۲۴ -

نمونہ :-

بسم اللہ الرحمان الرحیم — مطلع انوار کتاب کریم

جان یہ دروازۂ قرآن ہے — مژدہ در رحمت رحمان ہے -

مجمل قرآن ہے یہ لا کلام — اسکی بھی تفصیل ہے قرآن تمام -

(نوٹ) مثنوی میں قرآنی تعلیم بیان کی ہے -

۹۱۳ عبد الرحمان ، مولانا -

التقید السدید علی التفسیر الجدید

ص ۴۸ - ۱۹۳۴ء دفتر النجم لکھنو -

تبصرہ :- خواجہ عبدالحی فاروقی کی تفسیر پر نقد و نظر ہے اور مؤلف نے خواجہ صاحب کی تفسیر سے اختلاف کیا ہے کہ بعض مسائل عقیدہ اہل سنت کے خلاف ہیں - وہ محل نظر ہیں -

۹۱۴ عبد الرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا -

بیان القرآن ۱۹۵۴ء الہلال بک

ایجنسی لاہور -

۹۱۵ عبد الرؤف -

البرہان و فلسفۂ القرآن ۱۳۳۸ھ

مطبوعہ -

۹۱۶ عبد الستار خان ، اکبرآبادی ،

حکیم ، مولانا -

معقولات قرآن - حوالہ :- آگرہ

شاعر نمبر ۳۶ء (ذکر عبدالستار خان) -

۹۱۷ عبدالصمد ، رحمانی ، بہاری، مولانا -

تیسر القرآن - ۱۹۵۵ء ندوۃ المصنفین

دہلی -

(نوٹ) اس کتاب کے ذریعہ قرآن مجید کے ترجمہ کرنے کی صلاحیت زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سال میں پیدا ہوسکتی ہے -

۹۱۸ عبدالعزیز نائطی -

تذکرۃ الاحوال بآیات القرآن

حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اہل اسلام

مدراس ص ۸۴ -

۹۱۹ عبد القادر ، صوفی -

الدقائق متعلق تفسیر - حوالہ :-

فہرست کتبخانہ امین منزل حیدرآباد دکن

ص ۳۴ -

۹۲۰ عبد القادر ، صوفی -

الحق ، متعلق تفسیر - حوالہ : فہرست

کتبخانہ امین منزل ص ۳۴ -

۹۲۱ عبداللطیف راحت اللہ -
قرآنی نقاط نظر، مطبوعہ دھلی -

۹۲۲ عبد المجید -
اظہار اعجاز فرقان حمید، (اشاعت سلسلہ علوم قرآن مجید) ص ۱۲ - ۱۳۳۳ھ مطبع اختر دکن حیدرآباد دکن -

۹۲۳ عبدالمجید، قرشی، مولانا -
مقام قرآن سیرت کمیٹی پٹی لاھور -
حوالہ: - فہرست پنجاب پبلک لائبریری ص ۵۸ -

۹۲۴ عبد المجید -
تیسر القرآن فی ترجمۃ القرآن ص ۲۴
۱۹۰۳ء انصار پریس دھلی -

۹۲۵ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الاستفہام فی القرآن نمبر ۱
ص ۴۲ - ۱۳۳۳ھ مطبع قاسم حیدرآباد دکن -
تبصرہ: - استفہام کے جملہ مباحث بیان کئے گئے ھیں۔ ۲۶ اقسام استفہام کے ھیں۔ اور فصاحت و بلاغت پر بھی نظر ڈالی ھے۔

۹۲۶ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الدعا من القرآن۔ نمبر ٦ ص
۱۷۹ - ۱۳۳۳ھ مطبع اختر دکن حیدرآباد -
تبصرہ: - اس میں ضرورت ادب اور شروط دعا سے اور کلام پاک میں جو دعائیں ھیں اسکی فصاحت اور بلاغت بھی بتائی ھے۔

۹۲۷ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الترجی من القرآن - ص ۱۴۰ -
۱۳۳۳ھ مطبع اختر دکن حیدرآباد -
(نوٹ) اس میں امید سے بحث کی گئی ھے۔

۹۲۸ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم التمنی من القرآن - ص ۳٦ -
۱۳۳۴ھ مطبع قانونی حیدرآباد دکن -
(نوٹ) اس میں تمنی سے بحث ھے -

۹۲۹ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الامر من القرآن نمبر ۲ ص ۴٦ -
۱۳۳۴ھ مطبع اختر حیدرآباد دکن -
(نوٹ) اس میں لفظ امر اور صیغۂ امر سے بحث کی گئی ھے۔

۹۳۰ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الندا من القرآن - ص ۳۲ -
۱۳۳۳ھ مطبع عثمانی حیدرآباد -
(نوٹ) اس میں اقسام ندائے قرآن سے بحث ھے۔

۹۳۱ عبد اللہ، ابو البرکات -
علم الوجوہ مخاطبات القرآن ص ۲۰ -
۱۳۳٦ھ مطبع اختر دکن حیدرآباد -
(نوٹ) اس میں فن خطابت کے مختصر احوال قرآن مجید سے بیان کئے گئے ھیں۔

۹۳۲ عبد اللہ -

علم النہی من القرآن ص ۴۶ -
۱۳۳۳ھ مطبع اختر دکن حیدرآباد -

(نوٹ) سلسلہ علوم قرآن نمبر ۳ اس میں لفظ (نہی) اور اس کے حقیقی اور مجازی معنوں سے بحث کی ہے -

۹۳۳ عبد اللہ ، مولوی -

اصلیت قرآن ۱۹۳۰ء مطبوعہ دھلی -

۹۳۴ عبد اللہ ، مولوی -

خلاصہ تفسیر قرآن ص ۸۰ -
۱۳۱۶ھ گلشن ہند پریس آگرہ -

(نوٹ) ناشر مولوی انعام اللہ خاں مدیر دائرہ معارف قرآنیہ آگرہ -

۹۳۵ عبد اللہ ، قطب شاہی ، عباسی ، محمد ، سید - ساکن طور پشاور -

اسماء القرآن موسومہ القاب القرآن
ص ۴۰ مطبع اوم میرٹھ -

تبصرہ :- قرآن مجید میں خود قرآن کے جتنے اسمائے گرامی و القاب آئے ہیں ان کو ترتیب ابجدی سے جمع کر دیا ہے اور وہ آیات مع تشریح جو احادیث سے ہیں وہ بھی اس میں شامل ہیں -

۹۳۶ عبد اللہ ، ابو احمد ، محمد -

البیان لفصاحۃ القرآن ۱۳۱۰ھ
انتظامی پریس کانپور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۹ -

۹۳۷ عبد اللہ العمادی -

محکمات جلد اول ص ۹۸ - ۱۳۳۱ھ
روز بازار ، اسٹیم پریس امرت سر -

تبصرہ :- اس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ قرآنی آیات کے حقیقی معنی کیا ہیں - مفسرین کیا سمجھے اور عہد رسالت میں کیا بتائے جاتے تھے -

۹۳۸ عبد اللہ العمادی ، مولانا -

فلسفۂ قرآن ۱۹۲۴ء دفتر وکیل امرت سر -

۹۳۹ عبد الوحید -

فیصلۂ قرآن ص ۴۰ مطبوعہ لاہور -

۹۴۰ عزیز الدین -

ریاض القرآن ۱۹۱۹ء رفاہ عام پریس آگرہ -

۹۴۱ علی بخش خاں گورکھپوری -

تائید السلام مع موئد القرآن
ص ۵۲ - ۱۸۷۳ء نولکشور لکھنؤ -

تبصرہ :- اس میں ثابت کیا ہے کہ ایک ہی طرح پر کلام اللہ کی تلاوت کرنا چاہئے -

۹۴۲ علی محمد ، شاہ -

جواہر اسرار اللہ - قبل ۹۷۳ھ قلمی
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ

بمبئی ص ۴۰۱ -

۹۴۳ علی نقوی ، مولوی -

تحریف قرآن کی حقیقت، ص ۱۹۹ -

۱۹۳۴ء امامیہ مشن، فیض آباد لکھنؤ۔

تبصرہ :- اس میں دوسری آسمانی کتابوں کی تحریفات دکھانے کے بعد قرآن پاک کی امتیازی خصوصیات بیان کی ہیں اور شیعہ عقیدہ کی بنا پر اس کا اظہار بھی ہے کہ کچھ حصہ قرآن میں شامل نہیں ہے۔

۹۴۴ عمدۃ القرآن ص۶۶-۶۲-۳-۱۸۷۳ء

مجمع العلوم لکھنو۔ حوالہ : - فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۶ -

۹۴۵ عنایت احمد، مولانا -

الکلام المبین فی آیات رحمت العالمین ۱۳۷۲ھ ۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد جلد ۴ ص ۳۸۸ -

۹۴۶ عنایت اللہ ، مشرقی ، علامہ -

تذکرہ، ۱۶-۴-۱۳۲۴ھ وکیل امرتسر

تبصرہ : - قرآن حکیم کے صحیح مقاصد اور اس کے منجانب اللہ ہونے پر ایک مکمل اور مبسوط تبصرہ -

۹۴۷ غلام احمد ، پرویز، مدیر طلوع اسلام -

معارف القرآن جلد اول ص ۴۲۰

۱۹۴۱ء ادارہ طلوع اسلام دھلی -

تبصرہ :- مطالب و معارف قرآن کو مختلف عنوان اللہ ، توحید ، صمدیت ، خالقیت ، امر ، ربوبیت، انعام ، احسان ، غضب و عتاب ، قہار ، علم ، قدرت ، عرش و کرسی ، ملکوت ، خشیت ، تقدیر ، دعا ، توکل ، ولایت وغیرہ پر قرآنی آیات کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

۹۴۸ غلام احمد ، پرویز

معارف القرآن جلد دوم ص ۴۴۸

ادارہ طلوع اسلام دھلی -

تبصرہ :- ارتقائے پیکر انسانی ، سرکشی ابلیس ، سجود ملائکہ ، وحی آسمانی ، مقام رسالت ، طوفان نوح، اقوام عاد و ثمود وغیرہ کے متعلق تفسیری و تاریخی معلومات پیش کی گئی ہے۔

۹۴۹ غلام احمد ، پرویز -

معارف القرآن جلد سوم ص ۶۹۶

ادارہ طلوع اسلام -

تبصرہ :- تاریخ رسالت ۔ حضرت ابراھیم سے حضرت عیسیٰ تک انبیائے سابقین کی انقلاب انگیز دعوت توحید اور اقوام و ملل گذشتہ کی عبرت آموز و بصیرت افروز داستان عروج و زوال پیش کی گئی ہے۔

۹۵۰ غلام جیلانی برق ، ایم - اے-

دو قرآن ص ۳۵۰ - ۱۹۴۷ء کتاب منزل لاھور-

تبصرہ :- قرآن حکیم کے ساتھ فطرت اور سائنس کا کیا تعلق ہے وہ اس دو قرآن سے ثابت ہے۔

۹۵۱ غلام حیدر ، شیخ -

فیض المنان فی معارف القرآن

ص ۱۱۲ - ۱۹۳۲ء سرگودھا پنجاب -

تبصرہ :- یہ چند خطبات کا مجموعہ ہے اس میں قرآن پاک کے اعجاز اور اسلامی احکام و تعلیمات کے اسرار بیان کیے ہیں - عذاب قبر اور یوم آخرت کا ثبوت قرآن مجید سے دیا ہے -

۹۵۲ غلام محمد غوث، ترچناپلی -

فیض الرحمن فی آداب القرآن ۱۲۹۹ھ

میو پریس دھلی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ، ص ۶۰ -

۹۵۳ فتح اللہ ، حاجی -

مفتون ایزدی (راہ راست وعمل صالح) (سلسلہ آیات قرآنی برائے تعلیم نفس) ص ۲۰۷ - ۱۳۶۵ھ مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن -

تبصرہ :- سورہ بقرہ سے لیکر سورہ الناس تک کی سور میں کی تعلیم نفس و اخلاق کو آردو ترجمہ کیساتھ یکجا کیا ہے - انگریزی ترجمہ بھی ہے -

۹۵۴ فتح محمد ، قاری -

عنایات رحمانی شرح شاطبیہ - ۳ جلد ۱۹۵۷ء انجمن پریس کراچی -

تبصرہ :- تمام سور قرآن کو تجوید کی رو سے اس میں بیان کیا ہے -

(نوٹ) تنویر شرح تیسر ، مفتاح اکمال، سہل الموارد، ترجمہ مقدمہ جزری ، تسہیل القواعد ، روایت قانون ، الخط عثمانی ، تحفہ حفظ قرآن ، قرا' ان کی فہرست عنایات رحمانی میں دی گئی ہے -

۹۵۵ قرآن اور علم - حوالہ :- فہرست بک لینڈ لاھور ص ۳۶ -

۹۵۶ قلیچ بیگ ، مرزا -

مفتاح القرآن ص ۱۴۰ - ۱۳۲۰ھ خادم التعلیم پریس لاھور -

۹۵۷ کبیر الدین، حکیم، محمد، (علامہ علاء الدین قریشی) -

خیر القرآن ص ۲۰۰ محبوب المطابع دھلی -

۹۵۸ محمد الدین -

حفظ قرآن ص ۱۱۸ - ۱۳۳۶ھ مطبع اسلامیات لاھور -

۹۵۹ محمد اسماعیل -

مقطعات قرآن مطبوعہ پانی پت -

۹۶۰ محمد اسماعیل ، میاں -

انسان اور قرآن ص ۳۲ - ۱۹۳۰ء دین محمد الیکٹرک پریس لاھور و کتبخانہ سالار جنگ حیدر آباد -

تبصرہ :- ارتقا' انسانی کو قرآن مجید کی روشنی میں پیش کیا ہے -

۹۶۱ محمد اسلم ، جیراج پوری ، مولانا -

معارف قرآن ۱۹۶۱ء فیروز پرنٹنگ

ورکس لاهور۔

۹۶۲ محمد اسلم ، جیراج پوری، مولانا۔

نکات قرآن کتب خانه سالار جنگ حیدر آباد ۔ حواله :۔ رساله "مشرب" تاریخ اردو ادب ۱۹۵۶ء ص ۹۵۶ ۔

۹۶۳ محمد ایوب ، اصلاحی ، مولانا ، مترجم ۔

امثال القرآن علامه ابن قیم الجوذی ص ۸۲ ۔ ۱۹۴۵ء مکتبه دانش لاهور ۔

۹۶۴ محمد حنیف، کوٹواروی ۔

لمعات القرآن حصه اول ص ۳۲۴ ۱۹۵۶ء نیو کمرشل آرٹ پریس کلکته حواله :۔ صدق جدید لکھنئو ۱۹ جولائی ۱۹۵۷ء ص ۳ ۔

تبصره :۔ ۳۶۴ عنوانات کے تحت کلام پاک کی آیات جو ارکان اسلام اور اوامر و نواهی سے متعلق هیں ان کا ترجمه مع توضیح و تشریح اس میں پیش کیا ہے۔ قصص انبیا اور جهاد ، تعظیم رسول، تکریم قرآن، تبلیغ اسلام پر بحث کی ہے۔

۹۶۵ محمد شفیع ۔

مضامین قرآن مجید کی فهرست ص ۹۳ انجمن حمایت الاسلام لاهور۔

۹۶۶ محمد صادق بن عبد الباقی و غانی

جواب تفسیر حقانی ص ۳۹۸۔ ۱۳۰۴ھ مطبوعه دهلی ۔

۹۶۷ محمد طیب، مولانا

ایک قرآن $\frac{۴۱۶}{۱۴۸}$ ۱۹۵۴ء دارالعلوم دیوبند عباسی کتب خانه کراچی ۔

تبصره :۔ نظریه دو قرآن پر ایک نظر۔ پروفیسر غلام جیلانی برق نے دو قرآن کتاب لکھی جس میں ثابت کیا ہے که مادیات کی ترکیب و تحلیل اور تجزیه و تالیف کے ذریعه ایجادات و اختراعات اور تمدنی ترقیات کیجائیں چونکه قرآن کا یه مقصد مغربی اقوام پورا کر رهی هیں وهی مومن هیں ، اس کا مدلل جواب مولانا نے اس میں دیا ہے۔

۹۶۸ محمد ظفر، فتح پوری ۔

حدائق البیان فی نظم القرآن ص ۲۰۰ ۔ ۱۹۲۵ء مرتضائی پریس آگره۔

نوٹ :۔ اس کے علاوه ادعیه قرآن میں روح القرآن ان کی تالیف سے ہے۔

۹۶۹ محمد عبدالجلیل۔

الفوز العظیم حصه اول ص ۲۵۶ دکن پریس حیدرآباد ۔ حواله :۔ فهرست عباسی کتب‌خانه کراچی ص ۳ ۔

۹۷۰ محمد غوث، نائطی ۔

رسم نظم القرآن ، عثمانی پریس حیدرآباد دکن ۔

۹۷۱ محمد کلیم الله حسین

تفسیر کلیمی ص ۶۱ ۔ حواله :۔ فهرست عباسی کتب خانه کراچی ص ۲ ۔

۹۷۲ محمد مسلم ، مولانا -
برهان التنزیل ص ۳۳۲ - ۱۹۳۱ء
علمی کتب خانہ دیوبند -

تبصرہ :- اس میں قرآن مجید کے کلام الٰہی ہونے کو دو سو عقلی دلائل سے ثابت کیا ہے۔

۹۷۳ محمد مظہر ، حافظ -
جواہر القرآن ص ۲۸ - ۱۹۵۶ء
مکتبہ فاروقیہ حیدرآباد دکن -

۹۷۴ محمد مظہر ، حافظ -
تدریس القرآن ص ۳۲ - ۱۹۵۶ء
مکتبہ فاروقیہ حیدرآباد دکن -

۹۷۵ محمد مظہر ، حافظ -
معانی القرآن ص ۴۰ - ۱۹۵۶ء
مکتبہ فاروقیہ حیدرآباد دکن -

۹۷۶ محمد، مولانا -
مضامین القرآن جلد اول و دوم
ص ۵۲۰ - حوالہ :- فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۴ -

نوٹ :- ناشر ابوالبشیر

۹۷۷ محمد علی ، ایم - اے - (کنٹب)
القول الفرقان ص ۱۱۶ - ۱۹۲۳ء
دفتر جمعیت دعوت و تبلیغ پونا -

۹۷۸ محمد مرتضیٰ -
فوائد القرآن ۱۹۰۴ء - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۲۶ -

۹۷۹ محمود علی -
ترجمہ عقیدۃ القرآن ، محمد طاہر بن رفعت ص ۵۷ - ۱۳۳۹ھ حمیدیہ بھوپال
حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۸۴ -

(نوٹ) دلائل التفاسیر ترکی ، علم تفسیر اور مفردات قرآن کے متعلق اجمالی معلومات -

۹۸۰ مظہر الہادی ، سہیل ، امروہی -
مظہر الاسلام ۱۳۱۳ھ مطبع الٰہی
حوالہ :- فہرست مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۵۹ -

۹۸۱ مقبول احمد -
تقویم القرآن ، انتظار پریس حیدرآباد دکن -

۹۸۲ ملک حسن علی -
عجائبات القرآن ص ۱۵۲ - حوالہ :- فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۳ -

۹۸۳ منظور احسن بہاری -
القرآن ص ۲۸۰ - ۱۳۴۵ھ قیصر ہند دہلی -

۹۸۴ منظور حسین -
صفات القرآن ص ۵۲ - ۱۹۴۰ء

امت مسلمہ امرتسر۔

۹۸۵ ناصر حسین ، نقشبندی -
الفرقان فی قرآۃ ام القرآن ۱۳۲۸ھ
حوالہ : - فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۵۶۴ -

۹۸۶ نظام الدین ، احمد -
میں نے قرآن سے کیا سیکھا
ص ۸۲ - ۱۳۷۰ھ دارالکتب حیدرآباد -

۹۸۷ نظام الدین ، حسن -
مضمون حروف مقطعات و علامات وغیرہ مطبوعہ حیدرآباد -

۹۸۸ نظام الدین ، حسن -
الرموز ۱۹۰۲ء حیدرآباد پریس حیدرآباد دکن -

۹۸۹ نظام الدین حسن ، مولانا -
اوقاف عبارت قرآن مجید
۱۹۰۴ء مطبع مجتبائی دہلی -

۹۹۰ نور حسین ، ڈاکٹر -
انوار القرآن ۱۹۰۰ء پبلک پرنٹنگ پریس لاہور -

۹۹۱ واحدہ خانم -
مسائل القرآن مطبوعہ بمبئی -

۹۹۲ واحدہ خانم -
مطالب القرآن مطبوعہ بمبئی -

۹۹۳ واحدہ خانم -
اخلاق القرآن مطبوعہ بمبئی -

۹۹۴ واحدہ خانم -
فوائد ترسیل القرآن مطبوعہ بمبئی -

۹۹۵ واحدہ خانم -
اساس القرآن بمبئی بازار بنگلور سٹی -

۹۹۶ واحدہ خانم -
قوت القرآن ص ۹۴-۱۹۳۴ء مسلم ویلوروی بمبئی بازار بنگلور سٹی -

تبصرہ :- اس میں آنحضرت صلعم کی سیرت اور قرآن پاک کی تعلیمات کے پیش نظر یہ بتایا ہے کہ قرآن ہی سے قوت حاصل ہو سکتی ہے -

۹۹۷ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر ، میر ،
قرآن اور تعمیر سیرت ص ۳۳۰-
۱۹۵۳ء ندوۃ المصنفین دہلی -

تبصرہ :- تعلیمات قرآنی کا عطر اور فلسفہ ، تصوف کی روشنی میں ذیل کے مضامین : عبادت ، استعانت ، توحید ، الوہیت ، نیکی علیم ہے - تعلیم کا مقصد ، انسان کامل ، تصحیح فکر ، قرآن ، سیرت سازی ، قوت ایمانی ، ظہور غیب ، کامیاب زندگی ، تصور وغیرہ پر عالمانہ بحث ہے -

۹۹۸ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر ، میر -

قرآن اور تصوف ص ۱۷۳-۱۹۴۷ء
ندوة المصنفین دھلی ۔

تبصرہ :— قرآن پاک اور احادیث نبویہ سے اسلام کے حقیقی تصورات و تعلیات کو اس میں پیش کیا ہے۔ مقدمہ میں تصوف اور صوفی پر قرآن کی روشنی میں بحث کی ہے۔

۹۹۹ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر ، میر ۔

قرآن کا فلسفہ مذھب حوالہ : -
مجلہ طیلسانئین عثمانیہ حیدر آباد اکتوبر ۱۹۴۳ء ص ۸۹ -

۱۰۰۰ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر میر ۔

قرآن اور علاج غضب ص ۱۳-
۱۹۴۳ء معارف اعظم گڈھ۔

۱۰۰۱ ولی الدین ، ایم اے ، ڈکٹر ، میر ۔

قرآن اور علاج خوف ص ۱۳-
۱۹۴۴ء معارف اعظم گڈھ ۔ حوالہ : -
مجلہ' طیلسانئین عثمانیہ حیدر آباد اکتوبر ۱۹۴۳ء ص ۸۹ -

۱۰۰۲ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر میر ۔

قرآن اور سیرت سازی ص ۲۷۲-
۱۹۴۵ء ادارہ اشاعت اسلامیات حیدر آباد ۔

۱۰۰۳ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر ، میر ۔

کامیاب زندگی کا قرآنی تصور
ص ۲۵-۱۹۴۳ء انتظامی پریس حیدر آباد ۔

۱۰۰۴ ولی الدین ، ایم اے ، ڈاکٹر ، میر ۔

رھنمائے قرآن ص ۶۸ - ۱۹۴۲ء
مکتبہ برھان دھلی ۔

۱۰۰۵ یعقوب علی ۔

الھامات اورکشوف ص ۱۱۷ انوار احمد پریس قادیان ۔

—:0:—

معارف قرآن

۱۰۰۶ انتظام اللہ ، شہابی -

حقائق قرآن ص ۹۶ - ۱۹۰۷ء
مرتضائی پریس آگرہ -

۱۰۰۷ انعام اللہ خاں ، مولوی ، اکبر آبادی -

درس قرآن فی معارف قرآن حصہ
اول ص ۳۲-۱۹۲۴ء کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۱۰۰۸ انعام اللہ خاں ، مولوی ، اکبر آبادی -

درس قرآن فی معارف قرآن حصہ
دوم ص ۳۲-۱۹۲۴ء کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۱۰۰۹ انعام اللہ خاں ، مولوی ، اکبر آبادی -

درس قرآن فی معارف قرآن حصہ
سوم ص ۳۲-۱۹۲۴ء کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۱۰۱۰ انعام اللہ خاں ، مولوی ، اکبر آبادی -

درس قرآن فی معارف قرآن حصہ
چہارم ص ۳۲ - ۱۹۲۴ء کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد -

۱۰۱۱ ضیاءالاسلام ، خطیب ، جامع مسجد آگرہ ، مولانا -

قرآن کے معارف ص ۱۱۲-
۱۹۲۰ء مرتضائی پریس آگرہ -

۱۰۱۲ غلام احمد ، پرویز -

ابلیس و آدم ص ۳۷۶ - ۱۹۵۸ء
ادارہ طلوع اسلام لاہور -

تبصرہ :- انسانی تخلیق ، نظریہ ارتقا ، قصہ آدم ، ابلیس ، شیطان ، جنات ، ملائکہ ، روح ، وحی ، رسالت وغیرہ عنوانات پر اپنے نظریات کے تحت بحث کی ہے -

۱۰۱۳ غلام احمد ، پرویز -

جوئے نور ص ۳۰۴ - ۱۹۵۸ء ادارہ طلوع اسلام لاہور -

تبصرہ :- طوفان نوح ، قوم عاد و ثمود ، ناقہ صالح ، لقمان ، ابراہیم خلیل اللہ ، آتش نمرود ، حضرت اسماعیل ، حضرت اسحاق ، حضرت یعقوب ، حضرت لوط ، حضرت یوسف اور حضرت شعیب علیہم السلام کے متعلق تحقیقی مباحث پیش کئے گئے ہیں۔

۱۰۱۴ غلام احمد ، پرویز۔

برق طور ص ۳۲۰ - ۱۹۵۷ء ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

تبصرہ : - حضرت موسیٰ ، داستان بنی اسرائل تورات ، کلیم اللہی ، قارون ، ہامان ، حقیقت سحر ، واقعہ خضر ، سطوت داؤدی ، شوکت سلیمانی ، حضرت ایوب ، حضرت یونس ، حضرت ادریس ، حضرت الیاس ، حضرت ذوالکفل علیہم السلام و قوم تبع ، اصحاب الاخدود والرس والحجر ، یاجوج و ماجوج ، ذوالقرنین وغیرہ پر سیر حاصل بحثیں کی گئی ہیں۔

۱۰۱۵ غلام احمد ، پرویز۔

معراج انسانیت ص ۸۳۲-۱۹۵۸ء

ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۱۰۱۶ مقبول احمد ، سید۔

مظاہرہ قرآن ص ۲۳۶ - ۱۹۵۳ء

عباسی منزل ، الہ آباد۔

تبصرہ : - اس میں مختلف عنوانوں کے تحت قرآن مجید کی بنیادی تعلیمات اور اہم مضامین کی آیات کا ترجمہ ایک جگہ ترتیب کے ساتھ کر دیا گیا ہے۔

-:0:-

تاریخ جمع و ترتیب قرآن

1017 انتظام اللہ ، شہابی ، اکبرآبادی ، ابن مفتی اکرم اللہ ابن مفتی انعام اللہ خان بہادر گوپاموی (مرقع اکبرآبادی) -

معلومات قرآن ص ۲۶۴ - ۱۳۵۲ھ
مینجر رسالہ پیشوا دھلی -

تبصرہ :- اس کتاب میں تاریخ جمع قرآن ، تاریخ صحف ، اصنام قوم نوح و اھل عرب ، اسباب النزول ، تذکرہ انبیا ، قصص القرآن ، جغرافیہ قرآن ، مفسرین قرآن ، وغیرہ کا تفصیلی بیان ہے -

1018 تمنا ، عمادپوری ، مولانا -

جمع القرآن ۱۹۵۳ء - حوالہ : - بنگال میں اردو ص ۲۹۲ -

1019 خلیل الرحمان ، مولوی -

ترتیب قرآن ص ۳۶ - ۱۹۴۳ء
کوآپریٹو پریس لاھور -

(نوٹ) قرآن مجید کی جمع و ترتیب کا بیان -

1020 عبدالباری ، فرنگی محلی ، مولانا -

بیان القرآن ۱۹۰۰ء دفتر رسالہ مولوی دھلی -

تبصرہ :- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب ، نزول آیات ، قرائت ، کتابت ، جمع قرآن ، وغیرہ پر مفصل بحث اس میں کی گئی ہے -

1021 عبدالحکیم ، مولوی -

شان قرآن ص ۸۸ - ۱۹۳۲ء دفتر رسالہ محدث دھلی -

تبصرہ :- یہ علامہ فرید وجدی کی ' دائرت المعارف ، کے مضمون قرآن کا اردو ترجمہ ہے اس میں قرآن مجید کے نزول ، کتابت اور تدوین کی تاریخ لکھنے کے بعد اس کے اعجاز کے وجوہ دکھائے ھیں پھر قرآن مجید کے پیش کردہ عقائد و تعلیمات کا خلاصہ پیش کیا ہے -

1022 عطاء اللہ ، گجراتی ، وکیل -

شہادت الفرقان علی جمعۃ القرآن ص ۱۲۶ - ۱۹۰۷ء مطبع پنجاب سیالکوٹ -

1023 عبد اللہ ، منہاس -

پیام امین ص ۲۰۴ - ۱۹۳۹ء

شرکت ادبیہ امرتسر ۔ حوالہ :۔ رسالہ اردو جولائی ۱۹۲۵ء ص ۵۶۲ ۔

تبصرہ :۔ اس میں کلام اللہ کی تدوین اسکے اعراب اور لفظوں کی تاریخ ، عہد رسالت و عہد صحابہ میں اسکی تعلیم کا طریقہ ، مغربی زبان میں اس کے تراجم کا حال ، دنیا میں کلام ربانی کی تعلیمات کا اثر و برکات کا بیان وغیرہ پر تحقیقاتی بحثیں کی گئی ہیں۔

۱۰۲۴ عبد اللطیف ، مفتی ، مولانا ۔

پروفیسر جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن ۔

تاریخ القرآن ، ۱۹۱۹ء مطبوعہ حیدرآباد ۔ حوالہ :۔ فہرست صدیق بکڈپو ص ۲۴۱ ۔

تبصرہ :۔ اس میں رسول کریم کے عہد کی تحریر و کتابت کے متعلق مفصل و مدلل بحث کی ہے اور رسول کریم نے حضرت علی کو جو احکام صدقہ کیے تھے اس کا تذکرہ بھی کیا ہے۔

۱۰۲۵ عبد اللطیف ، رحمانی ، مفتی ۔

تاریخ القرآن ص ۱۷۶ - ۱۹۲۵ء

دارالاشاعت رحمانی ، مخصوص پور منگیر حوالہ :۔ رسالہ اردو ۲۶ء ص ۷۴۶ ۔

تبصرہ :۔ مفتی صاحب مولانا محمد علی منگیری کے شاگرد ہیں آپ نے اس کتاب میں نزول قرآن مجید ، حفاظت قرآن ، تدوین قرآن اور ترتیب قرآن کی مفصل تاریخ لکھی ہے۔

۱۰۲۶ عبد العلیم ۔

عقیدۂ اعجاز القرآنی کی تاریخ

۱۹۳۲ء مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی۔

۱۰۲۷ عبد الواحد ، سندھی ، مولانا ۔

قرآن پاک ۱۹۳۸ء مکتبہ جامعہ ملیہ دھلی ۔

تبصرہ :۔ مختصراً جمع قرآن کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔

۱۰۲۸ غلام ربانی ، مولوی ۔

تدوین قرآن ۱۹۵۶ء ندوۃالمصنفین دھلی ۔

تبصرہ :۔ قرآن مجید کے تحفظ پر ایک تاریخی نظر ۔

۱۰۲۹ محمد احمد ، صدیقی ، ڈاکٹر ۔

معارف القرآن ص ۱۲۸ - ۱۹۵۴ء

کتابستان الہ آباد ۔

تبصرہ :۔ وحی کی حقیقت ، صحف سابقہ اور قرآن ، قرآن کا نزول ، جمع و ترتیب ، اعجاز ، اقسام ، ناسخ و منسوخ ، تفسیر اور تاویل کا فرق، مفسرین کے طبقات، آیات محکمات و متشابہات وغیرہ کا بیان مفصل طور پر کیا گیا ہے۔

۱۰۳۰ محمد اسلم ، جیراج پوری ، مولانا ۔

تاریخ القرآن ص ۱۰۵ - ۱۹۲۳ء

مکتبہ جامعۂ ملیہ دھلی ۔

تبصرہ :۔ اس میں عربی خط ، وحی والہام ، قرآن و حدیث کا فرق، نزول قرآن ، کفار اوران کا استہزا، ترتیب قرآن ، حفظ آیات ، جمع قرآن ، مصحف عثمانی ، شیعہ اور قرآن ، اعجاز قرآن ، تراجم قرآن وغیرہ کا مفصل بیان ہے۔

۱۰۳۱ محمد علی ، ایم - اے - لاہوری -

جمع القرآن ص ۱۴۰ - ۱۹۱۷ء مفید عام آگرہ -

(نوٹ) قرآن کے جمع و ترتیب کی تاریخ -

۱۰۳۲ محمد حافظ ، قاری -

تسہیل القرآن فی رسم نظم القرآن ص ۱۳۲-۱۹۳۸ء شبلی بک ڈپو لکھنئو۔

تبصرہ :- جمع القرآن و رسم الخط کے اصول و نظام کا بیان -

۱۰۳۳ محمد واصم، بہاری، مولوی، سید -

تاریخ جمع القرآن ص ۱۱۶ - ۱۹۵۲ء آر- ایچ - احمد برادرس ، حیدر آباد سندھ -

۱۰۳۴ نواب علی ، ایم اے۔

تاریخ صحف سماوی ص ۲۲۵- ۱۹۵۲ء نولکشور لکھنئو۔

تبصرہ :- مصنف نے قرآن مجید اور دیگر صحف آسمانی کی صحت کے اصول کی تشریح اور اسکے جمع و ترتیب و اشاعت کی تفصیلی بحث کی ہے اور مخالفین اسلام کے اعتراضات کا جواب بھی دیا ہے-

۱۰۳۵ یعقوب حسن ، مدراسی، سیٹھ -

کشاف الهدا مقدمہ کتاب الهدا ص ۲۷۶-۱۳۴۳ھ دفتر کتاب الهدا مدراس (مطبوعہ مدراس) -

تبصرہ :- قرآن مجید کی تاریخ ، نزولی ترتیب ، حفظ و جمع ، وجوہ اعجاز، صحف سماوی ، وحی و الہام ، ناسخ و منسوخ ، جمع و ترتیب ، قرآن کی کتابت، قصص وغیرہ پر مباحث اور جملہ قرآن مجید کے متعلقہ مضامین کے سمجھنے کی مفید معلومات ۴۴ ابواب میں جمع کر دی گئی ہے۔

-:0:-

تاریخ مفسرین

۱۰۳۶ سبحان بخش ، دهلوی ،
(قاموس المشاہیر) ۔

طبقات مفسرین ص ۱۳۰-۱۸۳۶ء
مطبوعہ دہلی ۔

تبصرہ : ۔ علامہ سیوطی کی کتاب اتقان فی علوم القرآن کے تذکرہ باب مفسرین کا اردو ترجمہ ۔
(خطبات گارسان دتاسی ص ۸۹) ۔

۱۰۳۷ صارم ، عبدالصمد، سیوہاروی
رکن ادارہ علمیہ حیدرآباد ۔

تبیان الراسخ معروف تاریخ التفسیر
ص ۱۲۶-۱۳۵۵ھ جدید برقی پریس دہلی ۔
حوالہ : ۔ فہرست کتبخانہ نجیب الحسن
شہابی کراچی قلمی ص ۱۵ ۔

تبصرہ :۔ مفسرین کرام کے تذکرے قرن اول سے لیکر آج تک کے اس میں جمع کر دئے گئے ہیں ۔ مبادی علم تفسیر ، علم التفسیر ، عربی زبان کی تاریخ ، اصول تفسیر ، اصول حدیث ، طبقات رواۃ ، کتاب حدیث ، اسماء تفاسیر ، شرائط امام اعظم ، ضابطہ حدیث وغیرہ پر سیر حاصل بحثیں کی گئی ہیں ۔ ابتدا میں مولانا سعید احمد اکبرآبادی ایم ۔ اے کا فاضلانہ مقدمہ ہے ۔

۱۰۳۸ محمد ابراہیم ، بہاری ۔

حیات المفسرین ، ہمدرد پرنٹنگ ورکس سونگھیر بھاگلپور ۔

تبصرہ : ۔ تفسیر کشاف، تفسیر بیضاوی ، تفسیر کبیر اور تفسیر جلالین کے مصنفین کے حالات لکھے گئے ہیں

-:0:-

احادیث

۱۰۳۹ ابوالبرکات، مولانا، مترجم۔
ترجمہ بخاری ص ۲۹۶ جلد اول و دوم قبل ۱۹۵۵ء۔ حوالہ :۔ فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۶۔

۱۰۴۰ ابوالبیان، حماد، مولانا، مترجم۔
تازیانے ترجمہ المنبہات ص ۳۰۰ ۱۹۵۷ء نور محمد کارخانہ تجارت کراچی۔

(نوٹ) علامہ ابن القضات احمد بن محمد الحجی کی کتاب کا ترجمہ واعظانہ انداز میں ہے۔

۱۰۴۱ ابوجعفر، قزوینی، شیخ۔
مختصر شعب الایمان (امام بیہقی) اردو ص ۱۰۴ - ۱۹۵۴ء نورمحمد کارخانہ تجارت کراچی۔

۱۰۴۲ ابوالحسن، مولوی، مترجم۔
مناقب مرتضوی ترجمہ خصائص نسائی - ۱۳۵۴ھ - حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۶۱۶۔

۱۰۴۳ ابوالحسن، مولوی، شاگرد مولوی نذیر حسین محدث دہلوی۔
فیض الباری ترجمہ و شرح صحیح بخاری۔ حوالہ :۔ فہرست مکتبہ شرقیہ پشاور جلد ۱ ص ۷۲۔

تبصرہ :۔ فتح الباری، عینی وغیرہ مشہور شرحوں کے مطالب کا خلاصہ اردو میں ہے۔

۱۰۴۴ ابوسعید بن عبد الرحیم۔
فتح الباری، فی ترجیح صحیح بخاری ۱۲۹۸ھ لاہور۔ حوالہ :۔ کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد۔

۱۰۴۵ ابوالفتح، عزیزی، مولانا، مترجم۔
کتاب الآثار مترجم اردو ص ۳۳۶ ۱۹۵۵ء مطبع سعیدی قرآن محل کراچی۔

۱۰۴۶ ابوالفتح، عزیزی، مولانا مترجم۔
تجرید صحیح بخاری شریف اردو ص ۵۲۰ - ۱۹۵۵ء مطبع سعیدی

قرآن محل کراچی -

۱۰۴۷ احمد الدین، بن شرف الدین

ریاحین العابدین ترجمہ ریاض الصالحین جلد اول ص ۴۵۲ - ۱۳۱۴ھ بطبع فاروقی دھلی - حوالہ : - فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۶۸۸ -

تبصرہ :- امام محی الدین ابو ذکریا یحیٰ شرف الدین نووی متوفی ۶۷۶ھ کی تصنیف ہے وعظ اور تذکیر کے مضمون پر جلیل القدر تصنیف ہے - مضمون ترغیب و ترہیب اور زھد وغیرہ کے متعلق صحیح حدیثوں کا مجموعہ ہے - یہ ۲۶۵ ابواب پر مشتمل ہے -

۱۰۴۸ احمد بن علی ، شیخ -

منبہات منظوم مع شرح ، عربی آردو ۱۸۹۱ء مطبع اودھ اخبار لکھنو -

۱۰۴۹ احمد حسن ، سنبھلی ، مفتی ، سید -

فضائل الاعمال ۱۳۰۰ھ مطبوعہ حوالہ : - فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ، جلد ۱ ص ۲۷۲ -

۱۰۵۰ احمد سعید ، دھلوی ، مولوی -

ترجمہ سنن ابن ماجہ ص ۷۰۰ ۱۳۷۰ھ رسالہ مولوی دھلی -

تبصرہ :- ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی متوفی ۲۷۳ھ کی تالیف ہے صحاح ستہ کی چھٹی کتاب ہے اس پر نوٹ مولوی وحیدالزماں کے ترجمہ کے سلسلہ میں تحریر ہیں -

۱۰۵۱ احمد سعید ، دھلوی ، مولانا -

خدا کی باتیں ص ۳۴۴ - ۱۹۴۵ء دینی بکڈپو دھلی -

تبصرہ :- مولانا نے سنہ ۱۹۴۱ء میں اعظم گڈھ جیل میں الہدیۃ السنہ فی الاحادیث القدسیہ جس میں آٹھ سو احادیث قدسیہ جمع ہیں ان کا سلیس اور عام فہم ترجمہ اردو میں کیا ہے - اکثر مقامات پر احادیث کے مطالب کی توضیح بھی کی ہے -

۱۰۵۲ احمد سعید ، دھلوی، مولانا -

دوزخ کا کھٹکا ص ۱۳۶-۱۹۳۶ء دینی بکڈپو دھلی -

تبصرہ :- اس میں نو سو سے زاید حدیثیں بہ ترتیب عنوان جمع کی گئی ہیں اکثر جگہ تشریح بھی ہے علامہ منذری کی کتاب ترغیب و ترہیب سے ماخوذ ہے نواب صدیق حسن خان نے اس کا خلاصہ دو حصوں میں شایع کیا تھا معلوم ہوتا ہے مولانا کے پیش نظر وہ حصے رہے ہیں -

۱۰۵۳ احمد سعید ، دھلوی ، مولانا -

رسول کی باتیں حصہ اول ص ۲۲۴ ۱۲۶۱ھ محبوب المطابع دھلی -

تبصرہ :- مشکواتہ المصابیح سے یہ کتاب مولانا نے ماخوذ کی ہے - ترجمہ سلیس کیا ہے ، اور عنوان قایم کئے ہیں -

۱۰۵۴ احمد سعید ، دھلوی ، مولانا -

جنت کی کنجی ص ۲۶۰-۱۹۴۸ء

دینی بکڈپو دہلی۔

تبصرہ :۔ کتاب میں ۱۲۳۴ احادیث کا سلیس اور عام فہم ترجمہ ہے جو دینی معلومات پر حاوی ہے۔

۱۰۵۵ احمد علی، مولانا۔

گلدستہ صد احادیث نبوی

ص ۸۷ - ۱۹۴۸ء انجمن خدام الدین لاہور۔

تبصرہ :۔ صحاح ستہ سے سو مفید حدیثیں مع ترجمہ مرتب کی گئی ہیں۔

۱۰۵۶ احمد علی، سہارنپوری، مولانا۔

ترجمہ مسند الامام ابو حنیفہ

ص ۱۴۸ نولکشور لکھنؤ۔

تبصرہ :۔ قاضی ابوالموئد محمد بن محمود بن محمد خوارزمی متوفی ۹۰۵ھ نے مسانید امام اعظم کو جمع کیا ہے جو اس نام سے مشہور ہے۔

۱۰۵۷ احمد علی، مولوی۔

مشکواۃ الانوار ص ۴۵۰ - ۱۸۶۰ء

قلمی۔ حوالہ :۔ فہرست مسلم لائبریری آگرہ جلد ۱ ص ۱۰۰۔

۱۰۵۸ احکام الرسول، کتب خانہ اثنا عشری لاہور۔

تبصرہ :۔ کتاب سیئنگس آف محمد کا اردو ترجمہ ہے اس میں ۳۵۰ حدیثیں جمع کی گئی ہیں۔

۱۰۵۹ اسد الرحمان، قدسی۔

شرعتہ الحق ص ۱۸۲ - ۱۹۵۷ء

آئینہ ادب لاہور و مکتبہ اشرف العلوم دیوبند۔

تبصرہ :۔ عقائد عبادات اخلاق معاشرت معیشت تعزیرات کی صحیح حدیثیں اس میں جمع ہیں، مقدمہ میں علم حدیث پر سیر حاصل بحث ہے۔

۱۰۶۰ اشرف علی، مولانا۔

شرح بخاری شریف موسومہ رحمت القدوس ۱۹۵۴ء ادارہ اشرف العلوم کراچی

حوالہ :۔ مطبوعات اشرف العلوم ص ۱۲۔

تبصرہ :۔ ترجمہ شرح بخاری۔ بھجتہ النفوس بخاری شریف کی ایکسو احادیث کی مکمل اور مستند شرح اور ہر حدیث سے جو مسئلہ تصوف یا مسائل فقہ نکلے ہیں ان کا بیان نیز ان احادیث میں جو اشکال پیش آ سکتے ہیں ان کا جواب۔ ظفر احمد تھانوی کے نام سے یہ شائع ہوئی ہے۔

۱۰۶۱ اشرف علی، مولانا۔

ھزار حدیث مترجم۔ حوالہ :۔ فہرست کتب دارالاشاعت کراچی ص ۱۵۔

۱۰۶۲ آغا رفیق، بلند شہری، علامہ۔

ترجمہ مشکواۃ المصابیح ۱۹۲۵ء

دفتر رسالہ پیشوا دہلی۔

۱۰۶۳ آغا رفیق، بلند شہری، مولانا۔

صحیح بخاری آردو، نو بہار بک ڈپو دہلی۔

۱۰۶۴ الفت حسین -

حدیث نبوی ص ۷۵۰ - ۱۳۰۰ھ

حوالہ : - کتب خانہ سردار الحکماء حیدرآباد دکن ، نمبر ۶۷۲ -

۱۰۶۵ المنقطات رحمتہ المھدہ -

ترجمہ مشکواۃ - مطبع القرآن امرتسر -

(نوٹ) جماعت اھل حدیث نے یہ ترجمہ شائع کیا ہے۔

۱۰۶۶ الٰھی بخش ، لاھوری ، شیخ -

ترجمہ شرح معانی الآثار ۲ جلد (عربی اردو) ابو جعفر احمد بن محمد علامہ طحاوی متوفی ۳۲۱ھ - ۱۹۱۳ء غلام رسول سورتی بمبئی - حوالہ : - فہرست کتب خانہ نذیریہ دھلی جلد ۳ ص ۲۳۸ -

تبصرہ :- علامہ نے تمام ان احادیث و آثار کو جو حنفی مذھب کا ماخذ ھیں اس میں جمع کیا ہے یہ معرکتہ الآرا تصنیف ہے۔

۱۰۶۷ الھداد ، خوشامی -

ترجمہ موطا امام محمد ص ۳۲۰ ۱۸۹۰ء مطبع احمدی لاھور۔

تبصرہ :- موطائے امام مالک بن انس جو محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۷ھ کی روایت سے مشھور ہے اور موطائے امام محمد کہلاتا ہے، البتہ بعض ابواب میں جہاں امام مالک اور امام ابو حنیفہ کا مذھب مختلف ہے مثلاً رفع یدین وغیرہ وھاں اپنی روایت سے امام محمد نے کچھ احادیث و آثار مذھب حنفی کی تائید میں اصل ابواب پر اضافہ کئے ھیں۔

۱۰۶۸ امانت اللہ ، مولوی ، فورٹ ولیم کالج کلکتہ -

ھدایت الاسلام جلد ۱ ص ۳۰۷ کلکتہ -

۱۰۶۹ امت اللہ ، تسلیم -

زاد سفر ص ۵۲۳ - مکتبہ اسلامیہ لکھنئو -

تبصرہ :- محی الدین ابو ذکریا یحیٰی بن شرف الدین النووی متوفی سنہ ۶۷۶ھ شارح صحیح مسلم کی کتاب ریاض الصالحین کا اردو ترجمہ مع ضروری حواشی کے ہے۔

۱۰۷۰ امجد علی ، مولانا -

انتخاب صحاح ستہ عربی اردو ص ۲۵۵ - ۱۹۵۶ء محمد سعید اینڈ سنز تاجر کتب قرآن محل کراچی -

(نوٹ) ۷۹۵ احادیث کا مجموعہ -

۱۰۷۱ سنن دارمی شریف اردو ص ۶۹۶ ۱۹۵۶ء -

(نوٹ) مقدمہ مفتی انتظام اللہ شہابی کا لکھا ھوا ہے -

۱۰۷۲ امجد علی ، مولانا و مولانا ابو الفتح عزیزی و خواجہ عبد الوحید -

صحیح بخاری شریف مترجم اردو کامل تین حصے ص ۲۷۰۰ - ۱۹۵۷ء قرآن محل کراچی -

۱۰۷۳ امجد علی ، مولانا ، مترجم -

ترجمہ بلوغ المرام من احادیث الاحکام ص ۳۲۰ - ۱۹۵۳ء نور محمد کارخانہ تجارت دھلی - حوالہ : - کتب خانہ سردار الحکما حیدرآباد دکن ص ۶۵۴ -

تبصرہ : - حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ کی مرتبہ ھے، احکام کی ۱۶۰۰ احادیث کا مجموعہ، ابواب تقریباً وھی ھیں جو عموماً حدیث کی کتابوں میں ھوتے ھیں، فہرست مضامین کہیں کہیں مضمون حدیث اور اسکا خلاصہ بھی ھے۔ شروع میں مصنف کے سوانح حیات ۱۲ صفحات پر مولانا محمد عبدالرشید نعمانی کے لکھے ھوے ھیں۔ چند صفحات میں مصطلحات حدیث کی فرہنگ بھی ھے۔ یہ دوسرا ترجمہ ھے۔

۱۰۷۴ انعام اللہ ، گوپا موی ، خان بہادر ، مفتی (آثارالعلما و انشائے بیخبر) -

ترجمہ مشکواۃ المصابیح ربع حصہ ص ۲۱۰ - ۱۸۳۰ء قلمی - کتب خانہ شعیب محمدیہ آگرہ -

تبصرہ : - مولوی اکرام اللہ صاحب تصویر الشعرا کے کتبخانے سے مولوی سعید احمد ماھریروی لیے گئے ھیں جو کتب خانہ شعیب محمد یہ میں موجود ھے۔

۱۰۷۵ اولاد علی ، ساغر ، لکھنؤی -

خصائص مرتضوی ص ۹۶ - ۱۹۲۶ء رام پور -

تبصرہ :- امام نسائی کی خصائص سید نا علی بن ابی طالب کا اردو ترجمہ - خصائص کی حدیثیں سب کی سب صحاح کے پایہ تک نہیں پہنچیں -

۱۰۷۶ بدر عالم ، مولانا -

ترجمان السنہ جلد اول ص ۵۹۲ ۱۹۵۴ء ندوۃ المصنفین دھلی

تبصرہ : - التاج الجامع الاصول - صحاح ستہ کی حدیثیں جدید عنوانات کے تحت ترجمان میں جمع کی گئی ھیں متن مع اعراب ، ترجمہ عام فہم ، ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ باب کے خاتمہ پر سیر حاصل بحث ، شروع میں مبسوط مقدمہ جس میں تدوین حدیث کی تاریخ - حجیتہ حدیث مقام رسالت و نبوت کی تشریح ، فرقہ ناجیہ کی تحقیق، آئمہ حدیث کے حالات بھی شامل کئے گئے ھیں -

۱۰۷۷ بدر عالم ، مولانا ، محمد -

ترجمان السنہ جلد دوم ص ۴۹۴ ۱۹۵۳ء ندوۃالمصنفین دھلی -

تبصرہ : - احادیث کا مستند مجموعہ مع ضروری تشریحات کے ھے ، اس میں کتاب الایمان والاسلام کی حدیثوں کا ذخیرہ ھے۔

۱۰۷۸ بدر عالم ، مولانا -

ترجمان السنہ جلد سوم ص ۵۶۰ - ۱۹۵۷ء -

تبصرہ :- چار سو تیس حدیثیں متن مع ترجمہ و تشریح کے اس میں جمع ہیں بقیہ کتاب الایمان اور کتاب الانبیا بھی آگئی ہے دیباچہ میں اعتراف واعتذار کے بعد قضا و قدر کے عنوان سے کتاب کا آغاز ہے - فرقہ قدریہ کی مختصر تاریخ بھی مندرج ہے -

۱۰۷۹ بدیع الزمان ، مولوی -

ترجمہ سنن ابی داود حصہ دوم ص ۴۶۰ - ۱۳۰۱ھ -

۱۰۸۰ بدیع الزمان ، مولوی -

جائزۃ الشعوذی ترجمہ جامع الصحیح ترمذی ص ۵۵۶ - ۱۲۹۹ھ مطبع مرتضوی دھلی -

تبصرہ :- تالیف امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ حسن ترتیب اختصار اور جامعیت کے لحاظ سے حدیث کی بہترین تصنیف ہے - ہر ایک موقعہ پر صحابہ و تابعین اور مشہور آئمہ مجہتدین کی تصریح کی ہے -

۱۰۸۱ برکت اللہ ، رضا ، لکھنؤی مترجم -

ساثبت من السنہ فی ایام السنہ مترجم - شیخ عبدالحق محدث ، دھلوی ۱۹۴۳ء مطبع قیومی کانپور -

۱۰۸۲ تحقیق الوان ، فی تحفہ الاخوان ۱۲۸۲ھ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اھل اسلام مدراس نمبر ۳۳۷۴ -

۱۰۸۳ ترجمہ تجرید بخاری مع اصل عربی ص ۱۰۲۴ - ۱۳۱۹ھ - حوالہ :- فہرست عباسی کتبخانہ کراچی ص ۶ و فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۲۷۰ -

۱۰۸۴ ترجمہ مشکواۃ شریف

۱۸۵۴ء - حوالہ :- خطبات گارساں دتاسی ص ۱۲۷ -

۱۰۸۵ ترجمہ مشکواۃ شریف بزبان دکنی تصنیف آخر ۱۲۱۸ھ قلمی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۴ -

۱۰۸۶ ترجمہ مشکواۃ ص ۹۹۹ ۱۱۵۰ھ - ۱۲۰۰ھ قلمی - کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن نمبر حدیث ۷۶۵ - حوالہ :- مجلہ برھان دھلی اکتوبر سنہ ۶۴ ص ۲۲۰ -

تبصرہ :- حدیث عربی میں اس کے ساتھ اردو ترجمہ ہے - آغاز کی عبارت یہ ہے - رکن اول کسب کرنا حلال کھانے کے بیان میں - اس میں بیس باب اور سات فصل اور تین سو نو حدیثیں ہیں - باب اول اس میں تین فصل اور اکتیس حدیثیں ہیں ، فصل اول میں گیارہ احادیث ہیں -

(نوٹ) یہ کتاب ۱۲۷۸ھ میں ابو سعید خاں تہور جنگ کے لئے نقل کی گئی -

۱۰۸۷ ترجمہ مشکواۃ ص ۱۰۰۵ ۱۲۹۱ھ مطبع احمدی لاھور - حوالہ :- الفہرست ص ۲۵ -

۱۰۸۸ ترجمہ مشکواۃ شریف ۱۲۷۱ھ
مطبوعہ بمبئی - حوالہ : - احادیث النبی
ص ۱۹۳ -

۱۰۸۹ ترجمہ مشکواۃ شریف عربی
آردو - حوالہ : - فہرست کتب خانہ
عام اھل اسلام مدراس ص ۹ -

۱۰۹۰ تسہیل القاری ترجمہ صحیح
بخاری ۱۰ جز - حوالہ : - فہرست مسلم
لائبریری آگرہ ص ۲۰ -

۱۰۹۱ تلخیص البخاری آردو ترجمہ
مع متن - شیخ غلام علی اینڈ سنز
لاھور -

تبصرہ :- شرح و تفسیر بھی ترجمہ کے ساتھ دی
گئی ہے -

۱۰۹۲ توفیق الباری - ترجمہ ادب
المفرد امام بخاری - حوالہ : - فہرست
مطبع مجتبائی مطبوعہ ۱۹۰۵ء ص ۷ -

۱۰۹۳ تنبیہ الغافلین آردو قلمی -
حوالہ : - فہرست مطبع حیدری حیدرآباد
دکن ص ۱۸٦ -

۱۰۹۴ ثناء اللہ ، امرتسری ، مولوی -
خصائل النبی ، برق پریس اھل
حدیث امرتسر -

۱۰۹۵ جلال الدین احمد -
شمائل محمدیہ ص ۶۴ مطبوعہ
بمبئی -

۱۰۹٦ جلال الدین ، سیوطی ، علامہ ،
ف ۹۱۱ھ (تاریخ حدیث) -
الدر النشر ترجمہ آردو الجامع الصغیر
جلد اول - ص ۳۲۲ - ۱۹۵۰ء - غلام رسول
سورتی بمبئی -

تبصرہ :- علامہ نے تمام صحیح حدیثوں کو جو
کتب صحاح ستہ میں نکلیں بحوالہ ماخذ جمع کیا
ہے جس کا نام جمع الجوامع ہے اس کا خود خلاصہ
جامع صغیر کے نام سے کیا ہے ، علامہ کا پورا نام
جلال الدین ابوالفضل عبد الرحمان بن ابی بکر
سیوطی ہے -

۱۰۹۷ جلال الدین ، سیوطی ، علامہ -
ترجمہ بدور السافرہ فی امور الآخرہ -
حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد
دکن جلد ۳ ص ۳۷۳ -

(نوٹ) شیخ عبد الرحمان مالک کتب خانہ اسلامیہ
امرت سر نے آردو میں ترجمہ کرایا ہے -

۱۰۹۸ حاجی محمد بن عبد اللہ -
الخصال المکفرہ ص ۶۱۲ - قلمی -
حوالہ : - فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد
دکن جلد ۱ ص ۶۹۲ -

۱۰۹۹ حبیب اللہ ، محمد ، مترجم -
ازالتہ الخفاعن خلافتہ الخلفاء

(حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی) جلد ۳ ص ۴۸۸-
۱۳۱۵ھ محمدیہ اسٹیم پریس لاہور۔ حوالہ :-
فہرست کتب خانہ آصفیہ جلد ۲ ص ۱۱۳۰-

تبصرہ :- احادیث صحیح سے خلفاء اربعہ کی ترتیب خلافت پر نہایت مفصل اور مبسوط محققانہ مدلل بحث کی ہے۔ حضرت عمر کے مجتہدات کو خصوصیت کے ساتھ موضوع بحث ٹھرایا ہے اس پر ایک معرکہ آلارا مضمون لکھا ہے۔ امانت و خلافت کے مسئلہ پر محققانہ نظریات ہیں۔ بڑاحصہ کتاب کا احادیث پر مشتمل ہے اس کا نام کشف الغطا البیضا عن السنہ ہے۔

۱۱۰۰ حبیب الرحمان، مولوی، ابن مولانا احمد علی، محدث سہارنپوری۔

مسند ابی حنیفہ ص ۴۳۸-۱۳۱۸ھ
یوسفی پریس لکھنئو، حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۱-

تبصرہ :- محمد عابد بن قاضی محمد مراد سندھی نے ابواب فقہ کی ترتیب سے مرتب کیا ہے ہر حدیث امام صاحب سے لیکر آخری راوی تک کے اسناد بھی موجود ہیں، عربی متن کے ساتھ ترجمہ ہے۔ آخر میں فہرست ۲۴۶ ابواب کی ہے۔

۱۱۰۱ حفیظ اللہ خان، مولوی، ف ۱۳۴۳ھ-

ترجمہ انتباہ الاز کیا فی حیات الانبیا (علامہ جلال الدین سیوطی) عربی اردو- ۱۳۴۳ھ- حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۴-

۱۱۰۲ حلیتہ النبی -

حوالہ :- رسالہ نگار لکھنؤ ستمبر ۱۹۴۷ء ص ۲-

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے شمائل کی احادیث کا مجموعہ۔

۱۱۰۳ حمید اللہ، ڈاکٹر، محمد۔

صحیفہ ہمام بن منبہ (الصحیفہ الصحیحیہ) عربی آردو ص ۱۴۲-۱۹۵۵ء الہدیٰ بک ایجنسی نظام شاہی روڈ حیدرآباد دکن۔

تبصرہ :- حضرت ابو ہریرہ رض کے شاگرد ہمام بن منبہ نے استاد سے سنکر احادیث کا مجموعہ تیار کیا، ۱۳۸ روایات ہیں۔یہ نسخہ برلن اور دمشق میں تھا ڈاکٹر صاحب نے ایڈٹ کیا اور مع ترجمہ و مقدمہ (۶۲ صفحات) شایع کرایا جس میں اس صحیفہ کے متعلق تاریخی معلومات جمع کر دی ہے۔ دس صفحہ کا ضمیمہ بھی شامل ہے جس مین کتابت حدیث کی تاریخ ہے۔

۱۱۰۴ خرم شیخ۔

مشکواۃ المصابیح، (ترجمہ ہندی) ۱۳۴۸ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد چہارم ص ۲۶۰-

۱۱۰۵ خرم علی، بلہوری، مولانا۔

رسالہ معارف اعظم گڈہ نمبر ۶ جلد ۷۹-
تحفتہ الاخیار، ترجمہ

مشارق الانوار ص ۶۱۰-۱۲۵۲ھ-۱۲۶۳ھ مطبع محمدی بمبئی - حوالہ :- الفہرست ص ۲۲ -

تبصرہ :- فہرست فوائد و مطالب تحفہ" الاخیار ۲۲۳۳ صحیحین میں سے قولی احادیث کا ماخوذ مجموعہ ہے۔ مشارق الانوار کا جامع رضی الدین حسن بن محمد بن الحسن الصغانی لاہوری متوفی ۶۵۰ھ ہے۔ ترجمہ اور شرح ۱۲۴۹ھ کو تکمیل کو پہنچی -

۱۱۰۶ خلیل الرحمان ، برہان پوری، مولانا، محمد۔

احادیث قدسیہ ، مع ترجمہ فوائد مرضیہ ص ۱۳۴-۱۳۲۵ھ مطبع مجتبائی دہلی۔

تبصرہ :- اس میں کتب صحاح اور مشکوٰۃ المصابیح اور شرح مشکوٰۃ سے احادیث قدسیہ نکال کر یکجا متن مع ترجمہ کے مرتب کیا ہے - اس کے ۱۲۰ ابواب ہیں -

۱۱۰۷ خیر اللہ ، ابوالخیر ، محمد -

خیرالخلایق، فی حدیث خیرالخلایق ۱۳۳۹ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۴ -

۱۱۰۸ خیر اللہ ، ابوالخیر وکیل و رنگی -

خیر الکلام فی حدیث خیر الانام ص ۴۶ - ۱۳۳۹ھ مفید دکن حیدرآباد دکن حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد جلد ۳ ص ۲۷۴ و فہرست کتب خانہ امین منزل حیدرآباد دکن ص ۲۲ -

تبصرہ :- امام شیخ عبد الرؤف المناوی نے صحاح ستہ اور دیگر ۴۰ کتب حدیث سے دس ہزار احادیث کا انتخاب کر کے اپنی جامع کنوز الحقائق فی حدیث خیرالخلایق میں جمع کیا ہے۔ سنہ ۱۰۶۲ھ میں یہ کتاب تکمیل کو پہنچی - اس میں پانچ سو حدیثیں ابوالخیر صاحب نے اس مجموعہ میں جمع کی ہیں - حروف تہجی کے اعتبار سے بلا اسناد کے حدیثیں روایت کی ہیں - ضروری معلومات کا ذخیرہ ہے -

۱۱۰۹ رسالہ حدیث ہندی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ سردار الحکماء حیدر آباد دکن ص ۵ -

۱۱۱۰ روح اسلام ص ۷۲ کار پردازان پنجاب نیشنل ایجنسی ، لاہور -

(نوٹ) اخلاق احادیث کا مجموعہ -

۱۱۱۱ رفیع الدین ، سلکی -

جزالقرائت ، مصنفہ ابن ابی شیبہ ترجمہ یک جز - حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

۱۱۱۲ زکی الدین عبد العظیم المنذری مصری ف ۶۵۶ھ - حوالہ :- الروض الممطور فی تراجم علماء شرح الصدور ص ۱۳۳ -

تادیب و تہذیب اردو ترجمہ ترغیب و ترہیب ص ۵۵۲ - ۱۳۲۶ھ مطبع انوری دہلی -

تبصرہ :- اس موضوع پر جتنی صحیح حدیثیں مل سکی ہیں نہایت جامعیت اور حسن ترتیب کے ساتھ

سب کو ایک جگہ لکھدیا گیا ھے گویا جملہ کتب حدیث کا نچوڑ یا لب لباب ھے ۔ ھر ایک حدیث کے مخرج کی بھی تشریح کی گئی ھے ۔ مولوی محمد بیگ نے بھی ترغیب و ترھیب کا ترجمہ کیا ھے (فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد ص ۳۱) ۔

۱۱۱۳ سبحان بخش ، مولوی ، مترجم ۔

الاعمال الماثورہ ، فی الایام المشہورہ ، ترجمہ ما ثبت بالسنہ فی الایام والسنہ تالیف شیخ عبدالحق محدث دہلوی متوفی ۱۰۹۲ھ - ۱۳۲۶ھ مجتبائی دھلی ۔ حوالہ :- احادیث النبی ص ۱۹۷ و فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی و فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۲۶۲ ۔

تبصرہ :- اعمال ماثورہ فی ایام المشہورہ یعنی دنوں کے فضائل اور واقعات کے متعلق احادیث جو مروی ھیں ان کو اس میں جمع کر دیا ھے حاشیہ پر لغات کا حل بھی کیا ھے ۔

۱۱۱۴ سخاوت علی، جونپوری ، مولانا،

شاگرد مولانا فضل رسول بدایونی ۔

تقویم فی احادیث النبی الکریم ص ۴۰ - ۲ - ۱۳۰۳ھ مطبع صدیق بنارس ۔

(نوٹ) احادیث کا مجموعہ عربی آردو ۔

۱۱۱۵ سلیقہ ، ترجمہ آردو ،

ادب المفرد - حوالہ : - فہرست مطبع مجتبائی دھلی ۔

۱۱۱۶ سعد حسن ، مولانا ۔

مسند امام اعظم عربی آردو ص ۴۴۷ ۱۹۵۶ء مطبع سعیدی قرآن محل کراچی ناشر مولوی محمد سعید اینڈ سنز ۔

تبصرہ :- ۵۲۳ احادیث کا مجموعہ آغاز میں مقدمہ اور ۱۶ صفحہ میں امام اعظم کی سوانح عمری ھے کتاب ۳۲۹ ابواب پر مشتمل ھے ۔

۱۱۱۷ سید احمد ۔

نفع الخلایق ، حوالہ :- کتب خانہ عام اھل اسلام مدراس ص ۱۳ ۔

۱۱۱۸ سید بابا ، قادری ۔

شرح شمائل ترمذی موسومہ سراج النبوت ، چار حصہ ص ۳۲۶ - ۱۲۵۶ھ قلمی کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن (حدیث نمبر ۱۲۹۷۳۲۶) ۔

تبصرہ :- عربی میں حدیث لکھی ھے اس کے بعد ترجمہ ھے دیباچہ فارسی میں ھے اصل مضمون کے آردو ترجمہ کا انداز یہ ھے :- ابوبکر صدیق کہے کہ بلال اپنی آنکھوں کی دید سے نگاہ کئے پس بلال نماز میں مشغول ھوئے جس قدر ھو سکا نماز ادا کی بعد اس کے اپنے اونٹ کی کاٹھی سے تکیہ لئے آنکھیں بند کئے "۔

۱۱۱۹ سیف محمد ، ابوالقاسم ، متخلص سیف ۔

حل مشکلات بخاری ۔ هرسہ حصہ حوالہ :- تراجم علمائے اھل حدیث ھند جلد

اول ص ۲۰۶ -

تبصرہ :- مولوی عمر کریم حنفی کی کتاب الجرح علی البخاری کی شرح کرتے ہوئے بخاری پر جو اعتراض کئے تھے وہی حل مشکلات میں پیش کئے گئے ہیں۔

۱۱۲۰ شاہ دین، مفتی، مترجم -

فیض الباری ترجمہ صحیح بخاری

حوالہ :- فتوح الغیب ص ۱ -

۱۱۲۱ شاہ محمد، دکنی -

صراط مستقیم ص ۱۳۰-۱۱۵۰ھ

قلمی، کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن

نمبر حدیث ۱۵۴ -

تبصرہ :- اس میں احادیث جمع کی گئی ہیں، بعض قرآنی آیتیں بھی ہیں زیادہ ایسی حدیثیں ہیں جو گناہ سے اجتناب کرنے سے متعلق ہیں۔

۱۱۲۲ شاہ محمد، جعفر، ندوی، مولانا۔

ریاض السنہ ص ۵۵۶ - ۱۹۵۶ء ثقافت اسلامیہ لاہور۔

تبصرہ :- اخلاق احادیث کا مجموعہ -

۱۱۲۳ شرف الدین-

فضل الباری ترجمہ صحیح بخاری

مطبوعہ لاہور - حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

(نوٹ) چند جز -

۱۱۲۴ شمائل نامہ آنحضرت صلعم

قلمی - حوالہ :- فہرست ڈاکٹر مولوی عبد الحق نمبر ۱۴۴۴ -

۱۱۲۵ شیخ احمد، بن عطی المعروف بہ ابن الحمزہ -

ترجمہ رسالہ ابن حمزہ اردو قلمی -

حوالہ :- فہرست مطبع حیدری حیدر آباد دکن ص ۹۰ -

(نوٹ) مجموعہ احادیث -

۱۱۲۶ شیخ آدم -

ترجمہ زواجر آدم فی الحدیث

(ابن حجر تمیمی متوفی ۹۷۳ھ) ص ۱۵۰ - ۱۸۷۸ء علمی پرنٹنگ پریس، لاہور۔

تبصرہ :- والی ارکاٹ عمدۃ الامرا ۱۲۰۶ھ تا ۱۲۱۶ھ کے وسط میں زواجر کا ترجمہ شیخ آدم نے شروع کیا - عمدہ الامرا کے فرزند معین الدولہ محمد علی حسین کے حکم سے یہ ترجمہ مکمل ہوا -

نمونہ :- آغاز جمیع حمد و ثنا خدا کے تیں سزاوار ہے جو گناہ زہر کتیں توبہ کا زہر مہرہ بخشا ہے اور عصیاں کی کوہ کیتں عاصی کی عذرو حیا کی ٹانکی ستیا اور کیا ہے۔

۱۱۲۷ صبغۃ اللہ، مدراسی، قاضی، حاجی، محمد۔

نورالقلوب - حوالہ :- فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۱۴ -

۱۱۲۸ صبغۃ اللہ، قاضی۔
حواشی بر مسلم (اردو) حدیث۔
حوالہ :۔ مدراس میں اردو ص ۹۸۔

(نوٹ) احادیث کا مجموعہ۔

۱۱۲۹ صحیح نسائی، اردو کامل، ناشر
مرزا غلام رسول بازار کشمیری لاہور
حوالہ :۔ الفہرست ص ۲۱۔

۱۱۳۰ صدرالدین، حسین خاں، بڑودوی،
نواب، ف ۱۹۲۰ء۔
قال الرسول ص ۳۲-۱۹۱۵ء افضل
المطابع، مراد آباد۔

تبصرہ :۔ اخلاقی احادیث کا مجموعہ مع شرح۔

۱۱۳۱ صدیق حسن خاں، نواب۔
غراس الجنتہ۔حوالہ :۔ تراجم علمائے
اہل حدیث ہند جلد ۱ ص ۲۹۹۔

۱۱۳۲ صدیق حسن خاں، نواب،
مولوی محمد بشیر سہسوانی۔
عاقبۃ المتقیں ص ۱۲۰-۱۸۸۵ء
مفید عام آگرہ۔

تبصرہ :۔ اس میں ترغیب و ترہیب کے موضوع پر
جتنی صحیح حدیثیں مل سکی ہیں نہایت جامعیت
اور حسن ترتیب کے ساتھ ایک جگہ جمع کی ہیں۔
علامہ منذری کی کتاب کا خلاصہ ہے۔

۱۱۳۳ صدیق حسن خاں، نواب۔
جامع السعادات ترجمہ منبہات
(ابن حجر)۔ حوالہ :۔ تراجم علمائے اہل
حدیث ہند جلد ۱ ص ۲۹۹۔

۱۱۳۴ صدیق حسن خاں۔
محو الحوبہ بایثار الاستغفار و التوبہ
ص ۶۸-۱۳۰۸ھ سعید المطابع بنارس۔

۱۱۳۵ صدیق حسن، خاں نواب۔
توزیع العباد الی الدرجات یوم
المعاد ۱۸۸۴ء مفید عام آگرہ۔

۱۱۳۶ صدیق حسن خاں، نواب۔
محاسن الاعمال (حدیث) ص ۱۳۸-
۱۳۰۴ھ مفید عام آگرہ۔

۱۱۳۷ صدیق حسن، خاں نواب۔
تعلیم اسلام ص ۶۴-۱۸۸۱ء
حوالہ :۔ فہرست سسام لائبریری آگرہ ص ۴۰۔

۱۱۳۸ صدیق حسن خاں، نواب۔
سعۃ المجال الی مایحل عن الارزاق
و الاموال ص ۱۰۲-۱۳۰۴ھ مفید عام
آگرہ۔

۱۱۳۹ صدیق حسن۔ خاں نواب۔
ہدایت المسلمیں ۱۰۰-۱۸۸۲ء
مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۰ صدیق حسن خاں، نواب۔
تذکیر العباد بترجمہ تذکرۃ المعاد
ص ۹۴-۱۳۰۹ھ مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۱ صدیق حسن خاں، نواب۔
تکریم المومنین بتقدیم الخلفائے راشدین (احادیث مناقب) ص ۱۲۶ - ۱۳۰۰ھ مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۲ صدیق حسن خاں، نواب۔
سبیل الرشاد لما یحتاج الیہ العباد ص ۱۲۲-۱۳۰۲ھ مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۳ صدیق حسن، خاں نواب۔
اعمال احسن ۳۲ - ۱۸۹۰ء مفید عام آگرہ

۱۱۴۴ صدیق حسن خاں، نواب۔
اختیار السعادت بایثار العلم علی العبادت ص ۴۶-۱۳۰۵ھ مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۵ صدیق حسن، خاں نواب۔
اعتقادات فرق المسلمیں ص ۱۶ مفید عام آگرہ۔

۱۱۴۶ صدیق حسن خاں، نواب۔
ایقاظ النیام لصلۃ الارحام ص ۴۳- ۱۳۰۵ھ بھوپال۔ حوالہ :۔ علمائے اہل حدیث ہند اول ص ۳۰۸۔

۱۱۴۷ صدیق حسن خاں، نواب۔
توفیق الباری ترجمہ الادب المفرد (امام بخاری) ص ۳۱۹- ۱۳۰۶ھ مفید عام آگرہ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۲ ص ۱۶۲۰۔

تبصرہ :۔ ترجمہ سلیس کیا ہے۔ موضوع : اخلاق و آداب اسلام۔

۱۱۴۸ صدیق حسن خاں، نواب۔
بغیۃ القاری فی ثلاثیات البخاری۔
حوالہ :۔ تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد اول ص ۲۹۹۔

(نوٹ) احادیث کا مجموعہ۔

۱۱۴۹ صدیق حسن خاں، نواب۔
ہادی القلب السلیم الی درجات جنات النعیم۔ حوالہ :۔ تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد اول ص ۲۹۹۔

تبصرہ :۔ ان احادیث کا ترجمہ جونعمائے جنت کے متعلق ہیں۔

۱۱۵۰ صدیق حسن خاں، نواب۔
تقویتہ الایقان بشرح حدیث حلاوتہ الایمان (حدیث) ۱۳۰۲ھ۔ حوالہ :۔ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۲ ص ۱۶۱۸۔

(نوٹ) بیان اسلام و ایمان۔

۱۱۵۱ صدیق حسن خاں، نواب۔
روز مرہ اسلام ۱۳۰۶ھ مفید عام آگرہ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۵۷۴۔

۱۱۵۲ صدیق حسن خاں ، نواب ۔
الداؤ الدواء ۔ حوالہ :۔ تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد اول ص ۲۹۹ ۔

(نوٹ) احادیث کا مجموعہ ۔

۱۱۵۳ صدیق حسن خاں ، نواب ۔
فتح المغیث بفقہ الحدیث عربی آردو ۱۳۲۹ھ ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۳۵۲ ۔

۱۱۵۴ صغیر الدین ، مولانا ، ابو الفتح ، محمد ۔
کتاب الآثار مترجم آردو (امام محمد شیبانی) ص ۳۵۲ ۔ محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی ۔

تبصرہ :۔ نو سو احادیث کا مجموعہ ترجمہ مع متن و تشریح ، ۱۶ صفحے کا مقدمہ ہے ۔

۱۱۵۵ صفدر حسین ۔
غرائب البیان ۱۳۰۷ھ ۔ مطبع شمسی حیدر آباد ۔

۱۱۵۶ ظفر احمد ، مولوی ، مرتبہ ۔
رحمتہ القدوس ترجمہ شرح بخاری بہجتہ النفوس ۱۹۵۴ء کراچی ۔

تبصرہ : ۔ مؤلفہ ابو محمد عبداللہ بن حمزہ الاروی اندلسی ۔ بخاری شریف کی ایک سو احادیث مع شرح و استنباط مسائل فقہ و تصوف اس میں جمع کی گئی ہیں ۔

۱۱۵۷ ظہور الحسن ، مولوی ، مترجم ۔
اظہار الغمہ ترجمہ بیان السنہ (عقیدۃ الطحاوی) معین دکن حیدر آباد دکن ۔

۱۱۵۸ عاشق الہی ، مولوی ۔
درر فرائد ترجمہ شرح جمع الفوائد ص ۶۰۶-۱۳۵۱ھ مطبع صدیقی لاہور ۔

تبصرہ :۔ تالیف علامہ محمد بن احمد بن سلیمان رودانی ، ۱۴ کتب احادیث کی تلخیص ہے ۔

۱۱۵۹ عبدالاول ، مولانا ۔
ترجمہ سنن ابو داود ۲ جلد ۱۹۵۰ء حمیدیہ پریس دھلی ۔

(نوٹ) صرف آردو ترجمہ ۔

۱۱۶۰ عبدالاحد ، مولوی ، خان بہادر ، ناشر ۔
مسلم مترجم آردو ۶ جلد کامل قبل ۱۹۵۵ء مطبع مجتبائی دھلی ۔ حوالہ :۔ فہرست مطبع مجتبائی دھلی ص ۷ ۔

(نوٹ) چند علماء کے مشورہ سے مسلم شریف کا ترجمہ کیا گیا اور شائع کیا پھر حافظ عزیز حسن بقائی نے دفتر پیشوا دھلی سے یہ ترجمہ ایک جلد میں شائع کیا ۔ اس کے بعد عبدالحمید مدیر رسالہ مولوی نے مسلم مترجم دو جلدوں میں شائع کی ۔

۱۱۶۱ عبد الاحد ، مولانا ، ناشر ۔
وصیتہ النبی صلعم لابی ہریرہ رض

مع ترجمہ اردو زیر متن - ۱۹۰۵ء مجتبائی دہلی -

تبصرہ : - اس کتاب میں وہ حدیثیں ہیں جو آنحضرت صلعم سے جناب ابی ہریرہ رض نے روایت کی ہیں -

۱۱۶۲ عبدالاحد ، مولانا ، ناشر -

احادیث قدسیہ مع ترجمہ اردو ۱۹۰۵ء مجتبائی دہلی -

تبصرہ :- کتب صحاح ستہ سے احادیث قدسیہ کو ایک جگہ جمع کردیا گیا ہے -

۱۱۶۳ عبدالاحد ، ناشر ، ف ۱۳۴۶ھ

ترجمہ منبہات ابن حجر عسقلانی ۱۹۰۵ء مطبع مجتبائی دہلی -

۱۱۶۴ عبدالاحد ، مولوی ، ناشر -

ترجمہ تلخیص الصحاح ۱۳۱۹ھ مجتبائی دہلی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۲۷۰ -

۱۱۶۵ عبدالاحد ، مولوی ، ناشر -

ترجمہ تحفۃ الاتقیا ۱۲۸۸ھ حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ جلد ۴ ص ۲۷۰ حیدرآباد دکن -

۱۱۶۶ عبدالجلیل، نعمانی -

واجب الحفظ عربی اردو - حوالہ :- فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۱۳ -

۱۱۶۷ عبدالحکیم ، ابورشید ، محمد -

ہدیۃ الحرمیں ص ۶۴۵ - ۱۲۹۷ھ مطبوعہ دہلی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۶۹۲ -

۱۱۶۸ عبدالحی، واعظ، مولانا ، مترجم -

ترجمہ شرح سفرالسعادت موسومہ مصباح الہدایت ص ۲۸ - ۴۴۴ - ۶۴ ۱۸۸۱ء مطبوعہ بنگلور -

۱۱۶۹ عبدالحی، مولوی ، ف ۱۹۰۲ء

ضمیمہ **فیض الباری** ، ترجمہ تیسرالقاری شرح ثلاثیات بخاری ۱۲۹۸ھ مطبع محمدیہ بنگلور - حوالہ :- میسور میں اردو ص ۴۲ و فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۴۶۳ -

تبصرہ :- ثلاثیات بخاری کی شرح شیخ نورالحق محدث بن عبدالحق محدث دہلوی نے کی تھی اسکا ترجمہ مع فوائد کیے -

۱۱۷۰ عبدالحی ، لکھنوی ، مولانا ، (ابجدالعلوم) ف ۱۳۰۴ھ -

ترجمہ تحفتہ الاخیار ، فی احیاء السنتہ سید الابرار ۱۳۱۹ھ مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۲۷۰ -

۱۱۷۱ عبدالدائم، الجلالی ، البخاری، مولانا ، سید ، مترجم ۔

ترجمہ بخاری شریف ، (دس پارے)

جلد اول ص ۶۲۴ حمیدیہ پریس دہلی ۔

تبصرہ :۔ کتاب العلم سے کتاب الشروط تک کا ترجمہ ہے۔ شروع میں امام بخاری کی سوانح عمری اسکے بعد مقدمہ جسمیں جن صحابہ سے روایت حدیث کا آغاز ہے انکا مختصر ذکر ہے۔ بقول علامہ ابن صلاح بخاری میں مع تکرار و اعادہ کے ۷۲۷۵ احادیث ہیں اگر مکرر شمار سے خارج کی جائیں تو تعداد صرف چار ہزار رہ جاتی ہے ۔ اس مجموعہ میں ۳۰۵۴ احادیث ہیں ۔ آخر میں فہرست مضامین ہے۔

۱۱۷۲ عبد الدائم ، الجلالی ، البخاری ، مولانا، سید ۔

ترجمہ بخاری شریف دس باب ۔

جلد ثالث ص ۵۶۸ حمیدیہ پریس دہلی ۔

تبصرہ : -- باب سورہ فاتحہ کی فضیلت سے کتاب الرد علی الجہمیہ تک ہے ۲۵۱۰ احادیث اس میں جمع ہیں ۔ آخر میں فہرست مضامین ہے ۔

۱۱۷۳ عبد الدائم، الجلالی ، رام پوری، مولانا ۔

ترجمہ تجرید بخاری ص ۵۸۴ ۔

۱۹۳۲ء رسالہ پیشوا دہلی ۔

تبصرہ : ۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری کی جامع صحیح کی تجرید ہے علامہ حسین بن مبارک زبیدی نے تجرید ۸۸۰ھ میں کی، اس کا یہ ترجمہ ہے۔ ۲۱۵۷ احادیث اس میں جمع ہیں ۔ مقدمہ اور سوانح عمری امام بخاری ، محمد عبدالتواب چشتی کا تحریر کردہ ہے۔

۱۱۷۴ عبد الرحمان ۔

کنز الاخلاق لاهل الافاق

ص ۱۳۴-۱۳۱۰ھ شوکت المطابع میرٹھ

حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۶۹۲ ۔

۱۱۷۵ عبد الرؤف ، منادی ، مولانا۔

تجرید الاحادیث (معدن الدقائق)

ص ۲۶۰-۱۹۳۰ء گیلانی اسٹیم پریس لاہور ، و پیسہ اخبار لاہور ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۲۷۲ و فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۸۳۵ ۔

تبصرہ :- ۴۷ کتب احادیث سے دس ہزار احادیث باسلوب حروف تہجی معہ متن اردو پہلو بہ پہلو درج کی ہیں۔مولوی محبوب عالم لاہوری ف ۱۳۵۱ھ کے اہتمام سے یہ شایع ہوئی۔

۱۱۷۶ عبد الرزاق ، قادری ، جعفری ، سید ۔

شرح معانی الآثار غیر مطبوعہ

حوالہ :-مجلہ طلسانئین عثمانیہ حیدرآباد دکن ۱۹۴۳ء ص ۸۲ ۔

تبصرہ :- ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ الازدی الطحاوی متوفی ۳۳۱ھ علامہ نے تمام ان احادیث

اور آثار کو جو حنفی مذہب کے موئید ہیں اس میں جمع کیا ہے۔

۱۱۷۷ عبد الستار ، مولوی ۔
نصرت الباری ترجمہ صحیح بخاری ۱۹۵۶ء مکتبہ سعودیہ کراچی ۔

(نوٹ) عربی اُردو مع حاشیہ مولوی عبد الستار ۔

۱۱۷۸ عبد الشاکر ، ابو الخیر ۔
مقامات شاکری ص ۵۳۴ - ۱۲۵۰ھ قلمی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن نمبر حدیث ۹۰۷ جلد ۳ ص ۲۷۱ ۔

تبصرہ :۔ کتاب تیس باب پر منقسم ہے۔ شکر الٰہی ، شرک ، علم ، سماع ، وعظ ، عفویات ، چغلی، کلمہ طیبہ ، نماز وغیرہ ۔

۱۱۷۹ عبد الشکور ، لکھنوی ، مولانا ۔
ترجمہ شمائل ترمذی عربی اُردو ۱۳۳۸ھ دفتر النجم لکھنئو۔

۱۱۸۰ عبد الشکور ، مولانا ۔
ازالتہ الخفا اُردو ترجمہ ص ۹۹۴ ۱۳۳۷ھ دفتر النجم لکھنؤ۔

۱۱۸۱ عبد العزیز ، صدیقی ۔
شرح صحاح ستہ اُردو ۔ حوالہ :۔ تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد اول ص ۲۲ ۔

۱۱۸۲ عبد العزیز ، مولوی ، بن عبدالرشید ، مترجم ۔
ترجمہ شرح معانی الآثار (ابو جعفر طحاوی) ص ۲۷۳-۱۲۱۰ھ مصطفائی دھلی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۶۹۲ ۔

۱۱۸۳ عبد العزیز ، محدث ، رحیم آبادی ۔
سواء الطریق حصہ اول ، ڈاکٹر سید محمد فرید ایم ۔ اے ۔ لھریا سرائے در بھنگہ ۔

(نوٹ) صحیحین کی احادیث کا مجموعہ مع ترجمہ ۔

۱۱۸۴ عبد العزیز ، بن محمد عبد الرشید شارح ۔
فیض الستار فی کتاب الآثار (امام محمد بن حسن شیبانی) ص ۶۳۶-۱۳۰۹ھ مطبع گلزار محمدی ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۲۹۲ و الفہرست ص ۲۳ ۔

۱۱۸۵ عبد العزیز ، مسہانی ، ساکن گوجرانوالہ ، مولانا ۔

نبراس الساری حصہ دوم ۱۹۲۷ء گوجرانوالہ ۔

تبصرہ :۔ کتاب المغازی سے آخر صحیح بخاری تک کی حدیثوں کا پتہ بتایا گیا ہے فہرست ابواب اور غلط نامہ بھی شامل ہے۔

۱۱۸۶ عبدالعزیز عبدالحمید ، اٹاوی۔
المصطفیٰ ترجمہ المنتقیٰ ابن
جارود متوفی ۳۰۷ھ - ۱۲۶۵ھ مطبوعہ۔
حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد
دکن جلد ۱ ص ۲۷۲-

۱۱۸۷ عبدالعزیز ،عبدالحمید، مترجم
عمدۃ الاحکام مصنفہ حافظ تقی
الدین ابو محمد عبد اللہ المقدسی - اسلامیہ
پریس دھلی -

تبصرہ :- اس میں وہ حدیثیں جمع کی گئی ھیں جس
میں شیخین متفق ھیں۔

۱۱۸۸ عبدالغفار ، مولوی ، سہد انوی ،
ف ۱۲۱۹ھ و مولانا ابراھیم ، آروی
سلیقہ ترجمہ ادب المفرد امام بخاری
ص ۱۰۴ - ۱۳۰۴ھ مطبع خلیلی آرہ۔ حوالہ :-
الفہرست ص ۴۲ و فہرست کتبخانہ آصفیہ
جلد ۴ ص ۲۷ -

تبصرہ :- اس کے ۲۹۱ باب ھیں جن میں ۱۳۲۸
احادیث ھیں زیادہ تر اخلاق و معاملات و آداب
سے متعلق حدیثیں ھیں۔

۱۱۸۹ عبدالغفار ، قادری ، مولوی
فاضل ، سید۔
تصریح الاونق ، فی ترجمہ شرح
البرزخ (لابی سعد السلمی) ، ۱۳۱۵ھ مطبوعہ۔
حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد
دکن جلد اول ص ۲۷۲ -

۱۱۹۰ عبد الغفور ، ناشر -
ترجمہ مشکواۃ شریف ربع سوم -
ص ۴۵۶-۱۳۱۹ھ مطبع القرآن والسنہ
پریس امرت سر۔

تبصرہ :- کتاب الزکواۃ سے لیکر باب فی الزور
تک عربی متن مع آردو ترجمہ کے ھے حاشیہ پر
تشریح بھی ھے۔

۱۱۹۱ عبد الغفور ، ناشر۔
ترجمہ مشکواۃ شریف- الربع
الرابع ص ۴۶۴-۱۳۲۰ھ مطبع القرآن والسنہ
امرتسر۔

۱۱۹۲ عبد الغفور ، ناشر-
ترجمہ المشکواۃ شریف ربع ثالث
ص ۴۵۲ - ۱۳۱۹ھ مطبع القرآن والسنہ
امرتسر -

(نوٹ) کتاب القصاص سے باب الامر بالمعروف تک -

۱۱۹۳ عبد الغنی، حنبلی، ۱۲۸۷ھ -
زبدۃ المرام ترجمہ عمدتہ الاحکام
عربی آردو - حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام
اھل اسلام مدراس ص ۱۰ -

۱۱۹۴ عبد القدوس ، ھاشمی ، ندوی ،
مولانا، مترجم -
کتاب زندگی آردو ترجمہ الادب
المفرد امام بخاری۔ ص ۳۶۸-۱۹۵۸ء نفیس
اکڈیمی ، کراچی-

تبصرہ :- ان احادیث نبوی صلعم و آثار صحابہ کا بیش بہا مجموعہ جو تمام تر شخصی اخلاق، خاندانی تعلقات، انسانی حقوق، معاشرے اور قومی فرائض سے متعلق ہیں۔ فاضل مترجم کا دیباچہ اور مقدمہ ہے جس میں علم حدیث پر معلوماتی سیر حاصل عالمانہ بحث کی ہے۔ ادب المفرد کا یہ تیسرا ترجمہ ہے۔

۱۱۹۵ عبد اللہ، بن سید بہادر علی۔

حبل المتین مع ملحقات مترجمہ مطبع احمدی۔ حوالہ :- فہرست کتبخانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۳۶۲ -

۱۱۹۶ عبداللہ -

بلوغ المرام اردو ترجمہ قبل ۱۸۵۷ء مطبع احمدی کلکتہ۔

۱۱۹۷ عطاءاللہ، مولانا۔

تنویر الممجد ترجمہ موطاء امام محمد محمد شیبانی متوفی ۱۸۷ھ ص ۲۱۰-۱۹۲۸ء مطبع محمدی لاہور۔ حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۴ -

۱۱۹۸ عنایت علی، عظیم آبادی، مولوی - خلیفہ مولانا سید احمد بریلوی۔

بلوغ المرام من ادلتہ الاحکام اردو ترجمہ ص ۲۶۰ سطبع احمدی کلکتہ۔

تبصرہ :- ۱۶ سو احادیث ، احکام ، عبادات اور معلومات وغیرہ کی اس میں جمع ہیں کتاب الطہارت سے باب الترغیب فی مکارم الاخلاق والدعا تک کا بیان اس میں ہے پورا نام بلوغ المرام من ادلتہ الاحکام تالیف شیخ الاسام صفی الدین احمد بن علی ابن الحجر العسقلانی متوفی ۸۵۳ھ -

۱۱۹۹ عین القضاۃ، لکھنوی، مولوی۔

خیر النواھی ۱۹۱۸ء اصح المطابع لکھنئو -

۱۲۰۰ غلام حسین ، مولوی -

ترجمہ تجرید ، بخاری ۱۳۳۹ھ حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

۱۲۰۱ غلام رسول ، مولانا ، مترجم

منبہات ابن حجر عسقلانی اردو ترجمہ ص ۱۰۰-۱۳۰۳ھ مطبع محمدی لاہور۔

۱۲۰۲ غلام محی الدین

تنبیہ العباد فی الارشاد ص ۱۶ نظام المطابع -

۱۲۰۳ غلام نبی،

ارشاد النبی ، منظوم - ص ۱۱۰ قلمی - حوالہ :- فہرست ڈاکٹرمولوی عبدالحق نمبر ۲۶۲ : ۱۴ -

۱۲۰۴ فضل احمد ، انصاری ، دلاوری ، مولانا -

ترجمہ جامع ترمذی حصہ اول عربی اردو۔ ص ۵۵۴ - ۱۸۹۴ء نولکشورلکھنؤ

حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۲۷۲ -

تبصرہ :- مع فوائد و حواشی و اسناد، محدثین کے احوال حاشیہ پر اضافہ کئے گئے ہیں -

۱۲۰۵ فضل احمد ، انصاری ، مترجم -
ترجمہ جامع ترمذی عربی اردو
حصہ دوم ص ۶۴۲-۸۹۴ء نولکشور لکھنؤ -

۱۲۰۶ فضل احمد ، سیالکوٹی ، مولانا -
فضل الباری ، ۳۰ جلد ۱۳۰۲ھ
تاج ہند لاہور -
تبصرہ :- اعراب واسناد اور مختصر اسماء الرجال بھی لکھا ہے پہلے کالم میں متن اور دوسرے میں ترجمہ ہے -

۱۲۰۷ فقیراللہ ، مولوی -
فیض الباری ترجمہ صحیح بخاری
جلد دوم ۱۲۱۳ھ مطبع محمدی کانپور -

۱۲۰۸ فقیراللہ -
فیض الباری ، ترجمہ صحیح بخاری
جلد سوم ۱۲۱۳ھ مطبع محمدی کانپور -

۱۲۰۹ فقیر اللہ -
فیض الباری ، ترجمہ صحیح بخاری ،
جلد ۴ - ۱۲۱۳ھ مطبع محمدی کانپور -

۱۲۱۰ فقیر اللہ -
فیض الباری ، ترجمہ صحیح بخاری
جلد ۵ ۱۲۱۳ھ مطبع محمدی کانپور -

۱۲۱۱ فقیراللہ ، مولوی -
فیض الباری ترجمہ صحیح بخاری
جلد ۶ - ۱۲۱۳ھ مطبع محمدی کانپور -

۱۲۱۲ فقیراللہ ، مولوی -
ترجمہ سفرالسعادت ص ۳۲۰
۱۹۲۰ء مطبع محمدی لاہور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن ص ۷ و کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۱۶۴ -

تبصرہ :- اس کا دوسرا نام صراط مستقیم ہے علامہ محمد ابن یعقوب مجدالدین ابو طاہر فیروز آبادی صاحب قاموس آنحضرت صلعم کے طریق زندگی کا احادیث سے صحیح خاکہ کھینچا ہے اتباع سنت کے لحاظ سے در حقیقت اسم بامسمیٰ ہے ماتن علام نے آخر میں ان امور کی تفصیل پیش کی ہے جو عام طورپر مشہور ہیں لیکن محل نظر ہیں -

۱۲۱۳ فیروزالدین ، لاہوری ، مولوی ، مترجم -

تجرید بخاری اصل عربی و اردو ترجمہ جلد اول و دوم ص ۴۸۴ - ۵۳۶
۱۳۴۱ھ فیروز اینڈ سنز لاہور -

تبصرہ :- حسن بن مبارک کی مرتبہ ہے ۱۰۴۰ احادیث کا مجموعہ ہے امام بخاری اور راویان تجرید بخاری کے تذکرے اس کے بعد فہرست عنوان ہائے احادیث ہے -

۱۲۱۴ فیض محمدی، مترجم اردو
حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۶۵۶ -

۱۲۱۵ قادر علی نبیسہ قاضی عبداللہ مدراسی -

اتباع السنہ ۱۳۵۲ھ مطبوعہ
حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۲۷۰ -

۱۲۱۶ قطب الدین خاں، دہلوی، نواب - ف ۱۲۸۹ھ -

مظاہر الحق ترجمہ و شرح مشکواتہ المصابیح ۴ جلد ص ۷۱۷-۴۴۲-۶۸۳-۵۴۰ ۱۲۵۶ھ مطبع ہاشمی دہلی -

تبصرہ :- شیخ ولی الدین ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی نے مصابیح بغوی کے ہر ایک باب میں ایک فصل بڑھا کر مرتب کی ہے - یہ کتاب صحاح ستہ اور مشہور کتب حدیث کا قابل استناد مجموعہ ہے تیسر الوصول میں کچھ اضافہ ہے اسمیں شارح نے یہ خیال رکھا ہے کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی شرح مشکواۃ سے بھی جگہ جگہ تلخیص شامل کی ہے - مرقات شرح ملا علی قاری اور حاشیہ سید جمال الدین سے فائدے بڑھائے ہیں - ترجمہ اصل میں شاہ محمد اسحاق دہلوی کا کیا ہوا ہے - (مقدمہ مظاہر الحق)

۱۲۱۷ قمر الدین، مولوی -

تحفتہ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار
حوالہ :- فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۲۳۷ -

۱۲۱۸ قیام الدین، احمد، فضلی، مولوی

رسالہ شمائل محمدیہ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ عام اہل اسلام مدراس نمبر ۲۴۴۸ -

۱۲۱۹ کامل، جوناگڈھی -

پیغام رسول ۱۳۴۹ھ تجلی پریس دہلی -

(نوٹ) احادیث کا منظوم ترجمہ -

۱۲۲۰ کرامت علی، علی صدیقی جونپوری مولانا - ف ۱۲۹۷ھ -

انوار محمدی ترجمہ شمائل ترمذی ص ۲۴۲-۳۶۰؛ ھ مطبع شوکت المطابع میرٹھ - حوالہ :- اردو مخطوطات کتب خانہ عثمانیہ حیدر آباد دکن ص ۲۱ و فہرست کتب خانہ محمدیہ بمبئی ص ۳۶۲ -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے کھانے، رہنے، سہنے، ہنسنے، بولنے، وضو، غسل، عبادات، اخلاق و عادات کا اسمیں بیان ہے عربی کے ساتھ ترجمہ ہے جابجا ضروری حاشیے دئے ہیں آغاز میں مختصر دیباچہ ہے - مترجم کے ہاتھ کا قلمی نسخہ کتب خانہ جامع عثمانیہ میں موجود ہے اور ایک نسخہ ص ۲۷-۴۲-۱۲۵۴ھ کا جامع مسجد بمبئی میں بھی ہے - (نوائے ادب کتب خانہ محمدیہ بمبئی میں ۱۲۵۲ھ کا قلمی نسخہ ہے جنوری ۱۹۵۳ع ص ۱۲) -

۱۲۲۱ کرامت علی، جونپوری، مولانا۔

ترجمہ مشکواۃ جلد اول۔ حوالہ:۔ رسالہ برہان دہلی دسمبر ۱۹۵۳ء ص ۲۶۰

۱۲۲۲ کافی، کفایت علی، مراد آبادی مولانا۔

بہار خلد ترجمہ شمائل ترمذی منظوم ص ۱۷۰ - ۱۲۵۸ھ قلمی۔ ملک محمد ایوب قادری بی۔ اے وحید آباد گولی مار کراچی۔

نمونہ: آغاز

تعالی شانہ کا وصف کب لکھنے میں آتا ہے
کہ شکل بید یہاں وحشت سے خامہ تھر تھراتا ہے
ذرا او برکت احمد زباں تک میری آجاتا
کہ تیرے ہی وسیلہ سے قلم کافی اٹھاتا ہے

تاریخ ختم کتاب:۔

ہوئی اتمام جب نظم شمائل
بہار خلد اس کا نام رکھا
کہی کافی نے حسب حال تاریخ
بیاں ہے عادت و خوبی نبی کا

۱۲۲۳ مجالس الابرار ترجمہ "خزینہ الاسرار"۔ حوالہ:۔ الفہرست ص ۴۲۔

۱۲۲۴ محب اللہ، پانی پتی، مولانا مترجم۔

منبہات ابن حجر عسقلانی اردو ترجمہ ۱۲۳۲ھ مطبع نظامی کانپور۔

۱۲۲۵ محمد ابراہیم، ابو محمد، مولانا۔

طریق النجاۃ فی ترجمہ الصحاح من المشکواۃ چار جلد ص ۴۳۲-۸۴-۱۱۸-۲۴۰ امانت پریس حیدر آباد دکن۔ حوالہ:۔ احادیث النبی ص ۱۹۳۔

تبصرہ:۔ کتاب مشکواۃ کا اردو ترجمہ ہے اکثر حدیثوں کو مجمل سمجھکر تشریح و توضیع تعلیقات میں کی ہے مکرر احادیث کے لیے کتب صحاح سے مدد لی ہے اور تشریح کی ہے اس میں ترتیب فقہی کو ملحوظ رکھا ہے۔

۱۲۲۶ محمد احسن نانوتوی، مولانا۔

تحفتہ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار مطبع صدیقی لاہور۔ حوالہ:۔ الفہرست ص ۲۲ حیاۃ العلما مطبوعہ ۱۹۱۲ء ص ۱۱۰۔

۱۲۲۷ محمد اسحاق، دہلوی، مولانا۔

ترجمہ مشکواۃ المصابیح۔

حوالہ:۔ دیباچہ مظاہرالحق جلد اول۔

تبصرہ:۔ مولانا قطب الدین دہلوی لکھتے ہیں کہ مشکوۃ شریف ...... کا ترجمہ میرے استاد بزرگوار مولانا .... حاجی محمد اسحاق نواسہ حضرت شیخ عبدالعزیز بن مولانا شاہ ولی اللہ نے بیچ زبان ہندی کے بین السطور میں لکھا تھا لیکن کاتبوں سے اس کی صحت میں فرق آنے لگا مرضی احباب موصوف کی ایسی پائی کہ اگر یہ بطور شرح کے لکھا جاوے بہتر ہے اس لئے اس ہیچمدان نے ترجمہ اس کا عبارت عربی سے علیحدہ کرکے لکھا اور فائدہ مختصر مناسب مقام کے درج کئے،،۔

۱۲۲۸ محمد اسحاق ، میر -

اسوۃ حسنہ (اسلامی اخلاق)

ص ۱۸۸ - ۱۹۴۳ء انجمن ترقی اسلام سکندرآباد دکن -

تبصرہ :- پانسو مشہور و معتبر احادیث کا مجموعہ -

۱۲۲۹ محمد اسماعیل خان ، نواب ، رئیس ، دتاولی ، ایڈیٹر معارف آگرہ -

لمعات الاسلام ص ۵۵-۱۳۲۸ھ

عزیزی پریس آگرہ -

۱۲۳۰ محمد حیات ، سنبھلی ، مترجم -

تعطیر المشام ترجمہ بلوغ المرام ۱۳۴۹ھ لاہور۔ حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۲۷۲ -

۱۲۳۱ محمد حیات -

ترجمہ تجرید بخاری ص۳۳۲ -

۱۳۴۴ھ مطبع اسلامیہ لاہور -

۱۲۳۲ محمد ذکریا ، مولانا ، شیخ الحدیث مظاہرالعلوم سہارنپور -

خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی -

۱۹۵۴ء کتبخانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دھلی -

تبصرہ :- اس میں حضور صلعم کے اخلاق ، عادات اور رات دن کے تمام معمولات سونا، اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا، گھر اور باھر کے برتاو، غرض ھر بات کا مسنون طریقہ اور دین کی صحیح معاشرت کا بیان ھے -

۱۲۳۳ محمد رمضان ، مولوی -

فضائل الشھور و الصیام فی الاوراد اللیالی والایام - ۱۲۹۹ھ

حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ ص ۲۷۶ -

۱۲۳۴ محمد شاہ -

بحرالعلم ترجمہ عین العلم ۔ حوالہ :- الفہرست ص ۲۳ -

نوٹ :- احادیث در بیان حقوق -

۱۲۳۵ محمد شفیع ، مفتی ، مترجم -

صائب الکلام فی مصائب الایام

ص ۴۰ - ۱۹۵۶ء کتب خانہ اشرفیہ کراچی -

(نوٹ) ابوبکر ابن ابی دنیا متوفی ۲۸۲ھ کی کتاب کا ترجمہ ھے -

۱۲۳۶ محمد علی خاں ، طاھر ، نواب ، سید -

حظیرۃ التقدیس ۱۳۰۷ھ سفید عام آگرہ -

تبصرہ :- کتب احادیث سے احادیث قدسیہ جمع کی ھیں -

۱۲۳۷ محمد علی، مرادآبادی، مولوی -

نورالمعہ (فضائل جمعہ) اردو ترجمہ (علامہ جلال الدین سیوطی) ۱۲۹۷ھ مطبع العلوم پریس -

۱۲۳۸ محمد علی، احمدی، مولوی -

فضل الباری آردو ترجمہ و حواشی صحیح بخاری ۱۹۲۶ء جماعت احمدیہ لاہور -

۱۲۳۹ محمد عمر -

حدیث قدسی ص ۱۴۲ - ۱۲۸۱ھ مصطفائی پریس کانپور -

۱۲۴۰ محمد منظور، نعمانی، مولانا

معارف الحدیث جلد اول ۱۹۵۶ء کتب خانہ رسالہ الفرقان لکھنؤ -

تبصرہ:- ۱۴۰ احادیث ایمان و اخوت کے متعلق اس میں جمع کی گئی ہیں -

۱۲۴۱ محمد منظور، نعمانی، مولانا -

معارف الحدیث جلد دوم ۱۹۵۷ء کتب خانہ رسالہ الفرقان لکھنؤ -

تبصرہ:- ۲۶۰ احادیث تزکیۂ روح، اصلاح اخلاق کے متعلق اس میں یکجا ہیں -

۱۲۴۲ محمد نور، مولوی -

غایت الکلام فی آداب اللباس والطعام - حوالہ :- الفہرست ص ۲۴ -

۱۲۴۳ محمود الحسن شیخ الہند، مولانا -

الابواب والتراجم ص ۷۲-۱۳۰۳ھ الامان نگینہ لکھنو - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۸۳ -

تبصرہ:- بخاری شریف کی معرکۃ الارا بحثوں سے ایک بحث الابواب و التراجم کی ہے جسپر مولانا نے اپنے خیالات ظاہر کئے ہیں -

۱۲۴۴ محمود صمدنی -

رسالہ معیار الحدیث ۱۳۲۶ھ حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۴ -

۱۲۴۵ محمد محمود محمد -

لباب الاخبار عربی فارسی آردو ص ۷۶ - ۱۳۲۳ء قلمی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۱۱ -

(نوٹ) مطبع کریمی بمبئی میں یہ کتاب طبع ہوچکی ہے -

۱۲۴۶ محی الدین خاں، سید، ابوالحسن دہلوی، جسٹس حیدرآباد -

تلخیص الصحاح جلد اول ص ۲۸۶ ۱۳۲۶ھ صدیقی پریس لاہور -

تبصرہ :- کتاب تیسرالوصول الی جامع الاصول فی احادیث الرسول کا ترجمہ - تمہید میں علم حدیث اور اصحاب صحاح کے حالات، کتاب اول ایمان و

اسلام کے بیان میں - آخر میں کتاب الثناء و الشکر صفحہ ۱۱۳ سے ۲۶۵ تک اسباب النزول کی بھی احادیث ھیں - اس کے موئلف شیخ عبدالرحمان بن الربیع شیبانی یمنی متوفی ۹۴۴ھ ھیں -

۱۲۴۷ محی الدین خاں ، ابوالحسن -

تلخیص الصحاح جلد دوم ص ۳۲۲ ۱۳۴۳ھ صدیقی پریس لاھور -

تبصرہ :- فصل اول فضائل جہاد ، آخری الفصل ثالث فی صلوٰۃ علی النبی صلعم ، اس میں آداب بیعت، جہاد، عمرہ ، حج، ذبح ، سزاؤں، جزیہ کا بیان ھے -

۱۲۴۸ محی الدین خاں ، ابوالحسن دھلوی -

تلخیص الصحاح جلد سوم ص ۲۸۸ ۱۳۴۳ھ صدیقی پریس لاھور -

تبصرہ :- کتاب الدیات سے نماز ، تسبیح ، کے بیان تک ، آخر میں ایسی متفرق احادیث کا بیان ھے جو نماز سے متعلق ھیں -

۱۲۴۹ محی الدین خاں ، سید ، ابوالحسن دھلوی -

تلخیص الصحاح جلد چہارم ص ۳۱۴ - ۱۳۴۲ھ مطبع صدیقی پریس لاھور -

تبصرہ :- کتاب الصوم سے جنگ حدیبیہ کے بیان تک -

۱۲۵۰ محی الدین ، خاں ، دھلوی -

تلخیص الصحاح جلد پنجم ص ۳۶۳ ۱۳۴۳ھ صدیقی پریس لاھور -

تبصرہ :- غزوہ ذی قرد سے خدا تعالیٰ کے دیدار کے بیان میں -

۱۲۵۱ محی الدین خاں ، ابوالحسن نبیرۂ مولانا رشید الدین خاں، دھلوی، سید -

تلخیص الصحاح جلد ششم ۱۳۲۶ھ صدیقی پریس لاھور -

تبصرہ :- بقیہ بیان آخر تک ، اس کتاب کا ماخذ شیخ ابن الاثیر جزری متوفی ۶۰۶ھ کی جامع الاصول ھے -

۱۲۵۲ محی الدین خاں ، سید ، ابوالحسن ، دھلوی -

حدیث ابن سلام اردو - ۱۳۲۵ھ مطبع صدیقی لاھور -

تبصرہ :- حضرت عبداللہ بن سلام نے آنحضرت صلعم سے سوال و جواب کئے تھے وہ تمام اسمیں جمع کئے گئے ھیں -

۱۲۵۳ محی الدین خاں ، ابوالحسن ، دھلوی -

معارف الھدیہ فی احادیث الدرسیہ ص ۷۲ - ۱۳۱۴ھ مطبع صدیقی لاھور -

حوالہ :- الفہرست ص ۲۳ -

۱۲۵۴ محی الدین خاں، سید، ابوالحسن۔
فیض الباری پارہ اول ص ۳۸۴
۱۳۴۰ھ فقیراللہ تاجر لاہور۔

تبصرہ :۔ کتاب الایمان سے وضوتک کے مسائل کا اس میں بیان ہے۔

۱۲۵۵ محی الدین خاں، ابوالحسن دہلوی۔

فیض الباری فی ترجمہ صحیح بخاری
۳ جلد مع شرح پارہ ۱ تا ۹ - ۱۳۰۸ھ
گلزار محمدی لاہور۔

تبصرہ :۔ فتح الباری، عینی شرح بخاری وغیرہ مشہور شرحوں کے مطالب کا خلاصہ بھی اردو میں لکھا ہے۔ ہر ایک پارے کی شرح علیحدہ جلد میں ہے فتح الباری جس میں علم حدیث ادبیات اور فقہ کے دقایق حجر عسقلانی نے بیان کئے ہیں۔ عینی موئفہ نورالدین محمود بن احمدمتوفی سنہ ۷۶۲ھ کی اس شرح کا نام عمدۃ القاری ہے، کوئی پہلو تحقیق کا نہیں چھوڑا ہے اس کی ۱۱ جلدیں ہیں۔

۱۲۵۶ محی الدین، شیخ، و افضل بیگ۔
بلاغ مبین فی اتباع خاتم النبیٔن ص ۶۲۶ - ۱۲۹۳ھ مطبع محمدی لاہور۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۶۸۸ و الفہرست ص ۲۳۔

(نوٹ) احادیث کا مجموعہ۔

۱۲۵۷ محی الدین، ناشر۔

بلوغ المرام من ادلتہ الاحکام
تالیف حافظ ابن حجر عسقلانی ۱۲۹۲ھ
محی الدین تاجر کتب، لاہور۔

(نوٹ) ترجمہ مع متن کے ہے۔

۱۲۵۸ سخ الباری فی ترجیح صحیح بخاری۔ حوالہ : لباب المعارف العلمیہ فہرست کتب خانہ دارالعلوم پشاور۔

(نوٹ) چھوٹا سا رسالہ ہے نام سے مضمون ظاہر ہے۔

۱۲۵۹ مشتاق احمد، امیٹھوی، مولوی۔
کاشف اسرار غیبیہ بالاحادیث النبویہ ۱۳۱۰ھ۔ حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۲۷۶۔

(نوٹ) ترجمہ "اللمعہ فی الاجوبتہ السبعہ علامہ سیوطی۔

۱۲۶۰ مشکواۃ مترجم اردو کامل
مع متن ۳ جلد ص ۱۷۵۸ - ۱۹۵۴ء
محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی۔

تبصرہ :۔ چھے ہزار سے زائد احادیث کا ذخیرہ۔

۱۲۶۱ مصباح الدین احمد۔
لباب الاحادیث۔ بک ڈپو علی گڈھ
حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ۔ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۶۷۶۔

تبصرہ :۔ اس میں چالیس باب ہیں ہر ایک میں ایک ہی قسم کی حدیثیں جمع کی گئی ہیں۔

۱۲۶۲ مطلع الانوار فی ترجمۃ الآثار
قلمی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد ۳ ص ۲۸۸ -

۱۲۶۳ مقرب علی، سید۔
احادیث قدسی ۱۲۸۳ھ مطبوعہ کتبخانہ سالار جنگ حیدر آباد دکن -

۱۲۶۴ مملوک علی، صدیقی، نانوتوی مولانا، مترجم -
سنن ترمذی قلمی - حوالہ :- طبقات العلما مولوی کریم الدین پانی پتی ص ۱۰۲ -

(نوٹ) جامع ترمذی کا اردو ترجمہ -

۱۲۶۵ منہاج المومنین من احادیث سید المرسلین قلمی - حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد -

۱۲۶۶ منیر، مولوی -
سراج السالکین ص ۱۲۵-۱۲۸۸ھ نولکشور لکھنئو - حوالہ :- الفہرست ص ۲۵ -

۱۲۶۷ مرزا حیرت، دہلوی -
سنن دارمی شریف اردو ص ۵۰۴ ۱۳۰۰ھ کرزن اسٹیم پریس دہلی -

(نوٹ) یہی ترجمہ مطبع سعیدی کراچی سے شائع ہوا ہے جس کا ذکر سنن دارمی کے نام سے آچکا ہے -

تبصرہ :- ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمان بن الفضل بن بہرام بن عبد الصمد الدارمی سمرقندی متوفی ۲۲۵ھ - ۳۴۵۴ احادیث کا یہ مجموعہ ہے -

(نوٹ) چند علما نے مرزا حیرت کی نگرانی میں یہ ترجمہ کیا ہے -

۱۲۶۸ مرزا حیرت، دہلوی -
مشکواۃ شریف جلد اول ص ۴۱۶- ۱۳۲۴ھ کرزن پریس دہلی -

۱۲۶۹ مرزا حیرت، دہلوی -
مشکواۃ شریف جلد دوم ص ۳۱۲- ۱۳۲۴ھ کرزن پریس دہلی -

۱۲۷۰ مرزا حیرت، دہلوی -
مشکواۃ شریف جلد سوم ۱۳۲۴ھ کرزن پریس دہلی -

۱۲۷۱ مرزا حیرت، دہلوی -
مشکواۃ شریف جلد چہارم ۱۳۲۴ھ کرزن پریس دہلی -

۱۲۷۲ مرزا حیرت، دہلوی -
صحیح بخاری مکمل اردو جلد اول ص ۶۲۷-۱۹۰۶ء کرزن پریس دہلی - ونور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی -

تبصرہ:- امام محمد بن اسماعیل بخاری کی جامع صحیح جس میں تفسیر، عقاید، فتن، احکام، مناقب، سیر اور آداب وغیرہ کی حدیثیں ہیں۔

۱۲۷۳ مرزا حیرت، دہلوی۔
صحیح بخاری مکمل اردو جلد دوم ص ۲۷۲-۱۸۸۸ء کرزن پریس دہلی نور محمد اصح المطابع کراچی۔

۱۲۷۴ مرزا حیرت، دہلوی۔
صحیح بخاری مکمل اردو جلد سوم ص ۵۹۹-۱۹۰۵ء کرزن پریس دہلی و نور محمد اصح المطابع کراچی۔

۱۲۷۵ نذیر الحق، مولانا۔
ترجمہ جامع ترمذی ص ۳۷۵-۱۹۳۸ء دفتر رسالہ پیشوا دہلی۔

تبصرہ:- جامع ترمذی کا ترجمہ معہ مقدمہ مرتبہ انتظام اللہ شہابی۔

۱۲۷۶ نصر الباری ترجمہ بخاری عربی اردو پارہ اول دوم۔ حوالہ:- فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۱۳ والفہرست ص ۲۵۔

۱۲۷۷ نظام الدین حسن، مولانا۔
فیض الباری ترجمہ تیسر القاری. شرح صحیح بخاری ۱۲۹۷ھ مطبوعہ بمبئی (نوٹ) کتاب الایمان سے باب فی الجنائز تک کا بیان ہے۔

۱۲۷۸ نظیر حسن، ابو محمد زین العابدین مترجم۔
خیر الکلام ترجمہ قراۃ خلف الامام ص ۴۰-۱۲۹۹ھ مطبوعہ عظیم آباد۔

۱۲۷۹ نور الحسن، بن نواب صدیق حسن خاں بھوپالی، مولوی۔
ترجمہ آدب المفرد- سطبع خلیل آرا بہار۔

۱۲۸۰ نور الحسن، مودودی، چشتی، حاجی، شاہ۔
تحفۂ الحرمین ص ۳۵۴-۱۲۰۰ھ ثمر ہند لکھنؤ۔ حوالہ:- فہرست کتب خانہ سردار الحکما حیدر آباد دکن نمبر ۲۸۰ و الفہرست ص ۲۳ و فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن جلد اول ص ۶۸۸۔

۱۲۸۱ نیاز علی، مولوی۔
انتخاب صحاح ستہ ۱۹۳۳ء شیخ غلام علی تاجر کتب لاہور۔

تبصرہ:- عربی متن کے ساتھ احادیث کا اردو ترجمہ ہے، منتخب احادیث ۷۹۵ اس مجموعہ میں درج ہیں مقدمہ ۳۹ صفحہ کا ہے جس میں آنحضرت صلعم کے مختصر حالات اور حدیث اور ائمہ حدیث پر مختصر تبصرہ ہے۔

۱۲۸۲ واصف، غلام محمد، مہدی۔
خلاصہ ترجمہ اتمام الدرایہ مطبوعہ کتابیات برائے ہندوستانی اکڈیمی

اله آباد۔

۱۲۸۳ واصف، غلام محمد، مہدی

ترجمہ البدور السافرہ فی احوال الاخرہ۔ حوالہ :۔ مطبوعہ کتب خانہ اسلامیہ امرتسر، فہرست کتب خانہ عام مدارس ص ۱۱۔

تبصرہ :۔ موت اور مابعد الموت کے حالات کے متعلق اخبار و آثار کا یہ مجموعہ ہے، عام انداز محققانہ نہیں ۔ یہ دوسرا ترجمہ اس کتاب کا ہے۔

۱۲۸۴ وحیدالزماں، شاہ جہاں پوری مولانا۔

تیسیرالباری ترجمہ صحیح بخاری ۳ جلد (۳۰ پارے) ۱۳۲۳ھ مطبع احمدی لاہور۔ حوالہ :۔ احادیث النبی ص ۱۸۱۔

تبصرہ :۔ ترجمہ قرآن کا انداز ہے۔ اس کا حاشیہ فتح الباری قسطلانی، کرمانی، یمنی، سے ماخوذ ہے۔

۱۲۸۵ وحیدالزماں، مولانا۔

تسہیل القاری ترجمہ اردو صحیح البخاری (چار پارے) ص ۸۳۳ - ۱۳۰۷ مطبع صدیقی لاہور۔ حوالہ :۔ حیات وحیدالزماں ص ۱۳۲۔

۱۲۸۶ وحیدالزماں، بن مسیح الزماں، شاہ جہاں پوری، مولانا۔

رفع العجاجہ عن ترجمہ سنن ابن ماجہ ۳ جلد ص ۳۱۶ - ۱۳۱۰ھ مطبع صدیقی لاہور۔

تبصرہ :۔ مصنفہ ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی متوفی ۲۷۳ھ۔ سنن ابن ماجہ میں ضعیف الاسناد حدیثیں بھی ہیں۔

۱۲۸۷ وحیدالزماں، مولانا۔

المعلم ترجمہ صحیح مسلم ٦ جلد ص ۳۸۷۲ - ۱۳۰٦ھ مطبع صدیقی لاہور حوالہ :۔ الفہرست ۲۱ ص۔

۱۲۸۸ وحیدالزماں، مولانا، مترجم۔

الہدی المحمود لترجمہ سنن ابی داود ص ۱۳۳۴ - ۱۳۰۱ھ مطبع صدیقی لاہور و محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی۔

تبصرہ :۔ ابو داود سلیمان بن اشعث الازدی سجستانی متوفی ۲۷۵ھ صحاح ستہ میں داخل ہے اکثر ائمہ فن کے مذہب فقہ کا ماخذ یہی کتاب ہے اسمیں چار ہزار آٹھ سو حدیثیں جمع ہیں۔

۱۲۸۹ وحیدالزماں، مولانا۔

کشف المغطاعن الموطا۔ ترجمہ موطاے امام مالک عربی اردو ص ٦۲۰ - ۱۲۹۴ھ مرتضوی دہلی و اصح المطابع کراچی۔

۱۲۹۰ وحیدالزماں، مولانا۔

روض الربیٰ من ترجمہ المجتبیٰ ۲ جلد ۱۳۰۲ھ مطبع صدیقی لاہور۔

(نوٹ) امام نسائی کی سنن المجتبیٰ کا اردو ترجمہ ہے۔

۱۲۹۱ وصایائے نبی ص ۸ - ۱۱۰۰ ھ قلمی
اردو مخطوطات کتب خانہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ص ۲۶۰ -

تبصرہ :- سرور کائنات نے حضرت علی کو جو نصحتیں کی ہیں اس کا یہ مجموعہ ہے -

۱۲۹۲ وصیتہ النبی ، صلعم -
مع اردو ترجمہ وحواشی - حوالہ :- فہرست مطبع مرتضائی آگرہ ۱۹۲۵ء ص ۸ -

۱۲۹۳ ولی اللہ، حضرت ، دہلوی ، شاہ۔
الدرالثمین فی مبشرات النبی
مترجم اردو مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد چہارم ص ۶۲۶ -

۱۲۹۴ ولی اللہ ، میر ، مترجم -
خلق عظیم عربی اردو -
حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۳۱۹ -

(نوٹ) اخلاقی احادیث کا مجموعہ -

چہل حدیث

۱۲۹۵ احمد حسین ، مسرت ۔
فوائد دارین ترجمہ چہل حدیث منظوم ۔ حوالہ : ۔ فہرست کتب خانہ عام اہل اسلام مدراس ص ۱۲ ۔

۱۲۹٦ احمد علی ، صوفی ، سید ، شاہ ۔
اربعین ۱۳۴۰ھ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد ۔

(نوٹ) چالیس حدیثوں کا ترجمہ مع متن ۔

۱۲۹۷ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا ۔
حفظ الاربعین ۱۳٦۷ھ اشرف العلوم دیوبند ۔

تبصرہ :۔ صحیح مسلم کی چالیس احادیث کا مجموعہ مع ترجمہ و شرح ۔

۱۲۹۸ اصغر حسین ، دیوبندی ، مولوی ۔
ارشاد النبی مکتبہ دار التبلیغ دیوبند ۔

۱۲۹۹ اصغر حسین، دیوبندی ، مولوی ۔
سنت رسول ۔ حوالہ : ۔ فہرست مطبوعات دارالاشاعت ص ۹ ۔

(نوٹ) منتخب و مختصر احادیث کا مجموعہ مع ترجمہ ۔

۱۳۰۰ اصغر حسین ، مولوی ۔
چہل حدیث ۔ حوالہ : ۔ فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۳۱ ۔

تبصرہ :۔ سبق آموز چالیس حدیثوں کا مجموعہ مع ترجمہ و شرح ۔

۱۳۰۱ الحزب المقبول من احادیث الرسول ص ۱۴۸ کتب خانہ اسلامیہ امرتسر ۔

۱۳۰۲ امان علی ، احمد آبادی ۔
ترجمہ منظوم ، چہل حدیث
حوالہ : ۔ مجلہ برہان دہلی دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۳٦۵ ۔

۱۳۰۳ ام مشتاق ، بڑی بیگم ، پروین
اہلیہ میر قربان علی ، جے پوری ۔

ترجمہ رسالہ احیاءالمیت ص ۴۸
مطبع آگرہ اخبار آگرہ۔

تبصرہ :- علامہ جلال الدین سیوطی کی کتاب رسالہ احیاء المیت فی فضایل اھل بیت ، اصل متن کے ساتھ ترجمہ بھی ہے۔ ۶۰ احادیث کا مجموعہ ہے۔

۱۳۰۴ انتظام اللہ، شہابی ، اکبرآبادی۔
کلمات طیبات ص ۱۶ - ۱۹۲۴ء
مطبع آگرہ اخبار آگرہ ۔

(نوٹ) اخلاقی مختصر احادیث کا مجموعہ ۔

۱۳۰۵ انواراللہ، خان بہادر، حیدرآبادی، مولانا ۔
ترجمہ چہل حدیث ص ۹۸
۱۳۰۴ھ مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۶۸۸ -

۱۳۰۶ بنت الیاس احمد، جامع و مترجم ۔
چہل حدیث ص ۱۹ - ۱۹۴۴ء
اردو پبلشنگ ہاؤس الہ آباد ۔

تبصرہ :- اردو میں روزمرہ کے متعلق چالیس احادیث کا مجموعہ ۔

۱۳۰۷ جمال الدین، مولوی۔
حدیث اربعین، مع حاشیہ تحفۃ المسلمین - ابو العلائی پریس آگرہ - حوالہ :- فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۱۷۴ : ۱۴ -

۱۳۰۸ جمال الدین، مدراسی ، مولانا ، مفتی ۔
چہل حدیث ص ۱۸۰ - ۱۲۸۱ھ
معدن فیض پریس مدراس ۔

۱۳۰۹ چہل حدیث مع ترجمہ قلمی۔
حوالہ :- فہرست ڈاکٹر مولوی عبد الحق نمبر ۱۴۷۸ : ۱۴ -

۱۳۱۰ چہل حدیث اردو- حوالہ :- فہرست مسلم لابریری آگرہ ص ۱۰۲ -

۱۳۱۱ چہل حدیث مع ترجمہ ص ۱۰۰
۱۱۰۰ھ قلمی- حوالہ :- کتب خانہ نواب سالارجنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۵ -

تبصرہ :- اس میں چالیس مختلف احادیث عربی میں اور ان کا دکنی ترجمہ بھی کیا گیا ہے۔

۱۳۱۲ چہل حدیث مترجم - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مدرسہ محمدیہ بمبئی ص ۵۶۷ -

۱۳۱۳ چہل حدیث مترجم ص ۸۲
اوائل ۱۱۰۰ھ قلمی - حوالہ :- کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۴۶ -

نمونہ آغاز :-

تمام شکر سزاوار ھے اللہ تعالیٰ کوں ، رزق دینہار ھے سب عالم کوں ، عاقبت کی خوبیاں ہوں پرہیزگاروں کوں -

۱۳۱۴ چہل حدیث ترجمہ قلمی -

حوالہ : - فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد اول ص ۶۸۸ -

۱۳۱۵ چہل حدیث مع ترجمہ و شرح منظوم آردو - حوالہ : - فہرست کتب خانہ مکتبہ مشرقیہ پشاور جلد اول ص ۶۷ -

۱۳۱۶ چہل حدیث ص ۲۳ - ۱۲۲۵ھ قلمی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن نمبر ۹۴۸ (حدیث) و رسالہ برہان دہلی اکتوبر ۱۹۵۴ء ص ۲۲۱ -

نمونہ آغاز : - الحمد للہ رب العالمین الخ - ایک عربی حدیث لکھی گئی ھے اس کے بعد معنی، فرماتے ھیں : پیغمبر صلعم کہ جو کوئی چالیس حدیث میری امت میں یاد کرینگے تو آسمان میں نام اسکا ولی بولینگے، زمین میں فقہ کا عالم بولینگے، حشر میں اسکو صالح لوگوں کے ساتھ ملا دیوینگے -

۱۳۱۷ چہل حدیث مترجم - ادارہ اصح المطابع کراچی -

تبصرہ :- صحیح بخاری سے ۴۰ حدیثیں با ترجمہ اور مع عنوانات جمع کی گئی ھیں -

۱۳۱۸ چہل حدیث ترجمہ قلمی

تنقید الکلام فی احوال شارع الاسلام ۱۳۰۲ھ حوالہ :- فہرست سردار الحکما حیدرآباد دکن نمبر ۷۷۸۲ -

(نوٹ) اردو ترجمہ لائف اینڈ ٹیچنگ آف محمد۔

۶۸۹۸ امیر علی -
سیرت نبی کریم - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۴۳

(نوٹ) اسپرٹ آف اسلام کے اس حصہ کا ترجمہ جس میں سیرت النبی کا بیان ہے۔

۶۸۹۹ امیر علی -
سرور کائنات - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی ایڈووکیٹ کراچی -

۶۹۰۰ انتظام اللہ، شہابی -
داعی اسلام - ص ۲۲ - ۱۹۲۵ء خیر خواہ اسلام پریس آگرہ -

٦٩٠١ انتظام اللہ، شہابی، اکبرآبادی۔

سیرت الرسول (صاحب القرآن فی القرآن) ص ۵۰۰ - ۱۹۵۶ء جناح لٹریری اکیڈیمی کراچی۔

تبصرہ:— شان نزول کے اعتبار سے آنحضرت صلعم کی مکمل سوانح عمری۔

٦٩٠٢ انیسہ محمودہ، رضویہ۔

شمس بازغہ - ۱۹۴۰ء انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی۔

تبصرہ:— سیرت نبوی کے مختلف پہلوؤں کو ادیبانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے آخر میں ایک باب کردار حسین کے متعلق ڈرامہ کی صورت میں ہے۔

٦٩٠٣ انیسہ زہرہ، بیگم۔

محمد مصطفیٰ - ص ۳۲-۱۹۳۶ء بچوں کا کتب خانہ دہلی۔

(نوٹ) آنحضرت صلعم کی مختصر سوانح عمری۔

٦٩٠٤ انشا اللہ خاں، مولانا۔

سیرت الرسول - دو جلد ۱۹۳۰ء صدیق بکڈپو لکھنو۔

(نوٹ) سیرت النبی کا مفصل بیان۔

٦٩٠٥ انوار الحق، ایم اے، ٹونکی، مفتی۔

تذکرۃ الحبیب - ص ۱۳۶-۱۹۲۳ء الناظر بک ایجنسی لکھنو و مطبع سلطانی بھوپال۔

٦٩٠٦ انوار علی شاہ، سید۔

خاتم النبیین - ص ۶۴-۱۹۴۰ء مرتضائی پریس آگرہ۔

٦٩٠٧ انوار علی۔

واقعات کی رفتار (شمع رسالت کی روشنی میں) مطبوعہ - حوالہ:- فہرست ڈاکٹر مولوی عبدالحق نمبر ۱۰۶۰: ۱۴ -

٦٩٠٨ حیدر بلگرامی، سید۔

اسوہ رسول اور ص ۵۷۰-۱۹۲۵ء شمسی پریس آگرہ۔

تبصرہ:- پہلی جلد کے مقدمہ میں ارض القرآن نقل کردی ہے ذوالقرنین کے ذکر میں سکندر مقدونی کے مفصل حالات لکھے ہیں محققانہ نظر مؤلف کی نہیں ہے۔

٦٩٠٩ اولاد حیدر بلگرامی، سید۔

اسوہ الرسول - جلد سوم ص ۵۶۲ ۱۹۳۵ء شمسی پریس آگرہ۔

٦٩١٠ اولاد حیدر بلگرامی۔

اسوہ الرسول جلد سوم ص ۵۶۲ - ۱۹۳۵ء شمسی پریس آگرہ۔

٦٩١١ اولاد حیدر بلگرامی۔

اسوۂ رسول جلد چہارم ص ۱۰۲ شمسی پریس آگرہ۔

۶۹۱۲ اے - وحید، ڈاکٹر -
حیات النبی - ص ۱۰۳ مطبوعہ
بنارس - حوالہ :- فہرست عباسی کتب خانہ
کراچی ص ۲۳ -

۶۹۱۳ ایم، اے، شاھد -
المصطفیٰ - حوالہ :- فہرست مولوی
عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۷۳ -

۶۹۱۴ باری -
محمد عربی - حوالہ :- فہرست بک لینڈ لاہور -

۶۹۱۵ بدر الدین -
الرسالت - تاج کمپنی لاہور -

۶۹۱۶ بدر الدین خاں، بی اے، ابوظفر -
تحفہ ربیع الاول - ۱۱ حصے
۱۹۰۰ء مطبوعہ لاہور -

۶۹۱۷ بسمل، سید انوار الرحمن،
جے پوری -
تذکرہ رسول - حوالہ :- تذکرہ
بسمل ص ۱۰۱ -

۶۹۱۸ بشیر الدین، احمد، ایم اے،
مرزا -
خاتم النبیین حصہ دوم ص ۵۶۴ -
۱۹۳۳ء بکڈپو قادیان -

تبصرہ :- احمدیہ جماعت کی جانب سے آنحضرت صلعم کی سیرت پر روشنی ڈالی ہے - مکی زندگی کے بعد مدنی زندگی ۵ھ تک پیش کی گی ہے - کتاب کا نمایاں وصف مستشرقین اور غیر مسلم مورخین کے اعتراضات کا رد ہے مگر صحابہ کے نام میں احترام ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے جو سوئے ادب ہے -

۶۹۱۹ بشیر الدین احمد، ایم اے، مرزا
سیرت خیر الرسل - مطبوعہ قادیان
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی
عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۱۱ -

۶۹۲۰ بشیر الدین، مرزا -
نبیوں کے سردار - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
نمبر ۱۰۰ -

۶۹۲۱ بشیر محمد، شارق -
سیرت پاک - ص ۱۹۲ - ۱۹۵۲ء
عباسی کتب خانہ کراچی - حوالہ :- فہرست
مکتبہ دانش لاہور ص ۱۸ -

۶۹۲۲ بیتاب، کہرام -
محاسن اسلام - حوالہ :- فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۵۷ -

(نوٹ) آنحضرت صلعم کی پاکیزہ سوانح حیات -

۶۹۲۳ پر کاش دیو -
سوانح رسول کریم - مطبوعہ لاہور -

۶۹۲۴ پیارے نبی - حوالہ :- فہرست کتب خانہ رسالہ بانو دھلی ص ۲۳ -

۶۹۲۵ پیغمبر علیہ السلام اور تعلیم اسلام - ص ۲۰ - ۱۳۴۲ھ نظامی دکن پریس حیدرآباد دکن -

۶۹۲۶ پیغمبر عالم ص ۲۴۸ روز بازار پریس امرتسر -

۶۹۲۷ تاج ور ، نجیب آبادی، مولانا۔
حضرت محمد صلعم - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۶۲ -

۶۹۲۸ تاریخ محمدی - ص ۳۱۲ ۱۸۷۱ء مطبوعہ لاھور۔

۶۹۲۹ تذکرۃ المولیٰ علیہ التحیہ و الثنا ۱۲۸۴ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۴ -

۶۹۳۰ تقی علی خاں ، محمد -
سرور القلوب فی ذکر المحبوب ص ۲۰۸-۱۸۷۱ء مطبع مصطفائی کانپور -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی سوانح عمری -

۶۹۳۱ تقی علی قلندر، کاکوروی، شاہ۔
نفحۃ الطیب فی ذکر مولیٰ الحبیب - حوالہ :- نفحات العنبریہ ذکر تقی علی -

تبصرہ :- اس میں سرور کائنات کے حالات دئے گئے ھیں -

۶۹۳۲ توکلی، نوربخش۔
سیرت رسول عربی - ص ۵۸۷ ۱۳۵۷ھ تاج کمپنی لاھور وعباسی کتب خانہ کراچی -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی سوانح زندگی اور معجزات اعجاز قرآنی وغیرہ کا بیان ھے۔

۶۹۳۳ ثناء اللہ ، امرتسری ، مولانا۔
اسلامی تاریخ - اھل حدیث امرتسر -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی زندگی کے حالات مبارک بطرز حکایات اس میں پیش کئے ھیں۔

۶۹۳۴ ثناء اللہ ، امرتسری ، مولانا -
محمد رشی - مطبع اھل حدیث امرتسر -

۶۹۳۵ ثناء اللہ، امرتسری، مولانا -
مقدس رسول ص ۸۰ - ۱۹۲۰ء دفتر اھل حدیث امرتسر -

(نوٹ) رنگیلا رسول کے جواب میں -

۶۹۳۶ جلال الدین احمد ، جعفری ، الہ آبادی -
سیرت محمدی - ص ۱۵۶ انوار محمدی پریس الہ آباد حوالہ :- فہرست عباسی کتبخانہ کراچی- ص ۲۳ -

۶۹۳۷ جلال الدین احمد، جعفری -
سیرت خاتم النبیین - ص ۵۸۸
۱۹۰۱ء انوار احمدی پریس الہ آباد -

۶۹۳۸ جوہر، احمد حسین -
سیرت رسول مقبول صلعم -
ص ۵۴ - ۱۳۶۰ھ ادارہ شرقیہ حیدرآباد
دکن -

۶۹۳۹ جی-ایس، دارالا (بیرسٹرایٹ) -
رسول عربی - ص ۲۰۰-۱۹۰۷ء
مجلس اردو لاہور -

۶۹۴۰ چراغ علی، اعظم یار جنگ،
مولوی -
محمد پیغمبر برحق - حوالہ :-
تاریخ اردو ادب نمبر رسالہ مشرب ۱۹۵۶ء
ص ۳۸۹ -

۶۹۴۱ حافظ، پیلی بھیتی -
آئینہ پیغمبر منظوم، نظامی بک
ایجنسی بدایوں -

۶۹۴۲ حامد، نعمانی، مطبوعہ اعظم گڈھ
شہنشاہ کونین - ۱۳۳۷ھ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن
جلد ۳ ص ۳۸۸ -

۶۹۴۳ حامد خاں، محمد، مولوی

تاریخ اسلام - حصہ اول حوالہ :-
فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۳۲۱ -

تبصرہ :- فلسفہ تاریخ کی بحث کے بعد آنحضرت
صلعم کے معتبر حالات زندگی بیان کئے گئے ہیں -

۶۹۴۴ حبیب حسین، مولوی -
تذکرہ رحمت العالمین ص ۱۲۳
۱۹۲۶ء عبدالرزاق تاجر کتب لاہور -

۶۹۴۵ حبیب خدا - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ
دہلوی ص ۴۷ -

(نوٹ) ناشر حاجی کریم بخش -

۶۹۴۶ حبیب الرحمان خاں، شیروانی،
نواب صدر یار جنگ مولانا -
ذکر حبیب - ص ۲۰ - ۱۹۳۰ء
آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ -

تبصرہ :- یہ رسالہ آقائے نامدار صلعم کے حالات
پر مشتمل ہے -

۶۹۴۷ حبیب الرحمان خاں، شیروانی،
مولانا -
ذکر جمیل - ص ۶۰ - ۱۹۳۰ء
مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڈھ -

تبصرہ :- حضور صلعم کی مقدس زندگی اور پاکیزہ
اخلاق کا مرقع -

۶۹۴۸ حبیب الرحمان خاں، شیروانی، مولانا۔

ذکر مبارک - ص ۱۰۸-۱۹۲۴ء

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ۔

تبصرہ:- سرورکائنات کی مختصر اور جامع سوانح عمری۔

۶۹۴۹ حسام الدین، غوری۔

آنحضرت صلعم اور جوانی

ص ۲۸-۱۹۴۹ء جمعیت نوجوان سکندرآباد دکن۔

۶۹۵۰ حسرت، چرغ حسن، مولانا۔

سرکار مدینہ - مطبوعہ - حوالہ:-

فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۸۔

۶۹۵۱ حسن نظامی، دہلوی، خواجہ۔

اسلامی رسول - ۱۹۲۴ء شاہ جہانی پریس دہلی - حوالہ:- منادی کا سالنامہ ۱۹۳۷ء ص ۲۶۵۔

۶۹۵۲ حسن نظامی، دہلوی، خواجہ۔

سیرت النبی - ص ۱۴۴ - ۱۹۳۶ء

محبوب المطابع دہلی۔

۶۹۵۳ حسن علی۔

سیرت نبوی صلعم - ۱۸۸۳ء -

حوالہ:- فہرست کتب خانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن نمبر ۷۷۰۔

۶۹۵۴ حسن میاں، پھلواروی، مولانا۔

سیرت النبی - حوالہ:- رسالہ اردو جنوری سنہ ۱۹۲۳ء ص ۸۵۔

۶۹۵۵ حفظ الرحمن، مولانا۔

سیرت رسول کریم - ص ۳۷۰ - ۱۹۳۳ء جامع اسلامیہ ڈھابیل سورت۔ حوالہ:- فہرست کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی ص ۲۶۔

۶۹۵۶ حفیظ الرحمن، مولوی

الحبیب ص ۵۲ مطبوعہ لکھنؤ۔

۶۹۵۷ حفیظ الرحمن، مولوی۔

ذکر کرام ص ۱۷۶ - ۱۳۰۷ھ

مطبوعہ دہلی - حوالہ:- فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۲۴۔

۶۹۵۸ حفیظ الرحمن، مولوی۔

سرور دو عالم ۱۹۲۰ء مطبوعہ لاہور۔

۶۹۵۹ حفیظ، جالندھری۔

ختم المرسلین - ادارہ تاج اردو حیدرآباد دکن۔

۶۹۶۰ حفیظ اللہ، محمد۔

سوانح نبی کریم - مطبوعہ -
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۰۰ -

۶۹۶۱ حمید اللہ -
اکسیر نجات اسوہ حسنہ ص ۸
اعظم پریس حیدرآباد دکن -

۶۹۶۲ حمید اللہ ، ڈاکٹر -
آنحضرت صلعم اور جوانی -
ص ۲۵ - ۱۹۳۰ء جمعیت مسلم نوجوانان سکندرآباد دکن -

۶۹۶۳ حیات الرسول - حوالہ :-
فہرست مطبع حیدری حیدرآباد دکن ص ۵۲ -

۶۹۶۴ حیات، عزت علی خان -
عرب کا ہاشی - مرتضائی پریس آگرہ -

۶۹۶۵ خالد -
سرور عالم - ص ۸۴ - ۱۹۳۵ء
علوی پریس بھوپال - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۵۶ ½ -

۶۹۶۶ خالد لطیف ، گابہا -
پیغمبر صحرا - ص ۲۸۲ مکتبہ اردو لاہور -

۶۹۶۷ خلیل الرحمن ، مولانا -
تاریخ اسلام پہلا حصہ ص ۱۲۰
۱۹۳۱ء کتابستان الہ آباد -

تبصرہ :- پہلے حصہ میں حضور نبی صلعم کی حیات طیبہ کا بیان ہے -

۶۹۶۸ خورشید احمد -
محمد عربی - حوالہ :- فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی ایڈوکیٹ کراچی نمبر ۸۸ -

۶۹۶۹ داؤد خاں و ریاض فاطمہ -
فضیلت اور بزرگی و تاجدار مدینہ - ملک دین محمد لاہور -

۶۹۷۰ دوست محمد -
سیرتہ المصطفیٰ - مطبوعہ مدراس -

۶۹۷۱ راشد الخیری ، علامہ -
آمنہ کا لال - عصمت بکڈپو دہلی
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی ایڈوکیٹ کراچی نمبر ۳۵ -

۶۹۷۲ رازق الخیری -
محسن حقیقی - ۱۹۳۳ء عصمت بکڈپو دہلی -

(نوٹ) سرور عالم کے چند واقعات زندگی -

۶۹۷۳ رحمان علی ، الوری ، مولوی -
تحفہ مقبول - مطبع نظامی کانپور
حوالہ :- تذکرہ علمائے ہند ص ۲۶۰ -
(نوٹ) سیرت کے ساتھ فضائل رسول بیان کئے گئے ہیں -

۶۹۷۴ رحمت دو عالم ص ۲۷۰ دفتر مولوی دهلی -

۶۹۷۵ رسول مقبول - حوالہ :- فہرست کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی ص ۲۶ -

۶۹۷۶ رضا علی خاں -
سرور القلوب فی ذکر المحبوب ص ۵۸ - ۱۸۷۱ء نولکشور لکھنو -

۶۹۷۷ رفیق احمد -
پیغمبر اسلام ایجوکیشنل بک ڈپو حیدرآباد دکن -

۶۹۷۸ رفیق ، دلاوری ، ابوالقاسم -
سیرت کبریٰ - حصہ اول و دوم ص ۱۰۲۴ کتب خانہ صدیقیہ ملتان -

۶۹۷۹ رئیس احمد جعفری، خیرآبادی مولوی -
رسالت مآب صلعم - ص ۳۳۲ ۱۹۵۰ء اشاعت منزل لاہور -

تبصرہ :— سرور کائنات کی سیرت گرامی پر محققانہ انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے -

۶۹۸۰ ریاض حسین -
سیرت محمد مصطفیٰ - مطبوعہ

حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۷۱ -

۶۹۸۱ زین العابدین ، سجاد میرٹھی قاضی -
نبی عربی صلعم - ص ۱۶۰ ۱۹۴۱ء ندوۃ المصنفین دہلی -

تبصرہ :— اس میں سیرت رسول اکرم سے متعلق اہم واقعات اختصار کے ساتھ درج کئے گئے ہیں -

۶۹۸۲ سالک، عبدالمجید، مولانا -
رسول پاک - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۹۹ -

۶۹۸۳ سرتاج الانبیا - حوالہ :- فہرست اشاعت منزل لاہور ص ۶۱ -

۶۹۸۴ سردار گوردت ، سنگھ -
محمد کی سرکار - ۱۹۲۴ء حلقہ نظام المشائخ دہلی -

تبصرہ :— آنحضرت صلعم کے حالات عقیدت مندانہ طور سے لکھے گئے ہیں -

۶۹۸۵ سرکار دوعالم - گوشہ ادب لاہور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی ایڈوکیٹ کراچی نمبر ۵۳ -

۶۹۸۶ سرور شاہ -
ھادی عالم - حوالہ :- فہرست
مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۶۲ -

۶۹۸۷ سرور عالم - مکتبہ نظامیہ
حوالہ :- مولوی فہرست کتب خانہ
عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۶۳ -

۶۹۸۸ سرور علی -
سوانح عمری محمد صاحب
۱۸۸۸ء مطبوعہ لکھنؤ -

۶۹۸۹ سعید احمد، ماہر یروی، مولوی -
ریاض محمدیہ -ص۱۵۶-۱۳۰۶ھ
ابوالعلائی پریس آگرہ -

(نوٹ) آنحضرت صلعم کے سوانح زندگی -

۶۹۹۰ سیرت رسول ص ۲۰۰-۱۹۰۰ء
دفتر آستانہ دہلی -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی سوانح عمری جدید
انداز میں مرتب کی گئی ہے -

۶۹۹۱ سلامت اللہ، مولوی -
سوانح محمد صاحب (خدا کی
رحمت) ۱۳۰۴ھ مطبوعہ لکھنؤ -

۶۹۹۲ سلطان احمد، سر -
حیات احمدی -نظامی پریس بدایوں -

۶۹۹۳ سلطان احمد
یاد رسول ۱۹۲۶ء نظامی پریس
بدایوں -

۶۹۹۴ سلطانہ آصف فیضی -
پیارے رسول - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی ایڈوکیٹ
کراچی نمبر ۷۳ -

۶۹۹۵ سلطان بانو -
ذکر مبارک ص ۱۳۰ - ۱۹۳۰ء
حوالہ :-فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۳۳۳ -

۶۹۹۶ سلطان حسین ، ناشر -
تاجدار مدینہ، سلطان اینڈ سنز کراچی -

۶۹۹۷ سلیمان ، فاروقی -
پیغمبر اسلام - مکتبہ دانش لاہور -

۶۹۹۸ سندر لال ، پنڈت -
حضرت محمد اور اسلام - وسوانی
پریس الہ آباد -

۶۹۹۹ سوامی لکشمی ، جی -
آفتاب حقانیت (عرب کا چاند)
ص ۳۲۴ روڑی پنجاب -

۷۰۰۰ سوانح عمری آنحضرت صلعم
کتب خانہ اسلامیہ امرتسر -

۷۰۰۱ سوانح عمری رسول مقبول
ص ۲۰۰ - ۱۹۲۶ء شیخ غلام حسین
اینڈسنز لاہور -

۷۰۰۲ سیدنا محمد - ص ۲۷۲-۱۹۵۶ء
سنگھم کتاب گھر دھلی -

تبصرہ : — رسول اللہ کی سیرت ہے جسے قرآن مجید سامنے رکھکر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں جن پہلوؤں سے سیرت نبوی کو پیش کیا ہے ان میں سے بعض یقیناً بالکل نئے ہیں -

۷۰۰۳ سید احمد خاں ، سر۔
الخطبات احمدیہ - فی العرب و السیرت المحمدیہ ص ۵۰۲-۱۸۸۷ء نولکشور اسٹیم پریس لاہور -

تبصرہ :— اس میں بارہ خطبے ہیں جن میں ان شبہات کا جواب دیا ہے جو سر ولیم میور نے اپنی تالیف لائف حضور صلعم میں کئے تھے پہلے انگریزی میں ۱۸۷۰ء میں چھپی تھی۔ اس کتاب کو انگلستان میں مقیم ہوکر برٹش میوزیم کی نایاب کتابوں کی مدد سے محققانہ اور عالمانہ طرز پر لکھا ہے۔

۷۰۰۴ سید حیات -
احوال نبی - مطبوعہ لاہور -

۷۰۰۵ سید سلیمان ، ندوی علامہ -
رحمت عالم - ص ۱۵۸-۱۹۵۰ء
دارالمصنفین اعظم گڈھ -

۷۰۰۶ سید سلیمان، ندوی، مولانا۔
رسول اکرم ص ۲۴ - ۱۹۵۲ء
دارالمصنفین -

۷۰۰۷ سید سلیمان، ندوی مولانا۔
سیرۃالنبی حصہ سوم ص ۵۹۶
دارالمصنفین اعظم گڈھ -

تبصرہ : — جسکے مقدمہ میں نفس معجزہ کی حقیقت اور اس کے امکان و قوع پر فلسفہ قدیم و جدید، علم کلام اور قرآن مجید کے نقطہ ہائے نظر سے بحث و تبصرہ کیا ہے۔ اس کے بعد خصائص نبی یعنی مکالمہ الہی، وحی کا نزول، ملائکہ، عالم رویا، معراج اور شق صدر کا بیان ہے - پھر آیات ومعجزات جن کا ذکر کلام پاک میں ہے مستند روایات سے ثابت کیا ہے یا معتبر روایات کی تقلید کی ہے بشارت نبویہ میں خصائص محمدی کا بیان ہے۔

۷۰۰۸ سید سلیمان، ندوی مولانا -
سیرت النبی حصہ چہارم ص ۹۰۰
دارالمصنفین اعظم گڈھ -

تبصرہ :— اس میں منصب نبوت کی توضیح و تشریح قبل اسلام عرب کے اخلاق حالات صبح سعادت کا طلوع، تبلیغ نبوی کے اصول، آنحضرت کا پیغمبرانہ کام، اسلام اور اس کے عقائد پر تفصیلی اور حکیمانہ بحث کی گئی ہے۔

۷۰۰۹ سید سلیمان، ندوی مولانا -
سیرت النبی حصہ پنجم ص ۳۷۷
دارالمصنفین اعظم گڈھ -

تبصرہ :— اس میں عبادت کی تشریح و تفصیل اور عبادت کے انواع و اقسام کا بیان، اسلام کے فرائض

خمسہ - نماز - ذکواۃ - روزہ - حج اور جہاد ہر
ایک پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے - توکل - صبر -
اخلاص - تقویٰ - اور شکر کے معانی اور مطالب
قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں بیان کئے ہیں -

۷۰۱۰ سید سلیمان، ندوی، مولانا -
سیرت النبی - حصہ ششم دارالمصنفین
اعظم گڈھ -

تبصرہ :- اس جلد میں اسلامی اخلاق کی بحث
کی گئی ہے -

۷۰۱۱ سید فرید، الوحیدی -
رسول عربی - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد
دھلی ص ۲۶ -

۷۰۱۲ سید محمد شفیع -
مجموعہ دلپذیر و ذکر بشیر
ونذیر مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ
مولوی عظمت اللہ دھلوی ص ۱۱۵ -

۷۰۱۳ سیماب - اکبرآبادی، مولانا -
سیرت النبوی - ص ۱۲۸ - ۱۹۲۰ء
ابوالعلائی پریس آگرہ -

۷۰۱۴ شارق، دھلوی -
سیرت پاک - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دھلوی ص ۲۰ -

۷۰۱۵ شبلی نعمانی، علامہ -
حیات النبی ص ۸۰ - حوالہ :-
فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۲۶ -

۷۰۱۶ شبلی نعمانی، علامہ -
سیرۃ النبی حصہ اول ص ۵۶۱
دارالمصنفین اعظم گڈھ -

تبصرہ :- اس میں آنحضرت صلعم کی ولادت سے
تاختم سلسلہ غزوات فتح مکہ، معہ مقدمہ مشتمل
نقد و تبصرہ و سیرت و تاریخ عرب قبل بعثت
وغیرہ -

**۷۰۱۷ شبلی نعمانی، علامہ و مولانا سید
سلیمان ندوی -**
سیرۃ النبی - حصہ دوم ص ۳۵۱
۱۳۳۲ھ دارالمصنفین اعظم گڈھ -

تبصرہ :- از سنہ ۹ ھجری تا سنہ ۱۱ ھجری جس
میں اقامت امن تا سیس حکومت، اشاعت اسلام -
انتظامات مذھبی - تکمیل شریعت، حجۃ الوداع
وفات و شمائل و اخلاق و عادات کی تفصیل اور
ازواج و اولاد کا مختصر تبصرہ -

۷۰۱۸ شبیر بیگ، بریلوی -
سیدالمرسلین - ص ۴۸ - ۱۹۵۶ء
سلطان حسین اینڈ سنز کراچی -

۷۰۱۹ شبیر حسن، عثمانی، ف ۱۹۰۶ء
سیرت رسول مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دھلوی
نمبر ۱۶۰ -

۷۰۲۰ شرافت حسین ، رحیم آبادی -
اللہ کے رسول - ص ۶۴-۶۳-۱۹۴۶ء
مکتبہ دانش لاہور -

تبصرہ :- بچوں کے لئے آنحضرت صلعم کے سبق آموز واقعات اور حالات سیرت پاک سے جمع کئے گئے ہیں۔

۷۰۲۱ شردھے پرکاش -
سوانح عمری حضرت محمد صاحب - نرائن دت سہگل لاہور -

۷۰۲۲ شرر ، مولانا عبدالحلیم ، لکھنؤی -
جویائے حق - سلطان حسین اینڈسنز بندر روڈ کراچی -

۷۰۲۳ شمس الدین محمد ابن قیم الجوزی ، ف ۷۵۱ھ -
زادالمعاد فی ھدی خیرالعباد
(آردو ترجمہ) موسومہ اسوہ حسنہ ص ۲۶۴
حوالہ :- فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۳۵ -

تبصرہ :- زمانہ نبوت کے واقعات کو نہایت بسط اور تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے یہ کتاب آنحضرت صلعم کے وقائع اور افعال، عہدرسالت کی مکمل اور جامع تاریخ ہے جو سیرت نبوی کا مقصد اصلی اور آپ کی زندگی کا مہتم بالشان جزو ہے - افعال نبوت کے متعلق جابجا نہایت محققانہ بحثیں لکھی گئی ہیں -

۷۰۲۴ شوکت علی ، گیلانی -
ہمارے تاجدار دوعالم - کتاب گھر لاہور -

۷۰۲۵ شوکت علی ، فہمی ، مفتی -
رسول اللہ کا مقام زندگی - دفتر دین دنیا دھلی -

۷۰۲۶ شوق ، عبدالرحمان -
تاریخ اسلام - حصہ اول ۱۹۴۸ء
لاہور ملک دین محمد تاجر کتب لاہور -

۷۰۲۷ شوق ، امرتسری -
سیدالمرسلین - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۱۵۳ -

۷۰۲۸ صادق حسین ، صدیقی -
غزوات النبی - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست مولوی عظمت اللہ دھلوی نمبر ۶۳ -

۷۰۲۹ صبغۃ اللہ محمد - مدراسی ، قاضی
فوائد بدریہ - ص ۴۰۸ - ۱۳۴۱ھ
شمس المطابع حیدرآباد دکن -

۷۰۳۰ صدیق ، دیندار -
سرور عالم - ص ۲۰ - ۱۹۲۷ء
سلطان المطابع حیدرآباد دکن مشین پریس
حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۵۶ ۱/۲

۷۰۳۱ ضیا محمد عبدالرحیم -
ضیائے نبوت - ص ۱۳۸ - ۱۲۸۰ھ
مطبع مسلمانی ویلور -

۷۰۳۲ ظفر حسن -
سوانح عمری حضرت محمد
صلعم - مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ
مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۳۴ -

۷۰۳۳ ظفر حسینؔ، سید -
خاتم الانبیاء ص ۱۵۰ عباسی کتبخانہ
کراچی -

۷۰۳۴ ظل عباس، عباسی -
پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی
نظر میں - ص ۱۰۳ - ۱۹۵۶ء ادارہ نئی
راہ بمبئی -

۷۰۳۵ ظہوری وجدانی مولوی مترجم -
تاجدار دو عالم - ص ۳۹ - ۱۹۴۶ء
نفیس الکریم کراچی -

تبصرہ :- عبدالرحمن عزام بک مصری نے بطل الا بطال لکھی ہے اس کا یہ ترجمہ ہے یہ سیرت خاص انداز سے بیان کی گئی ہے -

۷۰۳۶ عابد -
شہنشاہ دوجہاں - ص ۳۳۰ مطبوعہ
بنگلور - حوالہ :- کتابیات برائے ہندوستانی
اکیڈیمی الہ آباد و فہرست عباسی کتب خانہ
کراچی ص ۲۳ -

۷۰۳۷ عاشق علی، مولوی، محمد -
تاریخ اسلام (نبی کریم کی سوانح
عمری) ۳ حصے ص ۳۵۳ - ۱۳۶۰ھ
کتبخانہ اعزازیہ دیوبند - حوالہ :- فہرست
عباسی کتب خانہ کراچی ص ۲۹ و فہرست
کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
ایڈوکیٹ کراچی -

تبصرہ :- حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لیکر عبدالمطلب کے عہد تک ۹ بابوں میں تفصیلی ذکر کیا ہے باب دھم سے آنحضرت صلعم کے حالات غزوہ طائف اور غزوہ اوطاس تک کے مفصل حال بیان کئے گئے ہیں -

۷۰۳۸ عاشق الہی،
الکہل البصر فی ولادت خیرالبشر
ص ۶۴ مطبوعہ لکھنو -

۷۰۳۹ عاشق علی -
اسلام - ص ۳۰۴ - حوالہ :- فہرست
عباسی کتبخانہ کراچی ص ۳۵ -

۷۰۴۰ عاقل، عبدالرحمن، مولانا -
محمد رسول اللہ - ص ۹۳ - ۱۹۴۲ء
کتابستان بمبئی -

تبصرہ :- انگریزی ادیب ٹامس کار لائل کے انگریزی رسائل کا ترجمہ - کار لائل نے پیغمبر

اسلام کی سیرت فلسفیانہ انداز میں لکھی ھے
عیسائیوں نے جو شبہات پیدا کئے تھے اس کا مدلل
اس میں جواب ھے۔

۷۰۴۱ عباس علی -

ھادی برحق (مختصر سوانح عمری
آنحضرت صلعم) ۱۳۳۰ھ - حوالہ : -فہرست
کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳
ص ۲۹۰ -

۷۰۴۲ عباس علی ، سبزواری -

حیات رسول ص ۲۰ - ۱۹۳۰ء
جید برقی پریس دھلی و منبع فیض دھلی -
حوالہ : - فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر
مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان
کراچی الف ۱۴ $\frac{۲}{۴۱}$ -

۷۰۴۳ عبدالجبار خاں ، آصفی، مولانا -

سیرت محمدیہ - جلد اول (ترجمہ
الانوار الحمدیہ من مواھب لدنیہ یوسف بن
اسمعیل النبہانی) ص ۵۰۸ - ۱۳۳۸ھ افضل
المطابع حیدرآباد دکن - حوالہ : - فہرست
کتب‌خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴
ص ۳۸۸ و فہرست کتب‌خانہ خاص انجمن
ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۸۴ $\frac{۱}{۲}$ -

۷۰۴۴ عبدالحمید الخطیب، علامہ ،
سید -

رسالت خاتم النبیین جلد اول
ص ۳۱۰ قرآنی سوسائٹی کراچی - حوالہ : -
فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۳۶ و
فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۴۴۰۰

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی شخصیت کی اھمیت
دعوت - رسالت - حالات و خصائص سے سیر حاصل
بحث کی ھے اور براہ راست قرآن و حدیث سے واقعات
و مسائل کا استنباط کیا گیا ھے -

۷۰۴۵ عبدالحمید الخطیب ، علامہ ،
سید -

رسالت خاتم النبیین - جلد دوم
ص ۳۴۲ قرآنی سوسائٹی کراچی - حوالہ :-
فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۳۶ و
فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری نمبر ۹۴۴۹ -

۷۰۴۶ عبدالحمید ، اٹاوی ، مترجم -

المصطفیٰ - ترجمہ المنتقیٰ (ابن
جارود متوفی ۳۰۷ھ) ۱۱۴۵ھ قلمی- حوالہ :-
فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن
جلد ۴ ص ۲۷۲ -

۷۰۴۷ عبدالحمید خاں ، منظر ،
راؤ بہار ، باغپتی -

آفتاب رسالت ص ۱۱۴ - ۱۹۳۶ء
باغپت میرٹھ -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے سوانحیات سادہ نظم
کے پیرایہ میں بیان کئے ھیں -

۷۰۴۸ عبدالحی، فاروقی، مولانا، خواجہ۔
ہمارے نبی - ص ۴۸ مکتبہ جامعہ
ملیہ دہلی -

۷۰۴۹ عبدالحی، فاروقی، مولانا،
خواجہ -
ہمارے رسول ص ۸۰ - ۱۹۳۰ء
مکتبہ جامعہ ملیہ دہلی -

تبصرہ :- سیرت نبوی کے چیدہ حالات خواجہ صاحب نے مرتب کئے ہیں، نو عمر بچوں کی زبان کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

۷۰۵۰ عبدالحی، سید شاہ، محمد،
بنگلوری -
جنان السیر احوال سیدالبشر- ۱۳۲۹ھ
حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد
دکن جلد ۴ ص ۳۸۶ -

۷۰۵۱ عبدالرحمان، نگرامی -
ذکر مبارک - ص ۳۰ - ۱۹۳۰ء
شبلی بک ڈپو لکھنؤ -

۷۰۵۲ عبدالرحمان، سرحدی -
رسول پاک کے طریقے - حوالہ :-
فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
نمبر ۲۷ -

۷۰۵۳ عبدالرحمان -
محمد رسول اللہ - کتابستان لاہور
پوسٹ بکس نمبر ۳۲۶۴ -

۷۰۵۴ عبدالرحیم خان، ٹونکی -
رسالت نبویہ - ص ۳۲۷ - ۱۳۳۴ھ
دہلی پرنٹنگ پریس دہلی -

۷۰۵۵ عبدالرحمان، فرید کوٹی
ابو سعید -
سیدالبشر - ص ۸۰ - ۱۹۳۷ء ثانی
برقی پریس امرتسر -

تبصرہ :- بائبل سے آنحضرت صلعم کے ظہور کی پچاس پیشین گوئیاں جمع کی ہیں اور کچھ حالات بیان کئے ہیں -

۷۰۵۶ عبدالرحمان، دہلوی -
سیرت نبی - ص ۱۹۲ مطبوعہ لاہور
حوالہ :- فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری
نمبر ۲۳۵۲ -

۷۰۵۷ عبدالرحمان -
حیات مصطفیٰ - مطبوعہ مالیر کوٹلہ۔

۷۰۵۸ عبدالرؤف خاں، ہاتف، اکبرآبادی
رسول عربی - حوالہ :- شاعر آگرہ نمبر
۱۹۳۶ء ص ۲۰ -

۷۰۵۹ عبدالرؤف، دانا پوری -
اصح السیر (سیرت) ۱۹۳۴ء
حوالہ :- بنگال میں اردو ص ۲۹۱ -

۷۰۶۰ عبدالرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا
مترجم -
محمد صلعم - ص ۳۵۲ - ۱۹۴۲ء
ہند پریس کلکتہ -

تبصرہ :- توفیق الحکم مصری کی کتاب کا ترجمہ ہے انداز تحریر سوئے ادب کے دائرہ میں آتا ہے -

۷۰۶۱ عبدالرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا -
رحلت مصطفیٰ - الہلال بک ایجنسی لاہور -

۷۰۶۲ عبدالرزاق ، ندوی ، مولانا -
اسوہ حسنہ - ۲۶۸ - ۱۹۲۵ الہلال بک ایجنسی لاہور -

تبصرہ :- علامہ ابن قیم الجوزی کی سیرت زاد المعاد فی ہدی خیرالعباد جو مجاہدانہ کار ناموں کی تشریح ہی نہیں بلکہ آنحضرت صلعم کی پیغمبرانہ زندگی کا مکمل بیان ہے ، مصری عالم شیخ محمد ابوزید نے اس کا ملخص کیا تھا مولانا عبدالرزاق نے اردو کا جامہ پہنایا -

۷۰۶۳ عبدالرزاق ، ملیح آبادی ، مولانا -
صداقت رسول - ص ۳۲ - ۱۹۲۱ء
اخبار پیام کلکتہ -

۷۰۶۴ عبدالرزاق کلامی -
حسام الاسلام (فتوحات سرور عالم)
۱۳۳۲ھ مفید عام آگرہ -

۷۰۶۵ عبدالرزاق کلامی -
گوہر مخزن - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۱۸۳ -

(نوٹ) آنحضرت صلعم کے منظوم حالات -

۷۰۶۶ عبدالستار -
آفتاب نبوت - مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۳۳ -

۷۰۶۷ عبدالسلام ، ندوی ، مولانا -
رسول کی تبلیغی اخلاق ص ۳۲
ثنائی پریس امرتسر -

۷۰۶۸ عبدالسلام ، قدوائی -
داعی امن - ص ۱۳۸ - ۱۹۵۴ء
مجلس سیرت بمبئی -

۷۰۶۹ عبدالشکور ، مولانا ، لکھنوی -
تحفہ عنبریہ - مختصر سیرت نبویہ ص ۶۴ - ۱۹۲۷ء دفتر النجم لکھنؤ مطبوعہ عمدة المطابع لکھنؤ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو کراچی - الف ۴ - ۱ ۱۰/۲

۷۰۷۰ عبدالشکور ، لکھنوی ، مولانا -
غزوات النبی - دفتر النجم لکھنو -

۷۰۷۱ عبدالعلیم ، احراری، مترجم بی - اے -

سیرت نبوی اور مستشرقین

ص ۱۰۹-۱۹۲۹ء جامع ملیہ اسلامیہ دہلی

حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۳۸۸ -

۷۰۷۲ عبدالعلیم صدیقی ، مولانا -

ذکر حبیب - دو حصہ المکتبہ کراچی و حوالہ فہرست کتب خانہ خاص انجمن ترقی آردو کراچی الف ۸۶ ۱/۲

۷۰۷۳ عبدالعزیز ، لکھنؤی -

اخبار محمدی - ۱۳۱۷ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد دوم ص ۱۶۱۴ -

۷۰۷۴ عبداللطیف، قادری، سید شاہ -

ریاض سیر - ۱۲۷۰ھ مطبع شرقیہ ویلور -

۷۰۷۵ عبدالعلی خاں ، مرادآبادی، مولانا -

حیات نبی - ص ۱۴۴ - ۱۹۴۹ء

ناشر:- مصنف سب بلاک ایچ بلاک نمبر ۲ ناظم آباد کراچی -

تبصرہ :- سرور کائنات کے سوانح حیات ۱۶ ابواب میں جمع کئے گئے ہیں پیدائش سے لیکر بعثت کے بعد غذوات ، اشاعت اسلام، مفتوحہ ممالک کا انتظام ، نظام حکمرانی تعزیرات عبادات و اخلاقی تعلیم ازواج مطاہرہ کے حالات وفات وغیرہ ہر واقعہ کو احادیث صحیحہ اور مستند کتب سے اخذ کیا ہے جامع بھی ہے اور مختصر بھی -

۷۰۷۶ عبدالغنی -

رہبر صادق - حوالہ :- فہرست انجمن ترقی آردو جامع مسجد دہلی ص ۲۶ -

۷۰۷۷ عبدالغفار خاں -

انوار رسول ص ۳۰۰ - ۱۳۷۳ھ انوار رسول بنگلور -

(نوٹ) ۹۹ عنوانات کے تحت بیان ہے -

۷۰۷۸ عبدالغنی -

ضیاء الابصار ص ۸۰ - ۱۸۷۷ء سیتاپور -

۷۰۷۹ عبدالقادر -

سہر نبوت - حوالہ :- فہرست کتب قدیمہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن ص ۴۳ -

۷۰۸۰ عبدالقیوم ، ندوی -

رحمت کا خزانہ - حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی ص ۳۱ -

۷۰۸۱ عبد اللہ العمادی -

طبقات کبیر جز ۱ ص ۳۶۴-۱۹۴۴ء

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن -

(نوٹ) آنحضرت کا نسب مبارک تا واقعات ھجرت طبقات کبیر مؤلفہ محمدبن سعید کاتب الواقدی -

۷۰۸۲ عبداللہ العمادی ، مترجم-

طبقات کبیر جز ۲ ص ۴۴۴-۱۹۴۴ء

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن -

(نوٹ) غزوات تاسریہ اسامہ رض -

۷۰۸۳ عبداللہ العمادی ، مترجم -

طبقات کبیر-جز ۳ ص ۲۹۴-۱۹۴۴

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن -

۷۰۸۴ عبداللہ العمادی ، مترجم -

طبقات کبیر جز ۴ ص ۲۲۱-۱۹۴۴ء

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن -

(نوٹ) غزوات النبی تا ابن شہاب زھری -

۷۰۸۵ عبداللہ العمادی ، مترجم -

طبقات کبیر جز ۵

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن -

۷۰۸۶ عبد اللہ ، انصاری -

رسالہ آغاز اسلام ص ۶۴-۱۳۱۹ھ

مجتبائی دھلی -

۷۰۸۷ عبد اللہ -

جلوۂ شان کریمی - شرف التجارت بک ڈپو دھامپور -

۷۰۸۸ عبد اللہ ، حاجی محمد ، بن سعید الدین ، کشمیری -

البیان فی سیرت نبی آخر الزماں

۱۳۴۸ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۳۸۴ -

۷۰۸۹ عبداللہ ، فرضی -

پیغمبر - حوالہ : - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۱۹۵ -

۷۰۹۰ عبدالملک ، ابن ھشام -

سیرت ابن ھشام-اردوترجمہ ۱۹۱۰ءمطبوعہ لاھور -

۷۰۹۱ عبدالمجید ، قریشی ،

رحمۃ للعالمین - ص ۴۸ ثنائی برقی پریس امرتسر -

۷۰۹۲ عبدالمجید ، مولانا -

سرور عالم ص ۶۲ - ۱۹۲۷ء

دارالتصانیف کپورتھلہ -

تبصرہ :- مجالس میلاد میں پڑھنے کے لئے یہ رسالہ مرتب کیا ھے - جس میں بعثت نبوی سے قبل کا-ال پھر آنحضرت صلعم کے متعلق کتب مقدسہ کی بشارتیں ھیں

اس کے بعد ظہور قدسی سے وفات تک کے حالات مختصراً لکھے گئے ہیں اس کے ساتھ شمائل نبوی کا ایک باب ہے آخر میں اسلام کی امتیازی خصوصیات پر مختصر طور پر بحث ہے۔

۷۰۹۳ عبدالمجید ، قریشی ، مولانا ۔
پیغمبر اسلام - ص ۲۹ - ۱۹۲۹ء
دفتر ایمان پٹی لاہور ۔

تبصرہ :- اس تقریر میں پیغمبراسلام کے حالات زندگی بیان کئے گئے ہیں ۔

۷۰۹۴ عبدالمجید ، خواجہ ۔
منہاج النبوۃ ترجمہ مدارج النبوۃ جلد اول و دوم ص ۳۶-۷۔ ۱۸۸۹ء نولکشور لکھنو ۔ حوالہ :- فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور ۱۹۳۶ء ص ۳۶ ۔

تبصرہ :- مدارج النبوۃ مصنفہ مولانا شیخ عبدالحق محدث دھلوی،فارسی سے ترجمہ کیا ہے پہلے حصہ میں اخلاق و عادات اور افعال رسالت کا بیان ہے دوسرے حصہ میں واقعات زمانہ' نبوت کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

۷۰۹۵ عبدالواحد ، سید ، مولوی ۔
رسول پاک - ص ۱۶۵ - ۱۹۳۸ء

۷۰۹۶ عبدالوکیل ، محمد پوری ۔
سوانح پیغمبر اسلام - حوالہ :- تراجم علمائے اہل حدیث ھند جلد ۱ ص ۲۰۲ ۔

۷۰۹۷ عتیق احمد ۔
رسول پاک - ص ۱۳۴ ادارہ تاج اردو حیدرآباد دکن ۔

۷۰۹۸ عثمان علی ۔
نبی آخرالزماں - فضل بک ڈپو لاھور ۔

۷۰۹۹ عرشی، محمد حسین ۔
مقدمہ زندگی محمد۔
۱۲۸ - ۱۹۴۰ء دفتر امت مسلمہ امرتسر ۔

تبصرہ :- مصری عالم محمد حسین ھیکل کی تالیف ہے۔ اسلام اورپیغمبراسلام کی زندگی کوجواھل مغرب کی نظر سے دیکھتے ھیں ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔

۷۱۰۰ عزیز حسن' بقائی، حافظ، مدیر رسالہ پیشوا دھلی ۔
سرور دوعالم - دفتر پیشوا دھلی ۔

۷۱۰۱ عطاءاللہ خان ٹونکی ۔
رحمت دوعالم - مطبوعہ - حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دھلوی نمبر ۵۰۔

۷۱۰۲ عطاءاللہ خاں، ٹونکی ۔
سیرت فخر دوعالم - ص ۲۲۳ - ۱۹۴۸ء رسالہ بانو دھلی - حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دھلوی نمبر ۱۶۵ ۔

۱۰۳۷ علی انور شاہ -

نفح الطیب فی مولدالحبیب
ص ۸۴ - ۱۳۰۰ھ کانپور -

۱۰۴۷ علی بن شبیر -

تاریخ مولدالنبی ص ۱۳۵ -
حوالہ :- فہرست کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن
جلد ۴ ص ۳۸۶ -

۱۰۵۷ عنایت احمد ، کاکوروی، مفتی

منتصف (انجمن اسلامیہ میگزین کراچی
مارچ ۱۹۵۹ء) -
تاریخ حبیب الہ ص ۱۹۷-۱۲۸۱ھ
نظامی پریس کانپور -

تبصرہ :- مفتی صاحب نے انڈمان میں بحالت اسیری
حافظہ سے لکھی - اس میں حضور صلعم کے حالت
زندگی ، تبلیغ، معجزات ، ارشادات، دلنشیں انداز
میں لکھے ہیں -

۱۰۶۷ عنایت اللہ، وارثی -

غذوات مقدس- مطبوعہ- حوالہ :-
فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
نمبر ۱۴۳ -

۱۰۷۷ عنایت علی، مسرور-

کارنامہ اسلام ص ۲۸۳ - ۱۹۳۵ء
مطبع نامی لکھنؤ -
تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی یہ منظوم سیرت ہے -

۱۰۸۷ عینی، نظامی-

پیغمبر عالم - ص ۳۲ ۱۳۶۰ھ
اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن- حوالہ :-
فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۳۰-

۱۰۹۷ عینی -

خیرالبشر ص ۵۰ اعظم اسٹیم پریس
حیدرآباد دکن -

۱۱۰۷ غازی الدین -

سیرت طیبہ ۱۹۳۳ء حوالہ :-
مجلہ طیلسانین عثمانیہ حیدرآباد دکن اکتوبر
۱۹۴۳ء ص ۸۴ -

۱۱۱۷ غلام احمد، قادیانی، مرزا -

محامد محمد - ضیاء اسلام پریس قادیان
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ
دہلوی نمبر ۱۱۲ -

۱۱۲۷ غلام حیدر -

رسالہ زبدۃ الاذکار (سوانح
عمری محمد صاحب) ۱۸۸۰ء مطبوعہ لکھنؤ-

۱۱۳۷ غلام رسول، مہر، مولانا -

سرور عالم - مطبوعہ لاہور
حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی-
نمبر ۴۷ -

۷۱۱۴ غلام شبیر، بدایونی -
سکینہ فی اخبار المدینہ، (سیرت)
ص ۱۰۱ - ۱۳۲۹ھ اقبال پریس بدایوں -

۷۱۱۵ غلام محمد -
سید البشر - ص ۲۷۰ - ۱۹۳۰ء
نواب الدین اینڈ سنز تاجران کتب سیالکوٹ -

تبصرہ :- سیرت النبی پر یہ کتاب تین ابواب میں منقسم ہے - آنحضرت صلعم کے سوانح حیات اخلاق و عادات مختلف عنوانوں کے ماتحت سبق آموز انداز میں پیش کئے ہیں "آپ کا کام" کے عنوان سے عام فہم انداز میں آپ کی تعلیمات کا خاکہ پیش کیا ہے -

۷۱۱۶ غلام محمد -
وحدانیہ مطبوعہ - حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۵۸ -

۷۱۱۷ غلام محمد، ہادی علیخاں -
خیر الاذکار فی ذکر سید الاخیار
۱۲۸۴ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۴ -

۷۱۱۸ غلام نبی -
شان رحمۃ اللعالمین ص ۱۶۰
مطبوعہ - حوالہ :- فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۴۶ -

۷۱۱۹ غلام نبی -
مصباح النبوۃ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۱۴۰۰ -

۷۱۲۰ فتح محمد، تائب، لکھنوی، مولانا، مترجم -
اخبار نبی عربی ۱۳۸۴ھ مطبع نامی لکھنو -

۷۱۲۱ فرید الوحید، لکھنوی -
رسول عربی صلعم ص ۱۹۶ - قومی کتاب گھر نصیر آباد -

تبصرہ :- اس میں آنحضرت صلعم کی مبارک زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مورخانہ بحث کی گئی ہے -

۷۱۲۲ فضل الدین احمد -
سوانح حیات نبی آخر الزماں
ص ۱۳۵ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴ ص ۳۸۸ و فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۲۹ -

۷۱۲۳ فضل الدین -
سوانح عمری پیغمبر مطبوعہ -
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۵۷ -

۷۱۲۴ فضل اللہ خان، شاہجہان پوری مولوی -

دربار رسالت۔ ص ۱۳۶ - ۱۹۲۱ء
مدرسہ ہاشمیہ بمبئی۔ حوالہ :- فہرست صدیق
بک ڈپو لکھنو ص ۲۳۰ -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی سوانح مبارک اسلامی مدارس کے طلبہ کے لئے لکھے ہیں اور مختلف عنوانات بھی دئے ہیں۔

۷۱۲۵ فضل حق، مولوی -
محبوب خدا - حوالہ :- فہرست
مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۶ -

۷۱۲۶ فضل کریم، درانی -
سرور عالم - ص ۱۹۷ - ۱۹۳۵ء
پیکوآرٹس پریس لاہور -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی سیرت بیان کی ہے۔

۷۱۲۷ فیروزالدین، مولوی -
خیرالبشر - ۲ حصہ ص ۱۰۰
۱۹۳۶ء بیت الخیر حیدرآباد دکن -

۷۱۲۸ فیروزالدین، مولوی -
تاریخ محمدی حصہ اول ۱۸۹۰ء
حوالہ :- فہرست کتب خانہ سردارالحکما
حیدرآباد دکن نمبر ۷۷۳۰ -

۷۱۲۹ فیروزالدین، مولوی -
سیرت نبوی حصہ دوم ص ۱۲۸
۱۸۹۱ء - مطبوعہ لاہور

۷۱۳۰ فیروزالدین، روحی پروفیسر -
سیرت النبی دو حصے ص ۳۰۰
۱۹۵۵ء دفترالقرآن کولی مار کراچی -

۷۱۳۱ فیض بخش، ساکن باندہ مولوی۔
شمس الہدا فی بیان ولادت
مصطفیٰ معروف بہ فیض محمدی۔ ص ۳۸
۱۸۹۰ء مطبع گلزار محمدی لکھنو -

۷۱۳۲ فیض الحسن -
پیغمبر اسلام - حوالہ :- فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۷۷ -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے مبارک حالات -

۷۱۳۳ قادر، بادشاہ -
مدح پیغمبر ص ۳۱ - مطبوعہ۔

۷۱۳۴ قاری احمد -
رحمت دو عالم مطبوعہ۔ حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
نمبر ۱۳۴ -

۷۱۳۵ قاسم حسن،
ناموران ملت (سیرت نبی کریم
و خلفا) مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتبخانہ
مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۵۱ -

۱۳۶ ۷ قربان علی، لکھنوی۔
آئینہ جمال محمدی - ص ۷۷
مطبع گلزار محمدی لکھنؤ۔

۱۳۷ ۷ قطب الدین احمد، حیدرآبادی
مترجم۔
سیرت ابن ہشام) عبدالملک ابن ہشام)
حصہ اول۔ دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔

۱۳۸ ۷ قمر الدین خاں، اکبر آبادی
مولوی۔
سوانح عمری، رسول مقبول
ص ۱۰۰ - ۱۲۴۸ھ اسعد الاخبار آگرہ۔

۱۳۹ ۷ کراست علی۔
کتاب سیرت محمدیہ۔ ۱۳۱۹ھ
افغانی پریس امرتسر۔

۱۴۰ ۷ کریم الدین، پانی پتی، مولوی۔
مترجم۔
تاریخ ابی الفدا - جلد دوم ۱۹۰۰ء
مطبوعہ دہلی۔

۱۴۱ ۷ کریم بخش۔
ذکر الرسول - ۱۳۵۱ھ مطبوعہ
لاہور۔

۱۴۲ ۷ کمال الدین، احمدی، خواجہ۔
اسوہ حسنہ (زندہ کامل نبی)
ص ۱۲۸ - ۱۹۱۱ء رفاہ عام اسٹیم پریس
لاہور۔

۱۴۳ ۷ کمال الدین، احمدی
خواجہ۔
نبوت کا ظہور اتم یعنی نبی کامل
۱۹۱۲ء رفاہ عام اسٹیم پریس لاہور۔

۱۴۴ ۷ کنج لال، ایم اے، بابو۔
حضرت محمد صلعم اور اسلام۔
جید برقی پریس دہلی۔

۱۴۵ ۷ کیفی رضی الدین۔
سوانح مصطفوی۔ حوالہ:۔ فہرست
کتبخانہ عام اہل اسلام مدراس شمارہ ۹۳۹۵

۱۴۶ ۷ گوردت سنگھ۔ سردار۔
رسول عربی - حوالہ:۔ فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنؤ ص ۲۴۷۔

۱۴۷ ۷ لکشمی جی، مہاراجہ، سوامی
عرب کا چاند - دارالکتب سلمانی
حصار۔

۱۴۸ ۷ ماہر حمید اللہ، دہلوی۔
رؤف الرحیم (سیرت النبی) ۱۳۰۰ھ
مطبوعہ حیدرآباد دکن - حوالہ:۔ فہرست
کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴
ص ۳۸۶ -

۷۱۴۹ ماہر القادری ، مولانا ۔
آخری رسول ص ۱۰۴ ۔ ۱۹۴۰ء
مکتبہ علیمہ چار مینار حیدرآباد دکن ۔

۷۱۵۰ ماہر القادری ، مولانا ۔
دریتیم مکتبہ دانش لاہور ۔

۷۱۵۱ ماہر القادری ، مولانا ۔
اسواۃ النبی ۔ دفتر فاران کراچی ۔

۷۱۵۲ ماہر القادری ، مولانا و منظور حسین ، مولوی ۔
ظہور قدسی ص ۴۰ ۔ ۱۳۰۷ھ
انتظامی پریس حیدرآباد دکن ۔

۷۱۵۳ مجتبیٰ خاں ، چشتی نظامی ۔
اشرف الانبیا ص ۷۲ ۔ ۱۳۶۴ھ
دستگیری پریس حیدرآباد دکن ۔

تبصرہ : ۔ آنحضرت صلعم کے سوانح عمری کے اکثر پہلوؤں پر محققانہ روشنی ڈالی ہے ۔

۷۱۵۴ محبوب الہی ۔
منصب رسالت ۔ مطبوعہ ۔ حوالہ :۔
کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۵۲ ۔

۷۱۵۵ محبوب رب العالمین ص ۴۸
عباسی کتب خانہ کراچی ۔

۷۱۵۶ محبوب علی شاہ ۔
خیر المعظم ص ۱۰۶ ۔ ۱۹۱۵ء
حوالہ : ۔ فہرست کتب خانہ اسلام اللہ صوفی فتح آباد ص ۱۰۱ ۔

۷۱۵۷ محفوظ الرحمن ۔
سچے نبی کے سچے حالات ۔
حوالہ : ۔ فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۵۰ ۔

تبصرہ : ۔ غیر مسلموں میں سیرت نبی کا پیغام پہنچانے کے لئے سیرت پاک کے ہر گوشہ کو آسان زبان میں بیان کیا گیا ہے ۔

۷۱۵۸ محمد صاحب ، جونا گڈھی ۔
سیرت محمدی مطبوعہ بمبئی ۔

تبصرہ : جعفر ظہیری کی خلاصتہ السیر فی احوال سید البشر کا اردو ترجمہ ۔

۷۱۵۹ محمد ابراہیم ندوی، سید مترجم۔
ترجمہ تاریخ طبری جلد ۱ حصہ ۳ ۔ ۴ ، ۱۹۳۶ء دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ۔

(نوٹ) تاریخ عہد رسالت ۔ نسب ۔ ولادت وفات ۔

۷۱۶۰ محمد احمد ، مولانا ، مترجم ۔
نبی امی (عمرابوالنصر) مطبوعہ
حوالہ :۔ فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۵۴ ۔

۷۱۶۱ محمد احمد صدیقی -

حیات نبویہ - مطبوعہ - حوالہ :-

فہرست مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۵۲ -

۷۱۶۲ محمد ادریس، کاندھلوی، مولوی-

ختم نبوت ص ۱۰۰ - ۱۹۵۴ء

مکتبہ دانش لاہور

۷۱۶۳ محمد ادریس، کاندھلوی، مولوی-

سیرت مصطفیٰ - ۱۹۵۲ء مطبوعہ

حوالہ :- فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۹۸ -

۷۱۶۴ محمد اسلم، جیراج پوری، مولانا-
حافظ -

تاریخ الامت (سیرت) حصہ اول

ص ۱۷۶ - ۱۹۴۴ء جامعہ ملیہ علیگڈھ -

۷۱۶۵ محمد ارشد عثمانی -

حضرت نبی کریم - مطبوعہ -

حوالہ :- فہرست کتبخانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱ -

۷۱۶۶ محمد آصف، قدوائی، ایم اے
ڈاکٹر -

پیغمبر اسلام ص ۴۴ - ۱۹۵۷ء

سیرت کمیٹی لال باغ لکھنؤ -

۷۱۶۷ محمد اعظم -

سید الانبیا - مکتبہ جامع ملیہ دھلی -

۷۱۶۸ محمد اکبر - داناپوری مولانا شاہ -

اشرف التواریخ ص ۲۰۰ - ۱۹۱۰ء

آگرہ اخبار پریس آگرہ -

تبصرہ :- حضرت آدم سے رسول مقبول اور صحابہ کرام تک کا تذکرہ ہے -

۷۱۶۹ محمد امام خان، مولوی، مترجم-

حیات محمد صلعم (محمد حسین ہیکل مصری) مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۹۵

حوالہ :- رسالہ اردو جنوری سنہ ۴۳ء

ص ۶۸ -

۷۱۷۰ محمد امین وکیل-

حیات سید المرسلین - حوالہ :-

فہرست اللہ والے کی قومی دکان لاہور

ص ۲۷ -

۷۱۷۱ محمد باقر -

ریاض الاظہر فی احوال سید البشر

ص ۱۵۰ - ۱۹۳۲ء محی الدین تاجر کتب بنگلور -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی منظوم سوانح عمری محمد باقر کی مرتب کی ہوئی کتاب جس کو علامہ سیماب اکبرآبادی نے منظوم کیا ہے -

۷۱۷۲ محمد بن ابراهیم ، مولوی -
سیرت محمدی - حوالہ :- تراجم
علمائے اہل حدیث ہند جلد ۱ ص ۱۸۹-

۷۱۷۳ محمد بن عبد الله ، حاجی -
عثمان البیان فی سیرت النبی
آخرالزمان ۱۳۳۸ھ نامی پریس لکھنو -
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت الله
دہلوی نمبر ۱۴۵ -

۷۱۷۴ محمد جان -
اسرار احمدی ۱۲۸۹ھ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ سیردارالحکما حیدرآباد
دکن نمبر ۷۷۵۰ -

۷۱۷۵ محمد حبیب الله ، پیرزادہ -
فخر دو عالم مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت الله
دہلوی نمبر ۱۲۵ -

۷۱۷۶ محمد حسین خان ، ندوی ،
مولوی -
سرکار دو عالم ص ۱۳۹-۱۹۳۳ء
مکتبہ جامع ملیہ دہلی - حوالہ :- فہرست
صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۶۷ -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے حالات اور آپ کی
اخلاقی زندگی کو اس میں پیش کیا گیا ہے۔

۷۱۷۷ محمد حسین خان -
حضور کی سیرت پر کتاب -
مطبوعہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی
عظمت الله دہلوی نمبر ۱۳۸ -

۷۱۷۸ محمد حلیم ، انصاری -
جنگ بدر - حوالہ :- رسالہ پیشوا
دہلی ربیع الاول ۱۳۵۱ھ ص ۶۰ -

۷۱۷۹ محمد حلیم ، انصاری -
جنگ اُحد - حوالہ :-
رسالہ پیشوا دہلی ربیع الاول ۱۳۵۱ھ ص ۶۰-

۷۱۸۰ محمد دین ، مفتی -
ختم نبوت ص ۶۴ - ۱۹۲۸ء نظیر
احمد دائرہ بلوچستان گجرات -

۷۱۸۱ محمد ذکریا ، مائل، مولانا ،
مترجم -
نورالیقین فی سیرت سیدالمرسلین
تاج کمپنی لاہور -

(نوٹ) علامہ خضری کی کتاب سیرت کا ترجمہ -

۷۱۸۲ محمد سلیمان ، مولانا ، قاضی
منصور پوری -
مہر نبوت ص ۳۲ - ۱۹۳۰ء
مطبوعہ پٹیالہ -

تبصرہ :- سرکار دو عالم کے مختصر حالات -

۷۱۸۳ محمد سلیمان، منصور پوری، قاضی -
رحمت اللعالمین - جلد اول ص ۳۸۰ - ۱۹۵۰ء آفتاب عالم پریس لاہور -

تبصرہ :- مقدمہ میں حضرت ابراہیم کے عہد سے آنحضرت صلعم تک کے حالات تحریر کئے ہیں پھر آنحضرت کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے مفصل حالات، خلق محمدی کی تفصیل، سلطنت کے اصول، تعلیم و تعلم، نظام تبلیغ، تہذیب و اخلاق تمدن پر پہلا حصہ ختم ہے -

۷۱۸۴ محمد سلیمان، منصور پوری قاضی -
رحمت اللعالمین، ص ۴۷۸ - ۱۹۵۲ء شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور -

۷۱۸۵ محمد سلیمان، منصور پوری قاضی -
رحمت اللعالمین جلد سوم ۱۹۵۳ء شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور -

۷۱۸۶ محمد سلیمان، منصور پوری قاضی -
سید البشر - مطبوعہ لاہور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۹۱ -

۷۱۸۷ محمد شاہ خان، آفریدی -
سوانح عمری رسول مقبول (تاریخ خلفائے اسلام) ص ۱۶۰ - ۱۹۲۴ مطبع گلشن ہند آگرہ -

۷۱۸۸ محمد شاہ، ایم لطیفی -
محمد رسول اللہ - ایجوکیشنل بک ڈپو حیدرآباد سندھ -

۷۱۸۹ محمد شفیع، دیوبندی، مفتی -
سیرت خاتم الانبیا ص ۱۶۰، ۱۳۶۸ھ ادارہ اسلامیات لاہور و عباسی کتب خانہ کراچی و - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان الف ۸۰ ۱/۲ -

۷۱۹۰ محمد صالح، صوفی -
سوانح عمری رسول مقبول ص ۲۷۱ - حوالہ : - فہرست عباسی کتب خانہ کراچی ص ۲۷۳ -

۷۱۹۱ محمد طاہر، فاروقی، بچھرایونی، ایم اے، صدر شعبہ اردو - پشاور یونیورسٹی -
سرکار دو عالم ص ۳۲ - ۱۹۳۲ء آگرہ اخبار پریس آگرہ -

۷۱۹۲ محمد ظفر، ایم اے -
رسول جہاں ص ۱۵۸ - ۱۹۳۵ء انجمن رفیق الاسلام گوڑ گاؤں -

۷۱۹۳ محمد عظیم -

خاتم النبی ص ۱۶ ہ اعظم اسٹیم پریس
حیدرآباد دکن و مفید عام آگرہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق
انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۴۸ ½

۱۹۴۷ محمد علی ، احمدی ، ایم اے ،
مولوی -

سیرت خیر البشر - ص ۲۴۸
۱۳۴۴ھ گیلانی پریس لاہور -

۱۹۵۷ محمد علی -
زندہ نبی کی زندہ تعلیم - مطبوعہ
حوالہ :- فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ
دہلوی نمبر ۴۲ -

۱۹۶۷ محمد غوث ، محی الدین ، فاضل -
حیات الرسول ص ۱۸۴ صاحب پریس
حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست کتب خانہ
خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی
اردو پاکستان کراچی ۳۹ ½ -

۱۹۷۷ محمد مہدی ، مولوی -
خدا کے رسول - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ
دہلوی نمبر ۳۷ -

۱۹۸۷ محمد میاں ، دیوبندی ، مولانا -
تاریخ الاسلام کا پہلا حصہ
ص ۱۲۸ - ۱۹۳۳ء کتب خانہ اعزازیہ
دیوبند -

تبصرہ :- اس میں آنحضرت صلعم کے ہجرت تک
کے واقعات بیان کئے گئے ہیں -

۱۹۹۷ محمد میاں ، دیوبندی ، مولانا -
تاریخ اسلام کا دوسرا حصہ
کتب خانہ اعزازیہ دیوبند -

۲۰۰۷ محمد میاں ، مولانا -
ہمارے پیغمبر - کتب خانہ اعزازیہ
دیوبند -

۲۰۱۷ محمد ہادی -
ماہ عرب - ۱۹۳۸ء انجمن اسلام
ہائی اسکول احمد آباد -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے سوانح زندگی آسان
زبان میں بیان کی گئی ہے -

۲۰۲۷ محمد یوسف -
جناب سرور کائنات صلعم
۱۳۳۰ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ
آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۴ -

۲۰۳۷ محمد یوسف -
مراد المشتاقین فی فضائل سید المرسلین
ص ۴۶ - ۱۳۲۶ھ مطبع گلزار حسینی بمبئی -

۲۰۴۷ محی الدین ، خان بہادر ، سید -
فخر الافکار - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۴
ص ۶۸۶ -

۷۲۰۵ محی الدین ، خیاط ، مصری -
بانی اسلام - آردو ترجمہ - حوالہ :-
فہرست ادارہ فروغ اردو لکھنو ص ۴۵ -

(نوٹ) دروس التاریخ کی پہلی جلد کا ترجمہ -

۷۲۰۶ مرزا حیرت، دہلوی، ف ۱۳۵۹
سیرت الرسول - ص ۳۱۹-۳۱۹-۱۳۱۹ھ
کرزن پریس دہلی - حوالہ :- فہرست کتب
خانہ آصفیہ حیدآباد دکن جلد ۴ ص ۶۸۶ -

۷۲۰۷ مرزا حیرت دہلوی -
سیرت الرسول دوسری جلد ص ۱۷۶
۱۳۲۱ھ کرزن پریس دہلی -

۷۲۰۸ مرزا حیرت دہلوی -
سیرت محمدیہ - حوالہ :- فہرست
صدیق بکڈپو لکھنو ص ۸۰ -

تبصرہ :- جناب رسالت مآب کی ذات، قرآن اور اسلام پر وارد ہونے والے تمام اعتراضات اور ان کے مدلل اور مسکت جوابات اس میں دئیے گئے ہیں -

۷۲۰۹ مرزا حیرت، دہلوی-
دنیا کا آخری پیغمبر - حوالہ :-
فہرست کتبخانہ انجمن ترقی اردو جامع
مسجد دہلی ص ۲۶ -

۷۲۱۰ مسعود الزماں، خان بہادر -
سیرت جاودانی (سیرت النبی)
۱۹۵۷ء صدق جدید بک ایجنسی لکھنو -
(نوٹ) مقدمہ از مولانا عبدالماجد دریابادی -

۷۲۱۱ مسلم، ویلوروی -
تاریخ ملت ص ۱۴۴ تاج آفس
بمبئی -

۷۲۱۲ مشیر حسن، قدوائی -
ذکر طیب محمد عربی - حوالہ :-
صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۲۸۸ -

۷۲۱۳ مصطفی خان، شیفتہ، نواب -
ترجمہ زادالمعاد ابن قیم
جوزی - مطبوعہ لکھنو - حوالہ :-
خطبات گارساں دتاسی ص ۹۳ -

تبصرہ :- ازروئے احادیث آنحضرت کے نسب، ولادت اور تعلیم و تربیت کے حالات ہیں- کچھ اجزا کا ترجمہ ہے-

۷۲۱۴ مصطفی عظیم -
نور توحید - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی
نمبر ۷۶ -

۷۲۱۵ معین الدین احمد ندوی، مولانا-
تاریخ اسلام- حصہ اول مطبع معارف
اعظم گڈھ -

۷۲۱۶ مقبول احمد -
سیرت رسول اللہ - ص ۱۶۰ دستیگری
پریس حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست

کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دھلی ص ۳۶ -

۷۲۱۷ منظر جلیسری -

رسول مقبول - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دھلوی نمبر ۱۷۲ -

۷۲۱۸ منیر گوالیاری -

سرور عالم - مطبوعہ - حوالہ :-
فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دھلوی نمبر ۱۲۲ -

۷۲۱۹ میکش -

سرکار دوعالم - حوالہ :- فہرست بک لینڈ لاھور ص ۲۹ -

۷۲۲۰ میمونہ سلطانہ، شاہ بانو -

ذکر مبارک - ص ۱۳۱-۱۹۱۸ء
مفید عام پریس آگرہ -

۷۲۲۱ مناظر احسن، گیلانی، مولانا -

النبی الخاتم - ص ۱۷۲-۱۹۳۶ء
مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن -

۷۲۲۲ منصور مترجم -

سرور کائنات ۱۹۵۶ء قومی کتبخانہ لاھور -

(نوٹ) جسٹس سید امیر علی کی کتاب اسپرٹ آف اسلام کے پہلے حصہ کا ترجمہ -

۷۲۲۳ منور حسین -

سرور بشیر - ۱۸۸۱ء مطبوعہ لکھنو

۷۲۲۴ ملا واحدی، دھلوی -

حیات سرور کائنات - حصہ اول
ص ۳۷۸ - ۱۳۷۳ھ دفتر نظام المشائخ جیکب لائن کراچی -

تبصرہ :- اس میں آنحضرت صلعم کی ولادت سے وفات تک کا حال بیان کیا گیا ہے زندگی کے ہر پہلو کی وضاحت کی گئی ہے عبادت، عہد نبوت پر مفصل تبصرہ ہے غذوات کی تفصیل اور اشاعت اسلام پر سیر حاصل بیان ہے -

۷۲۲۵ ملا واحدی، دھلوی -

حیات سرور کائنات - جلد دوم
دفتر نظام المشائخ جیکب لائن کراچی -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کی معاشرت، گھریلو زندگی، نبی اور نبی کے قول و عمل کا مقام غذوات و سرایہ پر محققانہ نظر ڈالی ہے -

۷۲۲۶ موسیٰ خان، شیروانی رئیس دتاونی -

مصطفائی کمال - علی گڈھ بک ڈپو علی گڈھ -

۷۲۲۷ موسیٰ خان، شیروانی -

مولود ھمایوں - ۱۳۴۹ھ مطبع عہد آفرین حیدرآباد دکن -

۷۲۲۸ موسیٰ خان، رئیس، دتاولی-
مولود نبوی اور مسئلہ تعلیم
ص ۸۸-۱۹۳۰ء مطبوعہ علی گڈھ -

۷۲۲۹ موسیٰ خاں، حاجی، رئیس دتاولی
فتح سبین - ص ۲۹۳ - ۱۹۴۲ء
دتاولی علیگڈھ -

تبصرہ :- اسلامی خلافت کے کارنامہ کا ایک حصہ ہے اس میں آنحضرت کی سوانح زندگی، قیام مدینہ، اور وصال تک کے بیان کئے گئے ہیں تمدنی، تہذیبی و اخلاقی آثار کو پیش کیا ہے -

۷۲۳۰ مہاشہ، پرکاش دیو -
حضرت محمد صلعم - ۱۹۲۲ء
الناظر بک ایجنسی لکھنؤ -

۷۲۳۱ مہر النسأ بنت الیاس احمد-
ہمارے پیارے نبی - اردو
پبلشنگ ہاؤس الہ آباد -

۷۲۳۲ مہدی حسن، محمد -
رہبر عالم ص ۲۴ - ۱۳۵۱ھ
معین دکن پریس حیدرآباد -

۷۲۳۳ مہدی حسن، ناصری -
سرور انبیا (طامس کا رلائل) ص ۹۶
۱۹۴۵ء معیار پریس لکھنو- حوالہ :- فہرست
کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق
انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف
۵۵ ½ -

۷۲۳۴ نبی احمد، کرت پوری، حاجی-
ھادی عالم ص ۲۲ - ۱۹۳۶ء
سیرت کمیٹی بریلی -

(نوٹ) اس میں سیرت پاک کا بیان ہے-

۷۲۳۵ نبی حسن، خیال -
سرور کائنات ۱۹۵۴ء اتحاد پریس
سکھر -

۷۲۳۶ نجم الدین، نجم -
خصائص محمدیہ - مطبع نولکشور
لکھنو -

تبصرہ :- آنحضرت صلعم کے خصائص و فضائل بیان کئے گئے ہیں -

۷۲۳۷ نذیر الدین احمد، جعفری،
ف ۱۳۵۲ھ -

ترجمہ الشفافی حقوق المصطفیٰ
(قاضی عیاض رح) ص ۵۶۴ - حوالہ :-
تراجم علمائے اہل حدیث ہند جلد اول
ص ۳۵۱ -

(نوٹ) یہ الشفا کا تیسرا ترجمہ ہے-

۷۲۳۸ نذیر الدین خان -
سیرت البشر - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ آمین منزل حیدرآباد دکن ص ۱۰۳

۷۲۳۹ نذیر احمد ، سیاب -
خاتم النبیین- شیخ غلام علی اینڈسنز لاہور -

۷۲۴۰ نذیر احمد ، سیاب -
رسول مقبول - حوالہ : - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۳۰۵ -

۷۲۴۱ نصیر الدین، ہاشمی ،حیدرآبادی، مولوی -
ذکر نبی ص ۱۱٦ - ۱۹۳٦ء مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن -

تبصرہ : - آنحضرت کے حالات تحقیقی طور سے جمع کئے ہیں جس سے سیرت پاک کے مختلف پہلو نمایاں ہوتے ہیں -

۷۲۴۲ نفیس خلیلی -
ظہور قدسی - حوالہ : - فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۷

۷۲۴۳ نواب الدین -
دربار رسالت - حوالہ : - فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۳۰۹ -

۷۲۴۴ نواب صاحب ، پریاوان -
تاریخ احمدی مطبوعہ - حوالہ : - فہرست کتب خانہ مولوی عظمت اللہ دہلوی نمبر ۱۷۷ -

۷۲۴۵ نواب علی ، رضوی ، ایم اے ، مولوی -
ہمارے نبی ص ۵۳ - ۱۹۲۸ء بہاء الدین کالج جوناگڈھ - حوالہ : - فہرست مطبوعات جامع ملیہ دہلی ۱۹۴۰ء ص ۲۰ -

۷۲۴٦ نواب علی ، رضوی ، ایم اے ، مولوی -
سیرت رسول اللہ ص ۳۹۲-۱۹۳۳ء دارالمصنفین اعظم گڈھ -

۷۲۴۷ نواب علی ، رضوی ، ایم اے ، مولوی -
تذکرۃ المصطفیٰ ۱۹۲۸ء مسلم یونی ورسٹی پریس علیگڈھ -

۷۲۴۸ نواب علی ، رضوی ، ایم اے ، مولوی -
رسول رحمت-ص ۲۴ سیرت کمیٹی لاہور -

۷۲۴۹ نواب مرزا، برلاس، ابن ڈپٹی وقار علی بیگ ہمشیر زادہ مرزا غالب -
ذکر محمدی ص ۳۲ - ۱۹۲۰ء خیرخواہ اسلام پریس آگرہ -

۷۲۵۰ نور حسین، حاجی-
سوانح عمری رسول مقبول - ص ۳۵۲ عباسی کتب خانہ کراچی -

۷۲۵۱ نور کامل ص ۲۳۰ ثنائی برقی پریس امرتسر۔

۷۲۵۲ وارث علی - اکبرآبادی، مولوی (بوستان اخیار) -

شمس التواریخ (سوانح رسول)

حصہ اول و دوم - ص ۱۱۹۶ - ۱۳۱۸ھ النور پریس آگرہ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۱ ص ۱۸۰ و فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان الف ۱۰۰ ۲/۱

۷۲۵۳ وقائع عمری محمد صلعم۔

ص ۱۴۵ ۔ حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۱۱۰-۲/۱-

۷۲۵۴ ولی اللہ دہلوی، حضرت شاہ۔

سرورالمحزون ترجمہ - ۱۸۷۹ء مطبوعہ لکھنو حوالہ :۔ فہرست کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی ص ۲۶ حجۃ اللہ البالغہ مترجمہ جلد ۱ ص ۱۶ -

تبصرہ :۔ آنحضرت صلعم کے احوال میں۔ عیون الاثر فی فنون المغازی والشمائل والسیر شاہ صاحب نے تالیف کی اس کا خلاصہ نورالعیون فی تلخیص سیرالامین والمامون کے نام سے کیا پھر اس کا خلاصہ سرورالمحزون کے نام سے فارسی میں کیا جس کا اردو ترجمہ یہ ہے۔

۷۲۵۵ ولی اللہ دہلوی حضرت شاہ۔

قرۃالعیون حصہ ششم ص ۹۰ - ۱۸۷۹ء مطبع لامع النور آگرہ۔

۷۲۵۶ یوسف سلیم ، پروفیسر۔

ختم نبوت مطبوعہ کراچی -

میلاد النبی

۷۲۵۷ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا ۔
ذکریٰ (مقالہ) ص ۸۳-۱۹۲۵ء شرکت ادبیہ علی گڈھ ۔

۷۲۵۸ ابوالکلام ، آزاد ، مولانا ۔
ذکر میلاد ۔ ص ۹۳-۱۹۲۵ء شرکت ادبیہ علی گڈھ ۔

۷۲۵۹ ابوالبیان ، سید ۔
سچا میلاد شریف ص ۶۴-۱۹۱۶ء آگرہ اخبار پریس آگرہ ۔

۷۲۶۰ احتشام الحق ، تھانوی ، مولانا ۔
مولود شریف سنور منظور ص ۲۱ قلمی حوالہ :- کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی ۔

۷۲۶۱ احسن ، احسن علیخاں ۔
احسن المیلاد ص ۴۷ - ۱۹۱۰ء سلیمانی بنارس ۔

۷۲۶۲ احمد خاں ، صوفی ، اکبرآبادی ، مولوی ، ف ۱۸۹۶ء شاگرد حضرت شہید ۔
مولود شریف جدید ص ۹۶ ۱۸۷۰ء مطبع مفید عام آگرہ ۔ حوالہ :- فہرست کتب خانہ صوفی اسلام اللہ فتح آباد ص ۳۰ ۔

۷۲۶۳ احمد علی ، سید ۔
رسالہ میلاد شریف - ۱۲۸۷ء حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۸۸۶ و فہرست کتب خانہ سردارالحکما حیدرآباد دکن نشان ۷۸۱۱ ۔

۷۲۶۴ ارزو ، لکھنوی ۔
صبح اسلام ۔ حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ۔ ص ۳ ۔
تبصرہ :- میلاد سرور کائنات پر ولولہ انگیز نظم ۔

۷۲۶۵ احیا القلوب فی میلاد المحبوب - ۱۹۲۲ مطبع نولکشور لکھنو ۔

۷۲۶۶ اسمعیل ۔
تولد نامہ منظوم ۔ حوالہ :- فہرست کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد ۔

۷۲۶۷ السرور بظہور النور - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۲ ص ۴۴۴ -

۷۲۶۸ اشرف علی ، تھانوی ، مولانا - طریقہ میلاد - اشرف العلوم دیوبند -

۷۲۶۹ اظہار المیلاد - منظوم - مطبع نولکشور لکھنو -

۷۲۷۰ اکبر خاں ، وارثی ، خواجہ - میلاد شریف اکبر ص ۱۲۰ ۱۹۴۰ء مطبع محمدی بمبئی -

۷۲۷۱ آگاہ ، محمد باقر ، ویلوروی ، مدراسی - مولانا - من دیپک - ص ۲۶ - ۱۱۸۵ھ - حوالہ :- تذکرہ اردو مخطوطات کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن ص ۸۰ -

تبصرہ :- ۶۰۳ ابیات کی مثنوی ہے - اس میں آنحضرت صلعم کے نور مقدس کا ذکر ہے -

آغاز :- جس میں حمد کونین آخر اول
ہے خاص خدائے عز و جل

۷۲۷۲ آل حسن ، موہانی ، مولوی ، سید - مولود مصطفوی - بیگم حسرت موہانی دفتر اردو معلیٰ کانپور -

۷۲۷۳ امیر ، مفتی امیر احمد مینائی ، لکھنوی - خیابان آفرینش ص ۸۰ - ۱۳۰۵ھ مفید عام پریس آگرہ -

۷۲۷۴ امیر ، مفتی امیر احمد ، مینائی - ابر کرم - مثنوی ص ۵۳ - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۴۴ -

۷۲۷۵ امیر ، مفتی امیر احمد ، مینائی - محامد خاتم النبیین - مطبع نولکشور لکھنو - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۴۴ -

۷۲۷۶ امیر ، مفتی امیر احمد ، مینائی - ذکر شاہ انبیا - نظم کمپنی تجارت کانپور -

۷۲۷۷ امیر الدین ، حسین - ممتاز التفاسیر - ص ۵۶۲ - ۱۲۵۰ھ قلمی - حوالہ :- کتب خانہ سالار جنگ کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۷۸۱ -

۷۲۷۸ امیر الدین - میلاد - ص ۱۰۸ قلمی - حوالہ : کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی الف ۳۴ ½ نمبر ۲۰۵۰ -

۷۲۷۹ امین الدین -
تولد نامہ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی ۹۲ -

۷۲۸۰ انتظام اللہ، شہابی -
میلاد قمر فی ذکر خیر البشر
ص ۹۶ - ۱۹۳۵ء مرتضائی پریس آگرہ -

۷۲۸۱ انتظام اللہ، شہابی -
میلاد منظوم - ص ۸۰ - ۱۹۴۵ء
چشتی بکڈپو آگرہ -

۷۲۸۲ انتظام اللہ، شہابی -
ظہور قدسی - ص ۸۴ - ۱۹۵۵ء
سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی -

۷۲۸۳ انتظام اللہ، شہابی -
میلاد شہید منظوم ص ۳۲ - ۱۹۴۱ء
مصطفائی بک ڈپو آگرہ -

۷۲۸۴ انوراللہ خاں، مولانا ف ۱۳۳۶ھ
حیدرآباد دکن -
انوار احمدی - ص ۳۵۳ - ۱۳۲۳ھ
اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن - حوالہ :- فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن جلد ۳ ص ۳۸۴ -

تبصرہ :- ذکر میلاد سرور عالم و فضائل درود شریف و آداب محفل میلاد -

۷۲۸۵ انوار علی -
زیور ایمان (میلاد) ص ۱۲۲ - ۱۸۸۱ء مطبع نولکشور لکھنؤ -

۷۲۸۶ اولاد علی، سید -
سرور کائنات ص ۱۷۶ - ۱۹۴۹ء
قومی کتبخانہ لاہور -

۷۲۸۷ باقر علی خاں، لکھنوی، نواب -
ذکاء الہدیٰ فی مولد محمد مصطفیٰ -
۱۸۹۰ء مطبع گلزار محمدی لکھنؤ -

تبصرہ :- میلاد آنحضرت صلعم جس میں قصائد و نعتیہ کلام جا بجا نثر کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں -

۷۲۸۸ باقر علی خاں، لکھنوی، نواب -
میلاد شریف چراغ دین دوحصے -
ص ۱۵۲ - ۱۲۹۲ھ مطبع نولکشور لکھنؤ -

۷۲۸۹ بحر ولادت - ص ۱۵۶ - ۱۳۰۵ھ
مطبع اکبری آگرہ -

۷۲۹۰ بدرالدین خاں -
تحفہ ربیع الاول ص ۱۴۴ - ۱۹۴۰ء
ترہت پریس دربھنگہ -

۷۲۹۱ برہان الدین -
میلاد شریف ص ۷۶ - ۱۳۰۵ھ
برہانیہ پریس حیدرآباد دکن -

۷۲۹۲ بشیر، منور حسین۔

سرور بشر۔ ۱۸۹۰ء مطبع اودھ اخبار لکھنؤ۔

۷۲۹۳ بہار، مرزا علی خاں۔

میلاد شریف مولود بہ مدح پیغمبر۔ مطبوعہ دھلی۔

۷۲۹۴ بیتاب، سہسرامی۔

میلاد دلپذیر۔ حوالہ:۔ فہرست صدیق بکڈپو لکھنؤ ص ۵۷۔

۷۲۹۵ بیدار، معصوم علی۔

سرمایہ نجات۔ ص ۷۷۔ ۱۲۲۳ھ قلمی۔ حوالہ:۔ کتب خانہ سالار جنگ کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۲۷۶۔

۷۲۹۶ پرویز۔

مزاج شناس رسول۔ حوالہ:۔ فہرست بک لینڈ کراچی ص ۳۷۔

۷۲۹۷ تجلی، تجلی علی ابن محمد حسین، کلیم، دھلوی۔

روضۃ الانوار مثنوی ص ۴۲ قبل ۱۲۵۰ھ قلمی۔ حوالہ:۔ کتب خانہ نواب سالار جنگ مرحوم کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۲۷۸۔

نمونہ۔ کتاب روضۃ الانوار لکھ لو
بہار آنکھوں سے سب عالم کی دیکھ لو

(نوٹ) ولادت سے وفات تک کے حالات منظوم۔

۷۲۹۸ تجمل حسین۔

ذکر میلاد مولد النبی القاسم۔ حوالہ:۔ رسالہ اردو انجمن ترقی اردو جنوری ۱۹۲۳ء ص ۸۵۔

۷۲۹۹ تذکرہ رسول اکبر ۱۹۲۱ء مطبع نولکشور لکھنؤ۔

۷۳۰۰ جزری، علامہ۔

ترجمہ میلاد شریف۔ عربی اردو ص ۱۰۰۔ ۱۳۰۸ھ نولکشور لکھنو۔ حوالہ:۔ فہرست مطبع مجتبائی دھلی ص ۱۹۶۔

۷۳۰۱ جلال الدین۔

اعجاز احمدی ص ۸۵۰۔ حوالہ:۔ فہرست کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد۔

۷۳۰۲ جلسہ محمدی۔ ادارہ انتظامی چارمینار حیدرآباد دکن۔

۷۳۰۳ جمال الدین، حسین، محمد۔

شبیہ احمدی ص ۵۱۔ ۱۸۷۲ء مطبع نامی لکھنو۔

۷۳۰۴ جمیل احمد -

شماتہ العنبریہ من مولد خیر البریہ

۱۳۰۵ھ - حوالہ :- فہرست کتب خانہ سردار الحکما حیدرآباد دکن نمبر ۷۷۵۲ -

۷۳۰۵ جوش ، ملیح آبادی -

پیغمبر اسلام - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۷۵ -

۷۳۰۶ حافظ علی ، خواجہ ، مد -

میلاد محمدی ص ۶۴ - ۱۹۲۰ء مرتضائی پریس آگرہ -

۷۳۰۷ حامد علی ، لکھنوی -

محامد النبی احوال السید المکی ص ۳۲ - ۱۸۹۰ء و ۱۹۲۴ء - مطبع نولکشور لکھنو -

۷۳۰۸ حالی، مولانا، خواجہ، الطاف حسین، پانی پتی -

مولود شریف ص ۹۶ - ۱۸۶۴ء حالی پریس پانی پت -

۷۳۰۹ حبیب الدین -

سرچشمہ رحمت - مطبع مظہر العجائب مدراس -

۷۳۱۰ حبیب اللہ ، محمد -

مولود سلطان الانبیا اشرف المسلمین - ص ۳۶ - ۱۳۳۳ھ عثمانی پریس حیدرآباد دکن -

۷۳۱۱ حبیب حسن -

زنانہ میلاد ص ۳۲ - ۱۹۳۸ء - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۸۳ -

۷۳۱۲ حبیب حسین -

میلاد حبیب - ص ۵۴ - ۱۹۲۰ء ہندوستانی پریس لکھنو - حوالہ :- فہرست صدیق بک ڈپو لکھنو ص ۸۳ -

۷۳۱۳ حسرت، غلام محمود -

ریاض السیر - منظوم ص ۴۸۷ ۱۲۴۷ھ قلمی - حوالہ :- کتب خانہ نواب سالار جنگ کی اردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست ص ۷۷۹ -

آغاز :-

خدا یا سزاوار شاہی تجھے
تو صاحب ہے سب خوبیاں ہیں تیرے

۷۳۱۴ حسن نظامی ، دہلوی، خواجہ -

میلاد نامہ اور رسول نبی ۱۹۲۲ء حلقہ نظام المشائخ دہلی - حوالہ :- سیرت نبوی ص ۱۴۳ -

۷۳۱۵ حسن نظامی، دہلوی خواجہ۔
محمد کی سرکار - حوالہ سیرت نبوی
ص ۱۴۳ -

۷۳۱۶ حسن نظامی، دہلوی، خواجہ -
محمد درشن - حوالہ : ۔سیرت نبوی
ص ۱۴۳ -

۷۳۱۷ حسن نظامی، دہلوی، خواجہ۔
اسلامی رسول - حوالہ :- سیرت
نبوی ص ۱۴۳ -

۷۳۱۸ حسن بخش، کاکوروی مولوی۔
تفریح العاشقین - فی میلاد
خیرالمسلمین - حوالہ :- نفحات العنبریہ
ص ۲۰۸ -

۷۳۱۹ حسین احمد، مدنی مولانا ،سید۔
ولادت محمدی کا راز - ص ۱۶
دارالتبلیغ دیو بند -

۷۳۲۰ حشمت علی -
اسوہ حسنہ - حوالہ : - کتابیات
برائے ہندوستانی اکڈیمی الہ آباد - جامع
انتظام اللہ شہابی -

۷۳۲۱ حفاظت حسین، میر -
میلاد النبی -ترجمہ (مولود برزنجی)
ص ۱۲۷ - ۱۲۸۳ھ - حوالہ :- فہرست
کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق
انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی
نمبر ۵۳۴۴ -

۷۳۲۲ حفیظ الرحمان -
ذکر کرم - ص ۱۷۶ - ۱۳۵۷ھ
فاروقی پریس دہلی -

۷۳۲۳ حکیم الدین -
میلاد برق - ابوالعلائی پریس آگرہ -

۷۳۲۴ خمسہ محمدیہ - ص ۷۸
۱۲۸۸ھ مطبع نولکشور لکھنو -

۷۳۲۵ خیراللہ، ابوالخیر -
